نیز فرمایا تمام دنوں میں افضل دن جمعہ کا دن ہے، اسی میں حضرت آدم علیہ السلام پیدا ہوئے اور جمعہ کے دن ہی وفات پائی، اسی روز صور پھونکا جائے گا اور اسی روز مردے اٹھائے جائیں گے اور جمعہ ہی میں آپ ﷺ کا اور آپ ﷺ پر درود شریف پڑھنے والوں کا داخلہ جنت میں ہوگا۔ بس اسی روز مجھ پر بکثرت درود بھیجو بیشک تمہارا درود میرے سامنے پیش کیا جاتا ہے اور وہ دن ان کے لیے یوم المزید ہوگا۔ یہ وہ دن ہے جس میں اللہ تعالیٰ ان کی حاجات اور ضروریات کا نفع دے گا، پھر کسی کا سوال رد نہیں کیا جائے گا۔ اور یہ سب جو کچھ انہیں حاصل ہے آپ کے ذریعے سے ہے پس آپ کے شکرانے اور آنحضرت ﷺ کے حق کو ادا کرنے کیلئے یہ بات ہے کہ کم از کم اس دن اور رات میں آپ پر بکثرت درود بھیجیں۔ صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپ کے سامنے ہمارے درود کیسے پیش کئے جائیں گے؟ آپ نے فرمایا بے شک اللہ عزوجل نے زمین پر حرام کر دیا ہے کہ وہ انبیاء کے اجسام کو کھائے۔

فرمایا! جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو، جس شخص نے ایسا کیا میں قیامت کے روز اس کا شفیع اور گواہ بنوں گا۔

آپ ﷺ نے فرمایا جس شخص نے مجھ پر جمعہ کے روز سو بار درود شریف پڑھا تو اس کے اسی (80) سال کے گناہ معاف کیے جائیں گے۔ جس شخص نے جمعہ کے روز مجھ پر ہزار درود پڑھے وہ اس وقت تک نہیں مرے گا جب تک وہ اپنا ٹھکانہ جنت میں نہ دیکھ لے گا۔

آپ ﷺ نے فرمایا! جس شخص نے جمعہ کے روز عصر کی نماز پڑھی پھر اپنی جگہ سے اٹھنے سے پہلے اسی (80) بار اس نے کہا:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَ سَلِّمْ تَسْلِیْمًا ط

اسکے اسی (80) سال کے گناہ بخشے جاتے ہیں اور اس کی اسی سال کی عبادت لکھی جاتی ہے۔

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا! اللہ تعالیٰ کے ایسے فرشتے ہیں جو ایک خاص نور سے پیدا کیے گئے ہیں وہ صرف جمعہ کے دن اور اس کی رات کو ہی اترتے ہیں، ان کے ہاتھوں میں سونے کی قلمیں اور نور کے کاغذ ہوتے ہیں، وہ صرف نبی کریم ﷺ پر درود ہی لکھتے ہیں۔

حافظ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا میں نبی کریم ﷺ پر کثرت سے درود کو ہر حال میں دوست رکھتا ہوں اور میں جمعہ کے دن اور رات کو کثرت سے درود شریف پڑھنا زیادہ پسند کرتا ہوں۔

ابن حجر نے اپنی کتاب میں بعض مشائخ سے نقل کیا ہے کہ جمعہ کے روز اور جمعہ کی رات سورۃ کہف کے سوا قرآن مجید کی تلاوت کرنے سے نبی کریم ﷺ پر درود شریف پڑھنے کا زیادہ ثواب ہے کیونکہ سورۂ کہف کے جمعہ کے دن یا رات پڑھنے کے متعلق صحیح حدیث میں تصریح کی گئی ہے۔

حاجت روائی کیلئے دُرُود کی کثرت

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا جس پر کوئی حاجت سخت ہو جائے (مشکل یا مصیبت میں گھر جائے) اسے چاہیے کہ وہ مجھ پر کثرت سے درود پڑھے، کیونکہ یہ غم واندوہ اور مصائب وکرب کو رد کر دیتا ہے اور رزق میں ترقی اور حاجات کو پورا کرتا ہے۔

یہ بھی فرمایا کہ جس پر کوئی تنگی آجائے اسے چاہیے کہ مجھ پر بکثرت درود پڑھے کیونکہ یہ عقدے حل کرتا ہے اور پریشانیوں کو دور کرتا ہے۔ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا قیامت کے روز اپنے احوال سے نجات یافتہ وہ شخص ہوگا جو دنیا میں مجھ پر سب سے زیادہ درود شریف پڑھنے والا ہوگا۔ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ حوض کوثر پر مجھے ایسی اقوام ملیں گی جنہیں میں کثرت صلوۃ ہی کے سبب سے پہچانوں گا اور جنت میں سے زیادہ حوریں بھی اس شخص کی ہوں گی جو مجھ پر سب سے زیادہ درود شریف پڑھنے والا ہوگا۔

دُرُود سے زیارت رسول ﷺ

علامہ شیخ احمد بن مبارک نے اپنے شیخ غوث الزماں سیدنا عبدالعزیز دباغ رحمۃ اللہ علیہ کے مناقب میں لکھا ہے کہ سیدنا خضر علیہ السلام نے آپ کو ایک وظیفہ دیا کہ روزانہ سات ہزار 7 بار

اَللّٰھُمَّ یَا رَبِّ بِجَاہِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ط اِجْمَعْ بَيْنِيْ وَ بَيْنَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

فِي الدُّنْيَا قَبْلَ الْاٰخِرَةِ ط

پڑھا کریں۔ آپ اس وظیفہ پر ہمیشہ قائم رہے اور اس کا کئی جگہ ذکر کیا ہے کہ آپ کو نبی کریم ﷺ بیداری کی حالت میں ملتے تھے، آنحضرت ﷺ سے مسائل پوچھتے، اسی وجہ سے عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ باوجود اس کے کہ بظاہر پڑھے لکھے نہیں تھے ایسے جوابات دیتے جو ائمہ کرام اور علماء دین کے بیان کے مطابق تھے۔

شیخ ابو مواہب فرماتے تھے جو شخص نبی اکرم ﷺ کی زیارت کرنا چاہتا ہے تو اسے چاہیے کہ حضور تاجدار مدینہ ﷺ کا دن رات انتہائی کثرت سے ذکر کرے اور درود شریف پڑھے اور سادات اولیاء سے محبت رکھے، ورنہ خواب کا دروازہ اس پر بند ہے کیونکہ وہ لوگوں کے سردار ہیں اور ہمارا رب ان کے ناراض ہونے سے ناراض ہوتا ہے اور اسی طرح رسول اللہ ﷺ بھی اس کے ناراض ہونے سے ناراض ہوتے ہیں۔

دُرُود حضور ﷺ کی قربت کا سبب ہے

مدنی تاجدار ﷺ نے فرمایا! قیامت کے روز میرے سب سے زیادہ قریب وہ شخص ہوگا جو مجھ پر زیادہ درود شریف پڑھے گا۔ فرمایا: قیامت کے روز تین اشخاص اللہ کے عرش کے سایہ کے نیچے ہوں گے، ایک وہ شخص جو میری امت کے کسی شخص کی پریشانی دور کرے، دوسرا وہ جو میری سنت کو زندہ کرے اور تیسرا وہ جو مجھ پر بکثرت درود پڑھنے والا ہوگا۔

اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام پر وحی بھیجی کہ اے موسیٰ اگر تو پسند کرتا ہے کہ قیامت کے روز پیاسا نہ ہو تو حضرت محمد ﷺ پر بکثرت درود پڑھا کرو۔

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے کہا! یارسول اللہ ﷺ میں آپ پر بکثرت درود پڑھتا ہوں، میں کتنا حصہ آپ پر درود پڑھوں؟ فرمایا! جس قدر تو چاہے اور اگر زیادہ کرے تو تیرے لیے بہتر ہے عرض کیا! دو مثل (رات کے دو حصے) فرمایا جس قدر تو چاہے اور اگر زیادہ کرے تو بہتر ہے۔ عرض کیا میں تمام رات درود شریف ہی پڑھتا رہوں؟ فرمایا یہ تیری تمام ضروریات کو کافی ہوگا۔ ایک نیک آدمی نے بتایا ہے کہ آنحضرت ﷺ پر درود شریف کی کثرت طاعون کو دور کرتی ہے۔

امام شعرانی رضی اللہ عنہ نے اپنی کتاب میں کہا ہے کہ ہم سے رسول اللہ ﷺ نے اس بات کا عہد کیا کہ ہم آپ پر دن رات بکثرت درود وسلام پڑھا کریں گے اور اپنے بھائیوں کے سامنے اس کا اجر وثواب بیان کرتے رہیں گے اور حضور اقدس ﷺ کے ساتھ اظہار محبت کیلئے پوری ترغیب دیں گے۔ پھر فرمایا درود شریف پڑھنے والے کیلئے طہارتِ قلب اور حضوری مع اللہ ضروری ہے، کیونکہ یہ رکوع وسجود والی نماز کی طرح اللہ کے ساتھ مناجات ہے، اگرچہ اس کی صحت کیلئے طہارت شرط نہیں ہے۔

دُرُود شریف پڑھنے والے کیلئے آپ کی شفاعت

اذان سن کر دُرُود پڑھیں

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جب تم مؤذن کو اذان کہتے ہوئے سنو تو جس طرح وہ کہے تم بھی کہو بعد اذان مجھ پر صلوٰۃ پڑھو کیونکہ جس نے مجھ پر ایک بار درود شریف پڑھا تو اللہ اس پر دس بار صلوٰۃ بھیجتا ہے، پھر میرے لیے وسیلہ کی دعا کرو کیونکہ وہ جنت میں ایک مقام ہے (مقام محمود) جو اللہ کے ایک بندہ کیلئے رکھا گیا ہے اور مجھے یقین ہے کہ وہ میں ہی ہوں۔ جس شخص نے میرے لیے وسیلہ کی دعا کی اس کو شفاعت حاصل ہوگی۔ جس نے اذان سن کر یہ کہا

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّآمَّۃِ وَ الصَّلٰوۃِ

اے اللہ اس دعوۃ تامہ اور صلوۃ

الْقَآئِمَۃِ اٰتِ سَیِّدَنَا مُحَمَّدَ نِ الْوَسِیْلَۃَ

قائمہ کے مالک تو ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ کو وسیلہ

وَ الْفَضِیْلَۃَ وَ الدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ وَابْعَثْہُ

اور فضیلت اور بہت بلند درجہ عطا فرما اور ان کو

مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ ط وَارْزُقْنَا

مقام محمود پہ فائز کر جس کا تو نے اُن سے وعدہ کیا ہے

شَفَاعَتَهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ط

اور ہمیں قیامت کے دن ان کی شفاعت نصیب فرما بیشک تو وعدہ کے خلاف نہیں کرتا

بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط

ہم پر اپنی رحمت فرما اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے

اس پر حضور ﷺ کی شفاعت لازم ہے۔ نبی کریم ﷺ کی شفاعت گناہوں کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ بعض اوقات درجات بلند کرنے کیلئے بھی بطور اعجاز ہوتی ہے' جیسے عرش کے سایہ میں ہونا، حساب کا نہ ہونا، جنت میں جلدی جلدی داخل ہونا۔ پس وسیلہ کا سوال کرنے والا اسی کے ساتھ یا بعض کے ساتھ مختص ہوتا ہے۔ وسیلہ جنت میں سب سے اونچا درجہ ہے جیسا کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا، خلیل قصری کی کتاب شعب الایمان میں وسیلہ کی تفسیر بیان کرتے ہوئے جو ہمارے نبی کریم ﷺ کے ساتھ خاص ہے کہا ہے کہ یہ توسل ہے اور یہ کہ نبی پاک ﷺ کی جنت میں بغیر کسی تشبیہ اور تمثیل کے بادشاہ کے وزیر کی حیثیت ہوگی۔ اللہ اس بات سے بہت بلند اور بالا ہے اس لیے ہر شخص کو انعامات وعطیات میں جو کچھ ملے گا حضور اکرم ﷺ کے واسطہ سے ہی ملے گا اور اہل جنت کیلئے جنت میں زیادہ درجات کیلئے شفاعت حضور اکرم ﷺ کے ساتھ خاص ہوگی۔ جس میں کوئی دوسرا شریک نہیں ہوگا۔ اور یہی مقام محمود اور شفاعت عظمیٰ ہے۔

دُرُود پڑھنے والوں کیلئے اجر عظیم

سیدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ جس شخص نے مجھ پر درود شریف پڑھا میں قیامت کے روز اس کا شفیع ہوں گا اور فرمایا۔ جو شخص مجھ پر درود شریف پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر رحمت کی نظر ڈالتا ہے اور جس پر اللہ تعالیٰ رحمت کی نظر ڈالے اسے کبھی عذاب نہیں دیتا۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا جو کوئی قوم بیٹھ کر مجھ پر درود بھیجتی ہے تو فرشتے انہیں زمین سے آسمان تک ڈھانپ لیتے ہیں، ان کے ہاتھوں میں چاندی کے ورق اور سونے کی قلمیں ہوتی ہیں۔ وہ نبی کریم ﷺ پر درود شریف لکھتے ہیں اور کہتے ہیں اور زیادہ پڑھو اللہ تمہیں زیادتی عطا فرمائے، جب وہ ذکر شروع کرتے ہیں تو ان کے لیے آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں، ان کی دعا قبول کی جاتی ہے اور اللہ عزوجل ان کی طرف اس وقت تک متوجہ رہتا ہے جب تک وہ دوسری بات میں مشغول نہیں ہو جاتے۔

رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ مجھ پر درود بھیجنا، پانی سے آگ کو بجھانے سے زیادہ گناہوں کی آگ کو بجھانے والا ہے اور مجھ پر سلام بھیجنا غلام آزاد کرنے سے افضل ہے۔ نیز فرمایا درود شریف پڑھنا اللہ تعالیٰ کے راستہ میں تلوار چلانے سے افضل ہے، جس شخص نے مجھ پر ایک بار محبت اور شوق میں درود پڑھا' اللہ تعالیٰ کراماً کاتبین کو حکم دیتا ہے کہ تین دن تک اس کا کوئی گناہ نہ لکھیں۔

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا صبح میں نے ایک عجیب چیز دیکھی کہ میرا ایک امتی پل صراط پر

کبھی گھٹنوں کے بل چلتا ہے، کبھی رینگتا ہے، کبھی گرتا ہے اور کبھی زمین کے ساتھ لگ جاتا ہے اس کے پاس میرا بھیجا ہوا درود شریف پہنچتا ہے اسے اپنے ہاتھ سے پکڑ کر کھڑا کر دیتا ہے یہاں تک کہ اسے پل صراط سے گزار دیتا ہے۔

دُرُود شریف سے اپنی مجالس کو آراستہ کرو

رسول اکرم ﷺ فرماتے ہیں کہ اپنی محفلوں کو مجھ پر درود بھیجنے کے ساتھ آراستہ کرو، کیونکہ تمہارا درود شریف قیامت کے روز تمہارے لیے نور ہوگا۔ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ تم میں سے میرے سب سے قریب وہ شخص ہوگا جو مجھے یاد کرے اور مجھ پر درود بھیجے جو شخص مجھ پر درود بھیجتا ہے اللہ اس کے دل کو نفاق سے ایسے پاک کر دیتا ہے جیسا کہ پانی کپڑے کو پاک وصاف کر دیتا ہے۔

رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ دو انسان جب مل کر مجھ پر درود پڑھتے ہیں تو ان کے جدا ہونے سے پہلے اللہ تعالیٰ ان کے اگلے پچھلے گناہ معاف فرما دیتا ہے۔

دُرُودِ پاک سے بھولی چیز یاد آجاتی ہے

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا جو شخص بھولی ہوئی بات کو یاد کرنا چاہتا ہے اسے چاہیے کہ مجھ پر درود بھیجے اسے بھولی ہوئی بات یاد آجائے گی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے مجھ پر کتابت میں درود شریف لکھا ملائکہ اس وقت تک اس کیلئے استغفار کرتے رہیں گے جب تک اس میں میرا نام لکھا رہے گا۔ شیخ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کتاب جمع الجوامع کے دیباچہ میں لکھتے ہیں کہ ابن عساکر نے اپنی تاریخ میں حفص بن عبداللہ سے روایت کی ہے کہ ابو زرعہ کو وفات کے بعد

میں نے خواب میں دیکھا کہ آسمان دنیا پر ملائکہ کے ساتھ نماز میں امامت کرتے ہیں۔ میں نے کہا آپ نے یہ رتبہ کس وجہ سے پایا؟ انہوں نے جواب دیا کہ میں نے ہاتھ سے کئی ہزار احادیث مبارکہ لکھی ہیں اور ہر حدیث پر کہا ہے عن النبی ﷺ اور پیغمبر ﷺ نے فرمایا ہے

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلٰوۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرًا

بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص کو خواب میں دیکھ کر دریافت کیا کہ حق تعالیٰ نے تمہارے ساتھ کیا معاملہ کیا اور تمہیں کیسے بخش دیا؟ اس نے جواب دیا میں جب آپ ﷺ کا نام مبارک لکھتا تھا تو ﷺ بھی لکھ دیتا تھا اس لیے بخشش ہوگئی۔ کسی نے امام شافعی کو خواب میں دیکھا اور دریافت کیا کہ حق تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ کیا؟ آپ نے جواب دیا اللہ نے مجھ پر رحمت کی اور میری مغفرت فرمائی۔ مجھے بہشت میں لے گئے جیسے کسی دلہن کو لے جاتے ہیں۔ مجھ پر موتی اور یاقوت نچھاور کیے جیسا کہ دلہن پر کرتے ہیں۔ یہ سب انعام اس وجہ سے ہوا کہ جب میں نے ایک رسالہ لکھا تو کہا تھا:

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَاذَ کَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَ
عَدَدَ مَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ ط

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! تم میں سے جب کوئی درود شریف پڑھے اسے چاہیے کہ پہلے اللہ کی حمد وثناء بیان کرے پھر مجھ پر درود شریف بھیجے پھر جو چاہے دعا مانگے۔

حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: میرے پاس ذکر کیا گیا کہ دعا

زمین و آسمان کے درمیان اس وقت تک معلق رہتی ہے اور اوپر نہیں جاتی جب تک نبی کریم ﷺ پر درود شریف نہ پڑھا جائے۔

شیخ احمد رواوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ بارگاہ خداوندی میں پہنچنے کا قریب ترین راستہ نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا ہے۔ جس شخص نے خصوصیت سے حضور پرنور ﷺ کی خدمت نہیں کی اور اس کے باوجود اس نے بارگاہ خداوندی میں داخل ہونا چاہا اس نے ناممکن کی خواہش کی اور بارگاہ خداوندی کا حجاب اسے داخل نہیں ہونے دیتا اور یہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ ادب سے جہالت کی وجہ سے ہے۔ اس کا حکم اس دیہاتی کی طرح ہے جو سلطان سے بغیر واسطہ کے ملنا چاہے اس کے لیے ضروری ہے کہ رحمت عالم ﷺ پر کثرت سے درود پڑھے کیونکہ قیامت کے روز سرکار دو عالم ﷺ کے خادموں کو قصور کے باوجود آپ ﷺ کی حمایت سے دو فائدے پہنچیں گے جس کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔

ہر صادق کا مقصد اللہ کے ذکر سے اللہ کی محبت ہوتی ہے اور رسول اللہ ﷺ پر درود شریف بھی اس کی محبت ہی ہوتی ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ سرکار دو عالم ﷺ کا قرب حاصل کرنے کیلئے عظیم پاکیزگی اور طہارت کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ بندہ حضور اکرم ﷺ کے قرب اور ہم نشینی کے لائق ہو جائے اور وہ شخص جس کی فطرت بری ہو جس کے ظاہر ہونے سے وہ خود شرمندہ ہو، ایسا شخص سرکار دو عالم ﷺ کی صحبت کے لائق نہیں ہوتا اگرچہ اس نے جن و انس کی سی عبادت کی ہو صرف درود شریف ہی ایسا عمل ہے جو بندے کو سرکار دو عالم ﷺ کا قرب حاصل کرنے کے قابل بناتا ہے ثعلبی نے کتاب العرائس میں لکھا ہے کہ کوہ قاف کے پیچھے اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہے جس کی تعداد اللہ ہی جانتا ہے ان کی عبادت رسول اللہ ﷺ پر درود شریف بھیجنا ہی ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ اگر کوئی شخص اللہ سے کسی چیز کا سوال کرنا چاہے تو پہلے اللہ کی حمد وثناء کرے پھر درود شریف بھیجے پھر اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے پھر درود شریف پڑھے، کیونکہ اس سے بعید ہے کہ کریم دونوں درود تو قبول کرے اور جو کچھ اس کے درمیان ہے اسے لوٹا دے۔ یہی قول حضرت ابوسلیمان درانی سے بھی منقول ہے۔ حافظ ابن صلاح نے کہا کہ جناب رسول کریم ﷺ کا اسم گرامی لکھتے وقت رسول اللہ ﷺ کے ساتھ صلوۃ وسلام لکھنے پر اصرار کرے، عوام اور کاہل لوگوں کے فعل سے بچے جو ﷺ کی بجائے صلعم لکھتے ہیں اور اس شخص کے شرف کے لیے حضور اکرم ﷺ کا یہی ارشاد کافی ہے کہ جس نے کتاب میں مجھ پر درود شریف لکھا جب تک کتاب میں میرا نام رہے گا اس کے لیے فرشتے استغفار کرتے رہیں گے۔

رسول اکرم ﷺ نے فرمایا! جس شخص نے

جَزَى اللّٰهُ عَنَّا سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا مَّا هُوَ اَهْلُهٗ ط

کہا ستر کاتب فرشتے ایک ہزار روز تک لکھتے رہیں گے اسے سیدی عبدالوہاب شعرانی نے عروۃ الکبریٰ وغیرہ میں ذکر کیا ہے اور فرمایا: میں اسے روزانہ ہر صبح ہزار بار اور ہر شام ہزار بار پڑھتا ہوں۔

یہ میرے ان دوستوں کیلئے خوشخبری ہوگی جو خشوع وخضوع اور حضور قلب سے درود شریف نہیں پڑھ سکتے۔ حضرت شیخ ابوالمواہب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا، میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ اس شخص پر دس بار درود بھیجتا ہے جو آپ پر ایک

بار درود بھیجے گا کیا یہ اس شخص کیلئے جو حضورِ قلب سے بھیجے؟ قربان جائیں سرکار دو عالم ﷺ نے فرمایا: نہیں یہ ہر اس شخص کیلئے ہے جو درود بھیجے خواہ غفلت کے ساتھ ہو اور اللہ تعالیٰ پہاڑوں کی مانند اسے ملائکہ عطا کرتا ہے جو اس شخص کیلئے دعا مانگتے ہیں اور استغفار کرتے ہیں لیکن جب وہ حضورِ قلب سے درود بھیجے تو اس کے اجر کو اللہ تعالیٰ جل شانہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

حضور نبی کریم ﷺ کے ذکر کے وقت
دُرُود شریف نہ پڑھنے پر وعید

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس کی ناک خاک آلود ہو جس کے سامنے میرا ذکر کیا گیا اور اس نے مجھ پر درود نہیں پڑھا اور اس کی ناک خاک آلود ہو جس کی زندگی میں رمضان شریف آیا اور اس کی مغفرت ہونے سے پہلے گزر گیا اور اس شخص کی ناک خاک آلود ہو جس نے اپنے والدین کو بڑھاپے کی حالت میں پایا اور انہوں نے (والدین نے) اسے جنت میں داخل نہ کیا۔

ایک روایت میں ہے کہ نبی رحمت ﷺ منبر پر تشریف لائے تو فرمایا: آمین پھر منبر پر چڑھے تو فرمایا: آمین پھر منبر پر تشریف لائے تو فرمایا: آمین حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے آپ سے دریافت کیا تو فرمایا کہ جبرائیل علیہ السلام میرے پاس آئے تھے اور کہا اے محمد ﷺ جس شخص کے سامنے آپ کا ذکر کیا گیا اور اس نے آپ پر درود نہیں پڑھا وہ دوزخ میں داخل ہوا اور خدا نے اسے دور کر دیا، کہیے آمین۔ اور کہا وہ شخص جس نے رمضان شریف کو پایا اور اسے قبول نہیں کیا وہ مر گیا وہ بھی ایسا ہی ہے اور وہ شخص جس نے اپنے والدین یا ان میں سے ایک

(والد یا والدہ) کو پایا اور ان کے ساتھ نیکی نہیں کی اور وہ مر گیا وہ بھی ایسا ہی ہے۔

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: بخیل ہے وہ شخص جس کے پاس میرا ذکر کیا گیا اور اس نے مجھ پر درود نہیں پڑھا' بے شک وہ شخص پورا بخیل ہے وہ جنت کا راستہ بھول گیا۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جو قوم بھی اپنی مجلس میں بیٹھے اور پھر وہ اللہ کا ذکر کیے بغیر اور نبی کریم ﷺ پر درود شریف پڑھے بغیر منتشر ہو جائے تو قیامت کے روز وہ مجلس ان کے لیے وبال ہوگی۔ ایک اور جگہ فرمایا: وہ مجلس ایسی ہے جیسے وہ مردار کی بدترین بدبو پر کھڑے ہوتے ہیں۔ سرکار دو عالم ﷺ نے فرمایا جو شخص مجھ پر درود پڑھنا بھول گیا وہ جنت کا راستہ بھول گیا۔ سرکار دو عالم ﷺ نے فرمایا: جس شخص کے پاس میرا ذکر کیا گیا اور اس نے مجھ پر درود نہیں بھیجا تو وہ آگ میں داخل ہوا۔ ایک اور جگہ فرمایا: وہ بد بخت ہوا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس کے سامنے میرا ذکر کیا گیا اور اس نے مجھ پر صلوٰۃ وسلام نہ پڑھا اس کا مجھ سے اور میرا اس سے کوئی تعلق نہیں۔ پھر حضور اکرم ﷺ نے دعا کی اے اللہ جو میرے ساتھ ہوا تو اس کے ساتھ ہو اور جو مجھ سے منقطع ہوا تو اس سے منقطع ہو۔ علامہ ابن حجر نے اپنی کتاب الزواجر عن اقتراف الکبائر میں لکھا ہے کہ کبیرہ گناہ ساٹھ (60) ہیں، نبی کریم ﷺ کا اسم پاک سن کر درود شریف نہ بھیجنا ان میں سے ایک ہے۔

ان جامع انعام واکرام کا تذکرہ جو نبی کریم ﷺ پر دُرُود بھیجنے والے کو دنیا اور آخرت میں میسر آتے ہیں

سیدی عارف باللہ شیخ عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب الانوار القدسیہ میں کہتے

ہیں کہ اے میرے بھائی میرے دل میں اس امر کی محبت ڈالی گئی ہے کہ میں تیرے لیے اور تجھے شوق دلانے کیلئے رسولِ خدا ﷺ پر صلوۃ وسلام بھیجنے کے انعام واکرام بیان کروں تا کہ ہوسکتا ہے اللہ تعالیٰ تجھے حضور اکرم ﷺ کی خالص محبت عنایت فرمائے اور اکثر اوقات میں تیرا مشغلہ حضور نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا ہو جائے اور جو ایسا ہو جائے کہ تو اپنے ایک عمل کا ثواب بطور تحفہ حضور ﷺ کے حضور پیش کرے جیسا کہ حضرت ابی کعب رضی اللہ عنہ کی روایت سے پتہ چلتا ہے کہ **انی اجعل لك صلاتی کلها** یعنی اپنے تمام اعمال کا ثواب آپ کو دیدوں تو نبی پاک ﷺ نے فرمایا تو پھر اللہ تعالیٰ تیرے دنیا اور آخرت کے تفکرات کو کافی ہوگا اور ان میں سے ایک یہ بھی ہے اور وہ سب سے اہم ترین فائدہ ہر اس شخص کیلئے ہے جس نے حضور اکرم ﷺ پر درود شریف بھیجا۔ اللہ تعالیٰ فرشتوں اور رسولوں کا اس طرح صلوۃ وسلام بھیجنا ہے **صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ** ﷺ امام شعرانی نے کہا ہے کہ رحمۃ للعالمین ﷺ فرماتے ہیں کہ جس شخص نے یہ درود شریف پڑھا صلی اللہ علی محمد ﷺ اس نے اپنے اوپر رحمت کے ستر دروازے کھولے اور اللہ تعالیٰ لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت ڈال دیتا ہے اور اس سے وہی شخص بغض رکھتا ہے جس کے دل میں نفاق ہو۔ شیخ علی الخواص نے کہا ہے کہ اس حدیث کو بعض عارفین نے خضر علیہ السلام سے اور انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے روایت کیا ہے اسے حافظ سخاوی اور مجد الدین فیروز آبادی صاحب قاموس نے امام سمرقندی تک سند کے ساتھ نقل کیا ہے انہوں نے کہا ہے کہ میں نے حضرت خضر اور الیاس علی نبینا و علیہما السلام سے سنا ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضور اکرم ﷺ سے سنا کہ جو مومن **صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ** ﷺ کہے گا لوگ اسے دوست رکھیں گے اگر چہ وہ اس سے بغض رکھتے ہوں اور اللہ کی قسم لوگ اسے دوست نہیں رکھیں گے جب تک اللہ

اسے دوست نہ رکھے۔

ابو بکر محمد جبر نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ جناب رسالت مآب ﷺ نے فرمایا جس شخص نے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ کہا اور وہ کھڑا تھا تو بیٹھنے سے پہلے اور اگر بیٹھا ہوا تھا تو کھڑا ہونے سے پہلے اس کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔

دُرُودِ پاک ہمارے گناہوں کا کفارہ ہے

درود پاک پڑھنے سے گناہوں کا کفارہ ہو جاتا ہے اور اعمال پاک ہو جاتے ہیں، درجات بلند ہوتے ہیں اور گناہوں کی مغفرت ہوتی ہے اور پہاڑ کے برابر سونا خیرات کرنے کا اجر ملتا ہے جو شخص ہر وقت درود شریف ہی پڑھتا رہتا ہے اس کے دنیا و آخرت کے تفکرات کیلئے اللہ تعالیٰ کافی ہے جیسا کہ اوپر بیان کیا جا چکا ہے۔

اس سے گناہ معاف ہوتے ہیں اور یہ غلام آزاد کرنے سے افضل ہے، تمام اہوال سے قیامت کے روز نجات ملے گی، سرکار دو عالم ﷺ کی گواہی اور شفاعت حاصل ہوگی، اللہ تعالیٰ کی رضامندی حاصل ہوگی، اس کی ناراضگی سے امن حاصل ہوگا، اس کی رحمت کا حصول ہوگا عرش کے سایہ کے نیچے جگہ ملے گی، آگ سے آزادی ملے گی اور پل صراط کو بجلی کی سرعت سے عبور کرنا اور مرنے سے پہلے جنت میں اپنے مقام قرب کو دیکھنا، قیامت کے روز نیکیوں کے پلڑے کا بھاری ہونا حوض کوثر پر داخلہ اور پیاس سے امان ہے' جنت میں حوریں بکثرت ملیں گی اور عمدہ مقام حاصل ہوگا، اس کا ثواب بیس (20) غزوات سے بڑھ کر یا ان کے قائم مقام ہوگا' اس سے تزکیہ

قلب اور پاکیزگی کا حصول ہوگا اس کی برکت سے مال بڑھتا ہے اور ہر درود شریف کے عوض اس کی سو (۱۰۰) حاجتیں پوری کی جاتی ہیں' درود شریف پڑھنا ایک عبادت ہے جو تمام اعمال سے خدا تعالیٰ کے نزدیک زیادہ محبوب ہے' درود شریف پڑھنا سنی ہونے کی علامت ہے، جب تک ایک شخص نبی ﷺ پر درود شریف بھیجتا رہتا ہے ملائکہ اس پر درود بھیجتے ہیں، یہ مجالس کو زینت بخشتا ہے فقر اور تنگی معاش کو دور کرتا ہے اور اس سے مقامات خیر حاصل ہوتے ہیں' درود شریف پڑھنے والا قیامت کے روز آنحضرت ﷺ کے سب سے زیادہ قریب ہوگا۔ اس سے خود درود شریف پڑھنے والے کی اولاد کو فائدہ پہنچتا ہے، اس کو بھی نفع ملتا ہے جس کو اس کا ثواب بخشا جاتا ہے اسے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا قرب حاصل ہوگا، درود شریف پڑھنے والے کیلئے قبر میں اور حشر کے روز پل صراط پر نور ہوگا۔ اس کے ذریعہ دشمنوں پر غالب ہوگا۔ دل نفاق سے پاک ہوتا ہے مسلمانوں کی باہمی محبت کا باعث ہوتا ہے' درود شریف پڑھنے والے کو منافق ہی ناپسند کرتا ہے جس کے باعث وہ اس سے دور رہتا ہے، جو بڑے خیر و برکت کی بات ہے۔ سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ کی خواب میں زیارت نصیب ہوتی ہے اور بعض اوقات عالم بیداری میں بھی' یہ درود بھیجنے والے کے تفکرات اور پریشانیوں کو دور کرتا ہے اور سب سے زیادہ نیک اعمال میں سے ہے۔

آپ پر درود شریف بھیجنے کی ترغیب دی گئی ہے اور ایسا کرنے پر اچھے خاتمہ اور بہترین ثواب کا وعدہ کیا گیا ہے۔ یہ سب سے زیادہ غالب اقوال ہے سب سے زیادہ پاکیزہ اعمال' نیکیوں میں سب سے مفید اور عام برکات کا حامل ہے اسی کے ذریعے دعائیں قبول کی جاتی ہیں اور اعلیٰ درجات پر ترقی ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ اے موسیٰ! اگر تو چاہتا ہے کہ میں

تیرے کلام کی زبان سے اور تیرے دل کے وساوس سے تیری روح کے بدن سے اور تیری آنکھ کی روشنی سے قریب ہو جاؤں' تو اے موسیٰ تو میرے محبوب محمد مصطفیٰ ﷺ پر بکثرت درود شریف بھیجا کرو۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ آنحضرت ﷺ اللہ عزوجل کے کتنے محبوب اور اس کے نزدیک کتنے جلیل القدر ہیں خود اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے آپ پر درود شریف بھیجتے ہیں اور ایمان والوں کو بھی حضور اکرم ﷺ پر درود بھیجنے کا حکم دیا ہے۔ پس آپ کی محبت کے ذریعہ اللہ کا قرب حاصل ہوتا ہے۔ حضور اکرم ﷺ کی تعظیم کرنا، درود شریف بھیجنا، اللہ تعالیٰ اور ملائکہ کے درود بھیجنے کی اقتداء میں واجب ہوا۔ درود پاک کی فضیلت اور اس پر اجر عظیم کا ملنا عظیم ذکر اور حضور اکرم ﷺ پر درود پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ کی خوشخبری حاصل ہونا۔ اسکے علاوہ وہ اجر و ثواب ہیں جن کا نہ شمار کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی احاطہ ہوسکتا ہے۔ درود پاک کی رغبت دلانے کے لیے بعض ثواب اور فوائد کا ذکر کیا گیا ہے، پس اے عزیز واسے لازم پکڑو کیوں کہ یہ ذخیرہ اعمال میں سب سے زیادہ افضل ہے۔

دُرُودِ پاک پڑھنے کے فائدے ایک نظر میں

یوں تو درود شریف پڑھنے کے فائدے بے حد و بے حساب ہیں جن کا نہ شمار ممکن ہے اور نہ

ہی اسے احاطہ تحریر میں لانا ممکن ہے، کیونکہ یہ اجر وثواب اللہ تعالیٰ عطا کرتا ہے جس کے انعام اور نعمتوں کا شمار نہیں اور نہ ہی اس کے اجر وثواب کا تصور کیا جاسکتا ہے۔ ہم ذیل میں بعض اجر و ثواب کا ذکر کرتے ہیں تا کہ ان کو پڑھ کر لوگوں کو رغبت حاصل ہو۔

1۔ حضور اکرم ﷺ پر درود بھیجنا اللہ کے حکم کی فرمانبرداری اور موافقت کرنا ہے۔

2۔ درود پڑھنے میں ملائکہ کے ساتھ موافقت ہوتی ہے۔

3۔ اپنے محبوب ﷺ پر ایک بار درود بھیج کر اللہ تعالیٰ کی طرف سے دس بار درود کا حصول ہے۔

4۔ اس کے دس درجات بلند ہوتے ہیں، اس کی دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں، اس کی دس برائیاں یا گناہ معاف کیے جاتے ہیں۔

5۔ اس کی دعا کی قبولیت کی امید ہوتی ہے۔

6۔ یہ محبوب رب العالمین ﷺ کی شفاعت کا سبب ہے۔

7۔ یہ گناہوں کی بخشش اور عیوب کی پردہ پوشی کا سبب ہوگا۔

8۔ یہ بندے کے غموں کا مداوا ہے۔

9۔ یہ بندے کے سرکار دو عالم ﷺ سے قرب کا سبب ہے۔

10۔ یہ صدقہ کا قائم مقام ہوتا ہے۔

11۔ یہ قضائے حاجات کا سبب ہے۔

12۔ درود شریف پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں کے درود پڑھنے کا سبب ہوتا ہے۔

13۔ یہ درود شریف پڑھنے والے کی پاکیزگی اور طہارتِ قلب کا سبب ہوتا ہے۔

14 ۔ بھولی بسری باتوں کے یاد آنے کا سبب ہے۔

15 ۔ درود شریف مجلس کے پاکیزہ ہونے کا سبب ہے اور قیامت کے روز ایسی مجلس ان کیلئے مجلس حسرت نہیں بنے گی۔

16 ۔ درود پاک تنگ دستی اور فقر کا ازالہ ہے۔

17 ۔ حضور اکرم ﷺ کا اسم گرامی آنے پر درود شریف بھیجنے والے سے بخل کی نفی ہوتی ہے۔

18 ۔ درود پاک مجلس کو (جس میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا ذکر نہیں کیا جاتا) بدبودار ہونے سے نجات دلاتا ہے۔

19 ۔ وہ کلام جو اللہ کی حمد اور رسول کریم ﷺ پر درود کے بغیر شروع کیا جاتا ہے اس سے بچ جائے گا۔

20 ۔ نبی کریم ﷺ پر درود شریف نہ بھیجنے کے ظلم سے نکل جائے گا۔

21 ۔ آقائے دو جہاں ﷺ پر درود شریف بھیجنے والے پر اللہ کی عمدہ تعریف نازل ہونے کا سبب تا ہے۔

22 ۔ درود شریف اللہ کی رحمت کا سبب ہے۔

23 ۔ درود شریف باعث خیر و برکت ہے۔

24 ۔ سرکار دو عالم سرور قلب وسینہ ﷺ کی محبت کی زیادتی اور دوگنا ہونے کا سبب ہے۔

25 ۔ درود شریف کے بغیر ایمان مکمل نہیں ہوتا۔

26 ۔ درود پاک رسول اللہ ﷺ کی درود شریف بھیجنے والے کے ساتھ محبت کا سبب ہوتا ہے اور

خواب میں زیارت ہوتی ہے۔

27 ۔درود پاک اسم اعظم ہے۔

28 ۔درود پاک بندے کی ہدایت اور اس کے دل کی زندگی کا سبب ہوتا ہے۔

29 ۔درود پاک پڑھنے والے کی سرکار دو عالم ﷺ کی بارگاہ میں حاضری کا سبب ہوتا ہے۔

30 ۔درود پاک ہادی دو جہاں ﷺ کے اقل قلیل (کم از کم) حق کی ادائیگی اور اللہ کی نعمت جو اس نے ہم پر کی، اس کا شکریہ ہے۔

31 ۔درود پاک اللہ کے شکر و احسان کی معرفت کو متضمن ہے۔

32 ۔درود پاک بندے کی طرف سے اللہ عزوجل سے دعا اور سوال ہے۔ وہ کبھی نبی کریم ﷺ کیلئے دعا مانگتا ہے اور کبھی اپنے نفس کیلئے اور جو کچھ اس میں بندے کیلئے زیادتی ہے وہ پوشیدہ نہیں۔

33 ۔سرکار زمان و مکاں ﷺ پر درود شریف بھیجنے سے جو ثمرہ اور سب سے عظیم فائدہ حاصل ہوتا ہے وہ محبوب خدا ﷺ کی صورت کریمہ کا دل میں نقش ہونا ہے۔

34 ۔محبوب خدا ﷺ پر کثرت سے درود بھیجنا شیخ (پیر و مرشد) کے قائم مقام ہوتا ہے۔

35 ۔درود پاک پڑھنے والے کو اللہ کے غضب سے امان دی جاتی ہے۔

36 ۔درود پاک پڑھنا عبادت ہے۔

37 ۔درود پاک پڑھنا اللہ کے نزدیک سب سے پیارا عمل ہے۔

38 ۔درود پاک کی ایک خاصیت یہ ہے کہ بخار میں پیاس کے غلبہ کو زائل کرتا ہے۔

39 ۔درود پاک تمام برائیوں اور گناہوں کا کفارہ ہے۔ ایک قول کے مطابق قضا شدہ فرائض کی

جانب سے کفارہ ہوگا۔

40 ۔ درود پاک سے گھر پر آفتوں اور بلاؤں سے نجات اور امراض سے شفا ملتی ہے۔

41۔ درود پاک سے خوف اور گھبراہٹ سے بچاؤ ہوتا ہے۔

42 ۔ درود پاک سے چار پشتوں تک برکات حاصل ہوتی ہیں۔

43 ۔ درود پڑھنے والے کا درود شریف سونے کے قلموں سے نور کے کاغذ پر لکھا جاتا ہے۔

44 ۔ درود پاک تمام عبادتوں سے افضل ہے۔

45 ۔ سب سے بڑا فائدہ آپ ﷺ کے جواب سے مشرف ہونا ہے، اس سے بڑھ کر کون سی سعادت ہوگی کہ سرکار دو عالم ﷺ جواب دیں اور ان کی دعائے خیر اس شخص کے شامل حال ہو اگر یہ تمام عمر میں ایک ہی بار حاصل ہو جائے تو لاکھوں کرامات اور خیر و سلامتی کا ذریعہ ہوگا۔ یہ بات یقینی ہے شبہ کو اس میں کوئی دخل نہیں۔

46 ۔ درود پاک بھیجنے والے شخص کے، تین روز تک فرشتے گناہ لکھنے سے باز رہتے ہیں۔

47 ۔ درود پاک پڑھنے والے کا عمل ترازو میں سب سے وزنی ہوگا۔

48 ۔ درود شریف پڑھنے میں ذکر الٰہی بھی شامل ہے، خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر بزرگان دین سے روایت ہے کہ جس شخص نے اللہ تبارک وتعالیٰ کو اَللّٰھُمَّ کے لفظ سے یاد کیا گویا اس نے تمام اسمائے حسنیٰ کے ساتھ یاد کر لیا۔

49 ۔ درود پاک پڑھنا غلام آزاد کرنے سے بھی افضل ہے۔

50 ۔ درود پاک پڑھنے والے کیلئے رحمت کے ستر دروازے کھول دیئے جاتے ہیں، اس کیلئے اللہ کی رحمت اور رضا لکھ دی جاتی ہے۔

51 ۔ درود پاک کی برکت سے مال بڑھتا ہے۔

52 ۔ درود پاک کے عوض سو حاجتیں پوری کی جاتی ہیں۔

53 ۔ درود پاک پڑھنے والے سے فرشتے محبت کرتے ہیں۔

54 ۔ درود پاک پڑھنے والے کے سامنے ظالموں اور جابروں کی گردنیں جھک جاتی ہیں۔

55 ۔ درود پاک پڑھنے والوں کیلئے دونوں جہانوں میں خوشیاں ہی خوشیاں ہیں۔

56 ۔ درود پاک جس کو بخشا جاتا ہے اس کو بھی فائدہ حاصل ہوتا ہے۔

57 ۔ درود پاک کے ذریعہ دشمنوں پر غلبہ حاصل ہوتا ہے۔

58 ۔ درود پاک سے دل نفاق سے پاک ہو جاتا ہے، اس کی پیشانی پر لکھ دیا جاتا ہے کہ نفاق سے بری ہے اور مسلمانوں کی محبت کا باعث ہوتا ہے۔

59 ۔ درود پاک سے دل کی بے قراری دور ہوتی ہے۔

60 ۔ درود پاک سے گناہ کبیرہ کی مغفرت ہوتی ہے۔

61 ۔ درود پاک پڑھنے والا اللہ کی رحمت کے نورانی دریا میں تیرتا ہے۔

62 ۔ درود پاک پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ شہدا کے ساتھ مقام عطا کرے گا۔

63 ۔ درود پاک پڑھنے والے کیلئے فرشتے رحمت اور بخشش کی دعائیں کرتے ہیں۔

64 ۔ بندہ جب تک درود پڑھتا رہتا ہے فرشتے اس کیلئے دعائیں کرتے رہتے ہیں۔

65 ۔ درود پاک سے عمل پاک ہو جاتے ہیں۔

66 ۔ درود پاک خود اپنے پڑھنے والے کیلئے اللہ تعالیٰ سے استغفار کرتا ہے۔

67 ۔ درود پاک گناہوں کو یوں مٹاتا ہے جیسے پانی آگ کو بجھاتا ہے۔

68 ۔درود پاک کو وظیفہ بنانے والے کے دنیا اور آخرت کے سارے کاموں کا ذمہ اللہ تعالیٰ لے لیتا ہے۔

69 ۔درود پاک پڑھنے والے کے ایمان کی گواہی حضور پاک ﷺ خود دیں گے۔

70 ۔درود پاک پڑھنے والے کو پیمانے بھر بھر کر ثواب ملتا ہے۔

71 ۔درود پاک پڑھنے والے کیلئے ایک قیراط ثواب لکھا جاتا ہے، قیراط احد پہاڑ کے برابر ہے۔

72 ۔درود پاک موت سے پہلے جنت کی خوشخبری کا سبب بنتا ہے۔

73 ۔درود پاک پڑھنے والے کو درود جنت کے راستے پر لائے گا اور تارک الصلوٰۃ (درود) کو جنت کا راستہ نہیں ملے گا۔

74 ۔حضرت شیخ شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نے بعض عارفین سے نقل کیا ہے کہ جس شخص کی عادت سرکار دو عالم ﷺ پر بکثرت درود شریف پڑھنے کی ہوگی اسے بڑا اشرف یہ حاصل ہوگا کہ جان کنی اور سکرات کے وقت سرکار رحمت عالم ﷺ اس کے پاس موجود ہوں گے اور اس وقت اس کیلئے اللہ نے جو حوریں محلات اور کثیر ازواج پیدا کی ہیں دیکھے گا۔

75 ۔اللہ تعالیٰ کی طرف سے سلام کی مبارک باد سنے گا۔

76 ۔سرکار دو عالم ﷺ پر درود شریف بھیجنا ازواج اور محلات کے حصول کا سبب بن جائے گا۔

77 ۔درود پاک پڑھنا جہاد سے افضل ہے۔

78 ۔یہ آقائے دو جہاں ﷺ کے درود پڑھنے والے پر درود بھیجنے کا سبب ہوتا ہے۔

79 ۔درود پاک کثرت سے پڑھنے سے دوسرے لوگوں سے پہلے قیامت کے دن صاحب لولاک ﷺ کی زیارت پائے گا۔

80 ۔درود پاک کی وجہ سے قیامت کے خوفناک مناظر سے نجات ملے گی۔

81 ۔ درود پاک پڑھنے والے سے قیامت کے روز سرکار دو عالم ﷺ مصافحہ فرمائیں گے۔

82 ۔درود پاک پڑھنے والا دوزخ سے بری ہو جاتا ہے۔

83 ۔درود پاک پڑھنے والے کو قیامت کے روز عرش کے سائے میں جگہ ملے گی۔

84 ۔درود پاک پڑھنے والے کو قیامت کے دن تاج پہنایا جائے گا۔

85 ۔درود پاک پل صراط پر ثابت قدمی کا سبب ہوتا ہے اور اسے نور حاصل ہوگا۔

86 ۔درود پاک پڑھنے والے کو نہ قبر کی مٹی کھائے گی نہ کیڑے۔

87 ۔درود پاک بندے کو بجلی کی سرعت کے ساتھ پل صراط عبور کرنے کا سبب ہوگا۔

88 ۔درود پاک پڑھنے والے کیلئے جب وہ حوض کوثر پر جائے گا خصوصی عنایت ہوگی۔

89 ۔درود پاک قیامت کے روز اہوال سے نجات کا سبب ہوگا۔

90 ۔ درود پاک دینی و دنیوی درد کا واحد علاج ہے۔

91 ۔ درود پاک روحانیت کے خزانے کی چابی ہے۔

92 ۔درود پاک عاشقوں کی معراج ہے۔

93 ۔درود پاک ایک ایسی کامیاب تجارت ہے جس میں منافع ہی منافع ہیں اور یہ فوائد و منافع آخر کار درود خواں کو جنت تک پہنچا دیتے ہیں ۔

94 ۔درود پاک اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے بچنے کا آسان ترین عمل ہے۔

95 ۔درود پاک ایک ایسی عبادت ہے جس کا فائدہ اسی کی طرف لوٹتا ہے جو درود شریف پڑھتا ہے۔

96 ۔درود پاک پڑھنا اپنی ذات کیلئے دعا کرنا ہے۔

97 ۔درود پاک پڑھنے والا روحانی طور پر تربیت محمدی ﷺ میں ہوتا ہے۔

98 ۔درود پاک پڑھنے والا لوگوں کی غیبت سے محفوظ رہتا ہے۔

99 ۔ درود پاک کی کثرت کرنا اہل سنت وجماعت کی علامت ہے۔

100 ۔درود پاک پڑھنے والا ہر مجلس میں زیب وزینت حاصل کرے گا۔

101 ۔درود پاک پڑھنے والے کو میدان حشر میں بہشت کی راہیں کھلی ملیں گی۔

102 ۔درود پاک پڑھنے والے کے بدن سے خوشبو آیا کرے گی۔

103 ۔درود پاک پڑھنے والے کو ہمیشہ نیکی کی خواہش رہے گی۔

104 ۔درود پاک پڑھنے والے کا نام حضور اکرم ﷺ کی بارگاہ میں لیا جائے گا۔

105 ۔درود پاک پڑھنے والا مرنے تک ایمان پر قائم وسلامت رہے گا۔

106 ۔درود پاک پڑھنے والے کیلئے زمین وآسمان والوں کی دعائیں وقف ہوں گی۔

107 ۔درود پاک پڑھنے والے کی ذات میں، اعمال میں، عمر میں، اولاد میں، اور مال واسباب میں برکت ہوگی جس کے چار پشتوں تک آثار ظاہر ہوں گے۔

108 ۔درود پاک پڑھنے والے کا گھر روشن رہے گا۔

109 ۔درود پاک پڑھنے والے کے چہرے پر نور اور گفتار میں حلاوت ہوگی۔

110 ۔درود پاک پڑھنے والے کی مجلس میں بیٹھنے والے خوش ہوں گے۔

111 ۔ درود پاک پڑھنے والے کی دعوت کا ثواب دس گنا ہوگا۔

112 ۔درود پاک پڑھنے والا فرشتوں کا امام بنے گا۔

113۔ درود پاک پڑھنے والا حضور ﷺ کی قولی و فعلی اتباع کرے گا۔

114۔ درود پاک پڑھنے والے کی کشتی طوفان سے پار ہوگی۔

115۔ درود پاک پڑھنے والا ہمیشہ نیک ہدایت حاصل کرے گا۔

116۔ درود پاک پڑھنے والا تھوڑے ہی عرصہ میں غنی ہو جاتا ہے۔

117۔ درود پاک پڑھنے والا دنیا میں معروف و مشہور ہو جاتا ہے۔

118۔ درود پاک پڑھنے والے کی زبان سے میدان حشر میں نور کی کرنیں نکلیں گی۔

119۔ درود پاک سے آنکھوں کو نور ملتا ہے۔

120۔ درود پاک سے صحت برقرار رہتی ہے۔

فلسفۂ عشق

سب سے پہلے قبر میں جس کا سوال ہونے والا ہے وہ روح ہے اور روح کو پاک کرنے کیلئے درود شریف سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں۔ حضور اکرم ﷺ نے خود فرمایا ہے کہ مجھ پر زیادہ سے زیادہ درود شریف پڑھو اس لیے کہ یہ تمہارے لیے پاکیزگی کا موجب ہے (ابو یعلیٰ موصلی) یہاں تک کہ جن باعمل عالموں، محدثوں، عاشقوں اور فقیروں نے بکثرت درود شریف اور سلام پڑھنے پر کمر باندھی ہے ان کو اللہ کے فضل و کرم سے اور حضور اکرم ﷺ کی روحانی برکات سے لاکھوں گنہگاروں کی بخشش کروانے کی بشارت دنیا میں ہی مل گئی۔ جیسا کہ عاشق رسول حضرت خواجہ اویس قرنی رضی اللہ عنہ کو حضور پرنور ﷺ نے حضرت عمر فاروق اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ہاتھوں پیغام بھیجا کہ آپ بھی امت محمدیہ کے واسطے بخشش کی دعا کریں۔ حالانکہ حضور اکرم ﷺ

کی ذات اقدس خود صاحب شفاعت ہے۔لیکن یہ اعزاز حضور اکرم ﷺ کی امت کے چند افراد کو بھی حاصل ہے اور کیا اعلیٰ اعزاز ہے۔

حضرت شیخ شاذلی رحمۃ اللہ علیہ کی یہ شان تھی کہ وہ پانچوں وقت کی نمازیں سرکار دو عالم مدنی تاجدار ﷺ کے پیچھے ادا کرتے تھے۔ایک روز حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اے شاذلی رحمۃ اللہ علیہ تو قیامت کے روز ایک لاکھ آدمیوں کی شفاعت کرے گا، کیونکہ تو محبت اور اخلاص کے ساتھ مجھ پر درود بھیجتا ہے۔

مجرب تریاق

نزہتہ المجالس میں لکھا ہے کہ صالحین میں سے ایک صاحب نے عارف باللہ حضرت شیخ شہاب الدین بن ارسلان رحمۃ اللہ علیہ جو بڑے عالم اور زاہد تھے، کو دیکھا اور ان سے اپنے مرض کی شکایت اور تکلیف بیان کی۔انہوں نے فرمایا! تم تریاق مجرب سے غافل ہو، ہر مرض اور تکلیف میں یہ درود شریف پڑھا کرو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ
فِی الْاَرْوَاحِ وَسَلِّمْ عَلٰی قَلْبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی
الْقُلُوْبِ وَسَلِّمْ عَلٰی جَسَدِ سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ
وَ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ

دُرُودِ پاک کی برکات

دُرُود پاک کی برکت سے سارا قبرستان بخشا گیا

ایک رات خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سوئے تو انہوں نے خواب میں دیکھا کہ وہ جنت کے باغ میں ہیں اور دیکھا کہ ایک تخت پر ایک خوبصورت لڑکی بیٹھی ہوئی ہے، اس کے سر پر نور کا تاج ہے، انہوں نے اس لڑکی سے پوچھا: کہ تو اس مرتبہ کو کیسے پہنچی؟ اس نے کہا کہ ایک قبرستان میں ہم سات ہزار نفوس عذاب میں تھے ایک نیک شخص ہمارے قبرستان سے گزرا اور اس نے ایک مرتبہ نبی پاک ﷺ پر درود شریف بھیجا اور اس کا ثواب ہمیں بخش دیا۔ اللہ تعالیٰ نے اسے قبول فرمالیا اور ہم سب کو اس عذاب اور عقوبت سے اس نیک مرد کے بھیجے ہوئے درود پاک کی برکت سے آزاد کر دیا اور مجھے یہ حصہ ملا ہے جو آپ دیکھ رہے ہیں۔ قرطبی نے اپنے تذکرہ میں اسے دوسرے الفاظ سے بیان کیا ہے۔

وجہ تالیف دلائل الخیرات

مؤلفِ دلائل الخیرات کامل ابوعبداللہ محمد بن سلیمان جزولی رحمۃ اللہ علیہ مع اپنے شاگردوں کے ایک روز کسی گاؤں میں تشریف لے گئے نماز ظہر کا آخر وقت تھا وضو کیلئے پانی تلاش کیا مگر

کوئی نظر نہیں آیا جس سے پانی حاصل ہو۔ بعد از جستجو ایک کنواں دیکھا لیکن رسی اور ڈول نہ تھا، آپ بہت پریشان ہوئے کنویں کے گرد پھرتے رہے کہ ایک آٹھ نو برس کی لڑکی نے مکان کی کھڑکی سے یہ حال دیکھ کر پکارا اے شیخ اس قدر پریشان کیوں ہو اور آپ کون ہیں؟ شیخ نے فرمایا میں محمد بن سلیمان جزولی ہوں ظہر کا وقت تنگ ہے اور وضو کیلئے پانی نہیں مل رہا۔ لڑکی نے کہا کہ آپ کا نام اور شہرت اتنی ہے اور آپ اس وجہ سے پریشان ہیں۔ یہ کہہ کر باہر آئی اور کنویں میں تھوکا، یکایک پانی جوش میں آیا اور کنویں کے ہر طرف سے باہر بہنے لگا۔ لڑکی واپس اپنے گھر میں چلی گئی۔ شیخ وضو کر کے نماز سے فارغ ہو کر اس کے گھر تشریف لے گئے اور فرمایا اے پیاری بیٹی قسم ہے تجھ کو اللہ تعالیٰ کی عزت و جلال اور عظمت کی اور نبی کریم ﷺ کی شفاعت کی بتا کہ تو نے یہ مرتبہ کیسے پایا؟ لڑکی نے کہا کہ اگر آپ مجھ کو ایسی قسم نہ دیتے تو ہرگز نہ بتاتی۔ اس کی وجہ ایک درود شریف ہے جس کا میں ورد کرتی ہوں۔ یہ سن کر شیخ جزولی رحمۃ اللہ علیہ نے قسم کھائی کہ میں درود شریف کی کتاب تالیف کروں گا اور یہی سبب ہے کتاب دلائل الخیرات کی تالیف کا۔

امام جزولی رحمۃ اللہ علیہ کی وفات 12 ربیع الاول 870ھ دوران نماز سجدے کی حالت میں ہوئی اور تدفین بمقام سوس ایک مسجد میں ہوئی۔ ستتر (77) سال بعد ان کی نعش کو سوس سے منتقل کر کے ریاض العروس مراکش میں دفن کیا گیا، جب آپ کی نعش کو نکالا گیا تو ایسا پایا گیا جیسے آج ہی دفن کیا گیا، موسم اور زمین کے اثر سے کوئی تبدیلی نہیں ہوئی تھی بلکہ سر کے بال اور خط سے یہ معلوم ہوتا تھا جیسے اسی دن کا ہے۔ بعض حاضرین نے انگلی سے چہرہ مبارک کو دبایا تو خون اپنی جگہ سے سرک گیا اور جب انگلی اٹھائی تو پھر خون اپنے مقام پر آ گیا جیسے زندہ لوگوں میں ہوتا ہے۔

آپ کی قبر مبارک پر آج بھی زائرین کا ہجوم رہتا ہے اور لوگ کثرت سے دلائل الخیرات پڑھتے ہیں اور آپ کی قبر مبارک سے کستوری (مشک) کی خوشبو آتی ہے یہ ہے برکت درود شریف کی۔

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ وہ لڑکی جس درود پاک کا ورد کرتی تھی اس کا نام صلوٰۃ البیر ہے جس کا ذکر درود شریف کے باب میں کیا ہے۔

دُرُودِ پاک پڑھنے والے کو حضور اکرم ﷺ نے سلام بھجوایا۔

حضرت ابوالفضل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص خراسان سے میرے پاس آیا اور اس نے یہ بیان کیا کہ میں مدینہ منورہ میں تھا کہ میں نے حضور نبی کریم ﷺ کی خواب میں زیارت کی، حضور پرنور ﷺ نے حکم فرمایا کہ جب تو ہمدان جائے تو ابوالفضل بن زیرک قومانی کو میری طرف سے سلام کہہ دینا۔

میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ ایسی کیا بات ہے جو ابوالفضل قومانی رحمۃ اللہ علیہ کو یہ اعزاز مل رہا ہے؟ حضور سرور کونین ﷺ نے فرمایا کہ ابوالفضل قومانی رحمۃ اللہ علیہ مجھ پر روزانہ سو مرتبہ یا اس سے بھی زیادہ یہ درود شریف پڑھتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی
اٰلِ مُحَمَّدٍ جَزَی اللّٰہُ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ ط

حضرت ابوالفضل قومانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس شخص نے قسم کھائی کہ وہ مجھے یا میرے نام کو حضور اکرم ﷺ کے خواب میں بتانے سے پہلے بالکل نہیں جانتا تھا۔ میں نے اس شخص کو کچھ گیہوں دینا چاہا مگر اس نے انکار کر دیا اور کہا میں سرکار دو عالم ﷺ کا پیغام بیچتا نہیں۔ اور چلا گیا' اس کے بعد میں نے اس کو پھر کبھی نہیں دیکھا۔ (اس کے علاوہ بھی ایسے بے شمار واقعات ہیں کہ حضور پر نور ﷺ درود شریف پڑھنے والوں کو زیارت سے بازیاب فرماتے ہیں)

مقروض کا قرض معاف ہو گیا

بعض صلحاء میں سے کسی پر تین ہزار دینار قرض تھے۔ قرض خواہ نے قاضی کے یہاں شکایت کر دی۔ قاضی نے مرد صالح کو ایک مہینے کی مہلت دے دی، وہ مرد صالح قاضی کے پاس سے آیا اور نبی کریم ﷺ پر درود پڑھتے ہوئے دربار الٰہی میں گریہ زاری کرتے ہوئے محراب میں بیٹھ گیا۔ اسی مہینے کی ستائیسویں شب میں خواب دیکھا کہ کوئی کہتا کہ حق تعالیٰ تیرے قرض کو ادا فرماتا ہے۔ تو علی بن عیسیٰ وزیر کے پاس جا اور کہنا رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں میرا قرض ادا کرنے کیلئے تین ہزار دینار دے۔ دے مرد صالح کہتے ہیں جب میں بیدار ہوا تو میں نے اپنے اندر خوشحالی کے آثار پائے۔ لیکن اپنے دل میں خیال کیا کہ اگر وزیر نے دریافت کیا کہ اس واقعہ کی علامت کیا ہے تو میں کیا کہوں گا میں یہ سوچ کر اس دن وزیر کے پاس نہیں گیا۔ دوسری

رات پھر آنحضرت ﷺ کو خواب میں دیکھتا ہوں۔ آپ نے جو کچھ شب اول میں ارشاد کیا تھا وہی دوبارہ فرماتے ہیں، میں نہایت خوشی میں بیدار ہوا لیکن بمقتضائے بشریت آج بھی علی بن عیسیٰ کے پاس نہیں گیا۔ تیسری رات پھر دیکھا کہ آنحضرت ﷺ نہ جانے کا سبب مجھ سے دریافت فرماتے ہیں۔ میں نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ میں اس واقعہ کی سچائی میں کوئی علامت چاہتا ہوں۔ آنحضرت ﷺ نے میری اس بات پر تحسین فرمائی اور ارشاد کیا کہ اگر تم سے علامت دریافت کریں تو کہہ دینا کہ تم ہر روز نماز فجر سے طلوع آفتاب تک کسی سے کلام کرنے سے پہلے پانچ ہزار تحفہ درود شریف ہمارے پاس بھیجتے ہو جس کو خداوند تعالیٰ اور کراماً کاتبین کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ میں وزیر کے پاس گیا اور ان کے سامنے خواب کا قصہ بیان کیا، نیز جو علامت حضور ﷺ نے بتائی تھی وہ بیان کی۔ تین ہزار دینار میرے پاس لائے اور کہنے لگے کہ یہ اپنے قرض کی ادائیگی میں دینا اور تین ہزار اور دیئے کہ یہ اپنے عیال میں خرچ کرنا، اس کے علاوہ تین ہزار پھر دیئے کہ اس کو تجارت میں لگاؤ۔ اس کے بعد مجھے قسم دی کہ یہ محبت کا تعلق مجھ سے ہرگز قطع نہ کرنا تمہیں جو ضرورت ہو آکر مجھ سے لے جایا کرو۔ میں تین ہزار دینار لے کر قاضی کے پاس گیا۔ تاکہ اس کے سامنے ادا کروں۔ میں نے قرض خواہ کو دیکھا وہ مبہوت ہو کر قاضی کے پاس آیا، میں نے دینار شمار کیے اور سارا قصہ ان لوگوں کے سامنے بیان کر دیا۔ قاضی نے کہا یہ سعادت اکیلے وزیر کو کیوں دی جائے۔ اس قرضہ کو تیری طرف سے میں ادا کروں گا۔ قرض خواہ نے کہا یہ بزرگی آپ کو کیوں دی جائے میں زیادہ مستحق ہوں کہ تیری ذات کو اپنے قرضہ سے بری کر دوں لہٰذا میں نے خدا اور رسول کیلئے معاف کیا۔ تو قاضی نے کہا میں نے جو کچھ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کیلئے نکالا ہے اسے واپس نہ لوں گا۔ میں وہ تمام مال لے کر مکان کو واپس آیا اور اللہ تبارک وتعالیٰ کی

مزید نعمت کا شکریہ ادا کیا۔

دُرُودِ پاک کی برکت سے چہرہ روشن ہوگیا

حضرت شیخ ابواللیث رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت سفیان ثوری رضی اللہ عنہ سے حکایت بیان کی ہے کہ انہوں نے کہا! کہ میں طواف کر رہا تھا اچانک میں نے ایک شخص کو دیکھا کہ جب بھی قدم اٹھاتا یا قدم رکھتا نبی کریم ﷺ پر درود شریف بھیجتا۔ میں نے اسے کہا اے شخص تو تسبیح اور تہلیل کو چھوڑ کر صرف نبی ﷺ پر درود شریف ہی بھیج رہا ہے کیا، تیرے پاس اس کی کوئی دلیل ہے؟ اس نے پوچھا آپ کون ہیں؟ اللہ آپ کو عافیت دے۔ میں نے کہا کہ میں سفیان ثوری ہوں اس نے کہا کہ اگر آپ یگانۂ روزگار نہ ہوتے تو میں آپ کو اپنا حال نہ بتاتا، پھر اس نے کہا میں اور میرے والد حج بیت اللہ شریف کرنے کیلئے نکلے، راستہ میں میرے والد بیمار ہوگئے میں ان کے علاج معالجہ میں مصروف ہوگیا ایک رات میں ان کے سرہانے بیٹھا ہوا تھا کہ ان کا انتقال ہوگیا اور ان کا چہرہ سیاہ ہوگیا۔ میں نے ان کے منہ پر چادر کھینچ دی، مجھ پر نیند نے غلبہ کیا تو سو گیا اچانک میں نے دیکھا میں ایک ایسی شخصیت کے پاس تھا جس سے زیادہ خوبصورت چہرہ اور اس سے بڑھ کر پاکیزہ لباس اور اس سے زیادہ خوشبودار کوئی مہک نہیں دیکھی تھی، وہ چلتے ہوئے آئے یہاں تک کہ وہ میرے والد کے قریب ہوئے، چادر چہرے سے ہٹائی اور چہرے پر ہاتھ پھیرا جس سے میرے والد کا چہرہ خوبصورت اور روشن ہوگیا۔ پھر جب وہ واپس تشریف لے جانے لگے تو میں ان کے پاؤں سے لپٹ گیا اور کہا اے اللہ کے محبوب بندے آپ کون ہیں؟ جس نے میرے والد پر مسافری میں احسان کیا۔ انہوں نے فرمایا کیا تو مجھے پہچانتا نہیں میں محمد بن

عبداللہ ﷺ صاحب قرآن ہوں، آگاہ ہو کہ تیرا باپ بہت گناہ گار تھا لیکن مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرتا تھا۔ جب اس کی یہ حالت ہوئی تو اس نے مجھ سے مدد طلب کی اور میں ہر اس شخص کی مدد کرتا ہوں جو مجھ پر بکثرت درود بھیجتا ہے۔ پھر جب میں بیدار ہوا میں نے دیکھا میرے والد کا چہرہ سفید اور روشن تھا۔

دُرُودِ پاک کی یہودی پر برکات

سخاوی نے کہا ہے کہ ایک روایت کی گئی ہے کہ بنی اسرائیل میں اپنے نفس پر زیادتی کرنے والا ایک یہودی تھا۔ جب وہ مر گیا تو اسے پھینک دیا گیا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ اسے غسل دو اور اس پر نماز پڑھو بے شک میں نے اسے بخش دیا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا کہ اللہ نے اسے کیوں بخش دیا؟ جواب آیا وہ ایک روز تورات پڑھ رہا تھا، اس میں اس کی حضرت محمد ﷺ کے اسم گرامی پر نظر پڑی تو آپ ﷺ پر اس نے درود پڑھا اس وجہ سے میں نے اسے بخش دیا۔

دُرُودِ پاک پڑھنے والے کو چوم لیا

سخاوی اور دوسرے محدثین بیان کرتے ہیں کہ محمد بن سعد بن مطرف سونے سے پہلے درود شریف کا ایک مقررہ تعداد میں وظیفہ کرتے تھے، ایک رات دیکھا کہ حضور اکرم ﷺ ان کے گھر تشریف لائے ان کے گھر کو نور جمال سے منور فرمایا اور ارشاد فرمایا اپنا منہ سامنے لاتا کہ اس کو بوسہ دوں اس لیے کہ تو درود بہت پڑھتا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ مجھے شرم آئی کہ سرکار دو عالم ﷺ کے سامنے منہ کو لے جاؤں لیکن میں نے اپنے رخسار کو سرکار ﷺ کے دہن مبارک کے سامنے کر دیا۔ آپ ﷺ

نے میرے رخسار پر بوسہ دیا جب میں بیدار ہوا میرا تمام مکان مشک کی خوشبو سے بھرا ہوا تھا۔ آٹھ روز تک میرے رخسار سے مشک کی خوشبو آتی رہی۔

دُرُودِ پاک کی برکات

شیخ احمد بن ابی بکر بن رواد صوفی محدث اپنی کتاب میں اور شیخ مجد الدین فیروز آبادی ان کی سند سے روایت کرتے ہیں کہ اقلنسی نے بیان کیا ہے کہ ایک دن شبلی ابوبکر کے پاس آئے۔ ابوبکر ان کی تعظیم کیلئے اٹھ کھڑے ہوئے اور معانقہ کیا اور پیشانی پر بوسہ دیا۔ میں نے عرض کیا کہ اے میرے آقا آپ شبلی سے ایسا معاملہ کرتے ہیں حالانکہ آپ اور باشندگان بغداد ان کو مجنون کہتے ہیں انہوں نے فرمایا میں نے از خود نہیں کیا بلکہ اس طرح پیغمبر ﷺ کو خواب میں کرتے دیکھا میں اور شبلی آپ ﷺ کے پاس حاضر ہوئے، آپ ﷺ اٹھ کر کھڑے ہوئے اور شبلی کو گود میں لے لیا پھر شبلی کی پیشانی پر بوسہ دیا۔ اور فرمایا کہ شبلی

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ
حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○ فَاِنْ
تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ
وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝

پڑھ کر مجھے اس درود کا ہدیہ بھیجتا ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّلْاَ السَّمٰوٰتِ وَمِلْاَ الْاَرْضِ وَمِلْاَ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۝


حضرت شبلی اس واقعہ کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ میری زندگی کی سیاہ راتوں میں ماہ مدینہ نے روشنی کردی، مجھے ہدایت کے آفتاب کی شعاعوں نے نوازا، مجھے دافع غم اور بحر کرم نے نوازتے ہوئے فرمایا: شبلی وہ منہ میرے نزدیک لاؤ جس سے تم مجھ پر درود پڑھتے ہو یہ شفقت دیکھ کر میں شرما گیا، میرے جیسے گندے منہ کو نور مجسم چومیں میں کانپنے لگا حضور کے لب شیریں اطہر مجھ جیسے گناہ گار کے منہ پر لگیں، لیکن حکم کی اتباع میں میں نے اپنا منہ آگے کیا اور اپنے رخسار پیش کردیئے۔

صبح نیند سے بیدار ہوا تو رات کے خواب کے اثرات سے میرا گھر خوشبوؤں سے بسا ہوا تھا میرے گھر میں آٹھ دن تک خوشبو رہی میرے گھر کی خوشبو کے سامنے عنبر و کستوری کی خوشبو ہیچ تھی۔

مجد الدین فیروز آبادی نے اس درود پاک کی فضیلت بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ مدینہ پاک میں ایک شخص یہ درود پاک پڑھا کرتا تھا میں نے ایک رات نگاہ ڈالی تو مجھے مدینہ کی سرزمین پر فرشتوں کے انبوہ نظر آئے، فرشتے زمین سے لیکر آسمان تک دکھائی دے رہے تھے، یہ برکات

تھیں اس درود پاک کی ﷺ۔

حضرت سیف الدین ولی اللہ کی خدمت میں ایک شخص پھولوں کی جھولی بھر کر لایا آپ نے ان پھولوں کی مہک کے ساتھ درود شریف پڑھا اور فرمایا: ان پھولوں کی خوشبو سونگھ کر درود پڑھا جائے تو فوزا اس کا ثواب حضور نبی کریم ﷺ کو ملتا ہے۔ شیخ فرید شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ میرے عقیدے کے مطابق جو شخص ایک بار حضور ﷺ کی بارگاہ میں صدق نیت سے درود پڑھتا ہے وہ گناہوں سے ایسے پاک ہو جاتا ہے جیسے اسے ماں نے ابھی جنا ہو۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا طریقہ تھا کہ جب کسی سے سہوا حضور ﷺ پر درود پاک پڑھنا رہ جاتا تھا تو وہ غم میں اس طرح بیٹھ جاتا جیسے کوئی ماتم ہو گیا ہو۔ وہ کہتے کاش ہم اس محرومی کی بجائے مر جاتے تو بہتر ہوتا۔



دُرُود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

تَكُوْنُ لَكَ رِضًى وَّ لِحَقِّهٖ اَدَآءً ط

دُرُود شریف

1 دُرُود قدسی

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ

2 درود ابراہیمی

یہ درود شریف تمام درود کے صیغوں سے افضل ہے کیونکہ اس درود شریف کے الفاظ حضور ﷺ کے فرمودہ اور آپ ﷺ پر سب سے مکمل اور جامع ترین درود شریف ہے۔ اسی لئے اسے نماز کے ساتھ مختص کیا ہے، اس درود پاک کو نماز کے علاوہ بھی کثرت سے پڑھنا دینی و دنیاوی فیوض و برکات حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے اور اللہ کی رحمت اور خوشنودی حاصل ہوتی ہے، تمام کاموں میں آسانی اور کامیابی ہوتی ہے اور اللہ کی مدد شامل حال رہتی ہے، رزق کی تنگی دور ہوتی ہے، مال و اسباب میں برکت پیدا ہوتی ہے، اس کے علاوہ ایمان پر خاتمہ ہوگا۔ آخرت کی زندگی کی تمام منازل آسان ہونگی اور حضور اکرم ﷺ کی شفاعت واجب ہوگی۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے ایک مرتبہ جب حضور اکرم ﷺ سے دریافت کیا کہ ہم درود شریف کس طرح بھیجیں تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ ان الفاظ سے مجھ پر درود بھیجو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر صلوۃ بھیج

کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰٓی اٰلِ

جس طرح تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی

اِبْرَاھِیْمَ ط اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ o اَللّٰھُمَّ

آل پر صلوۃ بھیجی بے شک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے اے اللہ

بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ

حضرت محمد ﷺ کو اور حضرت محمد ﷺ کی آل کو برکت دے جس طرح

کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰٓی اٰلِ

تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور اُن کی آل کو برکت دی

اِبْرَاھِیْمَ ط اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ o

بے شک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے

③ دُرُود ابراہیمی بخاری

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ حضور ﷺ کی خدمت میں عرض کی گئی کہ یارسول اللہ ﷺ! آپ پر سلام بھیجنے کا طریقہ تو ہم اچھی طرح جان گئے لیکن صلوٰۃ کس طرح بھیجیں؟ تو فرمایا یوں کہو:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ ط اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ
بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ ط اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ o

(بخاری جلد دوم)

④ دُرُود ابراہیمی مسلم

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہمارے پاس رسول اللہ ﷺ تشریف لائے ہم نے عرض کیا ہمیں معلوم ہو گیا کہ (نماز میں) آپ ﷺ پر سلام کس طرح پڑھیں، آپ ﷺ ہی بتلایئے کہ آپ ﷺ پر صلوٰۃ کس طرح پڑھا کریں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا یوں کہو:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ ط اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ
بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا

بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ ط اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○

(مسلم کتاب الصلوۃ باب الصلوۃ علی النبی)

⑤ دُرُود ابراہیمی ترمذی

حضرت کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہم نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ آپ ﷺ پر سلام بھیجنے کا طریقہ تو ہمیں معلوم ہو گیا ہے، اب آپ ﷺ فرمائیے کہ درود شریف کیسے بھیجا جائے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہو:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا
صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ ط اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَّ بَارِكْ
عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ
عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ ط اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○

(ترمذی جلد اول ابواب الوتر باب الصلوۃ علی النبی صفحہ 487)

⑥ دُرُود ابراہیمی ابوداؤد

حضرت کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم لوگ عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ ﷺ آپ ﷺ نے ہمیں حکم دیا ہے کہ ہم آپ ﷺ پر صلوۃ بھیجیں، سلام کا طریقہ تو ہم جان گئے لیکن آپ پر درود کس طرح بھیجیں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ یوں کہا کرو:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا
صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ ط وَ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ

عَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ ط اِنَّكَ
حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○

(ابوداؤد جلد اول حدیث 963)

⑦ دُرود ابراہیمی ابن ماجہ

حضرت ابن ابی لیلےٰ کہتے ہیں مجھ سے کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ ملے اور انہوں نے فرمایا کیا میں تمہیں ایک تحفہ عطا نہ کردوں ؟ رسول اللہ ﷺ باہر تشریف لائے ہم نے عرض کیا: سلام تو ہم جانتے ہیں کہ اس کا طریقہ کیا ہے لیکن آپ ﷺ پر کیسے درود پڑھیں ؟ آپ ﷺ نے فرمایا اس طرح پڑھا جائے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا
صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ ط اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط اَللّٰهُمَّ
بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا
بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ○

(ابن ماجہ)

⑧ دُرود ابراہیمی نسائی

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور دریافت کیا کہ یارسول اللہ ﷺ ہم آپ ﷺ کی بارگاہ میں ہدیہ درود کس طرح پیش کریں ؟ تو حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہو:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ ط اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط وَ بَارِکْ
عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ
عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ ط اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ○

(نسائی جلد اول کتاب الصلوۃ باب صلوۃ علی النبی)

۹ درود ابراہیمی کعب بن عجرہ

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نے بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ آپ کی بارگاہ میں سلام عرض کرنے کا طریقہ تو ہمیں معلوم ہو گیا مگر آپ پر درود کس طرح بھیجیں؟ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اس طرح بھیجو:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ ط وَ بَارِکْ
عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ
عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ ط اِنَّکَ حَمِیْدٌ
مَّجِیْدٌ ○

(نسائی جلد اول باب صلوۃ علی النبی حدیث 1291)

(10) درود ابراہیمی نمیری

نمیری نے افضل الصلوٰۃ میں نقل کیا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ ہمیں آپ ﷺ پر سلام عرض کرنے کا طریقہ معلوم ہے آپ ﷺ پر صلوٰۃ کیسے بھیجی جائے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا ان الفاظ میں پڑھو:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ
بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا
صَلَّيْتَ وَ بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ ط اِنَّكَ حَمِيْدٌ
مَّجِيْدٌ ○

(11) درود ابراہیمی طبری

حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ مجھ پر اس طرح درود بھیجا جائے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓی
اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ
وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ ط

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ○

(سعادت دارین جلد اول ص 605)

12 دُرود ابراہیمی بیہقی

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم سعد بن عبادہ کی مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے کہ رسول اللہ ﷺ تشریف لائے۔ بشیر بن سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ نے ہمیں حکم دیا ہے کہ ہم آپ ﷺ پر صلوٰۃ پڑھیں پس ہم کس طرح آپ ﷺ پر درود پڑھیں؟ رسول اللہ ﷺ خاموش رہے حتی کہ ہم نے سوچا کاش کہ اس نے سوال نہ کیا ہوتا آخر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مجھ پر اس طرح درود پڑھو:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ ط وَ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ فِى الْعٰلَمِيْنَ ط اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ○

(مسلم شریف اول حدیث 811)

13 درود امام الصدیقین ﷺ

حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے گھر میں بیٹھے ہوئے تھے کہ اسی اثناء میں حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف لے آئے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں سے حضرت بشیر بن سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ نے ہمیں درود پاک پڑھنے کا حکم فرمایا ہے، ہم

آپ ﷺ پر کن الفاظ کے ساتھ درود پاک پڑھیں؟ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام تھوڑی دیر تک خاموش رہے حتیٰ کہ ہمارے دل میں یہ خیال پیدا ہوا کہ کاش ہم آپ ﷺ سے یہ بات نہ پوچھتے، پھر حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا تم مجھ پر اس طرح سے درود شریف پڑھا کرو:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ
بَارِكْ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّارْحَمْ
مُحَمَّدًا وَّ اٰلَ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَ
بَارَكْتَ وَ تَرَحَّمْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰٓی اٰلِ
اِبْرَاهِيْمَ فِی الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○

(موطا امام مالک)

⑭ درود امام النبیین ﷺ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے یہ درود پاک پڑھا قیامت کے دن میں اس کے حق میں اس بات کی گواہی دوں گا کہ یہ مجھ پر درود پڑھتا تھا اور اس کی شفاعت بھی کروں گا:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا
صَلَّيْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ ط وَبَارِكْ
عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ

عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَ تَرَحَّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ
مُحَمَّدٍ کَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَ عَلٰٓی اٰلِ
اِبْرَاهِیْمَ ط اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ○

(الادب المفرد از امام بخاری)

۱۵ درود امام المتقین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کی کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام عرض کرنے کا طریقہ تو معلوم ہوگیا ہے مگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کیسے پڑھا جائے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس طرح پڑھو:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ
حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ وَّارْحَمْ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
رَحِمْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ وَّ بَارِكْ
عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَكْتَ
عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ ط اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ○

(ابن جریر)

(16) دُرود امام المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اس طرح درود بھیجا جائے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ ط
وَارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّ اٰلَ مُحَمَّدٍ کَمَا رَحِمْتَ
اِبْرَاھِیْمَ وَ اٰلَ اِبْرَاھِیْمَ وَ بَارِکْ عَلٰٓی مُحَمَّدٍ وَّ
عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَ اٰلِ
اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ○

(سعادت دارین بحوالہ ابن سنی)

(17) دُرود امام الخیر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اس طرح درود بھیجا جائے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ ط وَ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ
عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ ط

وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا سَلَّمْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ ط وَ
تَحَنَّنْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
تَحَنَّنْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَ اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ
مَّجِیْدٌ ○

⑱ جامع درود ابراہیمی

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے درود شریف کو میرے ہاتھ میں شمار کرتے ہوئے فرمایا کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے اس طرح میرے ہاتھ میں شمار کیا تھا کہ یہ پاک کلمات اللہ تعالیٰ کی بارگاہ اقدس سے اس طرح نازل ہوئے ہیں:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ ط اِنَّكَ
حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی
اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَ عَلٰٓی
اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ ط اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ○ اَللّٰهُمَّ تَرَحَّمْ
عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا تَرَحَّمْتَ

عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ ط اِنَّكَ حَمِیْدٌ
مَّجِیْدٌ ط اَللّٰهُمَّ تَحَنَّنْ عَلٰٓی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ
مُحَمَّدٍ كَمَا تَحَنَّنْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَ عَلٰٓی اٰلِ
اِبْرَاهِیْمَ ط اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰهُمَّ سَلِّمْ عَلٰی
مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا سَلَّمْتَ عَلٰٓی
اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ ط اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌo

(سعایہ)

19 دُرود ہزارہ

درود ہزارہ روحانیت کے طالبان کا محبوب درود ہے کیونکہ اس سے سالکین کو روحانی منازل طے کرنے میں بہت آسانی ہوتی ہے۔ یہ درود سرکار دو عالم ﷺ کی زیارت کیلئے بھی بہت مؤثر ہے، اسے ایک بار پڑھنے سے ہزار نیکیوں کا ثواب ملتا ہے اور ایک سو حاجتیں پوری ہوتی ہیں۔ سکونِ دل، رفع مُشکلات، وسعت رزق اور قرض کی ادائیگی کیلئے بہت مجرب ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ درود بھیج محمد ﷺ پر اور آل محمد ﷺ کے اوپر

بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّةٍ

ہر ایک ذرہ کے عوض دس کروڑ بار اور برکت دے

وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ ○

اور سلام بھیج

20 دُرُود قصیدہ بردہ شریف امام بوصیری رحمۃ اللہ علیہ

یہ درود پاک حضرت امام بوصیری رحمۃ اللہ علیہ کے قصیدہ بردہ شریف کے دیباچہ کا شعر ہے اور قصیدہ بردہ شریف کا نچوڑ ہے۔ بے پناہ دینی و دنیوی فوائد کا حامل ہے پڑھنے والے کا دل عشق رسول سے موجزن ہو جائے گا اور زیارت سے نوازا جائے گا۔ مالی دشواری، قرض کی ادائیگی، وصولی اور دیگر مسائل کے حل کیلئے بہت مفید ہے۔ عزت اور شہرت بڑھے گی۔ رسول اللہ ﷺ کا محبوب بن جائے گا اور شفاعت نصیب ہوگی۔ فجر کے بعد روزانہ گیارہ (11) مرتبہ پڑھے عزت اور شہرت ملے گی۔

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا

اے میرے مولا تو ہمیشہ ہمیشہ درود و سلام بھیج

عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

اپنے حبیب پر جو تیری مخلوق میں سب سے بہتر ہیں

21 دُرُود نعمت عظمیٰ

یہ درود شریف ایک طرح کا دریائے رحمت ہے اس کا پڑھنے والا رحمت کے دریا میں غوطہ زن ہوتا ہے، جب وہ اَللّٰھُمَّ کہتا ہے تو وہ اللہ کے فضل و کرم کے سمندر میں قدم رکھتا ہے اور جب وہ نبی

کریم ﷺ کا نام لیتا ہے تو وہ دریائے رسالت کی موجوں میں آجاتا ہے اور جس وقت وہ وعلیٰ اٰلہٖ کہتا ہے تو اس پر اہل بیت جیسی کرم نوازیاں ہونے لگتی ہیں اور جب علیٰ اصحابہٖ کہتا ہے تو اسے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین جیسی خیر و برکت ملنا شروع ہو جاتی ہے اس کے پڑھنے سے گناہ مٹ جاتے ہیں، دل کی تمنائیں پوری ہوتی ہیں، روح اور دل کو تازگی ملتی ہے اور دلی مرادیں پوری ہوتی ہیں۔ کم از کم ایک مرتبہ ضرور پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور ہمارے سردار

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اَصْحَابِ سَیِّدِنَا

محمد ﷺ کی آل پر اور سیدنا محمد ﷺ کے صحابہ

مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ ○

پر درود، برکت اور سلام بھیج

22 درود مصطفیٰ ﷺ

اس درود پاک کو پڑھنے والا رسول اکرم ﷺ کی محبت سے نوازا جائے گا۔ ذلت سے نکل کر عظمت میں اور ادنیٰ سے اعلیٰ مرتبے کو پہنچے گا، دل خوش ہوگا اور بیمار کو شفا حاصل ہوگی۔ بیمار کے سرہانے ۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر حضور اکرم ﷺ کے واسطہ سے دعا کریں، اللہ تعالیٰ شفا دے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی

اے اللہ درود اور سلام اور برکت بھیج اپنے

حَبِیْبِكَ الْمُصْطَفٰی وَ عَلٰٓی اٰلِهٖ وَ سَلِّمْ○

حبیب مصطفیٰ ﷺ پر اور ان کی آل پر اور سلامتی

23 دُرود مخصوص بالشرف

حضرت ابو حمید ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ہم آپ ﷺ پر صلوٰۃ کس طرح پڑھیں؟ آپ نے فرمایا یوں کہو:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اَزْوَاجِهٖ وَ ذُرِّیَّتِهٖ
كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ ط وَ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ
وَّ عَلٰٓی اَزْوَاجِهٖ وَ ذُرِّیَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اٰلِ
اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

(مسلم جلد اوّل کتاب الصلوٰۃ باب صلوٰۃ النبی حدیث 815)

24 دُرود امہات المؤمنین رضوان اللہ علیہن

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جو پورا پورا ثواب حاصل کرنا چاہے تو وہ ہمارے اہل بیت پر اس طرح درود بھیجے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ وَ اَزْوَاجِہٖ
اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ ذُرِّیَّتِہٖ وَ اَھْلِ بَیْتِہٖ کَمَا
صَلَّیْتَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ ط اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ○

(ابوداؤد جلد اول کتاب الصلوٰۃ باب صلوٰۃ علی النبی 969)

25 دُرود ذرّیت نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام

حضرت ابو حمید ساعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ہمیں آپ ﷺ پر درود بھیجنے کا حکم دیا گیا ہے تو ہم آپ ﷺ پر کیسے درود بھیجیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا یوں کہو:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اَزْوَاجِہٖ وَ ذُرِّیَّتِہٖ کَمَا
صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ ط وَ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ
اَزْوَاجِہٖ وَ ذُرِّیَّتِہٖ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
فِی الْعٰلَمِیْنَ ط اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ○

26 درود نبی رحمت ﷺ

حضرت بریدہ بن الحصیب الاسلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ ہمیں سلام عرض کرنے کا طریقہ تو معلوم ہے مگر ہمیں یہ معلوم نہیں کہ ہم آپ ﷺ پر صلوٰۃ کیسے پڑھیں تو آپ ﷺ نے فرمایا تم یوں کہو:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلَاتِكَ وَ رَحْمَتِكَ وَ بَرَكَاتِكَ
عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا جَعَلْتَهَا
عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ ط اِنَّكَ حَمِيْدٌ
مَّجِيْدٌ ○ (القول البدیع)

27 درود خیر الانام ﷺ

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب درود پڑھنے والی آیت کا نزول ہوا تو صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ ہمیں سلام کی کیفیت تو معلوم ہے ہم آپ ﷺ پر درود کیسے بھیجیں؟ تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ تم یوں درود پڑھو:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَ رَحْمَتِكَ وَ بَرَكَاتِكَ
عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا جَعَلْتَهَا عَلٰٓى اٰلِ
اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ

وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَ
عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ ط اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌo

(مسند امام احمد)

28 درود سید الثقلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا کرو تو اچھی طرح بھیجا کرو، تمہیں کیا پتہ کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کیا جاتا ہے، لوگوں نے عرض کیا تو ہمیں سکھا دیجئے، آپ نے فرمایا اس طرح کہا کرو:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِکَ وَ بَرَکَاتِکَ وَ رَحْمَتَکَ
عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَ اِمَامِ الْمُتَّقِیْنَ وَ خَاتَمِ
النَّبِیِّیْنَ مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَ رَسُوْلِکَ اِمَامِ الْخَیْرِ وَ
قَآئِدِ الْخَیْرِ ط اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ مَقَامًا
مَّحْمُوْدًا یَّغْبِطُهُ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ ط وَصَلِّ عَلٰی
مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی
اِبْرَاهِیْمَ وَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ ط اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌo

(ابن ماجہ)

29 درود سید الکونین ﷺ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ ہمیں آپ ﷺ پر سلام کی کیفیت معلوم ہے، ہم آپ ﷺ پر درود کیسے بھیجیں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا اس طرح پڑھو:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَ رَحْمَتَكَ وَ بَرَكَاتِكَ
عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَ اِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَ خَاتَمِ
النَّبِيِّيْنَ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ اِمَامِ الْخَيْرِ وَ
رَسُوْلِ الرَّحْمَةِ ط اَللّٰھُمَّ ابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا
يَّغْبِطُهٗ بِهِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى
مُحَمَّدٍ وَّ اَبْلِغْهُ الْوَسِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ مِنَ
الْجَنَّةِ ط اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ فِى الْمُصْطَفَيْنَ مَحَبَّتَهٗ وَ فِى
الْمُقَرَّبِيْنَ مَوَدَّتَهٗ وَ فِى الْاَعْلَيْنَ ذِكْرَهٗ وَ دَارَهٗ ط
وَالسَّلَامُ عَلَيْهِ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ط اَللّٰھُمَّ
صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ
مَّجِيْدٌ ط اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ
مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ ط
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○ (ابن ابی عاصم)

اگر باطنی رہنمائی کے لئے کسی شخص کو صحیح مرشد نہ مل رہا ہو تو اسے چاہئے کہ تہجد کے وقت اٹھے اور نماز تہجد کے بعد اس درود کو 41 مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد سجدہ میں سر رکھ کر مرشد کامل ملنے کی دعا کرے۔ اس طرح گیارہ دن تک عمل کرے۔ انشاء اللہ مرشد کامل مل جائے گا۔ جو شخص پیر کی رات کو اس درود پاک کو زیارت کی نیت سے پڑھے گا تو اللہ اسے حضور ﷺ کی زیارت سے نوازے گا۔

30 درود نبی مبشر ﷺ

حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے حضور پر نور ﷺ کی بارگاہ میں عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ہمیں آپ ﷺ کی خدمت اقدس میں ہدیۂ درود و سلام پیش کرنے کا حکم ہوا ہے۔ سلام تو ہمیں معلوم ہے لیکن درود شریف کس طرح بھیجیں؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا تم کہو:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اٰلِ
اِبْرَاهِيْمَ ط اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ

عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ ○ (نسائی جلد اول کتاب الصلوۃ باب صلوۃ النبی حدیث 1289)

31 دُرود سیّد الرسل ﷺ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ ہم عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ ﷺ سلام تو ہم جان گئے ہیں کہ کیسے ہے لیکن درود کیسے پڑھا جائے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ یوں پڑھا کرو:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ كَمَا
صَلَّيْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ ط وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ
عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ ○

(ابن ماجہ جلد اول کتاب الصلوۃ باب الصلوۃ علی النبی حدیث 951)(نسائی جلد اول کتاب الصلوۃ)

32 درود رسول مکرم ﷺ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ مجھ پر یوں درود پڑھو:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ كَمَا
صَلَّيْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ ط وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ
عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَ

عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ○ (مسند امام احمد)

عزت، غلبہ حاصل کرنے کے لئے اور اللہ کی مدد کے حصول کے لئے اور ہر حال میں پروردگار کی طرف سے تائید و توفیق کو اپنے حالات میں شامل کرنے کے لئے اس درود کو روزانہ کثرت سے پڑھنا بہت مفید ہے۔

ہر نماز کے بعد سو مرتبہ اس درود پاک کو پڑھنے سے محتاجی دور ہو جاتی ہے۔ رزق کی تنگی نہیں رہتی اور تنگدستی سے ہمیشہ کے لئے نجات مل جاتی ہے اور جب اللہ تعالیٰ کشادگی پیدا کر دے تو اللہ کی راہ میں کمائی سے حسب توفیق دیتے رہنا بہت بہتر ہوگا۔

33 دُرود صاحب وحی ﷺ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص آیا اور رسول اللہ ﷺ کے سامنے بیٹھ گیا، ہم آپ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، اس نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپ ﷺ پر سلام کا طریقہ تو ہمیں معلوم ہے ہم جب اپنی نمازوں میں درود پڑھیں تو کیسے پڑھیں؟ راوی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ خاموش ہو گئے حتیٰ کہ ہم نے خواہش کی کاش اس آدمی نے سوال ہی نہ کیا ہوتا پھر کچھ دیر بعد فرمایا کہ جب تم درود پڑھو تو اس طرح درود پڑھو:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰٓی اٰلِ
مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰٓی اٰلِ
اِبْرَاهِيْمَ ط وَ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ
عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَ

عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ○ (مستدرک حاکم)

اس درود پاک کا ورد نسیان کے علاج کے لئے بھی بہت مفید ہے جس کا حافظہ کمزور ہو اور اسے فوراً بات بھول جاتی ہو تو اسے چاہئے کہ جمعہ کے دن اسے صبح کے وقت ستر مرتبہ پڑھے اور پانی پر دم کر کے پی لے۔ اگر کسی دوسرے کو پلانا چاہے تو بھی دے سکتا ہے۔ اسی طرح گیارہ جمعہ تک یہ عمل جاری رکھے، نسیان دور ہو جائے گا اور حافظہ درست ہو جائے گا۔

34 درود قائد الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام (کا طریقہ) تحقیق ہم معلوم کر چکے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کا کیا طریقہ ہے؟ اللہ تعالیٰ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر رحمت فرمائے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کچھ دیر خاموش ہو گئے پھر آپ نے فرمایا کہو:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰی
اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ ط وَ بَارِكْ
عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ ط اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ○

(عمل الیوم واللیل از امام نسائی باب صلوٰۃ علی النبی حدیث 49)

جو شخص اس درود پاک کو کثرت سے پڑھنے کا معمول بنا لیتا ہے تو اللہ تعالیٰ حکمت، علوم باطنی اور لطائف اشارات الہام کرتا ہے اس پر امور حقیقیہ اور مواہب الٰہیہ

کھول دیئے جاتے ہیں۔ لہٰذا اگر کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کی عقل وفہم میں اضافہ ہو جائے تو اسے چاہئے کہ اس درود پاک کو روزانہ نماز عصر کے بعد 33 مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ اس درود پاک کی تاثیر سے اُسے دانائی وحکمت کے خزانے عطا ہوں گے۔

35 دُرود صاحب لولاک ﷺ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ مجھ پر اس طرح درود بھیجا جائے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اَھْلِ بَیْتِہٖ کَمَا
صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ ط اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ
صَلِّ عَلَیْنَا مَعَھُمْ ط اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اَھْلِ
بَیْتِہٖ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ ط اِنَّکَ حَمِیْدٌ
مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلَیْنَا مَعَھُمْ صَلَوَاتُ اللّٰہِ وَ
صَلَوَاتُ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ ○

(سعادۃ الدارین از علامہ اسماعیل نبھانی بحوالہ دار قطنی ص 602 جلد 1)

یہ درود بھی درود ابراہیمی ہی کے کلمات کی طرح ہے۔ اس کے فوائد حسب ذیل ہیں: جو شخص اس درود کو ہر نماز کے بعد 33 مرتبہ پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے تو اس درود پاک کی برکت وتاثیر سے دین کے کاموں میں ثابت قدم رہنے کی توفیق حاصل ہو جاتی ہے اور طبیعت نیک کاموں کی طرف راغب ہو کر برائیوں سے متنفر ہو جاتی ہے۔

36 دُرود خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جب تم لوگ مجھ پر درود بھیجو تو خوب اچھے طریقے سے درود بھیجو، اس لئے کہ وہ مجھے پیش کیا جائے گا۔ لہٰذا تمہیں اچھی طرح سے درود پڑھنا چاہئے کیونکہ تم نہیں جانتے کہ وہ مجھے پیش کیا جاتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَ رَحْمَتِكَ وَ بَرَكَاتِكَ
عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَ اِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَ خَاتَمِ
النَّبِيِّيْنَ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ اِمَامِ الْخَيْرِ وَ قَآئِدَ
الْخَيْرِ وَ رَسُوْلِ الرَّحْمَةِ ط اَللّٰھُمَّ ابْعَثْهُ الْمَقَامَ
الْمَحْمُوْدَ الَّذِىْ يَغْبِطُهٗ بِهِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ ○

(القول البدیع فی الصلوٰۃ علی الحبیب الشفیع از شمس الدین محمد سخاوی ص 84)

اس درود پاک کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے کہ یہ درود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ کو پڑھنے کی تاکید کی تھی۔

اس درود کو کثرت سے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اپنی رحمت اور برکات کے دروازے کھول دیتا ہے، اس کے علاوہ اسے پڑھنے والے میں قائدانہ صلاحیتیں پیدا ہو جاتی ہیں۔ پڑھنے والے کا دل عبادت کی طرف خوب راغب ہو جاتا ہے۔ تلاوت قرآن اور ذکر الٰہی میں زیادہ وقت گزارنے لگ جاتا ہے۔ غرضیکہ اس درود کو پڑھنے کی بنا پر انسان پرہیزگار اور متقی بن جاتا ہے۔

جو شخص اسے کثرت سے پڑھنے کا معمول بنائے گا تو ان شاء اللہ آخرت میں اسے نجات بھی حاصل ہوگی۔

37 دُرود خیر البریہ

علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب ''القول البدیع'' میں ایک روایت درج فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زوجہ محترمہ حضرت جویریہ بنت حارث رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ اگر کوئی یہ حلف اٹھائے کہ میں حضور ﷺ پر افضل ترین درود پاک بھیجوں گا تو اسے چاہئے کہ یہ درود پاک پڑھے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ نَبِیِّكَ وَ
رَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰی اٰلِهٖ وَ اَزْوَاجِهٖ وَ
ذُرِّیَّتِهٖ وَ سَلِّمْ عَدَدَ خَلْقِكَ وَ رِضَآءَ نَفْسِكَ وَ
زِنَةَ عَرْشِكَ وَ مِدَادَ كَلِمٰتِكَ ○

اس درود کو ان درودوں میں شمار کیا جاتا ہے جنہیں مشائخ عظام نے افضل قرار دیا ہے، جو شخص اس درود پاک کو کثرت سے پڑھے گا وہ ہمیشہ تندرست و توانا رہے گا۔ اس میں بے پناہ خوبیاں اور اوصاف پیدا ہو جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ اس درود پاک کے باعث پڑھنے والے کے دل میں عبادت کا شوق ڈال دے گا۔ اس کا دل خوب یادِ الٰہی کی طرف مائل ہو جائے گا۔ اس کا ایمان مستحکم ہو جائے گا۔ اگر کوئی شخص راہ معرفت اختیار کرنے کی نیت سے بعد نماز عشاء روزانہ سو مرتبہ چالیس یوم تک پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے اسے مرشد کامل مل جائے گا۔ جس شخص کا دل بے سکون رہتا ہو تو اسے چاہئے کہ ہر نماز کے بعد اس درود پاک کو گیارہ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے تو اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے اسے سکون

قلب حاصل ہوگا۔

38 دُرود نبی اُمّی ﷺ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ سے پوچھا گیا کہ آپ ﷺ پر کس طرح درود بھیجیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس طرح کہو:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰٓی اٰلِ
مُحَمَّدٍ ○

(ابوداؤد جلد اول کتاب الصلوٰۃ باب الصلوٰۃ علی النبی 968)

یہ درود ہمہ وقت پڑھتے رہنا دین و دنیا کے لئے انتہائی نفع بخش ہے۔ اس درود کو کثرت سے پڑھنا قرب الٰہی کے حاصل ہونے کا ذریعہ بنتا ہے۔ اس کے پڑھنے سے طالب حق کی راہ سلوک میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے مدد اور راہنمائی ہوتی ہے۔

بعض کتب میں اس درود شریف کے الفاظ اس طرح بھی ہیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰٓی اٰلِهٖ
وَسَلِّمْ○

39 درود محمد عربی ﷺ

حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے حضور نبی کریم ﷺ سے دریافت کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا مجھ پر درود بھیجو اور دعا میں کوشش کرو اور کہو:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ ○

(نسائی جلد اول باب الصلوٰۃ علی النبی حدیث 1295)

اس درود شریف کو کثرت سے پڑھنے سے حضور نبی کریم ﷺ کی محبت کی دولت نصیب ہوتی ہے اور اگر عرصہ دراز تک کثرت سے پڑھا جائے تو پڑھنے والے کا باطن روشن ہو جاتا ہے۔ پیارے آقا حضور رحمت عالمین ﷺ کی بارگاہ سے راہِ طریقت میں رہنمائی عطا ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ دنیا و آخرت میں بے پناہ عزت و عظمت عطا ہوتی ہے۔

40 دُرُودِ غوثیہ

یہ سلسلہ قادریہ کے معمولات میں سے ہے، اس درود پاک کے پڑھنے سے سات نعمتیں حاصل ہوتی ہیں (1) رزق میں برکت (2) تمام کام آسان ہو جائیں گے (3) نزع کے وقت کلمہ نصیب ہوگا (4) سکرات کی سختی سے نجات ملے گی (5) قبر میں وسعت ہوگی (6) کسی کی محتاجی نہ ہوگی (7) اللہ کی مخلوق اس سے محبت کرے گی اور حضور اکرم ﷺ کا قرب اور زیارت حاصل ہوگی۔ روزانہ کم از کم ایک بار ضرور پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ ہمارے سردار و آقا حضرت محمد ﷺ پر

مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَ اٰلِہٖ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ

جو جود و کرم کا خزینہ ہیں اور ان کی آل پر درود اور برکت اور سلام بھیج

41 دُرُود اوّل و آخر

جو شخص دور جوانی گناہوں میں گزار چکا ہو اور اب عمر کے اختتام پر پہنچے اور گناہوں پر شرمسار ہو اسے کثرت سے یہ درود شریف پڑھنا چاہیئے، اللہ تعالیٰ کی رحمت سے امید ہے اسکی پچھلی خطائیں معاف کر دے گا اور بقیہ زندگی میں اسے نیک عمل کی توفیق عطا کرے گا، اگر دشمن سے

تنگ ہو تو سات جمعہ تک بعد نماز جمعہ 111 مرتبہ پڑھے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ اَكْرَمِ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ وَ

اللہ اپنے اوّل اور آخر معزز حبیب پر اور ان کی آل پر اور

عَلٰٓى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَ بَارِكَ وَسَلَّمَ ط

ان کے صحابہ پر درود اور برکت اور سلام بھیجے

42 دُرُودِ خضری

یہ درود پاک اولیاء اللہ کے اکثر معمول میں رہا ہے، اس کے بے شمار فوائد ہیں، سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ اس درود شریف کو پڑھنے والا سرکار دو عالم ﷺ کا محبوب غلام بن جاتا ہے اور دین و دنیا میں اسے کسی چیز کی کمی نہیں رہتی اور سکون قلب کی دولت سے مالا مال ہو جاتا ہے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَ

اللہ اپنے محبوب ﷺ اور ان کی آل اور ان کے

اَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

صحابہ پر درود اور سلام بھیجے

43 دُرُودِ دیدار

یہ درود شریف رسول اللہ ﷺ کے دیدار کیلئے بہت موثر ہے۔ جذب القلوب میں لکھا ہے کہ جو شخص پاکیزگی اور طہارت کے ساتھ ہمیشہ 313 مرتبہ پڑھا کرے گا، سرکار دو عالم ﷺ کے دیدار سے مشرف ہوگا، سرکار دو عالم ﷺ مہربان ہونگے اور ان کی محبت کا حصول ہوگا۔ مزرع الحسنات میں درج ہے کہ اگر کوئی شخص اس درود شریف کو پڑھے تو ستر فرشتے ایک ہزار روز تک اس کے نامہ اعمال میں نیکیاں لکھتے رہتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

الٰہی حضور اقدس حضرت محمد ﷺ پر اور حضرت محمد ﷺ کی آل

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضَاہُ لَہٗ ط

پر رحمت نازل فرما جس طرح تجھے محبوب اور پسند ہے۔

44 دُرُود قرآنی

اس درود پاک میں اللہ تعالیٰ سے قرآن پاک کے الفاظ کے برابر نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنے کیلئے کہا گیا ہے، اس لئے اسے درود قرآنی کہتے ہیں، پڑھنے والے پر بے پناہ رحمت ہوتی

ہے، اس درود پاک کو پڑھنے والے کے دل میں محبت رسول ﷺ بہت بڑھ جاتی ہے۔ صبح و شام تین تین مرتبہ پڑھنا گھر میں خیر و برکت کا باعث ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ

اے اللہ درود بھیج اوپر محمد ﷺ کے اور ان کی آل کے اور ان

بِعَدَدِ مَا فِیْ جَمِیْعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا وَّ

کے اصحاب کے مطابق قرآن کے حروف کی تعداد کے اور ہر حرف کے بدلے

بِعَدَدِ کُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا ط

ایک ایک ہزار کے عدد کے مطابق

45 درود حبیب ﷺ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

اے اللہ کے رسول آپ پر درود اور سلام ہو

وَ عَلٰی اٰلِکَ وَ اَصْحَابِکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ

اور اے اللہ کے حبیب آپ کی آل اور صحابہ پر بھی درود اور سلام ہو

46 دُرود عالی

درود عالی دینی اور دنیوی حاجات پورا کرنے کا خزانہ ہے۔ اور فتح و نصرت عزت و عظمت کے حصول کیلئے یہ درود پاک بڑا اکسیر ہے۔ کسی مقدمہ میں کامیابی کیلئے بھی بڑا مفید ہے۔ ۴۰ دن تک بعد نماز عشاء 100 مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی

اے اللہ درود و سلام اور برکت نازل فرما اپنی نبی سیدنا

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ

محمد ﷺ پر جو تیرا حبیب عالی قدر عظیم مرتبے

عَالِی الْقَدْرِ عَظِیْمِ الْجَاهِ وَ عَلٰٓی اٰلِهٖ

والا ہے اور آپ کی آل اور صحابہ پر

وَصَحْبِهٖ وَ سَلِّمْ○

اور سلامتی عطا فرما

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِهٖ وَسَلِّمْ۔

47 دُرُود باطن

یہ درود پاک پڑھنے والے پر اسرار ربی اور علم باطن بذریعہ کشف کھلنے لگتا ہے اس کا ظاہر اور باطن پاکیزہ ہو جاتا ہے اور ہر دعا بارگاہ رب العزت میں قبول ہوتی ہے۔ اگر کوئی شخص بعد نماز جمعہ مدینہ شریف کی طرف منہ کر کے کھڑا ہو کر اس درود پاک کو ۱۱۱ مرتبہ پڑھے تو وہ دین و دنیا میں فلاح پائے گا۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

اللہ امی نبی ﷺ پر درود بھیجے اور ان کی آل پر اور سلامتی

صَلٰوةً وَّسَلَامًا عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط

اے اللہ کے رسول آپ پر صلوۃ اور سلام ہو

48 دُرُود مجتبیٰ ﷺ

یہ درود شریف مشائخ کرام کا پسندیدہ درود ہے۔ ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ اس درود پاک کے پڑھنے کا حکم اس لئے دیا گیا ہے کہ حضور اکرم ﷺ کے حقوق ادا ہو جائیں جس سے حضور کی شفاعت کی ضمانت مل جائے گی۔ اس کے علاوہ بھی اس درود شریف کے فیوض و برکات ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى حَبِيْبِكَ الْمُجْتَبٰى وَ رَسُوْلِكَ

اے اللہ رحمت، سلام اور برکت بھیج اپنے مقبول حبیب ﷺ پر اور اپنے برگزیدہ

الْمُرْتَضٰى وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ○

رسول ﷺ پر اور آپ کی آل پر اور سب صحاب پر

دُرُودِ تعلق

49

اس درود شریف کے متواتر پڑھنے سے سرکار دو عالم ﷺ سے ایک خاص تعلق اور رابطہ ہو جائے گا کیونکہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ شخص مجھے بہت پسند ہے جو مجھ پر کثرت سے درود پڑھے۔ اس درود کے پڑھنے والے کے درود کو حضور اکرم ﷺ سنتے دیکھتے اور نظر شفقت فرماتے ہیں۔ لہٰذا وہ شخص ظاہری اور باطنی طور پر پاکیزہ ہو جائے گا۔ میدان حشر میں حضور اکرم ﷺ کے ساتھ ہوگا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى رَسُوْلِكَ الْمَبْعُوْثِ

اے اللہ درود، سلام اور برکت بھیج اپنے رسول پر جو رحمۃ للعالمین ﷺ

رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ○

مبعوث کئے گئے اور آپ کی آل اور تمام صحابہ پر

50 دُرودِ محمدی

اس درود شریف کے فضائل وفوائد اور ثواب بے شمار ہیں سرکار دو عالم ﷺ کی محبت کیلئے یہ درود ایک راز ہے۔ اس درود شریف کا پڑھنے والا ہمیشہ اللہ کی رحمت میں رہے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ اور حضرت

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

محمد ﷺ کی آل واولاد پر جو ہیں تیرے بندے رسول نبی امی

بِعَدَدِ اَنْفَاسِ الْخَلَآئِقِ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً

اس مقدار میں کہ تعداد ہو اتنی جتنی مخلوق سانس لیتی ہے درود

بِدَوَامِ خَلْقِ اللّٰهِ ط

اتنا جب تک قائم رہے اللہ کی مخلوق

51 دُرُودِ کمالیہ

اس درود پاک کے پڑھنے سے اہل طریقت کو روحانیت میں کمال حاصل ہوتا ہے۔ صوفیائے کرام کے وظائف میں معمول رہا ہے۔ پڑھنے والا اللہ کا محبوب بندہ بن جاتا ہے۔ روحانی اسرار کھلتے ہیں، بیماریوں سے شفا ملتی ہے اور حافظہ درست ہو جاتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا

اے اللہ ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ نبی کامل پر اور

مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْکَامِلِ وَ عَلٰٓی اٰلِهٖ کَمَالَا

آپ کی آل پر درود و سلام اور برکتیں بھیج ایسی جیسی کہ تیرے

نِهَایَةَ لِکَمَالِكَ وَ عَدَدَ کَمَالِهٖo

کمال کی انتہا نہیں اور نبی پاک کے کمال کا شمار نہیں

52 دُرُودِ اوّل

یہ درود پاک قبولیت کے لحاظ سے بارگاہ الٰہی میں افضل مقام رکھتا ہے اس کے لاتعداد دینی و دنیوی فائدے ہیں۔ معرفت کے خزانے کی کنجی ہے۔ روحانی و باطنی اسرار کھلتے ہیں، ہر حاجت پوری ہوگی، بیماری اور ہر برائی سے نجات ملے گی اور ہر کامیابی کی ضمانت ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ

اے اللہ درود بھیج اوپر ہمارے سردار محمد ﷺ کے جو تیرے نبیوں میں

اَنْبِیَآئِكَ وَ اَکْرَمِ اَصْفِیَآئِكَ مَنْ فَاضَتْ

افضل ہیں اور تیرے برگزیدہ بندوں میں سب سے زیادہ بزرگ ہیں جن کے نور سے

مِنْ نُّوْرِہٖ جَمِیْعُ الْاَنْوَارِ وَ صَاحِبِ الْمُعْجِزَاتِ

تمام نور ظاہر ہوئے ہیں اور معجزات والے ہیں

وَصَاحِبِ الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ سَیِّدِ الْاَوَّلِیْنَ

اور مقام محمود والے اور اولین

وَالْاٰخِرِیْنَ ○

اور آخرین سب کے سردار ہیں

53 دُرُود مستجاب الدعوات

یہ درود پاک اللہ کی رحمت و کرم حاصل کرنے کا بڑا وسیلہ ہے۔ تنگ دستی اور مفلسی دور ہوگی۔ زندگی بھر مکرم و معزز رہے گا۔ عزت و دولت اور برکت جیسی عظیم نعمتوں سے مالا مال ہوگا۔ بہتر ہے بعد

نماز فجر 100 دفعہ اور بعد نماز عشاء 100 مرتبہ پڑھے اگر یہ نہ ہو سکے تو روزانہ کم از کم 11 مرتبہ پڑھے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْكَرِيْمِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ

اللہ تعالیٰ اپنے امی کریم نبی ﷺ پر اور ان کی آل پر اور ان کے صحابہ پر رحمت

وَاَصْحَابِهٖ وَ سَلَّمَ ط

اور سلامتی نازل فرمائے

درودِ کشف

یہ درود صاحبِ کشف بننے کی کنجی ہے، روزانہ بلا ناغہ پڑھنے سے اس پر باطنی اور پوشیدہ راز کھل جائیں گے، اس پر اللہ تعالیٰ کی رحمت کی بارش ہوگی، گناہ معاف ہوں گے، اس کے رزق، مال و دولت میں بہت برکت ہوگی، ایمان پر خاتمہ ہوگا اور شفاعت نصیب ہوگی۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّ الرَّحْمَةِ شَفِيْعِ الْاُمَّةِ

اللہ تعالیٰ اپنے نبی رحمت ﷺ، امت کی شفاعت کرنے والے اور

كَاشِفِ الْغُمَّةِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَ

غم کشائی کرنے والے پر اور ان کی آل اور صحابہ پر درود ، برکت

بَارِكْ وَسَلِّمْ ○

اور سلام بھیجے

دُرُودِ حلّ المشکلات

55

یہ درود شریف مشکلات کو حل کرتا ہے۔ ایک دفعہ مفتی حامد آفندی سخت مشکل میں گرفتار ہو گئے ایک وزیر ان کا دشمن ہو گیا، بے حد پریشان تھے کہ ایک رات حضور اکرم ﷺ خواب میں تشریف لائے اور تسلی دے کر یہ درود پڑھنے کیلئے کہا، بیدار ہو کر آپ نے یہ درود شریف پڑھا تو اللہ نے مشکل آسان کر دی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ پر درود سلام اور برکت بھیج

قَدْ ضَاقَتْ حِيْلَتِيْ اَدْرِكْنِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ○

یارسول اللہ میری مدد کیجئے میرا حیلہ اور کوشش تنگ آ چکے ہیں

56 دُرُودِ شفاعت

یہ درود پاک بھی حضور اکرم ﷺ کی شفاعت کیلئے بہت اکسیر ہے۔ جو شخص ہر نماز کے بعد اسے ۱۱ مرتبہ پڑھے اس کے لیے سرکار دو عالم ﷺ کی شفاعت واجب ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى حَبِيْبِكَ شَفِيْعِ

اے اللہ درود و سلام اور برکت بھیج اپنے حبیب شفیع المذنبین ﷺ

الْمُذْنِبِيْنَ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ○

پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے تمام صحابہ پر

57 دُرُودِ سعادت یا صلوٰۃ السعادۃ

علامہ سید احمد الصاوی رحمۃ اللہ علیہ نے بعض مشائخ سے نقل کیا ہے کہ اس درود شریف کے پڑھنے سے سعادت دارین حاصل ہوگی۔ علامہ سید احمد دحلان رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اسے ایک بار پڑھنے سے چھ لاکھ درود شریف کا ثواب ملے گا۔ جمعہ کے دن اس درود شریف کو پڑھنے والے کا شمار دونوں جہاں کے سعادت مند لوگوں میں ہوگا اور نام ہمیشہ دین و دنیا میں زندہ رہے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

یا اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ پر درود بھیج اس تعداد کے مطابق جو

مَافِیْ عِلْمِ اللّٰہِ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ

تیرے علم میں ہے ایسا درود جو اللہ تعالیٰ کے دائمی ملک

مُلْكِ اللّٰہِ ط

کے ساتھ دوامی ہے

دُرُودِ نوری 58

اس درود پاک کے پڑھنے سے دل میں نور پیدا ہوگا۔ گناہ معاف ہوتے ہیں اور دل پاکیزہ ہو کر اللہ کے نور کی آماجگاہ بن جاتا ہے اور اسرار الٰہی کھلنے لگتے ہیں۔ اس درود شریف کے ایک ایک حرف میں نور کے سمندر سمائے ہوئے ہیں۔ اس درود شریف کے پڑھنے سے اللہ کی رحمت نازل ہوتی ہے۔ بیماری سے محفوظ رہے گا اگر کسی کے اہل و عیال نیک راستے پر نہ ہوں اور فرمانبرداری نہ کرتے ہوں تو اس درود شریف کی برکت سے ان کی اصلاح ہو جائے گی۔ گیارہ جمعرات تک بعد نماز عشاء ۱۱۱ مرتبہ پڑھے۔

يَانُوْرُ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُّوْرِ الْاَنْوَارِ

اے نور درود بھیج ہمارے سردار ﷺ پر جو نوروں کا نور ہے جو

وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَ سَيِّدِ الْاَبْرَارِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ

اسرار کا سر ہے اور جو ابرار کا سردار ہے اور ان کی آل پر اور

صَحْبِهِ الْمُنَوَّرِيْنَ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ

اصحاب پر جو منور ہیں اور برکت وسلام بھیج

اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ بِهَا سِرِّيْ وَسَرِيْرَتِيْ وَ بَصَرِيْ وَ بَصِيْرَتِيْ

اے اللہ منور کر دے میری روح اور جسم کو اور میری آنکھوں اور میری بصیرت کو

وَدُنْيَايَ وَ اَهْلِيْ وَ عِيَالِيْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ط

اور میرے دین اور دنیا کو اور میرے اہل وعیال کو روز قیامت تک

59 دُرُودِ مشاہدہ

مشاہدہ اللہ تعالیٰ کا خصوصی انعام ہے' اس کا مطلب چشم باطن سے غیبی اشیاء کا دیکھنا ہے' یہ مجاہدہ سے حاصل ہوتا ہے۔ جو یہ مقام حاصل کرنا چاہے

کثرت سے یہ درود شریف پڑھے اس سے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا قرب حاصل ہوتا ہے اور رحمت الٰہی کے دروازے کھل جاتے ہیں۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ رَحْمَةٍ لِّلْعَالَمِيْنَ وَ

اللہ تعالیٰ درود بھیجے اپنے حبیب رحمۃ للعالمین ﷺ پر اور

عَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ○

آپ کی آل پر اور آپ کے تمام صحابہ پر

دُرُودِ محمود (60)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے درود محمود پڑھنے کی ترغیب دی ہے۔ یہ درود شریف خیر و برکت کے لیے اکسیر ہے۔ گھر بار، کاروبار، مال و دولت میں خیر و برکت کے لیے جان و مال کی حفاظت، ادائے قرض اور تکلیف سے نجات کے لیے بہت اکسیر ہے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلٰوتَكَ وَرَحْمَتَكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰى

اے اللہ! اپنی صلوۃ، رحمت اور برکت بھیج سید المرسلین

سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَ اِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ

امام المتقین خاتم النبیین پر جو تیرے بندے

عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ اِمَامِ الْخَيْرِ وَ قَآئِدِ الْخَيْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ ط

رسول، خیر کے امام اور رسول رحمت ہیں

اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِيْ يَغْبِطُهٗ

اور ان کو مقام محمود عطا فرما جس پر رشک کرتے ہیں

بِهِ الْاَوَّلُوْنَ وَ الْاٰخِرُوْنَ ط

پہلے والے اور پچھلے سب

61 دُرُودِ شفائے قلب

اس درود پاک کے پڑھنے سے جسمانی و روحانی بیماریوں سے شفا حاصل ہوگی۔ جس شخص کو شیطانی وسوسہ بہت تنگ کرتا ہو اس درود پاک کے پڑھنے سے سب وسوسے ختم ہو جائیں گے۔ ہر بیماری خصوصاً دل کے امراض کیلئے بہت اکسیر ہے 11 دن تک 315 مرتبہ بعد نماز فجر پڑھے۔ انشاء اللہ دل کی ہر قسم کی بیماری سے نجات مل جائے گی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ

یا اللہ درود بھیج ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو دلوں کے طبیب

وَدَوَآئِھَاوَ عَافِیَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَ نُوْرِ الْاَبْصَارِ

اوران کی دوا ہیں اور جسم کی عافیت اوران کی شفا ہیں اور آنکھوں کا نور

وَضِیَآئِھَاوَ عَلٰی اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ سَلِّمْ ط

اوران کی چمک ہیں اور آپ کی آل اور اصحاب پر درود وسلام بھیج

دُرُودِ انعام (62)

سیدی احمد الصاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ صلوٰۃ الانعام ہے، درود انعام پڑھنے سے دین و دنیا کی بے شمار نعمتیں حاصل ہوتی ہیں۔ اس پر ہمیشہ اللہ کی رحمت رہے گی اور دنیاوی مال و دولت سے بے نیاز ہوگا۔ اس کے ثواب کی کوئی انتہا نہیں۔

اگر کسی کے گھر میں اولاد نہ ہوتی ہو تو اسے چاہیے ہر جمعہ کے بعد ۱۱ مرتبہ یہ درود شریف پڑھے اور تعداد پوری ہونے پر سجدے میں سر رکھ کر اللہ کے حضور سرکار دو عالم ﷺ کے وسیلہ سے دعا مانگے انشاء اللہ اولاد سے نوازا جائے گا۔ اسی درود پاک کو پڑھ کر جس کو ایصال ثواب کرے انشاء اللہ اس کی قبر مثل جنت ہو جائے گی اور وہ عذاب قبر سے محفوظ ہوگا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا

اے اللہ! رسول اکرم ﷺ پر درود بھیج

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِهٖ عَدَدَ اِنْعَامِ اللّٰهِ وَ اِفْضَالِهٖ ط

اتنا جتنا کہ تیرا انعام اور فضل وکرم ہے

63 دُرُودِ کوثر

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ بہت بڑے عالم اور ولی اللہ گزرے ہیں۔ اللہ کا ان پر خاص کرم تھا کہ اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہوتے تھے۔ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص چاہے کہ رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ سے حوض کوثر سے جام کوثر ملے تو اسے چاہیے کہ یہ درود شریف پڑھا کرے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَ

اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار محمد ﷺ پر اولین میں اور

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ وَ صَلِّ

درود بھیج ہمارے سردار محمد ﷺ پر آخرین میں اور

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی النَّبِیِّیْنَ وَ صَلِّ عَلٰی

درود بھیج ہمارے سردار محمد ﷺ پر نبیوں میں اور درود بھیج ہمارے

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْمُرْسَلِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی

سردار محمد ﷺ پر مرسلین میں اور درود نازل کر ہمارے

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ط

سردار محمد ﷺ پر ملاء اعلی میں قیامت کے دن تک

(64) دُرُودِ شاذلی یا صلوٰۃ النور الذاتی

سید احمد الصاوی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے کہ درود شریف صلوٰۃ النور الذاتی حضرت سید ابو الحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ کے وظائف میں سے ہے۔ جو اسے ایک مرتبہ پڑھے گا اسے ایک لاکھ درود کا ثواب ملے گا اور باطنی انوار حاصل ہوں گے۔ اگر حاجت میں اسے پانچ سو بار پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی مشکل حل کر دے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النُّوْرِ الذَّاتِیِّ

یا اللہ درود بھیج ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو نور ذاتی ہیں

السَّارِیْ فِیْ جَمِیْعِ الْاٰثَارِ وَ الْاَسْمَآءِ وَ الصِّفَاتِ

تمام اسماء وآثار وصفات میں سرایت کیے ہوئے ہیں

وَعَلٰٓی اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ سَلِّمْ ط

اوران کی آل اوراصحاب پر اور سلام بھیج

65 دُرُودِ دوامی

درودِ دوامی پڑھنے والے کو بے شمار نیکیوں کا ثواب ملے گا۔ بے پناہ شہرت اور عزت حاصل ہوگی۔ دنیا تسخیر ہوتی چلی جائے گی۔ گناہ معاف ہوں گے' نیکیوں کی بارش ہوگی اور اللہ اس پر رحمت کے دروازے کھول دے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِمْ صَلٰوةً دَآئِمَةً مُّسْتَمِرَّةً

اے اللہ درود بھیج ان پر ایسا درود جو دائمی ہو اور جس کا دوام جاری

الدَّوَامِ عَلٰی مَرِّ اللَّيَالِیْ وَ الْاَيَّامِ مُتَّصِلَةَ الدَّوَامِ

رہنے والا ہو گردش لیل ونہار کے ساتھ اور اس کا دوام متصل ہو

لَا انْقِضَآءَ لَهَا وَ لَا انْصِرَامَ عَلٰى مَرِّ اللَّيَالِيْ وَ

جس کی کوئی نہایت نہ ہو اور جس کا کوئی انقطاع نہ ہو گردش لیل و نہار کے ساتھ

الْاَيَّامِ عَدَدَ كُلِّ وَ ابِلٍ وَّ طَلٍّ ۔

بہ شمار بارش اور شبنم کے ہر قطرہ کے

دُرُودِ برکات کثیرہ

یہ درود پاک بہت فضیلت کا حامل ہے اور بزرگان دین کے معمولات میں سے ہے۔ جو شخص یہ درود پاک روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھے قیامت کے روز وہ صالحین اور شہدا کے گروہ میں شامل ہوگا۔ اس کے ہر لفظ کے بدلے میں ہزار ہزار نیکیاں ملیں گی۔ گناہ معاف کر دیئے جائیں گے اور بیماری سے شفا حاصل ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى رَسُوْلِكَ

اے اللہ درود و سلام اور برکت بھیج اپنے چنے ہوئے رسول ﷺ اور اپنے

الْمُصْطَفٰى وَ نَبِيِّكَ الْمُرْتَضٰى وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ

پسندیدہ نبی پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے صحابہ پر

بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّةٍ ○

ایک ذرے کے عوض دس کروڑ بار

67 دُرُودِ خاص

اس درود پاک کا فائدہ لکھنا ناممکن ہے صرف اتنا لکھنا کافی ہے کہ کوئی بھی رنج یا مصیبت آجائے تو صدق دل سے اس درود شریف کو پڑھے' تو ہر قسم کی مصیبت' تکلیف اور رنج وغم سے نجات مل جائے گی اور اللہ کا محبوب بن جائے گا۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ نُوْرٌ مِّنْ نُّوْرِ اللّٰهِ ط

68 دُرُود حب رسول ﷺ

رسول اکرم ﷺ کی محبت دین اسلام کی اصل بنیاد ہے' لہٰذا جو شخص چاہے کہ اس کے دل میں حضور اکرم ﷺ کی بے پناہ محبت پیدا ہو جائے تو اسے چاہیے کہ یہ درود پاک کثرت سے پڑھے۔ اس کے پڑھنے سے آقا ﷺ کی محبت بہت زیادہ ہو جائے گی اور زیارت بھی نصیب

ہوگی اور یہ محبت بھی بے مثال ہوگی اور بے مثال اعزاز اور عجیب انعام واکرام ہوں گے جس کو نہ کبھی کان نے سنا ہوگا اور نہ آنکھ نے دیکھا ہوگا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ حَبِیْبِنَا وَ مَحْبُوْبِنَا

اے اللہ ہمارے سردار ہمارے حبیب ہمارے محبوب اور ہمارے مولا

وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ

محمد ﷺ پر درود و برکت اور سلامتی بھیج

(69) دُرُودِ دعا و دوا

یہ درود پاک دعا بھی ہے اور دوا بھی لہٰذا اس درود شریف کو پڑھنے سے ہر مرض سے شفا ہوگی اور جو دعا اس درود شریف کے پڑھنے کے بعد مانگے وہ انشاء اللہ قبول ہوگی۔ اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ میں اللہ کی ایسی حمد کروں جو سب سے بہتر اور افضل ہو تو اسے چاہیے کہ یہ درود پاک پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَآ اَنْتَ اَھْلُهٗ فَصَلِّ عَلٰی

اے اللہ تیرے ہی لیے حمد ہے جو تیری شان کے مناسب ہے محمد ﷺ

مُحَمَّدٍ كَمَآ اَنْتَ اَهْلُهٗ وَافْعَلْ بِنَا مَآ اَنْتَ

پر درود بھیج جو تیری شان کے مناسب ہے اور ہمارے ساتھ بھی

اَهْلُهٗ فَاِنَّكَ اَنْتَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ

وہ معاملہ کر جو تیری شان کے شایان ہو بے شک تو ہی اس کا مستحق ہے کہ تجھ سے ڈرا جائے

الْمَغْفِرَةِ ○

اور تو مغفرت کرنے والا ہے۔

70 دُرُود ثواب

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کی ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص کی خواہش ہو کہ وہ ہمارے گھرانے پر ایسا درود بھیجے جس کا ثواب بڑے پیمانے پر تولا جائے تو اسے چاہیے کہ یہ درود شریف پڑھے۔ اس کا ثواب لامحدود ہے پڑھنے والا عزت اور شہرت پائے گا اور اہل خانہ اس کے فرماں بردار ہوں گے اور تابعداری کریں گے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ

اے اللہ ہمارے امی نبی ﷺ پر اور

اَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ ذُرِّيَّاتِهٖ وَاَهْلِ

ان کی ازواج مطہرات یعنی مومنین کی ماؤں پر اور ان کے عزیزوں پر

بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَ اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اور اہل بیت پر درود بھیج جیسا کہ تو نے درود بھیجا حضرت ابراہیم علیہ السلام وان کی آل پر

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○

بے شک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے

71 دُرُودِ طیّب

گناہوں سے پاکیزگی حاصل کرنے کیلئے درود طیب بہت ہی مؤثر ہے۔ اگر کسی کی زندگی گناہوں اور برائیوں میں گزر گئی ہو تو جس وقت بھی احساس ندامت ہو اس درود پاک کو کثرت سے پڑھے۔ انشاء اللہ گناہوں کی بخشش ہو جائے گی اور اس طرح ہو جائے گا جیسے ماں کے پیٹ سے آج ہی پیدا ہوا ہے۔ بقیہ زندگی نیکیوں کی طرف مائل رہے گی۔ کیونکہ درود طیب پڑھنے سے زندگی میں نبی کریم ﷺ کی تائید اور توجہ شامل ہو جاتی ہے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا شَفِيْعَ الْمُذْنِبِيْنَ سَيِّدَنَا

اللہ کی صلوٰۃ ہو آپ پر اے گنہگاروں کی شفاعت کرنے والے ہمارے سردار

وَمَوْلٰنَا اَحْمَدَ الْمُجْتَبٰی مُحَمَّدَنِ الْمُصْطَفٰی وَ

اور آقا احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ اور

عَلٰی اٰلِكَ وَاَصْحَابِكَ وَاَزْوَاجِكَ وَاَحْبَابِكَ وَ ذُرِّيَّاتِكَ

آپ کی آل پر اور آپ کے صحابہ پر اور آپ کی ازواج پر اور آپ کے احباب پر

وَاَهْلِ بَيْتِكَ وَاَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ ○

اور آپ کے رشتہ داروں پر اور آپ کے اہل بیت پر اور تمام آپ کی اطاعت کرنے والوں پر

دُرُودِ بشارت (72)

اس درود پاک کی برکت سے گم شدہ چیز مل جاتی ہے۔ کوئی شخص کسی ویرانہ یا غیر ملک میں بے یارو مددگار ہو جائے تو اسے چاہیے کہ یہ درود شریف پڑھے انشاء اللہ جو بھی مشکل ہوگی حل ہو جائے گی۔ مردہ شخص کی روح کو بھی بخشا جائے تو اس کی قبر روشن ہو جائے گی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَمَا

اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا اور مولا محمد ﷺ پر بشمار اس کے جو ہو چکا

كَانَ وَ مَا يَكُوْنُ وَ عَدَدَ مَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ

جو ہو رہا ہے اور جو ہوگا اور بشمار ان چیزوں کے کہ تاریک ہوئی ان پر رات

وَاَضَآءَ عَلَيْهِ النَّهَارُo

اور روشن ہوا ان پر دن

73 صلوٰۃ الرؤف الرحیم

یہ درود پاک بزرگ ترین الفاظ سے ہے اسے بکثرت پڑھنا چاہیے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
الرَّؤُوْفِ الرَّحِيْمِ ذِى الْخُلُقِ الْعَظِيْمِ وَ عَلٰٓى اٰلِهٖ وَ
اَصْحَابِهٖ وَ اَزْوَاجِهٖ فِىْ كُلِّ لَحْظَةٍ
عَدَدَ كُلِّ حَادِثٍ وَّ قَدِيْمٍo

۷۴ دُرُودِ افضل

علامہ سخاوی نے اپنی کتاب القول البدیع میں ایک روایت ذکر کی ہے کہ ایک دفعہ حضور اکرم ﷺ نے اپنی زوجہ محترمہ ام المومنین حضرت جویریہ بنت الحارث رضی اللہ عنہا کو فرمایا کہ اگر کوئی شخص یہ حلف اٹھائے کہ میں حضور ﷺ پر افضل ترین درود بھیجوں گا تو اسے چاہیے کہ یہ درود شریف پڑھے، اس پر ہمیشہ اللہ کی رحمت رہے گی اور ہر مشکل آسان ہو جائے گی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ عَبْدِ كَ وَ

اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ پر

نَبِیِّكَ وَ رَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰٓی اٰلِهٖ وَ

جو تیرا بندہ اور تیرا نبی اور تیرا رسول نبی امی ہے اور آپ کی آل پر اور

اَزْوَاجِهٖ وَ ذُرِّیّٰتِهٖ وَ سَلِّمْ عَدَدَ

آپ کی ازواج پر آپ کے رشتہ داروں پر اور خلقت کی تعداد

خَلْقِكَ وَ رِضَآءَ نَفْسِكَ وَ زِنَةَ عَرْشِكَ

کے برابر اور اپنی ذات کی رضا کے مطابق اور اپنے عرش کے وزن کے

وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ ط

مطابق اور کلموں کی سیاہی کے مطابق سلام بھیج

75 دُرودِ مدنی

یہ درود پاک افلاس اور غربت کو دور کرتا ہے۔ اہل وعیال کو تنگ دستی اور فاقہ کشی سے نجات دلاتا ہے۔ غم اور پریشانی دور ہوگی۔ اس درود پاک میں ازواج مطہرات اور آپ ﷺ کی آل کا ذکر ہے اس لیے اسے درود مدنی کہتے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ! درود وسلام بھیج اور برکتیں نازل فرما ہمارے آقا محمد ﷺ پر

النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ اَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ

جو نبی امی ہیں اور آپ کی ازواج پر جو مسلمانوں کی مائیں ہیں اور

ذُرِّيَّتِهٖ صَلٰوةً وَّ سَلَامًا لَّا يُحْصٰى

ان کی اولاد اور ان کے اہل بیت پر ایسا درود وسلام کہ نہ شمار کیا

عَدَدُ هُمَا وَ لَا يُقْطَعُ مَدَدُ هُمَا ○

جا سکے ان کا عدد اور نہ ختم ہو ان کی زیادتی

دُرُودِ مکین 76

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ جو چاہے کہ وہ حضور اکرم ﷺ کے حوض سے لبالب پیالہ بھر کر پیئے اسے چاہیے کہ یہ درود شریف پڑھے۔ اس درود پاک کو روزانہ گھر میں پڑھنے سے گھر میں خوشحالی اور سکون رہتا ہے۔ اگر بیوی، اولاد اور رشتہ دار کسی مسئلے پر تنگ کرتے ہوں تو اس درود پاک کو پڑھنے سے مخالفت ختم ہو جائے گی ماحول موافق ہو جائے گا۔ مخالفت کی صورت میں 111 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ وَ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل

اَصْحَابِهٖ وَ اَوْلَادِهٖ وَ اَزْوَاجِهٖ وَ ذُرِّيَّتِهٖ وَ اَهْلِ

اور اصحاب اور اولاد اور آپ کی ازواج اور اولاد

بَيْتِهٖ وَاَصْهَارِهٖ وَ اَنْصَارِهٖ وَ اَشْيَاعِهٖ وَ مُحِبِّيْهِ وَ

اہل بیت پر، آپ کے سسرال اور انصار پر اور آپ کے فرمانبرداروں، محبت کرنے

اُمَّتِهٖ وَ عَلَيْنَا مَعَهُمْ اَجْمَعِيْنَ يَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

والوں پر اور آپ کی ساری امت پر اور ہم پر بھی ان تمام کے ساتھ یا ارحم الراحمین

77 دُرُودِ دافعِ شرِّ اعداء

اس درود پاک کے پڑھنے سے انسان دشمنوں کے شر سے محفوظ رہتا ہے۔ اگر کوئی شخص دشمن کی دشمنی سے بہت تنگ آ گیا ہو اور اس کی طرف سے اذیتوں اور پریشانیوں میں مبتلا ہو تو اسے چاہیے کہ یہ درود شریف بعد نماز عشاء کثرت سے پڑھے انشاء اللہ دشمنوں سے نجات ملے گی۔ روزانہ ۱۰۰ مرتبہ پڑھنا حاجت روائی کیلئے بہتر ہے۔

يَا مُذِلَّ كُلِّ جَبَّارٍ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ

اے ذلیل کرنے والے ہر زبردست معاند کے درود بھیج ہمارے آقا و مولیٰ

مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ

محمد ﷺ پر اور ان کی آل و اصحاب پر اور برکت و سلام

اَللّٰھُمَّ اقْھَرْ بِھَا عَلٰی اَعْدَآئِنَا وَ اَلْزِمْھُمْ

اور میرے دشمنوں پر اس درود سے قہر فرما اور ان کی طرف جلدی

وَ عَجِّلْ اِلَیْھِمْ مَا قَصَدُوْنِیْ بِہٖ فِیْٓ اَمْوَالِھِمْ

پہنچا دے وہ چیز جو وہ میرے لیے چاہ رہے ہیں ان کے مال

وَ عِزَّتِھِمْ وَ اَمْلَاکِھِمْ وَ اَنْفُسِھِمْ ○

اور عزت اور ان کی جانوں میں اور وہ ان پر لازم کر دے

78 دُرُودِ خمسہ

یہ درود پاک امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے معمولات میں شامل تھا۔ ہر قسم کی مشکلات سے امن و امان میں رہنے اور باعزت زندگی گزارنے کیلئے بہت اعلیٰ اور مؤثر ہے۔ روزانہ ہر نماز کے بعد تین تین مرتبہ پڑھنا قبر میں سوال و جواب میں آسانی، راحت اور مغفرت کا سبب بنے گا۔ ہر مہم میں کامیابی اور حاجات کیلئے روزانہ بعد نماز عشاء 100 مرتبہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَ دِ مَنْ صَلّٰی

اے اللہ محمد ﷺ پر اس تعداد میں صلوۃ بھیج جتنی کہ بھیجی

عَلَیْہِ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَ

گئی ہے اور محمد ﷺ پر اپنی چاہت اور

تَرْضٰی اَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْہِ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

رضا کے مطابق رحمت نازل کر جیسا کہ تو نے نازل کی ہے اور محمد ﷺ پر

کَمَآ اَمَرْتَنَا بِا لصَّلٰوۃِ عَلَیْہِ وَ صَلِّ عَلٰی

رحمت نازل فرما جیسا کہ تو نے ہمیں ان پر درود بھیجنے کا حکم دیا ہے اور محمد ﷺ

مُحَمَّدٍ کَمَا تَنْبَغِی الصَّلٰوۃُ عَلَیْہِ ط

پر درود بھیج جیسا کہ ان پر درود بھیجنے کا حق ہے

79 دُرُودِ سیّدی محمد الشناوی رحمۃ اللہ علیہ

یہ درود شریف سیدی محمد الشناوی شیخ قطب شعرانی کا ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِہٖ وَ
صَحْبِہٖ وَسَلِّمْ صَلٰوۃً اَدْخُلُ بِھَا رِیَاضَ الْمَطَالِبِ
وَ اَجْنِیْ ثَمَرَ الْمَوَاھِبِ وَ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ شَمْسِ اٰفَاقِ اَھْلِ مَوَدَّتِكَ وَ مَجْلٰی عَرَآئِسِ
مَشَاھِدِ اَحَدِیَّتِكَ وَ مَشْھَدِ اَنْوَارِ اَسْرَارِ تَجَلِّیَاتِكَ
وَ مَظْھَرِ اعْتِزَازِ عِزَّتِكَ ○

80 صلوٰۃِ کمالیہ

سیدی احمد الصاوی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے کہ یہ اہل طریقت کے الفاظ ہیں جو صلوٰۃ کمالیہ کے نام سے مشہور ہے۔ اس کے ثواب کی کوئی انتہا نہیں۔ اس کا ثواب چودہ ہزار درود شریف کے برابر ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِهٖ
عَدَدَ كَمَالِ اللّٰهِ وَ كَمَا یَلِیْقُ بِكَمَالِهٖo

81 دُرُودِ ابن کثیر

حضرت خالد بن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کے وصال کے وقت ان کے سرہانے ایک لکھا ہوا کاغذ ملا جس پر لکھا تھا اے خالد بن کثیر رحمۃ اللہ علیہ تمہیں دوزخ سے نجات ہے۔ گھر والوں سے معلوم کرنے پر پتہ چلا کہ خالد بن کثیر رحمۃ اللہ علیہ ہر جمعرات کو بڑے ادب اور اخلاص کے ساتھ دس ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھتے تھے، اس کے بدلے میں اللہ تعالیٰ نے ان کی بخشش اور مغفرت کی خبر دنیا میں دیدی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمد ﷺ پر جو نبی امی ہیں

الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ وَ عَلٰٓی اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ

جو پاک اور پاک کیے ہوئے ہیں اور ان کی آل پر اور ان کے صحابہ پر

وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ط

اور برکت و سلام بھیج

82 دُرُودِ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ

علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ حضرت علامہ عبداللہ بن حکم رحمۃ اللہ علیہ سے نقل ہے کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کو میں نے خواب میں دیکھا اور پوچھا اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ فرمایا؟ امام صاحب نے کہا کہ میری مغفرت کر دی گئی، میرے لیے جنت دلہن کی طرح سجائی اور مجھ پر ایسی بکھیر کی گئی جیسے دلہن پر کی جاتی ہے اور یہ سب کچھ اس درود کے لکھنے کی برکت سے ملا۔

ایک اور بزرگ ابوالحسن رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کو سرکار دو عالم ﷺ کی بارگاہ سے یہ انعام ملا کہ انشاء اللہ وہ قیامت کے روز بلاحساب جنت میں داخل ہوں گے۔ یہ درود شریف بھی سیدنا امام شافعی کا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ

اے اللہ محمد ﷺ پر تمام ذکر کرنے والوں کے ذکر جتنا

وَكُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ ○

اور ذکر سے غافل رہنے والوں کے برابر درود بھیج

83 شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کا دُرُود

حضرت شیخ المشائخ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میرے والد بزرگوار نے ان الفاظ کے ساتھ درود شریف پڑھنے کا حکم دیا۔ میں نے خواب میں حضور پر نور آقائے دو جہاں ﷺ کی خدمت میں پڑھا' تو حضور اکرم ﷺ نے پسند فرمایا۔ درود شریف کے الفاظ ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

وَاٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ط

84 منہ کی بدبو دور کرنے کیلئے

منہ کی بدبو بودار چیزیں کھانے سے ہو جاتی ہے۔ وہ ایک درود پاک پڑھنے کی برکت سے دور ہو جائے گی مگر شرط یہ ہے کہ ایک ہی سانس میں گیارہ مرتبہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الطَّاھِرِ ○

85 دُرُودِ حُصولِ رحمت

جو شخص اس درد پاک کو روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے اللہ اس سے راضی ہوگا اور اسے نعمتوں سے مالا مال کردے گا۔ فیوض و برکات کے لحاظ سے بہت اکسیر ہے۔ سرکار دو عالم ﷺ سے ایک خاص تعلق اور واسطہ پیدا ہو جائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ صَلٰوۃً دَآئِمًا وَّ سَلِّمْ سَلَامًا اَبَدًا

اے اللہ ابدی درود بھیج اور ابدی سلام بھیج اپنے حبیب اور

عَلٰی حَبِیْبِكَ وَ نَبِیِّكَ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ

اپنے نبی پر اور ان کی آل پر اور ان کے تمام صحابہ پر

فَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ○

پس تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے۔

86 دُرُودِ نقشبندیہ

یہ درود پاک سلسلہ نقشبندیہ کے معمولات میں رہا ہے۔ اس سے بے شمار روحانی فیوض و برکات حاصل ہوتے ہیں۔ روزانہ بعد نماز فجر 11 مرتبہ پڑھنا نفس کی شرارت اور شیطان سے محفوظ رکھتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی

اے اللہ ہم تجھ سے التجا کرتے ہیں کہ ہمارے سردار

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نِّبْرَاسِ الْاَنْبِیَآءِ وَ

انبیاء کے چراغ محمد ﷺ پر اور

نَیِّرِ الْاَوْلِیَآءِ وَزَبْرِقَانِ الْاَصْفِیَآءِ وَ

اولیاء کے آفتاب اور برگزیدہ بندوں کے ماہ درخشاں اور

نُوْرِ الثَّقَلَیْنِ وَضِیَآءِ الْخَافِقَیْنِ ○

ثقلین کے نور اور مشرق و مغرب کی ضیاء حضرت محمد ﷺ پر درود بھیج

۸۷ دُرُودِ مکرّم

یہ درود پاک بے شمار فوائد کا حامل ہے۔ اسرار و رموز ظاہر ہوں گے اور سچے خواب آئیں گے۔ عزت حاصل ہوگی اللہ راضی ہوگا۔ حج بیت اللہ اور مقامات مقدسہ کی زیارت نصیب ہوگی۔ گھر میں خیر و برکت ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِہٖ بَحْرِ

اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر جو تیرے

اَنْوَارِكَ وَ مَعْدِنِ اَسْرَارِكَ وَ لِسَانِ حُجَّتِكَ وَ

انوار کا سمندر ہیں اور تیرے اسرار کی کان ہیں جو تیری توحید کی دلیل کی زبان

عَرُوْسِ مَمْلَكَتِكَ وَ اِمَامِ حَضْرَتِكَ وَ خَاتَمِ

ہیں اور تیری مملکت کے دولہا ہیں اور تیری بارگاہ عزت کے امام ہیں اور تیرے انبیاء

اَنْبِیَآئِكَ صَلٰوۃً تَدُوْمُ بِدَوَامِكَ وَ تَبْقٰی بِبَقَآئِكَ

کے خاتم ہیں ایسا درود جو ہمیشہ رہے تیرے دوام تک اور باقی رہے تیری بقا تک

صَلٰوۃً تُرْضِیْكَ وَ تُرْضِیْہِ وَتَرْضٰی بِھَا عَنَّا یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ○

ایسا درود جو راضی کر دے تجھ کو اور راضی کر دے حضور کو اور راضی ہو جائے تو اس کی برکت سے ہم سے، یا ارحم الراحمین

اَللّٰھُمَّ رَبَّ الْحِلِّ وَ الْحَرَامِ وَ رَبَّ الْمَشْعَرِ

اے اللہ اے مالک حل وحرام اور مالک مشعر

الْحَرَامِ وَرَبَّ الْبَیْتِ الْحَرَامِ وَرَبَّ الرُّکْنِ وَ الْمَقَامِ

حرام کے اور مالک بیت الحرام کے اور مالک رکن اور مقام کے

اَبْلِغْ لِسَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ مِّنَّا السَّلَامَ○

پہنچا ہمارے آقا اور مولا محمد ﷺ کو ہماری طرف سے سلام

88 دُرُودِ بلندیٔ درجات

یہ درود پاک بلندی درجات کا بہترین ذریعہ ہے۔اس پر انتہائی خاص رحمت نازل ہوتی ہے اور ہر کام آسان ہو جاتا ہے۔روزانہ ۱۱ مرتبہ پڑھنے سے کام آسان ہو جاتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اے اللہ درود وسلام بھیج اور برکتیں نازل فرما ہمارے آقا محمد ﷺ اور

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَکْرَمِ خَلْقِكَ وَ سِرَاجِ اُفُقِكَ

ہمارے آقا محمد ﷺ کی آل پر جو تیری سب مخلوق سے معزز ہیں اور تیرے افق کے آفتاب

وَ اَفْضَلِ قَآئِمٍ بِحَقِّكَ الْمَبْعُوْثِ بِتَیْسِیْرِكَ وَ

ہیں اور تیرے حق کے قائم کرنے والوں سے افضل ہیں اور بھیجے گئے ہیں آسانی اور

رِفْقِكَ صَلٰوةً یَّتَوَالٰی تَکْرَارُھَا وَ تَلُوْحُ عَلَی

نرمی کے ساتھ ایسا درود جو پے در پے دہرایا جاتا رہے اور چمکیں سب مخلوق پر

الْاَکْوَانِ اَنْوَارُھَاo

اس کے انوار

89 دُرُود حفاظت

جو شخص عبادت الٰہی میں مشغول ہوتا ہے اس درود پاک کی برکت سے وہ فتنے سے اللہ کی حفاظت میں آجاتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

اے اللہ! درود بھیج حضرت محمد ﷺ اور ہمارے آقا کی اولاد پر

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَآ اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ وَ جَرٰى بِهٖ

بشمار اس کے جس کو تیرے علم نے احاطہ کیا ہے اور بشمار اس کے کہ تیرے

قَلَمُكَ وَ سَبَقَتْ بِهٖ مَشِيَّتُكَ وَ صَلَّتْ عَلَيْهِ

قلم نے لکھا ہے اور بشمار اس کے کہ پہلے اس کے پہلے ہو چکا ہے ساتھ اس کے ارادہ تیرا اور بشمار اس کے

مَلٰٓئِكَتُكَ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِكَ بَاقِيَةً

درود بھیجا ہے آنحضرت پر تیرے فرشتوں نے ایسا درود جو ہمیشہ رہنے والا ہے تیرے دوام کے ساتھ باقی رہنے والا

بِفَضْلِكَ وَ اِحْسَانِكَ اِلٰٓى اَبَدِ الْاٰبَادِ اَبَدًا لَّا

ہے تیرے فضل و احسان سے ابدالاباد تک کہ جس کی

نِهَايَةَ لِاَبَدِيَّتِهٖ وَ لَا فَنَآءَ لِدَيْمُوْمَتِهٖ ○

نہایت کی کوئی حد نہیں اور جس کے دوام کو فنا نہیں

90 دُرُودِ وسیلہ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا جب تم مجھ پر درود پڑھا کرو تو میرے لیے وسیلہ بھی مانگا کرو۔ وسیلہ جنت کا اعلیٰ درجہ یعنی مقام محمود ہے۔ اس

درود پاک میں مقام محمود کا ذکر ہے۔ جو شخص اس درود شریف کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے حضور کی شفاعت کا وسیلہ عطا کرے گا۔ درجات بلند ہوں گے اور رضائے الٰہی حاصل ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَآ اَحَاطَ

اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا محمد ﷺ پر بشمار اس کے کہ احاطہ کیا ہے اس

بِہٖ عِلْمُکَ وَاَحْصَاہُ کِتَابُکَ صَلٰوۃً تَکُوْنُ لَکَ

کا تیرے علم نے اور شمار کیا ہے اس کو تیری کتاب نے ایسا درود جو تیری رضا کا

رِضًا وَّلِحَقِّہٖ اَدَآءً وَّاَعْطِہِ الْوَسِیْلَۃَ وَ الْفَضِیْلَۃَ

باعث ہو اور آپ کے حق کو ادا کر دے اور عطا فرما آپ کو وسیلہ اور بزرگی

وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ وَ ابْعَثْہُ اللّٰھُمَّ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ

اور درجہ بلند اور فائز فرما آپ کو اے اللہ مقام محمود پر جس کا تو نے ان

الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ وَ اجْزِہٖ عَنَّا مَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَ عَلٰی

سے وعدہ کیا ہے اور جزا دے آپ کو ہماری طرف سے جس جزا کے آپ لائق ہیں اور آپ کے

جَمِیْعِ اِخْوَانِہٖ مِنَ النَّبِیّٖنَ وَ الصِّدِّیْقِیْنَ وَ

تمام بھائیوں یعنی انبیاء پر اور صدیقین،

الشُّهَدَآءِ وَ الصَّالِحِيْنَ ○

شہیدوں اور صالحین پر

﴿91﴾ دُرُودِ عالی قدر

یہ عالی قدر صلوٰۃ شیخ صاوی رحمۃ اللہ علیہ نے امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ سے اپنی کتاب میں نقل کیا ہے، جو شخص ہر جمعہ کی رات کو خواہ ایک ہی بار پڑھنا اپنے اوپر لازم قرار دے گا تو موت کے وقت سرکار دو عالم ﷺ تشریف لائیں گے اور قبر میں داخل ہوتے وقت بھی، یہاں تک کہ وہ دیکھے گا کہ نبی کریم ﷺ ہی اسے لحد میں اتار رہے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْحَبِيْبِ الْعَالِى الْقَدْرِ الْعَظِيْمِ الْجَاهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ سَلِّمْ ط

92 درود پاک سیّد المرسلین ﷺ

روایت میں مذکور ہے کہ سرکار مدینہ سرور قلب وسینہ ﷺ نے بھی یہ درود پاک پڑھا ہے اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو بھی پڑھنے کی تلقین فرمائی ہے۔ اس درود پاک کو صبح وشام پڑھنے والا بے پناہ ثواب پائے گا اور سعادت دارین حاصل کرے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ

اے اللہ اپنے برگزیدہ بندے اور اپنے رسول نبی امی سیدنا

النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

محمد ﷺ اور آپ کی اولاد پر درود نازل فرما اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر

مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکُوْنُ لَكَ

اور سیدنا محمد ﷺ کی اولاد پر ایسا درود نازل فرما جو

رِضًا وَّ لَہٗ جَزَآءً وَّ لِحَقِّہٖ اَدَآءً وَّ اَعْطِہِ

تیری رضا کا ذریعہ ہو اور حضور کیلئے پورا بدلہ ہو اور آپ کے حق کی

الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ

ادائیگی ہو اور آپ کو وسیلہ اور فضیلت اور مقام محمود عطا فرما

الَّذِیْ وَ عَدْتَّهٗ وَ اجْزِهٖ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ

وعدہ کیا ہے جس کا تو نے ان سے اور حضور ﷺ

وَاجْزِهٖۤ اَفْضَلَ مَا جَازَیْتَ نَبِیًّا عَنْ قَوْمِهٖ

کو ہماری طرف سے ایسی جزا عطا فرما جو آپ کی شان عالی کے لائق

وَ رَسُوْلاً عَنْ اُمَّتِهٖ ط وَصَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ اِخْوَانِهٖ مِنَ

ہو اور آپ کو ان سب سے افضل بدلہ عطا فرما جو تو نے کسی نبی کو اس کی قوم کی طرف سے اور کسی رسول کو اس

النَّبِیّٖنَ وَ الصّٰلِحِیْنَ یَآاَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ○

کی امت کی طرف سے عطا فرمایا اور حضور کے تمام برادران انبیاء وصالحین پر درود نازل فرما اے ارحم الراحمین

دُرُودِ شریف الشفاء 93

گیارہ بار پڑھ کر جس مریض پر دم کریں شفا ہوگی۔ مریض کتنا ہی شدید بیمار کیوں نہ ہو روحانی، جسمانی، قلبی، عقلی، لاعلاج امراض کیلئے تجربہ شدہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ

الْقُلُوْبِ وَ دَوَآئِهَا وَ عَافِیَةِ الْاَبْدَانِ وَ شِفَآئِهَا وَ نُوْرِ

اَلْاَبْصَارِ وَ ضِيَآئِهَا وَ اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ دَآئِمًا اَبَدًا اَبَدًا

94 دُرُود حضوری

حضور پرنور آقائے دو جہاں ﷺ کی عالم روحانیت میں ایک مجلس لگتی ہے۔ اس مجلس میں صحابہ کرام اور اولیاء عظام کی ارواح حاضر ہوتی ہیں۔ ظاہری حیات میں صرف ان اولیاء اللہ کو یہ مقام ملتا ہے جن کو مقام حضوری ملتا ہے جسے حاصل کرنے کیلئے یہ درود پاک بڑا اکسیر ہے۔

حضرت شیخ عبداللہ بن نعمان رحمۃ اللہ علیہ نے سرکار دو عالم ﷺ کو خواب میں دیکھا تو عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میں کونسا درود پڑھوں جو آپ کو سب سے زیادہ پسند ہو تو حضور ﷺ نے فرمایا یہ درود پڑھا کرو۔ پھر حضرت شیخ بقیہ ساری زندگی یہی درود پڑھتے رہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ مَلَأْتَ

اے اللہ حضرت محمد ﷺ پر ایسا درود بھیج کہ جس سے ان کا دل تیرے

قَلْبَهٗ مِنْ جَلَالِكَ وَ عَيْنَهٗ مِنْ جَمَالِكَ

جلال اور ان کی آنکھیں تیرے جمال میں تر رہیں پھر سرور تائید

فَاَصْبَحَ فَرِحًا مَّسْرُوْرًا مُّؤَيَّدًا مَّنْصُوْرًا وَّ عَلٰٓى

اور فتح سے اور آپ کی آل پر اور

اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا ○

آپ کے صحابہ پر سلامتی نازل فرما۔

دُرُودِ نجات 95

اس درود پاک کے پڑھنے سے وباؤں سے نجات ملتی ہے۔ اگر کسی مقام پر کوئی ایسی لاعلاج وبا پھیل گئی ہو تو اس درود شریف کو کثرت سے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ سرکار دو عالم ﷺ کے وسیلہ جلیلہ سے اس وبا کو ختم کر دے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ

اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار محمد ﷺ اور ہمارے سردار محمد ﷺ کی آل پر

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ دَآءٍ وَّدَوَآءٍ وَّ بِعَدَدِ

مطابق تمام بیماریوں کی دوا کے اور تمام علت و شفاء

كُلِّ عِلَّةٍ وَّ شِفَآءٍ ط

کی تعداد کے مطابق

96 دُرُود العاشقین

جس نے حضور ﷺ سے محبت کی، اس نے اللہ سے محبت کی۔ حضور ﷺ کا عشق اللہ کا عشق ہے۔ جس نے حضور اکرم ﷺ کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی حضور ﷺ سے عشق کرنے کا آسان طریقہ درود العاشقین کا کثرت سے ورد ہے۔ یہ درود پاک عاشقوں کی معراج ہے، پڑھنے والا عاشق بامراد اور عاشق صادق ہوتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَحْبُوْبِنَا

اے اللہ درود اور سلام بھیج ہمارے سردار اور ہمارے محبوب

وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

اور ہمارے والی محمد ﷺ بن عبداللہ بن عبدالمطلب

الْھَا شِمِیِّ الْقُرَشِیِّ الزَّکِیِّ الْمَدَنِیِّ الْعَرَبِیِّ وَ

ہاشمی قریشی پاک مدنی عربی پر اور

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا وَ حَبِیْبِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ

آپ کی آل پر اور ہمارے حبیب محمد بن عبداللہ

ابْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْحِجَازِيِّ

بن عبدالمطلب امی نبی حجازی

الْحَرَمِيِّ بِقَدْرِ حُسْنِهٖ وَ جَمَالِهٖ ۔

حرمی پر آپ کے حسن و جمال کے مطابق

97- دُرُود نعم البدل صدقہ

حدیث شریف میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی وغضب کو صدقے کے علاوہ کوئی چیز ٹھنڈا نہیں کرسکتی۔ اگر کوئی شخص صدقہ دینے کی طاقت نہ رکھتا ہو تو اپنی دعا میں یہ درود شریف پڑھے اللہ اسے صدقے کا بھی اجر عطا فرمائے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ وَ

اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد پر جو تیرے بندے اور رسول ہیں اور

صَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ وَ

درود نازل فرما سارے مومنین اور مومنات اور

الْمُسْلِمِيْنَ وَ الْمُسْلِمَاتِ ○

مسلمین اور مسلمات پر

98 دُرُود نُور القیامیہ

یہ درود پاک اللہ تعالیٰ کی رضا اور قرب کا ذریعہ ہے۔ پڑھنے والا اللہ کا دوست بن جاتا ہے اور زیادہ رحمت حاصل کرنے کا حقدار ہو جاتا ہے۔ اعمال پاکیزہ ہو جاتے ہیں اور دل روشن ہو جائے گا آخر وصل رسول ﷺ کا مقام حاصل ہوگا۔ حضرت سید احمد الصاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس درود کو میں نے پتھر پر قدرت کے خط سے لکھا ہوا دیکھا ہے اور یہ صلوٰۃ نور القیامیہ ہے اس کا یہ نام اس لیے رکھا گیا ہے کہ اس کے پڑھنے والے کو بکثرت نور حاصل ہوتا ہے۔ ثواب چودہ ہزار درود شریف کے برابر ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَحْرِ اَنْوَارِكَ وَ مَعْدِنِ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمد ﷺ پر جو سمندر ہیں تیرے انوار کا جو کان ہیں تیرے

اَسْرَارِكَ وَلِسَانِ حُجَّتِكَ وَ عَرُوْسِ مَمْلُكَتِكَ وَ اِمَامِ

اسرار کی اور جو زبان ہیں تیری روشن دلیل کی اور جو دولہا ہیں تیری مملکت کے اور جو امام ہیں

حَضْرَتِكَ وَطَرَازِ مُلْكِكَ وَخَزَآئِنِ رَحْمَتِكَ وَ طَرِيْقِ

تیری بارگاہ کے اور جو زینت ہیں تیرے ملک کی اور خزانے ہیں تیری رحمت کے اور جو راستہ

شَرِيْعَتِكَ الْمُتَلَذِّذِ بِتَوْحِيْدِكَ اِنْسَانِ عَيْنِ الْوُجُوْدِ

ہیں تیری شریعت کا اور جو لذت پانے والے ہیں تیری توحید سے جو پتلی ہیں وجود کی آنکھ کی

وَالسَّبَبِ فِيْ كُلِّ مَوْجُوْدٍ عَيْنِ اَعْيَانِ خَلْقِكَ

اور جو سبب ہیں ہر موجود کے اور جو آنکھ ہیں تیری مخلوق کے برگزیدوں کے

الْمُتَقَدِّمِ مِنْ نُّوْرِ ضِيَآئِكَ صَلٰوةً تَدُوْمُ بِدَوَامِكَ

اور پہلے ظاہر ہونے والے ہیں تیری ذات کی تجلی کے نور سے ایسا درود جو ہمیشہ رہے تیرے

وَتَبْقٰى بِبَقَآئِكَ لَا مُنْتَهٰى لَهَا دُوْنَ عِلْمِكَ

دوام کے ساتھ اور نہ انتہا ہو اس کی سوا تیرے علم کے

صَلٰوةً تُرْضِيْكَ وَ تُرْضِيْهِ وَ تَرْضٰى بِهَا عَنَّا

ایسا درود کہ خوش کر دے تجھے اور خوش کر دے آپ کو اور خوش ہو جائے تو اس کے سبب ہم سے

يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ○

یارب العالمین

صلوٰۃِ ذاتیہ 99

امام سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ نے سیدنا خضر والیاس علیہما السلام سے روایت کیا۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ ۔

دُرُودِ قلبی 100

یہ درود شریف بارگاہ رب العزت میں بہت مقبول ہے۔ قبولیت دعا کیلئے اسے کثرت سے پڑھے۔ روضہ رسول پر حاضر ہوکر 8 آٹھ دن تک روزانہ یہ درود ۱۱۱ مرتبہ پڑھے اسے سرکار دو عالم ﷺ کا قرب حاصل ہوگا۔ دل روشن ہوتا ہے اور قلب پر انوار کی تجلی ہوتی ہے۔ ہر جگہ کامیابی ہوگی اور دین و دنیا سنور جائے گی۔ اگر بری عادت میں مبتلا ہے اور نہ چھوٹتی ہو تو ۱۱۱ مرتبہ صبح اور ۱۱۱ مرتبہ شام پڑھے انشاء اللہ بری عادت ختم ہو جائے گی آخرت میں شفاعت نصیب ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ سَيِّدِنَا وَ

یا الٰہی شفیع المذنبین ہمارے سردار اور

مَوْلٰنَا وَ مُرْشِدِنَا وَ رَاحَةِ قُلُوْبِنَا وَطَبِيْبِ

مولیٰ اور ہمارے مرشد اور ہمارے دلوں کی راحت اور

ظَاهِرِنَا وَ بَاطِنِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ

ہمیں ظاہر اور باطن میں پاکیزہ کرنے والے محمد ﷺ پر اور ان کی آل پر اور ان

وَاَزْوَاجِهٖ وَ اَهْلِ بَيْتِهٖ وَ اَوْلِيَآءِ اُمَّتِهٖ وَ اَهْلِ

کے صحابہ پر اور ان کی ازواج پر اور آپ کے اہل بیت پر اور اولیا امت پر اور

طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ط

تمام اہل اطاعت پر یوم قیامت تک رحمت نازل فرما

دُرُود العابدین 101

یہ درود شریف سلسلہ قادریہ کے مشہور بزرگ حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ کا وظیفہ خاص ہے۔ جو شخص یہ درود شریف کثرت سے پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اسے دنیا اور آخرت میں اپنی خاص رحمت سے مالا مال کر دیتا ہے۔ ہر حاجت پوری ہوگی اور حسب منشا کام ہو جائے گا روحانی درجات میں بلندی ہوگی اور ہر مقصد میں کامیابی ہوگی۔ کسی خاص حاجت کیلئے ۴۱ روز تک ۱۱ مرتبہ پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ مِّلْأَ

اے اللہ حضرت محمد ﷺ اور ان کی آل پر اتنی رحمت نازل کر کہ دنیا

اَلدُّنْیَا وَ مِلْأَ الْاٰخِرَةِ وَ ارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّ اٰلَ مُحَمَّدٍ

اور آخرت بھر جائے اور محمد ﷺ اور ان کی آل کو اتنی

مِّلْأَ الدُّنْیَا وَ مِلْأَ الْاٰخِرَةِ وَاجْزِ مُحَمَّدًا

جزا دے کہ اس سے دنیا اور آخرت بھر جائے اور محمد ﷺ

وَّ اٰلَ مُحَمَّدٍ مِّلْأَ الدُّنْیَا وَ مِلْأَ الْاٰخِرَةِ وَ

اور ان کی آل پر اتنی

سَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ مِّلْأَ

سلامتی نازل کر کہ دونوں جہاں

الدُّنْیَا وَ مِلْأَ الْاٰخِرَةِ ط

بھر جائیں

102 دُرُودِ محبت

حدیث میں لکھا ہے کہ یہ درود پاک حضور ﷺ کی محبت کا باعث بنتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ اَبَدًا اَفْضَلَ صَلٰوتِكَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

عَبْدِكَ وَ نَبِيِّكَ وَ رَسُوْلِكَ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَّ سَلِّمْ تَسْلِيْمًا
وَّ زِدْهُ تَشْرِيْفًا وَّ تَكْرِيْمًا وَّ اَنْزِلْهُ الْمَنْزِلَ الْمُقَرَّبَ
عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ط

103 دُرُود الفاتح

مولانا ابوالمقارب شیخ شمس الدین بن ابوالحسن البکری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ درود شریف سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے معمول میں تھا۔ اس درود پاک کی بدولت اللہ تعالیٰ نے آپ کو صدیق کا درجہ عطا فرمایا۔ اس سے ہر بند چیز کھل جاتی ہے اور ہر کام میں فتح حاصل ہوتی ہے اور اس درود کا ایک مرتبہ پڑھنا دس ہزار مرتبہ پڑھنے کے برابر ہے۔

شیخ المشائخ حضرت محمد بکری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں صدق دل سے ایک مرتبہ پڑھنا آخرت میں دوزخ کی آگ سے نجات دلا سکتا ہے اس درود پاک کی بدولت اولاد کی اولاد کو بھی برکت ملتی ہے۔

حضرت سید احمد دحلان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہ درود شریف حضور غوث اعظم شیخ سیدنا عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو پسند تھا' اور یہ ان کا خاص درود تھا' اس کے پڑھنے سے نور کے پردے کھلتے ہیں اور وہ نور پیدا ہوتا ہے کہ جس کی قدر دانی اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں کر سکتا۔

بزرگان دین فرماتے ہیں کہ یہ درود شریف کرامات کا موتی ہے اس کے پڑھنے سے سرکار دوعالم ﷺ کی زیارت نصیب ہوتی ہے روزانہ 100 مرتبہ پڑھنا چاہیے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

اے اللہ درود اور سلام اور برکت بھیج ہمارے سردار محمد ﷺ پر

الْفَاتِحِ لِمَا اُغْلِقَ وَ الْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ وَ

جو ہر بند چیز کو کھولنے والے ہیں اور آپ سابقہ کی انتہا ہیں اور

النَّاصِرِ الْحَقِّ بِالْحَقِّ وَ الْهَادِیْ اِلٰى صِرَاطِكَ

آپ حق کی حق کے ساتھ مدد کرنے والے ہیں اور آپ صراط

الْمُسْتَقِيْمِ ط صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ

مستقیم کی ہدایت کرنے والے ہیں اے اللہ ان پر اور ان کی آل پر اور ان کے صحابہ پر

حَقَّ قَدْرِهٖ وَ مِقْدَارِهِ الْعَظِيْمِ ○

عظیم قدر و منزلت کے مطابق درود بھیج

104 دُرُودِ اعزاز

سعادت دارین میں ہے کہ شریف نعمانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں : میں نے خواب میں دیکھا کہ سرکار دو عالم ﷺ کی محفل پاک میں جب محمد حنفی رحمۃ اللہ علیہ حاضر ہوئے تو سرکار ﷺ نے انہیں اپنے پاس بٹھالیا اور فرمایا میں اس سے محبت کرتا ہوں کیونکہ یہ مجھ پر خلوت میں مغرب کے بعد یہ درود شریف پڑھتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ

اے اللہ محمد امی نبی ﷺ پر

النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَ سَلِّمْ

اور آپ کی آل پر اور آپ کے صحابہ پر درود اور سلام بھیج

عَدَدَ مَا عَلِمْتَ وَ زِنَۃَ مَا عَلِمْتَ

اتنی تعداد میں کہ جس کا شمار اور وزن تیرے

وَ مِلْءَ مَا عَلِمْتَ.

علم کے مطابق ہو۔

105 دُرُودِ تریاقِ امراض

نزہت المجالس میں لکھا ہے کہ بعض صلحاء میں سے ایک صاحب نے عارف باللہ حضرت شیخ شہاب الدین ارسلان رحمۃ اللہ علیہ کو جو بڑے زاہد اور عالم تھے دیکھا اور ان سے اپنے مرض اور تکلیف کی شکایت کی۔ انہوں نے فرمایا تم تریاق مجرب سے کہاں غافل ہو۔ یہ درود پڑھا کرو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ ارواح میں سے سیدنا حضرت محمد ﷺ کی

فِی الْاَرْوَاحِ وَ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی قَلْبِ

روح مبارک پر درود وسلام اور برکت بھیج اور قلوب میں

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ وَ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی

سے سیدنا حضرت محمد ﷺ کے قلب پر درود وسلام بھیج اور

جَسَدِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَ صَلِّ وَ سَلِّمْ

جسموں میں سے سیدنا حضرت محمد ﷺ کے جسم پر درود وسلام

عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ.

بھیج اور قبروں میں سے سیدنا حضرت محمد ﷺ کی قبر پر درود بھیج

106 دُرُود اولی العزم

حضرت یوسف نبہانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ درود پاک چالیس خاص درودوں میں سے ایک ہے حضرت سید ابو عبداللہ محمد بن سلیمان جزولی الشریف الحسینی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جس شخص نے اس درود پاک کو ایک مرتبہ پڑھا تو اس نے مکمل دلائل الخیرات کو ختم کیا دلائل الخیرات میں ہزاروں درود شریف لکھے ہوئے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰدَمَ
وَ نُوْحٍ وَّ اِبْرَاھِیْمَ وَ مُوْسٰی وَ عِیْسٰی وَ مَا بَیْنَھُمْ مِّنَ
النَّبِیِّیْنَ وَ الْمُرْسَلِیْنَ صَلَوَاتُ اللّٰہِ وَ سَلَامُہٗ عَلَیْھِمْ
اَجْمَعِیْنَ.

107 دُرُود فوائدِ کثیرہ

اس درود پاک سے پانچ سعادتیں حاصل ہوتی ہیں۔(1) جو شخص کثرت سے پڑھے اسے

دنیا اور آخرت میں کامیابی ہوگی (2) سوتے وقت ۱۱ مرتبہ پڑھنے سے اتباع سنت اور اطاعت رسول ﷺ کرنے لگے گا۔ (3) کم از کم روزانہ ایک بار پڑھنے سے سرکار دو عالم ﷺ کا قرب اور شفاعت نصیب ہوگی۔ (4) جنت میں جائے گا اور حوض کوثر سے پانی پیئے گا۔ (5) ہر پیر کو 100 مرتبہ پڑھ کر بخشنے پر مرنے والے کی مغفرت ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و مولا محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر اور آپ کی

اٰلِہٖ وَ اَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ عَدَدَ اَنْفَاسِ اُمَّتِہٖ ط اَللّٰھُمَّ بِبَرَکَۃِ

ازواج پر اور آپ کی اولاد پر بشمار آپ کی امت کے سانسوں کے اے اللہ آپ

الصَّلٰوۃِ عَلَیْہِ اجْعَلْنَا بِالصَّلٰوۃِ

پر درود کی برکت سے ہم کو آپ پر درود بھیجنے

عَلَیْہِ مِنَ الْفَآئِزِیْنَ وَ عَلٰی حَوْضِہٖ مِنَ الْوَارِدِیْنَ

میں کامیاب لوگوں میں سے فرما اور آپ کے حوض پر آنے والوں

الشَّارِبِیْنَ. وَ بِسُنَّتِہٖ وَ طَاعَتِہٖ مِنَ الْعَامِلِیْنَ.

اور پینے والوں سے فرما اور آپ کی سنت پر اور اطاعت پر عمل کرنے والوں سے فرما

وَ لَا تَحُلْ بَيْنَنَا وَ بَيْنَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَا رَبَّ

اور ہمارے درمیان اور حضور کے درمیان قیامت کے دن کسی چیز کو حائل نہ کر یارب

الْعَالَمِيْنَ. وَ اغْفِرْلَنَا وَ لِوَالِدَيْنَا وَ لِجَمِيْعِ

العالمین اور بخش دے ہمیں اور ہمارے والدین کو اور تمام

الْمُسْلِمِيْنَ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ.

مسلمانوں کو الحمد للہ رب العالمین

108 دُرُودِ رحمت

حدیث شریف میں ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اس درود پاک کو روزانہ پڑھے یا ہفتے میں ایک مرتبہ یا مہینے میں ایک مرتبہ یا سال میں ایک مرتبہ اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو عمر بھر میں ایک مرتبہ پڑھے تو سرکار دو عالم ﷺ اس شخص کی موت کے بعد اپنے مبارک ہاتھوں سے اسے غسل دیں گے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْحَبِيْبِ
الْعَالِى الْقَدْرِ الْعَظِيْمِ الْجَاهِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ بَارِكْ
وَ سَلِّمْ۔

109 دُرُودِ اعتصام

مدینہ طیبہ میں داخل ہوتے وقت یہ درود پڑھیں۔ مسجد نبوی میں داخل ہو تو اس درود پاک کا ورد کریں۔ روضہ رسول ﷺ پر حاضری کے بعد ریاض الجنت یا قدمین شریفین میں بیٹھ کر اس درود پاک کا ورد کریں انشاء اللہ خواب میں سرکار دو عالم ﷺ کی زیارت ہوگی۔ خیر و برکت ہوگی اور ایمان میں استقامت حاصل ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ درود اور سلام بھیج اور برکتیں نازل فرما ہمارے آقا محمد ﷺ پر

وَّ عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ مَمْدُوْحٍ

اور ہمارے آقا محمد ﷺ کی اولاد پر جو ان سب سے افضل ہیں جن کی

بِقَوْلِكَ وَ اَشْرَفِ دَاعٍ لِّلْاِعْتِصَامِ بِحَبْلِكَ وَ خَاتَمِ

تعریف تو نے اپنے کلام سے کی ہے اور ان سب سے افضل ہیں جس نے

اَنْبِيَآئِكَ وَ رُسُلِكَ صَلٰوةً تُبَلِّغُنَا فِي الدَّارَيْنِ

تیری رسی کو مضبوط پکڑنے کی دعوت دی ہے اور تیرے انبیاء و رسل کے خاتم ہیں

عَمِيْمَ فَضْلِكَ وَ كَرَامَةَ رِضْوَانِكَ وَ وَصْلِكَ.

ایسا درود کہ پہنچا دے ہمیں دونوں جہانوں میں تیرے عام فضل تک اور تیری خوشنودی کی عزت تک اور تیرے وصال تک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ پر جو تیرے بندے، تیرے نبی، تیرے رسول اور نبی اُمّی ہیں

دُرُود ثمرات 110

جو شخص یہ درود شریف پڑھے گا اللہ اسے دنیاوی عظمتوں سے نوازے گا' رزق میں اضافہ ہوگا۔ علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ رشید عطار رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے بیان کرتے ہیں مصر میں ایک بزرگ ابوسعید رحمۃ اللہ علیہ کی مجلس میں کثرت سے جانے لگے۔ لوگوں کو تعجب ہوا۔ دریافت کرنے پر فرمایا کہ مجھے حضور اقدس ﷺ کی خواب میں زیارت نصیب ہوئی اور آپ ﷺ نے حکم فرمایا کہ اپنے رفیق کی مجلس میں جایا کرو۔ اس لیے کہ وہ اپنی مجلس میں مجھ پر کثرت سے درود شریف پڑھتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا و مولا محمد ﷺ پر بشمار جتنے

اَوْرَاقِ الزَّيْتُوْنِ وَ جَمِيْعِ الثِّمَارِ.

زیتون کے پتے ہیں اور جتنے پھل ہیں

۱۱۱ دُرُودِ طالبین

یہ درود پاک توشہ طالبان حق ہے جو رضائے الٰہی کا طالب ہو اسے کثرت سے یہ درود پڑھنا چاہیے اس پر اللہ کا روحانی فضل وکرم ہوگا اور عالم روحانیت میں ترقی پائے گا۔ 41 دن تک روزانہ 70 مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ ہر حاجت پوری ہوگی۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَ رِضَآءَ

درود بھیجے اللہ تعالیٰ ہمارے آقا محمد ﷺ پر بشمار اپنی مخلوق

نَفْسِهٖ وَ زِنَةَ عَرْشِهٖ وَ مِدَادَ كَلِمَاتِهٖ وَ كَمَا هُوَ

کے اور بمقدار اپنی رضا کے اور بوزن اپنے عرش کے اور اپنے کلمات کی سیاہی کے

اَهْلُهٗ وَ كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَ غَفَلَ عَنْ

برابر اور اس طرح جیسے ان کے شایان شان ہے اور جب کہ یاد کریں آپ

ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ وَ عَلٰٓى اَهْلِ بَيْتِهٖ وَ عِتْرَتِهٖ

کو یاد کرنے والے اور غافل رہیں آپ کے ذکر سے غفلت برتنے والے اور آپ

اَلطَّاهِرِيْنَ وَ سَلِّمْ تَسْلِيْمًا.

کے اہل بیت پر اور آپ کی پاک اولاد پر اور سلام بھیجے

112 دُرُودِ زاہدین

یہ درود پاک متقی پرہیز گار اور زاہد حضرات کا ورد رہا ہے۔ اس کے پڑھنے والا زہد و تقوٰی کی راہ پر گامزن رہتا ہے اور خادم سید الکونین ﷺ ہو جاتا ہے سرکار دو عالم ﷺ کی خصوصی توجہ ہو جاتی ہے۔ دنیا و آخرت سنور جاتی ہے بے پناہ عزت و برکت حاصل ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ درود اور سلام بھیج اور برکتیں نازل فرما ہمارے آقا محمد ﷺ پر

وَّ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَكْرَمِ الْكُرَمَآءِ مِنْ

اور ہمارے آقا محمد ﷺ کی آل پر جو تیرے بندوں میں بزرگ ترین لوگوں

عِبَادِكَ وَ اَشْرَفِ الْمُنَادِيْنَ لِطُرُقِ رَشَادِكَ وَ

سے بزرگ تر ہے اور پکارنے والوں میں سے اشرف ہے جو تیری ہدایت کے راستوں

سِرَاجِ اَقْطَارِكَ وَ بِلَادِكَ صَلٰوةً لَّا تَفْنٰى وَ لَا

کی طرف بلاتے ہیں اور تیرے ملکوں اور شہروں کا آفتاب ہے ایسا درود

تَبِيْدُ تُبَلِّغُنَا بِهَا كَرَامَتَهُ الْمَزِيْدِ.

جو نہ فنا ہو اور نہ ختم ہو پہنچا تو ہمیں اس کی برکتوں سے مزید عزتوں تک

113 دُرُودِ حصولِ عزت

یہ درود پاک حصولِ عزت وعظمت کیلئے بہت اکسیر ہے۔ پڑھنے والے کی عزت میں اللہ تعالیٰ اضافہ فرماتا ہے ہر شخص اسے احترام کی نظر سے دیکھتا ہے۔ کہیں بھی جائیں اور اس درود پاک کو پڑھتے رہیں انشاء اللہ حفاظت سے واپس لوٹیں گے۔ مقدمہ اور ملازمت کے دوران کامیابی ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اے اللہ درود وسلام بھیج اور برکتیں نازل فرما ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الرَّفِيْعِ مَقَامُهُ الْوَاجِبِ

ہمارے آقا محمد ﷺ کی آل پر جن کا مقام بہت بلند ہے

تَعْظِیْمُہٗ وَ احْتِرَامُہٗ صَلٰوۃً لَّاتَنْقَطِعُ اَبَدًا وَّ لَاتَفْنٰی

جن کی تعظیم اور احترام فرض ہے ایسا درود جو کبھی منقطع نہ ہو اور کبھی

سَرْمَدًا وَّ لَاتَنْحَصِرُ عَدَدًا۔

فنا نہ ہو اور جسے کوئی شمار نہ کر سکے

114 دُرُودِ حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ

یہ وہ درود شریف ہے جس پر سرکار غوث پاک حضرت سیدنا عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے اوراد و وظائف کو ختم کیا ہے۔ یہ بہت بابرکت درود شریف ہے۔ پڑھنے والے کی غیب سے ہر کام میں مدد ہوتی ہے اور ہر مشکل آسان ہوتی ہے۔ اس کے ایک بار پڑھنے سے دس ہزار درود شریف کا اجر ملتا ہے۔ بزرگان دین اور اولیاء کرام کا فرمان ہے کہ جو شخص اس کو پڑھتا ہے بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں اسے دائمی حضوری حاصل ہو جائے گی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ السَّابِقِ

الٰہی رحمت نازل فرما ہمارے سردار محمد ﷺ پر جن کا نور

لِلْخَلْقِ نُوْرُهٗ وَ رَحْمَةٍ لِّلْعَالَمِيْنَ ظُهُوْرُهٗ

ساری مخلوق سے پہلے پیدا ہوا اور ان کا ظہور تمام کائنات کیلئے رحمت ٹھہرا

عَدَدَ مَنْ مَّضٰى مِنْ خَلْقِكَ وَ مَنْۢ بَقِيَ وَ مَنْ

شمار میں تمام اگلی اور پچھلی تیری مخلوق کے برابر اور ہر

سَعِدَ مِنْهُمْ وَ مَنْ شَقِيَ صَلٰوةً تَسْتَغْرِقُ

ایک نیک بخت اور بد بخت کی گنتی کے برابر ایسا درود جو شمار میں

الْعَدَدَ وَ تُحِيْطُ بِالْحَدِّ صَلٰوةً لَّا غَايَةَ لَهَا وَّ لَا

نہ آسکے اور تمام حدود کا احاطہ کرے جس درود کی نہ کوئی غایت ہو اور نہ

مُنْتَهٰى وَ لَا انْقِضَآءَ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِكَ

انتہا اور نہ اختتام. ایسا درود جو ہمیشہ رہے تیرے دوام کے ساتھ

وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَ سَلِّمْ تَسْلِيْمًا

اور ان کی اولاد اور اصحاب پر اور اسی...طرح ان پر خوب خوب

مِّثْلَ ذٰلِكَ.

سلام نازل فرما

115 دُرُودِ نصرت

یہ درود پاک تائید غیبی کا آئینہ دار ہے۔ کثرت سے پڑھیں ہر کام میں اللہ کی غیبی مدد حاصل ہوگی ہر کام آسان ہو جائے گا۔ کاروباری لوگوں کیلئے یہ درود پڑھنا بہت مفید ہے۔ کاروبار کی جگہ پر روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھا کریں نفع اور خیر و برکت حاصل ہوگی۔ حضور ﷺ کی شفاعت ہوگی جنت میں اعلیٰ مقام پر سرکار دو عالم ﷺ تشریف فرما ہوں گے اور حوض کوثر سے پانی پلائیں گے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ خَتَمْتَ بِهِ الرِّسَالَةَ وَ اَیَّدْتَّهٗ

اے اللہ درود بھیج اس ذات پر جس کے ساتھ تو نے رسالت کو

بِالنَّصْرِ وَ الْکَوْثَرِ وَ الشَّفَاعَةِ.

ختم کیا اور تائید فرمائی اس کی اپنی مدد سے اور کوثر اور شفاعت سے

116 دُرُودِ بہشتی

اس درود شریف کی برکت سے جب تک ہشت بہشت میں اپنی جگہ نہ دیکھ لے اسے موت

نہیں آئے گی۔ یہ درود شریف جمعۃ المبارک سے خاص نسبت رکھتا ہے اس سے جمعۃ المبارک کی مجالس مزین اور بارونق ہو جاتی ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِقَدْرِ حُسْنِہٖ وَ جَمَالِہٖ وَ کَمَالِہٖ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ

117 دُرُودِ قطب یا دُرُودِ بدوی

یہ درود شریف عاشق رسول ﷺ حضرت سید احمد بدوی رحمۃ اللہ علیہ پڑھا کرتے تھے جو درود بدوی کے نام سے مشہور ہے۔ یہ درود نور الٰہی کے حصول کا سبب ہے۔ اس کے پڑھنے سے بہت سے اسرار کا انکشاف ہوتا ہے۔ خواب و بیداری میں سرکار دو عالم ﷺ سے رابطہ کا ذریعہ ہے۔ اس سے مقام حضوری حاصل ہوتا ہے۔ حتیٰ کہ درجہ قطبیت حاصل ہوتا ہے۔

بزرگوں کا کہنا ہے کہ اس کا تین بار پڑھنا دلائل الخیرات کی قراءت کے برابر ہے۔ درود پاک کی قراءت کے وقت اپنے دل میں نبی کریم ﷺ کی عظمت اور انوار کا تصور کرے اور خیال کرے کہ بلاشبہ سرکار دو عالم ﷺ کی ذات اقدس ہر بھلائی کے پہنچنے میں عظیم سبب اور واسطہ عظمیٰ ہیں۔ طہارت کا خیال رکھنا ہے۔ رزق میں بیش بہا اضافہ ہوگا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَ سِرِّ

یا الٰہی نور الانوار اور اسرار کے

الْاَسْرَارِ وَ تِرْیَاقِ الْاَغْیَارِ سَیِّدِنَا

راز کھولنے والے اور اغیار

مُحَمَّدِنِ الْمُخْتَارِ وَ اٰلِهِ الْاَطْهَارِ وَ

کے تریاق سیدنا محمد ﷺ اور ان کی آل اطہار اور ان کے اچھے

اَصْحَابِهِ الْاَخْیَارِ عَدَدَ نِعَمِ اللّٰهِ وَ اَفْضَالِهٖ.

صحابہ پر رحمت نازل فرما بے شمار اللہ کی بے پناہ نعمت اور فضل کے

118 صلوٰۃ الزیارت

یہ درود الشیخ السید نور الدین الشونی علیہ الرحمۃ کا ہے۔ آپ کی مجلس قائمہ ''صلوٰۃ علی النبی'' تھی مصر، یمن، بیت المقدس، شام، سوڈان، یمن، عراق اور عرب میں اسے رواج دیا آپ کے شاگرد جب بھی مجلس صلوٰۃ سے فارغ ہوتے اللہ سبحانہ کا ذکر کرتے اور بلند آواز سے صلوٰۃ پکارتے اس اعلان کو حاضرین بھی سنتے اور خود حضور ﷺ بھی سنتے۔ ایسی منقبت آج تک کسی کی نہ دیکھی گئی نہ سنی گئی۔ مصر کے بازاروں میں منادی ہوتی کہ جو شخص رسول اللہ ﷺ کی زیارت چاہتا ہے وہ شیخ نور

الدین الشونی علیہ الرحمۃ کے پاس جائے۔ فرماتے ہیں میں وہاں گیا تو پہلے دروازے پر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو کھڑا پایا میں نے ان کی خدمت میں سلام عرض کیا اور دوسرے دروازے میں حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ کی زیارت کی اور سلام عرض کیا۔ تو پھر مجھے حضور ﷺ نظر آئے سفید شفاف پانی کے قطرات چمکدار موتیوں کی طرح آپ کی پیشانی سے ٹپک رہے تھے میں نے قدم بوسی کی تو مجھے سنت مطہرہ پر عمل کی وصیت فرمائی میں نے یہ بات اپنے شیخ کو بتائی تو آپ آبدیدہ ہو گئے اور آنسوؤں سے ریش مبارک تر ہو گئی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ ھُوَ
اَبْھٰی مِنَ الشَّمْسِ وَ الْقَمَرِ وَ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
عَدَدَ حَسَنَاتِ اَبِیْ بَکْرٍ وَّ عُمَرَ وَ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ نَبَاتِ الْاَرْضِ وَ اَوْرَاقِ الْاَشْجَارِ .

دُرُودِ ابدال 119

حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ جو کوئی ہر روز یہ درود پڑھے گا اللہ تعالیٰ

اس کا نام ابدال میں لکھے گا۔

اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

120 دُرُودِ مجرب

یہ درود السید احمد زینی دحلان مکی قدس سرہ کا ہے آپ نے اپنے مجموعہ میں تمام درود شریف جمع کیے یہ درود شریف زیارت حضور ﷺ کیلئے مجرب ہے ہر روز ایک ہزار بار پڑھا جائے تو زیارت خواب میں یا بیداری میں ہوگی اور ہمہ وقت کی حضوری نصیب ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْجَامِعِ لِاَسْرَارِكَ

وَ الدَّآلِّ عَلَيْكَ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ .

121 دُرُودِ دافع طاعون

حضرت ابوعبداللہ رضی اللہ عنہ موطا امام کی تعلیمات میں لکھتے ہیں جو شخص اس درود پاک کا ورد کرے گا اسے طاعون سے محفوظ رکھا جائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَرْفَعُ بِھَا عَنَّا الطَّعْنَ وَالطَّاعُوْنَ.

122 دُرُودُالصّادقین

یہ درود شریف انوار واسرار اور معرفت کی کنجی ہے۔اس درود کے پڑھنے والے پر اسرار ربانی کی راہیں کھل جائیں گی۔ یہ درود ایک طرح کا اسم اعظم ہے اسے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ مقام صداقت سے نوازتا ہے جو بات منہ سے نکلتی ہے اللہ تعالیٰ پوری کر دیتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ نَّبِیِّ الْحُکْمِ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و مولا محمد ﷺ پر جو حکم اور حکمت کے نبی ہیں

وَ الْحِکْمَۃِ السِّرَاجِ الْوَھَّاجِ الْمَخْصُوْصِ بِالْخُلُقِ

جو روشن چراغ ہیں اور مخصوص کیے گئے ہیں خلق عظیم

الْعَظِیْمِ وَ خَتْمِ الرُّسُلِ ذِی الْمِعْرَاجِ وَ عَلٰٓی اٰلِہٖ وَ

کے ساتھ آخری رسول ہیں معراج والے ہیں اور آپ کی آل پر اور

اَصْحَابِهٖ وَ اَتْبَاعِهِ السَّالِكِيْنَ عَلٰى مَنْهَجِهِ

اصحاب پر اور آپ کے پیروؤں پر جو چلنے والے ہیں

الْقَوِيْمِ. فَاَعْظِمِ اللّٰهُمَّ بِهٖ مِنْهَاجَ نُجُوْمِ الْاِسْلَامِ

آپ کے سیدھے راستے پر اور معظم کردے اے اللہ آپ کی برکت سے راستہ اسلام کے

وَ مَصَابِيْحِ الظَّلَامِ الْمُهْتَدٰى بِهِمْ فِيْ ظُلْمَةِ

ستاروں کا اور اندھیروں کے چراغوں کا جن سے ہدایت حاصل کی جاتی ہے

الشَّكِّ الدَّاجِ صَلٰوةً دَآئِمَةً مُّسْتَمِرَّةً مَّا تَلَاطَمَتْ

شک کی اندھیری رات کی تاریکی میں ایسا درود جو ہمیشہ رہنے والا پے در پے ہو

فِي الْاَبْحُرِ الْاَمْوَاجُ وَ طَافَ بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ مِنْ

جب تک متلاطم رہیں سمندروں میں لہریں اور طواف کرتے رہیں کعبہ شریف کا ہر

كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ الْحُجَّاجُ وَ اَفْضَلُ الصَّلٰوةِ وَ

دور دراز گھاٹی سے آنے والے حاجی اور افضل ترین درود

التَّسْلِيْمِ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ وَ صَفْوَتِهٖ

سلام ہو حضرت محمد ﷺ پر جو اللہ کے رسول کریم ہیں اور اس کے

مِنَ الْعِبَادِ وَ شَفِيْعِ الْخَلَآئِقِ فِى الْمِيْعَادِ صَاحِبِ

بندوں سے چنے ہوئے ہیں اور ساری مخلوق کے شفیع ہیں قیامت کے دن اور صاحب

الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ وَ الْحَوْضِ الْمَوْرُوْدِ النَّاهِضِ

مقام محمود ہیں اور اس حوض کے مالک ہیں جس پر سب لوگ آئیں گے جو اٹھانے

بِاَعْبَآءِ الرِّسَالَةِ وَ التَّبْلِيْغِ الْاَعَمِّ وَ الْمَخْصُوْصِ

والے ہیں رسالت اور تبلیغ عام کے بار ہائے گراں کو اور مخصوص ہیں

بِشَرَفِ السِّعَايَةِ فِى الصَّلَاحِ الْاَعْظَمِ.

اس کوشش کے شرف سے جس میں لوگوں کی بڑی بھلائی ہے

123 دُرُودِ قادریہ "پنج گنج صغیر"

یہ درود شریف اکسیر اعظم کا درجہ رکھتا ہے مصائب و مشکلات میں تیر بہدف ہے اس کے بہت سے فضائل و فوائد ہیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ بڑی سے بڑی ابتلا پر کاؤ ثابت ہوگی۔ پہاڑ جیسی مصیبت روئی کے گالے کی طرح اڑ جائے گی قبر و حشر کی سختیوں کا جسے خیال ہو وہ یہ درود پڑھا کرے۔ یہ حصول فضل عظیم اور منافع کثیر کیلئے مجرب ہے سلسلہ عالیہ قادریہ کا فرمودہ اور آزمودہ ہے۔ بعد نماز جمعۃ المبارک مدینہ منورہ کی طرف منہ کر کے کھڑا ہو کر سو بار پڑھا کرے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ عَلٰى اٰلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَ سَلَّمَ صَلٰوةً وَّ سَلَامًا عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ گیارہ بار کے بعد یہ پڑھے
قَدْ ضَاقَتْ حِيْلَتِيْ يَاسَيِّدِيْ مُسْتَنَدِيْ يَا مُعْتَمَدِيْ اَدْرِكْنِيْ
يَارَسُوْلَ اللّٰهِ۔

124 دُرُود امان یا حضرتِ فخرِ عالم

یہ درد پاک ترکی میں بہت مشہور ہے اور پڑھا جاتا ہے اس کی نقل جناب عبدالحمید صاحب نے مدینہ منورہ میں دی ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاَطْهَرِ۔ وَالْكِبْرِيْتِ
الْاَحْمَرِ وَ الْيَاقُوْتِ الْاَبْهَرِ وَ نُوْرِ اللّٰهِ الْاَظْهَرِ وَ عَلٰى
اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ سَلِّمْ تَسْلِيْمًا دَآئِمًا۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتَمِ الْاَنْبِيَآءِ وَ سَيِّدِ الْاَصْفِيَآءِ مَعْدِنِ

الْاِیْمَانِ وَ مَبْلَغِ الْاَسْرَارِ وَ جَمَالِ الْکَوْنَیْنِ وَ شَرِیْفِ
الدَّارَیْنِ وَ رَسُوْلِ الثَّقَلَیْنِ. مُحَمَّدٍ مَّخْصُوْصٍ بِقَابَ
قَوْسَیْنِ۔اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ۔اَللّٰھُمَّ فَرِّجْ عَنْ اُمَّۃَ
مُحَمَّدٍ۔اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ۔

دُرُودِ رحمت و برکت 125

اس درود پاک کا پڑھنا سراپا رحمت اور برکت ہے۔ دینی اور دنیاوی معاملات میں باعث خیر و برکت ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ

اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد ﷺ اور آل سیدنا محمد ﷺ پر اور

بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ ارْحَمْ

برکت نازل فرما محمد ﷺ اور آل محمد ﷺ پر اور رحمت نازل

مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَ بَارَكْتَ

فرما سیدنا محمد ﷺ اور آل سیدنا محمد ﷺ پر جیسا کہ تو نے درود برکت و

وَ رَحِمْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

رحمت سیدنا ابراہیم اور آل سیدنا ابراہیم پر

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

نازل فرمائی بیشک تو بہتر ستودہ صفات بزرگ ہے

126 صلوٰۃُ التکریم والتعظیم

یہ درود پاک الشیخ ابوعبداللہ سنوسی رحمۃ اللہ علیہ سے منسوب ہے۔ یہ درود پاک سرکار دو عالم ﷺ کے حق غلامی اور حق تعظیم کی ادائیگی کیلئے مجرب اور جامع ہے یہ درود شریف خاص الخاص ہے اس کی ابتدا اور اختتام بھی اسم گرامی محمد ﷺ پر ہوتا ہے اور درمیان حلقہ میں غلام اور اس کی آرزو ہے۔ یہ اپنی جامعیت میں بے مثل ہے اور محبوب کی محبت کا مظہر اور بے شمار فوائد کا حامل ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُكَرِّمُ بِهَا مَثْوَاهُ

وَ تُشَرِّفُ بِهَا عُقْبَاهُ وَ تُبَلِّغُ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُنَاهُ وَ
رِضَاهُ هٰذِهِ الصَّلٰوةُ تَعْظِيْمًا لِّحَقِّكَ يَا سَيِّدَنَا مُحَمَّدُ.

127 دُرُودِ ابوبکر مٹھا

ابوبکر مٹھا صاحب عاشق رسول تھے اور مدینہ پاک میں ہی قیام پذیر رہے یہ درود حصول زیارت سید الکونین ﷺ کیلئے بہت مجرب ہے یہ بھی جناب عبدالمجید صاحب کی عنایت ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَابِقِ نُوْرُهٗ وَ اٰخِرِ
ظُهُوْرُهٗ وَ رَحْمَةٍ لِّلْعَالَمِيْنَ وُجُوْدُهٗ وَ عَلٰى اٰلِهٖ
وَ بَارِكْ وَ سَلِّمْ۔

128 دُرُودِ شریف نافع

یہ درود پاک جاہ والا شاہ عبدالرحیم نقشبندی مجددی مشہور محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کا ہے۔
ایک مرتبہ حضور سید السادات علیہ افضل التحیات واکمل التسلیمات کی زیارت سے مشرف ہوا تو

کثیر اولیاء کا مجمع تھا۔ حاضرین میں سے ہر ایک اپنے اپنے علم کے مطابق درود شریف عرض کر رہا تھا میں نے بھی یہ درود شریف عرض کیا تو آپ ﷺ کے چہرہ اقدس پر انتہائی خوشی و مسرت کے آثار ظاہر ہوئے اور فرمایا اس درود شریف کے پڑھنے سے حضور ﷺ خوش ہوئے ہیں نیز فرمایا

لَهَا مَا وَجَدْنَا وَجَدْنَا ہمیں جو کچھ ملا درود شریف سے ملا۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ عَلٰى
اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ سَلِّمْ۔

دُرُود امام شعرانی (129)

امام شعرانی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں ایک مرتبہ ایک شخص مسجد میں حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ ﷺ نے اسے اپنے اور سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کے درمیان بٹھایا حاضرین بڑے متعجب ہوئے۔ رسول پاک ﷺ نے فرمایا' کہ جبرائیل علیہ السلام نے مجھے خبر دی ہے کہ یہ شخص مجھ پر ایسا درود پڑھتا ہے جو کسی نے مجھ پر اس سے پہلے نہیں پڑھا۔ وہ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

تَكُوْنُ لَكَ رِضَآءً وَّ لِحَقِّهٖٓ اَدَآءً وَّ اَعْطِهِ الْوَسِيْلَةَ وَ
الْمَقَامَ الَّذِىْ وَعَدْتَّهٗ ۔

130 دُرُود دافع مصائب

مصیب زدہ انسانوں کا یہ درود پڑھنا مفید ہے اللہ تعالیٰ اسے مصائب سے نجات دے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الطَّاهِرِ
الزَّكِيِّ صَلٰوةً تُحِلُّ بِهَا الْعُقَدَ وَ تَفَكُّ بِهَا الْكُرَبِ

131 درود منیر

حضرت امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ پر درود شریف پڑھنے کا حکم اس لیے دیا گیا ہے تا کہ انسان کی روح جو فطری طور پر کمزور ہے طاقت حاصل کر کے اللہ تعالیٰ کے انوار کی تجلی حاصل کرنے کے قابل ہو جائے۔ امت کی ارواح فطری کمزوری کی وجہ سے اندھیروں میں پڑی ہوئی ہیں وہ حضور اکرم ﷺ کے نور پاک سے انوار کی روشنی حاصل کر کے اپنے باطن کو روشن کر لیتی ہیں۔ اس درود پاک کے ورد سے انسان کا باطن روشن ہو جاتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمد ﷺ پر جس طرح درود بھیجا ہے تو نے ہمارے

سَیِّدِنَآ اِبْرَاھِیْمَ وَ بَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ

سردار ابراہیم پر اور برکتیں نازل فرما ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

ہمارے آقا محمد ﷺ کی آل پر جس طرح برکتیں نازل فرمائیں ہیں تو نے آل

اِبْرَاھِیْمَ فِی الْعٰلَمِیْنَ ، اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔ عَدَدَ

ابراہیم پر سارے جہانوں میں بے شک تو ہی خوبیوں والا سراہا گیا بزرگ ہے بشمار

خَلْقِكَ وَ رِضَآءَ نَفْسِكَ وَ زِنَةَ عَرْشِكَ وَ مِدَادَ کَلِمَاتِكَ

اپنی مخلوقات کے اور اپنی ذات کی رضا کے اور اپنے عرش کے وزن کے اور اپنے کلمات کی

وَ عَدَدَ مَا ذَکَرَكَ بِهٖ خَلْقُكَ فِیْمَا مَضٰی وَ عَدَدَ مَا

سیاہی کے اور بشمار ان کے جنہوں نے تیرا ذکر کیا تیری مخلوق سے گزشتہ زمانہ میں اور بشمار ان

ھُمْ ذَاکِرُوْكَ بِهٖ فِیْمَا بَقِیَ فِیْ کُلِّ سَنَةٍ وَّ

کے جو تیرا ذکر کرنے والے ہیں آئندہ ہر سال میں اور

شَهْرٍ وَّ جُمُعَةٍ وَّ يَوْمٍ وَّ لَيْلَةٍ وَّ سَاعَةٍ مِّنْ

ہر مہینہ میں ہر جمعہ ہر دن اور رات ہر گھڑی میں

السَّاعَاتِ وَ شَمٍّ وَّ نَفْسٍ وَّ طُرْفَةٍ وَّ لَمْحَةٍ

سب گھڑیوں سے اور ہر سونگھنے میں اور سانس لینے میں آنکھ جھپکنے میں ہر لمحہ میں ابتدا زمانہ

مِّنَ الْاَبَدِ اِلَى الْاَبَدِ وَ اٰبَادِ الدُّنْيَا وَ اٰبَادِ الْاٰخِرَةِ

سے لے کر آخر تک اور دنیا کے سارے زمانوں اور آخرت کے سارے

وَ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ لَا يَنْقَطِعُ اَوَّلُهٗ وَ لَا

زمانوں بلکہ اس سے بھی زیادہ نہ منقطع ہو اس کی ابتدا اور نہ

يَنْفَدُ اٰخِرُهٗ.

ختم ہو اس کی انتہا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اجْزِ اللّٰهُ عَنَّا سَيِّدَنَا

مُحَمَّدًا مَّا هُوَ اَهْلُهٗ.

132 دُرُودِ کامل

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب احیاء العلوم میں لکھا ہے کہ یہ کامل مکمل اور اکمل درود پاک ہے اس کی کاملیت اظہر من الشمس ہے کہ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کو بارگاہ حضرت موسیٰ علیہ اسلام میں بطور عالم امتی پیش کیا گیا۔ آپ مقبول ترین اولیائے امت سے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکُوْنُ لَکَ رِضَآءً وَّ لِحَقِّہٖٓ اَدَآءً وَّ اَعْطِہِ
الْوَسِیْلَۃَ وَ ابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَا الَّذِیْ وَ عَدْتَّہٗ وَ اجْزِ
عَنَّا مَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَ اجْزِہٖٓ اَفْضَلَ مَا جَازَیْتَ نَبِیًّا عَنْ اُمَّتِہٖ
وَصَلِّ عَلَیْہِ وَ عَلٰی جَمِیْعِ اِخْوَانِہٖ مِنَ النَّبِیّٖنَ وَ
الصِّدِّیْقِیْنَ وَ الشُّھَدَآءِ وَ الصّٰلِحِیْنَ یَآ اَرْحَمَ
الرّٰاحِمِیْنَ.

133 دُرُود وسعت نظر

حضرت شہاب الدین احمد یمنی علیہ الرحمۃ نے بیان کیا ہے کہ حضرت صالح عمر امام شاذلی رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کرتے ہیں کہ جو شخص یہ درود پاک تین سو ساٹھ بار پڑھے گا تو وہ حضور ﷺ کے روضہ منورہ تک نگاہ ڈال سکے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکُوْنُ لَکَ رِضَآءً وَّ لِحَقِّہٖ اَدَآءً۔

134 دُرُود حاجات

سرکار غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو شخص یہ درود شریف پڑھے اس کا دل روشن ہو جائے گا اور سینہ کھل جائے گا اور دینی و دنیاوی حاجات پوری ہوں گی اس کے نزدیک کوئی دکھ اور مصیبت نہیں آئے گی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الطَّاھِرِ
الزَّکِیِّ صَلٰوۃً یَّحِلُّ بِھَا الْعُقَدُ فَیُکْشَفُ بِھَا الْکُرَبُ
صَلٰوۃً تَکُوْنُ لَکَ رِضَآءً وَّ لِحَقِّہٖ اَدَآءً وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَ

اَصْحَابِہٖ وَ بَارِكْ وَ سَلِّمْ۔

شب معراج کو حضور نبی کریم ﷺ نے ایک فرشتے کو دیکھا کہ اس کے پر جلے ہوئے ہیں اور بازو ٹوٹے ہوئے ہیں آپ نے جبرائیل سے پوچھا تو جبرائیل نے بتایا کہ یہ فرشتہ عزرائیل کے ماتحت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اسے ایک بستی میں بھیجا کہ وہاں کی ایک عورت کی جان قبض کر کے آئے یہ دودھ پلا رہی تھی اسے اس کی حالت دیکھ کر ترس آ گیا اور چند لمحے حکم کی تعمیل میں رک گیا۔ اللہ تعالیٰ کی نگاہ غضب نے اس کے پر جلا کر راکھ کر دیئے حضور ﷺ نے پوچھا کیا اس کی توبہ قبول نہیں ہو سکتی؟ تو حضرت جبرائیل نے بارگاہ رب العزت میں عرض کی تو اللہ جل جلالہ نے فرمایا: اگرچہ توبہ کا دروازہ کھلا ہوا ہے مگر اس کی توبہ اس وقت تک قبول نہیں ہوگی جب تک میرے محبوب پر دس بار درود نہیں پڑھ لیتا۔ حضور ﷺ نے اسے خوشخبری سنائی اس نے توبہ کرنے سے پہلے حضور ﷺ پر دس مرتبہ درود شریف پڑھا اور اللہ نے اس کو معافی دے دی اور وہ اصلی حالت میں آ گیا۔

(135) دُرُود تکمیل حاجت

مندرجہ ذیل درود پاک کے فضائل مسبعات عشر میں درج کیے گئے ہیں مگر اس کی ایک فضیلت یہ ہے کہ جو شخص اس درود پاک کو متواتر پڑھے گا اس کا مطلب پورا ہو جائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ مَا صَلَّیْتَ عَلٰی

اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِكَ بَاقِيَةً بِبَقَآئِكَ
صَلٰوةً تَكُوْنُ لَكَ رِضَآءً وَّ لِحَقِّهٖ اَدَآءً صَلٰوةً مَّقْبُوْلَةً
مِّنْكَ عَلَيْهِ وَ عَلٰٓى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَ بَارِكْ وَ سَلِّمْ ۔

136 دُرُود دافعِ اعداء

اگر کوئی شخص تکلیف دے رہا ہو تو مظلوم کو چاہیے کہ یہ درود پاک جمعرات کو بعد نماز عشاء ایک ہزار بار پڑھے ہر تسبیح کے بعد تیس بار دعا کرے یاد رہے اس دعا کے دوران دشمن کی شکل کا تصور ذہن میں رکھے تو دشمن اپنے مذموم ارادوں میں ناکام رہے گا۔ اس کام کو چاند کے آخری ایام میں ہفتے یا منگل کے روز سے بھی شروع کر سکتا ہے اور متواتر اس دن تک پڑھتا رہے جب تک دشمن تائب نہیں ہو جاتا درود پاک یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى
اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ سَلِّمْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَسْتَجِيْرُ بِكَ بْنَ
فُلَانِ ابْنِ فُلَانَةٍ (یہاں دشمن کا اور اسکی والدہ کا نام لے)

(137) صلوۃُ الجامعۃ

الشیخ مجد الدین المعروف نجم الدین صغریٰ رحمۃ اللہ کے خلیفہ تھے۔ فرمایا۔ ایک دفعہ میں جنگل میں راستہ بھول گیا تو ناگاہ ایک صالح خوبصورت' منور چہرہ بزرگ کو دیکھا۔ انہوں نے مجھے دیکھ کر اپنے پاس بلایا میں ان کے ساتھ ہولیا۔ مجھے محسوس ہوا کہ آپ سیدنا ابوالعباس خضر رضی اللہ عنہ ہوں گے تو میں نے پوچھا آپ کا اسم گرامی کیا ہے فرمایا الیاس بن ہشام تب میں نے ان سے عرض کیا آپ نے پیارے رسول اللہ سیدنا محمد مصطفےٰ ﷺ کو دیکھا ہے فرمایا ہاں پھر میں نے عرض کیا۔ خدا کے واسطے آپ نے جو کچھ رسول اللہ ﷺ کی زبان مبارک سے سنا ہے اور آپ کی زیارت سے سرور پایا ہے اس سے مجھے بھی حصہ تنویر عطا کرو تو انہوں نے کہا میں روایت کرتا ہوں میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے جو کوئی یہ درود شریف ہمیشہ ورد زبان رکھے تو یہ درود شریف رہبر راہ گم گشتگان، راحت قلب عاشقان اور سرمہ چشم سالکان ہے۔ درود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَ سَلِّمْ۔

138 دُرُود العطاء

امام عارف باللہ سیدی شیخ عبدالغنی نابلسی نے اپنی شرح الطلعۃ البدریہ علی القصیدۃ البدریہ میں لکھا ہے کہ نبی کریم ﷺ پر صلوٰۃ کی تکرار بخار وغیرہ میں پیاس کے غلبہ کو زائل کر دیتی ہے پانی کی عدم موجودگی میں حج کے راستے میں اسے آزمایا گیا۔ لیکن شرط یہ ہے کہ صلوٰۃ میں اسم جلالیہ نہ ہو۔ یہ قیامت کی گرمی میں پیاس سے کفایت کرے گا۔

اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَیْرِ الْاَنَامِ۔ وَ
السَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمَبْعُوْثِ اِلَیْنَا بِالْحَقِّ
الْمُبِیْنِ۔ اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْاُمِّیِّ
الْاَمِیْنِ اَفْضَلُ الصَّلَوٰتِ وَ اَشْرَفُ التَّسْلِیْمَاتِ عَلَی
النَّبِیِّ الصَّادِقِ وَ الرَّسُوْلِ الْمُؤَیَّدِ بِاَسْرَارِ الْحَقَآئِقِ۔

139 دُرُود نور شریف

یہ درود پاک اولیاء شاذلیہ کا محبوب وظیفہ اور نبی کریم ﷺ کی ذات نور سے خاص نسبت رکھتا ہے یہ درود شریف کرامات کے چمکدار اور آبدار موتی ہیں اور قلب کو منور کرنے میں لاثانی ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُّوْرِ الْاَنْوَارِ وَ سِرِّ
الْاَسْرَارِ وَ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ وَ اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَ سَلِّمْ۔

دُرُود کبریٰ (140)

سیدی الشیخ ابراہیم مقبولی ولایت کبریٰ کے حامل تھے۔ آپ کا شیخ سوائے حضور ﷺ کے اور کوئی نہ تھا۔ آپ اکثر خواب میں حضور ﷺ کا دیدار کرتے اور اپنی والدہ ماجدہ سے بیان کرتے تھے اور پھر عالم بیداری میں دیدار ہوتا اور آپ ﷺ سے مختلف معاملات میں مشورہ کرتے تھے آپ فرمایا کرتے میں نے حضرت شیخ احمد البدوی رضی اللہ عنہ سے بڑا صاحب فتوحات نہیں دیکھا۔ آپ ﷺ نے مجھے ان کا بھائی بنایا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ بِکَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ سَآئِرِ الْاَنْبِیَآءِ وَ الْمُرْسَلِیْنَ وَ
عَلٰٓی اٰلِھِمْ وَصَحْبِھِمْ اَجْمَعِیْنَ وَ اَنْ تَغْفِرَلِیْ مَا مَضٰی وَ
تَحْفَظَنِیْ فِیْمَا بَقٰی

141 دُرُودِ مشکل کشا

یہ درود پاک مشکل کشا کہلاتا ہے اس کے پڑھنے سے غم واندوہ کی تمام مشکلات حل ہوجاتی ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِهٖ صَلٰوةَ اَهْلِ
السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِیْنَ عَلَیْهِ وَ اجْزِ یَامَوْلَانَا بِلُطْفِكَ
الْخَفِیِّ فِیْ اَمْرِیْ

142 دُرُودِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

شیخ محی الدین ابن عربی فرماتے ہیں میں نے درود پاک کا کما حقہ وابستگی رکھنے والے سوائے ایک عظیم انسان کے اور کوئی نہیں دیکھا وہ ایک اشبیلیہ (اسپین) کا لوہار تھا جو حلال کی روزی کماتا تھا اور وہ جو درود شریف پڑھتا تھا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا کے نام سے ہی مشہور ہوگیا تھا۔ جب میری اس سے ملاقات ہوئی تو میں نے دعا کے لیے درخواست کی، اس کی دعا سے مجھے بہت فائدہ ہوا اس کے پاس جو عورت مرد بچہ یا بوڑھا آ کر کھڑا ہوتا تو اس کی زبان پر بھی

درود شریف جاری ہو جاتا وہ درود پاک یہ ہے :

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ۔

(143) صلوٰۃُ نورالقیامۃ

یہ درود پاک سید احمد صاوی سے منسوب ہے۔ یہ درود پاک قیامت کی ہر منزل قبر، حشر، نشر، میزان، پل صراط اور جنت کے دروازے تک تاریکیوں میں نور ہوگا۔ یہ ایک پتھر پر لکھا دیکھا ہے جو من جانب اللہ تھا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ
وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْہِ وَ
صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَآ اَمَرْتَ بِالصَّلٰوۃِ عَلَیْہِ وَ
صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ اَنْ یُّصَلّٰی عَلَیْہِ وَ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا یَنْبَغِی الصَّلٰوۃُ عَلَیْہِ۔

﴿144﴾ دُرُود شفاعت عالیہ

حضور نبی کریم ﷺ ایک دن مسجد میں جلوہ فرما تھے تو ایک شخص نے باہر سے آکر آپ کی خدمت میں سلام پیش کیا، آپ نے اسے اپنے اور حضرت صدیق اکبر کے درمیان بیٹھنے کی جگہ دی، مجلس میں بیٹھے صحابہ کرام کو یہ دیکھ کر بڑا تعجب ہوا کہ اس شخص کو اتنی عزت ملی ہے۔ آپ ﷺ نے صحابہ کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا مجھے ابھی جبرائیل نے خبر دی ہے کہ یہ شخص ایسا درود پڑھتا ہے جو آج تک کسی دوسرے نے نہیں پڑھا۔ صحابہ کرام نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ کون سا درود ہے؟ آپ نے یہ درود سنایا:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکُوْنُ لَکَ رِضَآءً وَّ لِحَقِّہٖ اَدَآءً وَّ اَعْطِہِ
الْوَسِیْلَۃَ وَ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ۔

حضور ﷺ نے یہ درود سنانے کے بعد فرمایا جو شخص یہ درود پڑھے گا میں اس کی شفاعت کروں گا۔

145 دُرُود عقیدت

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو شخص یہ درود آداب وعقیدت سے پڑھے گا اسے بے پناہ ثواب دیا جائے گا۔ حضرت امام عبدالوہاب شعرانی نے کشف الغمہ میں ایسی نورانی احادیث نقل کی ہیں جن میں یہ درود پاک پڑھنے کے مراتب بیان کیے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلٰوتَكَ وَ رَحْمَتَكَ وَ بَرَكَاتِكَ عَلٰى
سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَ اِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ عَبْدِكَ
وَ رَسُوْلِكَ اِمَامِ الْخَيْرِ وَ قَائِدِ الْخَيْرِ وَ رَسُوْلِ الرَّحْمَةِ۔
اَللّٰھُمَّ ابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِىْ يَغْبِطُهٗ بِهِ الْاَوَّلُوْنَ
وَ الْاٰخِرُوْنَ۔

146 کان درد کیلئے دُرُود

حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اگر کسی کے کان میں گرانی (یا درد) ہو تو یہ درود پڑھے اس کو

ثواب اور اجر کے علاوہ بیماری سے نجات مل جائے گی۔ آپ نے فرمایا اگر تمام سمندروں کا پانی سیاہی بنا دیا جائے اور تمام درختوں کی ٹہنیوں کو قلموں میں تبدیل کر دیا جائے اور اللہ کے بے شمار لکھنے والے بیٹھ جائیں تو پھر بھی اس درود کا اجر نہیں لکھ سکیں گے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَ الْاٰخِرِیْنَ وَ فِی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی اِلٰی
یَوْمِ الدِّیْنِ۔

دُرُود دافع مشکلات (147)

جمعرات کی رات کو یہ درود پاک ایک ہزار بار پڑھنے والوں کی تمام مشکلات حل ہو جاتی ہیں مگر اس درود پاک میں اخلاص، زاری اور عقیدت کی شرطیں نہایت ضروری ہیں۔

اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلَیْكَ یَاسَیِّدَنَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَنْتَ بَابُ اللّٰہِ وَ
لَمْ یَکُنْ بَابَ غَیْرِكَ حِیْنَكَ بِکَثْرَۃِ الذُّنُوْبِ وَ
الْعِصْیَانِ ھَارِبًا مِّنْ ذُنُوْبِیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ. وَ لَوْ اَنَّھُمْ اِذْ

ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآؤُكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَ اسْتَغْفَرَ لَهُمُ
الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا. خُذْ بِيَدِيْ قَلَّتْ
حِيْلَتِيْ اَدْرِكْنِيْ فِيْ قَضَآءِ حِيْلَتِيْ يَآ اَحْمَدُ.

(148) دُرُود زیارت (1)

جو شخص جمعرات کی رات کو نفلوں میں بعد از سورۃ فاتحہ اور اخلاص ہزار بار یہ درود پڑھے گا ایک ہفتے کے اندر اندر اسے نبی کریم ﷺ کی زیارت نصیب ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ.
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ مِلْءَ مَا خَلَقْتَ.
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ عَدَدَ كُلِّ شَيْءٍ۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ مِلْءَ كُلِّ شَيْءٍ۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ مِلْءَ مَآ اَحْصَاهُ

كِتَابُكَ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ
مَآ اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ۔

حضرت خواجہ فرید گنج شکر پاک پتن نے فضائل میں بیان کیا ہے کہ دنیا میں آٹھ نجباء ہر وقت موجود رہتے ہیں حضرت امام ابراہیم بلخی ایسے حضرات کو ایک بار مسجد اقصیٰ میں ملے ہر ایک نے ایک ایک بات بتائی جسے حضرت ابراہیم ساری عمر دہراتے رہے وہ بات دراصل درود پاک کی تھی جن کی ادائیگی میں ایک دن بھی ناغہ نہیں کیا گیا اس درود پاک (مندرجہ بالا) سے اور بھی بہت سے روحانی تصرفات حاصل ہوئے۔

دُرُود زیارت (2) 149

اس درود پاک کے متواتر پڑھنے سے حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت نصیب ہوتی ہے یہ درود کتاب مطالع المسرات شرح دلائل الخیرات میں درج ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِى الْاَرْوَاحِ وَ صَلِّ عَلٰى
جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِى الْاَجْسَادِ وَ صَلِّ عَلٰى قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِى
الْقُبُوْرِ۔ اَللّٰهُمَّ بَلِّغْ مُحَمَّدًا عَنِّىْ تَحِيَّةً وَّ سَلَامًا۔

150 دُرُود لکھی

یہ درود پاک ایک بار پڑھنے سے ایک لاکھ بار درود پڑھنے کا ثواب ملتا ہے اسے پاکیزہ کپڑوں میں پاکیزہ مقام پر پڑھنا چاہیے اور پڑھتے پڑھتے سو جانے سے حضور ﷺ کی زیارت نصیب ہوتی ہے۔

وَاصْطَفٰى بِهٖ مَلٰٓئِكَتَهٗ وَ مَنْ اَنْعَمَ عَلَيْهِ مِنْ خَلْقِهٖ
فَلَمْ تَمَسَّ بِنَانِعْمَةٌ ظَهَرَتْ وَ لَا بَطَنَتْ نِلْنَابِهَا
حَظًّا فِىْ دِيْنٍ وَّ دُنْيَا وَ رُفِعَ عَنَّا بِهَا مَكْرُوْهٌ
فِيْهِمَا وَ فِىْ وَاحِدٍ مِّنْهُمَآ اِلَّا وَ مُحَمَّدٌ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَبُهَا الْقَآئِدُ اِلٰى خَيْرِهَا،

اَلْهَادِیْ اِلٰی رُشْدِهَا الزَّآئِدُ عَنِ الْهَلَكَةِ وَ مَوَارِدِ
السُّوْٓءِ فِیْ خِلَافِ الرُّشْدِ، اَلْمُنَبِّهُ لِلْاَسْبَابِ الَّتِیْ
تُوْرِدُ الْهَلَكَةَ، اَلْقَآئِمُ بِالنَّصِیْحَةِ فِی الْاِرْشَادِ
وَالْاِنْذَارِ مِنْهَا وَ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
اٰلِهٖ وَ سَلَّمَ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَ اٰلِ
اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ○

دُرُود مبین (287)

اس درود کے پڑھنے والے کی نیکیوں میں بے پناہ اضافہ ہوتا ہے اور یہ درود شریف انسان کو عبادت کی رغبت دلاتا ہے جو شخص اس درود پاک کو فجر کے وقت کثرت سے پڑھنے کا معمول بنائے گا اللہ تعالیٰ اس کو کثرت سے عبادت کی توفیق عطا فرمائے گا۔ جو کوئی اس درود شریف کو چالیس دن روزانہ بعد نماز مغرب سو مرتبہ پڑھے اللہ کی رحمت سے دل میں نماز پڑھنے کا بے پناہ شوق پیدا ہو جائے گا اور اس درود کی برکت سے اس میں اچھے اوصاف پیدا ہو جائیں گے اور نیک لوگوں کی صحبت میسر آئے گی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ مَّا طَلَعَتِ الشَّمْسُ وَ مَا صُلِّیَتِ

الْخَمْسُ وَ مَاتَالَّقَ بَرْقٌ وَّ تَدَفَّقَ وَدْقٌ وَّ مَا سَبَّحَ
رَعْدٌ o

288 دُرُود سرالاسرار

یہ درود پاک قربت الٰہیہ کے لئے بہت مؤثر ہے اس درود پاک کا ہمیشہ ورد کرنے والا شرِّ شیطان سے محفوظ رہتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس کے قلب و روح کو نورِ ایمان سے منور فرماتا ہے اور اپنے برگزیدہ بندوں میں شامل فرماتا ہے ہر نماز کے بعد اس درود شریف کا اکتالیس مرتبہ معمول بے حد خیر و برکت کا باعث ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُّوْرِ الْاَنْوَارِ وَ
سِرِّ الْاَسْرَارِ وَ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ وَ زَیْنِ الْمُرْسَلِیْنَ
الْاَخْیَارِ وَ اَکْرَمِ مَنْ اَظْلَمَ عَلَیْهِ اللَّیْلُ وَ اَشْرَقَ
عَلَیْهِ النَّهَارُ عَدَدَ مَا نَزَلَ مِنْ اَوَّلِ الدُّنْیَآ اِلٰی
اٰخِرِهَا مِنْ قَطْرِ الْاَمْطَارِ وَ عَدَدَ مَا نَبَتَ مِنْ اَوَّلِ
الدُّنْیَآ اِلٰی اٰخِرِهَا مِنَ النَّبَاتِ وَالْاَشْجَارِ صَلٰوةً
دَآئِمَةً بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ o

289 دُرُود حج

یہ درود شرح کنوز الاسرار میں لکھا ہے اور اس کی فضیلت کے بارے میں شارح نے کہا ہے کہ ہمارے شیخ عیاشی، اللہ ان کی حفاظت فرمائے، نے فرمایا میں نے ایک ولی کے مزار کے گنبد میں ایک رقعہ دیکھا تھا جس میں یہ عبارت لکھی تھی۔ فقیہ علامہ سیدی قاسم الرضاع کے مطابق یہ درود شریف ایک مرتبہ پڑھنا پانچ لاکھ کے برابر ہے۔ اگر کوئی شخص حج کرنے کا ارادہ رکھتا ہو اور بظاہر اس نیک سفر کے اخراجات کا ذریعہ نہ ہو تو اس کے لئے اس نیک سفر کے لئے اس درود کا ورد انتہائی مفید ہوگا۔

اسے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ حج پر جانے کی خواہش رکھنے والا اس درود کو باوضو حالت میں قبلہ رخ ہو کر روزانہ 141 مرتبہ پڑھے۔ پھر اگلے ماہ روزانہ اس درود کو 131 مرتبہ پڑھے اس کے بعد اگلے ماہ میں اس درود کو 121 مرتبہ روزانہ پڑھے اللہ تعالیٰ حج پر جانے کے لئے کوئی ذریعہ بنا دے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا
مُحَمدٍ مَّا اتَّصَلَتِ الْعُیُوْنُ بِالنَّظَرِ، وَتَزَخْرَفَتِ
الْاَرْضُوْنَ بِالْمَطَرِ، وَحَجَّ حَاجٌّ وَّ اعْتَمَرَ، وَلَبّٰی
وَحَلَقَ وَنَحَرَ، وَطَافَ بِالْبَیْتِ الْعَتِیْقِ وَقَبَّلَ
الْحَجَرَ ○

(290) دُرُود حسنات

اس درود کے بارے میں منقول ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے جبرائیل علیہ السلام سے فرمایا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی نیکیاں بتاؤ، جبرائیل علیہ السلام نے عرض کیا کہ اگر تمام سمندر سیاہی اور درخت قلم بن جائیں تو بھی ان کی نیکیاں شمار سے باہر ہیں، پھر حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کی نیکیاں بیان کرو تو جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی نیکیوں میں سے ایک نیکی ہیں۔

اس درود پاک میں ان دونوں صحابیوں رضی اللہ عنہما کا ذکر ہے اور یہ درود پاک بہت ہی بابرکت درود شریف ہے اور حضور نبی کریم ﷺ کی بارگاہ کی حضوری کا ذریعہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ ھُوَ
اَبْھٰی مِنَ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ، وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ حَسَنَاتِ اَبِیْ بَکْرٍ وَّعُمَرَ،
وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ نَبَاتِ
الْاَرْضِ وَاَوْرَاقِ الشَّجَرِ ○

(291) دُرُود زیارت نبوی ﷺ

امام عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص نے ان الفاظ سے مجھ پر درود پڑھا وہ خواب میں مجھے دیکھے گا اور جس نے مجھے خواب میں دیکھا وہ قیامت کے روز بھی مجھے دیکھے گا اور جس نے قیامت کے روز مجھے

دیکھا، میں اس کی شفاعت کروں گا اور جس کی میں شفاعت کروں گا وہ میرے حوض سے سیراب ہوگا اور اللہ اس کے جسم کو آگ پر حرام کر دے گا۔ ''دلائل الخیرات'' کے شارحین نے بھی اس درود شریف کو امام فاکہانی رحمۃ اللہ علیہ سے ''سبعین مرۃ'' کے الفاظ کے اضافہ سے نقل کیا ہے۔

مصنف افضل الصلوٰت کا کہنا ہے کہ میں نے خود اس کا تجربہ کیا اور سونے سے پہلے اس کا وظیفہ کیا اور سو گیا، میں نے خواب میں حضور نبی کریم ﷺ کے چہرہ انور کو چاند کی صورت میں دیکھا اور آپ ﷺ سے شرف گفتگو بھی حاصل کیا اور پھر یہ حسین چہرہ انور چاند میں چھپ گیا، میں اللہ بزرگ و برتر سے سوال کرتا ہوں کہ وہ حضور نبی کریم ﷺ کی عظمت کے صدقے میں مجھے ان باقی انعامات سے بھی سرفراز فرمائے جن کا وعدہ حضور نبی کریم ﷺ نے اس حدیث پاک میں فرمایا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِى الْاَرْوَاحِ
وَعَلٰى جَسَدِهٖ فِى الْاَجْسَادِ وَعَلٰى قَبْرِهٖ فِى
الْقُبُوْرِ ○

دُرُودِ بقا (292)

اس درود شریف کو شیخ امام ابو عبداللہ جلال الدین محمد بن علی المحلی السنہوری الشافعی الرفاعی رحمۃ اللہ علیہ نے قصیدہ تائیہ مصنفہ امام بہاؤ الدین السبکی، کی شرح کے آخر میں ذکر کیا ہے فرمایا کہ میں نے توجہ مرتکز کی اور خوب کثرت سے کی، اسی اثناء میں ایک رات میں ذکر کرتے کرتے سو گیا خواب میں دیکھتا کیا ہوں کہ ایک بلند مکان پر کھڑا ہوں، میں نے اس کی ایک کھڑکی سے دیکھا تو کوئی شخص دوڑتا ہوا نظر آیا۔ وہ مجھ سے نیچے کی طرف آ کر کھڑا

ہوگیا۔اس کا لباس سفید اور اجلا ہے۔اس کے سر پر نہایت خوبصورت اور بڑا فانوس ہے۔ میں نے اس شخص سے کہا آپ کیا چاہتے ہیں؟ اس نے کہا مجھے یہ درود چاہیے جسے تم پڑھ رہے ہو۔ میں اسے لے کر اس محل پر چلا جاؤں گا یا اس سے ملتے جلتے الفاظ کہے میں بیدار ہوگیا تو دیکھا کہ میری زبان پر یہ درود جاری ہے اور اس کو ہمارے بہت سے لوگوں نے نقل کیا ہے۔

جس شخص کے دل میں اس بات کی خواہش ہو کہ مخلوق خدا اس کی طرف رجوع کرے تو اسے چاہیے کہ فجر کی نماز کے بعد مسجد یا گھر میں بیٹھ کر اس درود پاک کو کثرت سے پڑھنے کا معمول بنائے۔اللہ نے چاہا تو اسے پڑھنے والا ہمیشہ باعزت اور مقبول رہے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ اَفْضَلَ صَلَاۃٍ وَّسَلَامٍ عَلٰی
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَنَبِیِّکَ وَرَسُوْلِکَ النَّبِیِّ
الْاُمِّیِّ وَعَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَاٰلِھِمْ
وَصَحْبِھِمْ اَجْمَعِیْنَ وَسَآئِرِ الصَّالِحِیْنَ عَدَدَ
مَعْلُوْمَاتِکَ وَمِدَادَ کَلِمٰتِکَ کُلَّمَا ذَکَرَکَ
الذَّاکِرُوْنَ وَکُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِکَ الْغَافِلُوْنَ
صَلَاۃً وَّسَلَامًا دَآئِمَیْنِ بِدَوَامِکَ بَاقِیَیْنِ بِبَقَائِکَ
لَامُنْتَھٰی لَھُمَا دُوْنَ عِلْمِکَ ط اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ
قَدِیْرٌ ○

293 دُرُود احیائے قلب

یہ درود شریف عبداللہ بن اسعد یافعی کا ہے یہ درود پاک بے پناہ فضائل کا حامل ہے۔ اس درود پاک کے پڑھنے والے کو حیات جاودانی ملے گی۔ اللہ تعالیٰ ذوالجلال والاکرام ہے جو شخص اس درود کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے جاودانی عزت عطا فرمائے گا۔ اس کا دل زندہ ہو جائے گا اس کی خواہشات محدود ہو جائیں گی۔ اسے اللہ کی راہ ملے گی۔ اس لیے شدت سے اللہ کی راہ کا طالب جو یہ چاہتا ہو کہ اللہ اس پر مہربان ہو جائے تو اسے اس درود پاک کے ورد کی کثرت کرنی چاہیے۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب ﷺ پر درود پڑھنے کے باعث اسے دین و دنیا میں عزت سے نواز دے گا دولت کی کبھی کمی نہیں ہوگی۔ اس کی مشکلات آسان ہوتی چلی جائیں گی اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اس درود پاک کی بدولت وہ بیماریوں کی اذیت اور پریشانیوں کی تکالیف سے ہمیشہ محفوظ رہے گا اور اللہ ہر معاملے میں اس کی مدد فرمائے گا۔

يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ صَلِّ عَلٰى
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اَحْيِ قَلْبِيْ
وَاَمِتْ نَفْسِيْ حَتّٰى اَحْيَابِكَ حَيَاةً طَيِّبَةً فِي
الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ط اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

294 دُرُود الفیہ

حضرت شیخ ابوالحسن علی المدارسی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ اس درود شریف کو ''صلاۃ الفیہ'' کہا جاتا ہے اور انہوں نے اسے شیخ عبداللہ بن موسیٰ طرابلسی رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کیا اور انہوں نے شیخ محمد بن عبداللہ زیتونی رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کیا، شیخ زیتونی رحمۃ

اللہ نے یہ درود شریف بیس مشائخ سے حاصل کیا۔

شیخ محمد مہدی کا ارشاد ہے کہ مجھے یہ معلوم ہوا کہ جس نے یہ درود شریف نبی کریم ﷺ پر پڑھا، اس کے لئے دس نیکیاں ہیں چنانچہ ایک شخص نے حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت کی تو اس نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ جو شخص آپ ﷺ پر یہ درود پڑھے کیا آپ ﷺ نے اس کے لئے دس نیکیوں کا ارشاد فرمایا ہے، جیسا کہ علماء نے بیان کیا ہے تو حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا بلکہ دس رحمتیں بھی اور ہر درود کے بدلے دس نیکیاں ہیں اور ہر نیکی دس گنا ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَآءُ الرَّحْمَةِ
وَمِیْمَا الْمُلْكِ وَدَالُ الدَّوَامِ السَّیِّدُ الْكَامِلُ
الْفَاتِحُ الْخَاتِمُ عَدَدَ مَافِیْ عِلْمِكَ كَآئِنٌ اَوْ قَدْ
كَانَ كُلَّمَا ذَكَرَكَ وَذَكَرَهُ الذّٰكِرُوْنَ وَكُلَّمَا
غَفَلَ عَنْ ذِكْرِكَ وَذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ صَلَاةً دَآئِمَةً
بِدَوَامِكَ بَاقِیَةً بِبَقَائِكَ لَا مُنْتَهٰی لَهَا دُوْنَ
عِلْمِكَ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○

دُرُود محمودیہ 295

علامہ شیخ اسماعیل حقی بروسوی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر قرآن ''روح البیان'' میں

اس درود شریف کے متعلق ایک واقعہ تحریر کرتے ہیں کہ ایک شخص نے سلطان محمود غزنوی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی کہ مجھے عرصہ دراز سے یہ تمنا تھی کہ آقائے دو جہاں ﷺ کی زیارت خواب میں ہو تو اپنے درد ظاہر کروں اور اپنی زبوں حالی کی داستان سناؤں، اللہ تعالیٰ کے فضل سے گزشتہ شب میری قسمت کا ستارہ چمکا اور مجھے حضور پر نور ﷺ کا دیدار نصیب ہوا۔ حضور ﷺ کو مسرور پا کر میں نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ میں ایک ہزار درہم کا مقروض ہوں اور اس کی ادائیگی سے عاجز ہوں، ڈرتا ہوں کہ اگر موت آ گئی تو یہ قرض میرے ذمہ رہ جائے گا، یہ سن کر حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ تم محمود بن سبکتگین کے پاس جاؤ اور کہو کہ مجھے حضور نبی کریم ﷺ نے بھیجا ہے لہٰذا میرا قرض ادا کر دو۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میری بات پر وہ کیسے اعتماد کریں گے۔ اس کے لئے وہ نشانی طلب کریں گے تو میں کیا کروں گا۔ حضور ﷺ نے فرمایا اسے جا کر کہو کہ محمود تم میرے لئے تیس ہزار مرتبہ درود شریف سونے سے پہلے پڑھتے ہو اور تیس ہزار مرتبہ درود شریف بیدار ہو کر پڑھتے ہو۔

اس شخص سے یہ پیغام سن کر سلطان محمود غزنوی پر گریہ طاری ہو گیا اور وہ رونے لگے، اس کا سارا قرض ادا کیا اور ایک ہزار درہم مزید نذرانہ کے طور پر پیش کیے۔ اہل دربار متعجب ہوئے اور عرض کی کہ عالی جاہ آپ نے اس شخص کی ایسی بات کی تصدیق کر دی جو ناممکن ہے ہم آپ کی خدمت میں شب و روز حاضر رہتے ہیں ہم نے کبھی اتنی مقدار میں آپ کو درود شریف پڑھتے نہیں دیکھا، سلطان محمود نے کہا تم سچ کہتے ہو لیکن میں نے علماء سے سنا تھا کہ جو شخص یہ درود شریف ایک مرتبہ پڑھے گا تو وہ دس ہزار مرتبہ پڑھنے کے برابر ہو گا لہٰذا میں سوتے وقت اس کو تین مرتبہ پڑھ لیتا ہوں اور تین مرتبہ بیدار ہو کر پڑھ لیتا ہوں اور میں یقین رکھتا تھا کہ میں نے ساٹھ ہزار مرتبہ درود شریف پڑھا ہے اور میرے یہ آنسو خوشی کے تھے کہ علماء کا ارشاد صحیح تھا کہ اس کا ثواب اتنا ہے جسے حضور ﷺ نے اپنی بارگاہ میں قبول فرمایا۔

اس درود پاک میں صلوٰۃ بھیجنے کے ساتھ تحیت کا بھی ذکر ہوا ہے۔ اس لئے اس درود پاک کو کثرت سے پڑھنے کے باعث خیر و عافیت سلامتی اور برکت حاصل ہوتی ہے

لہٰذا جو کوئی اس درود پاک کو کثرت سے پڑھنے کا معمول بنائے گا اللہ تعالیٰ اسے اپنی رحمت سے نوازدے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا اخْتَلَفَ
الْمَلْوَانِ وَتَعَاقَبَ الْعَصْرَانِ وَکَرَّ الْجَدِیْدَانِ
وَاسْتَقْبَلَ الْفَرْقَدَانِ وَبَلِّغْ رُوْحَهٗ وَاَرْوَاحَ اَھْلِ
بَیْتِهٖ مِنَّا التَّحِیَّةَ وَالسَّلَامَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ عَلَیْهِ
کَثِیْرًا ○

296 دُرُودِ شیخ خالد نقشبندی

یہ درود شریف مولانا عارف باللہ سیدی شیخ خالد نقشبندی مجدد طریقہ نقشبندیہ کا ہے جو ملک شام میں مدفون ہیں۔ (علماء نے) ذکر کیا ہے کہ یہ درود شریف اب بھی طاعون سے بچاؤ کے لئے تریاق مجرب ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَآءٍ وَّدَوَآءٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ
عَلَیْهِ وَعَلَیْهِمْ کَثِیْرًا ○

297 دُرُود سید المرسلین ﷺ

یہ درود شریف محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ سے منسوب ہے۔ جو اپنے دور کے ولی کامل اور عالم باعمل تھے۔ حضور نبی کریم ﷺ سے بے پناہ محبت کرنے والے عاشق صادق

تھے۔ اپنی محبت وعقیدت کا اظہار انہوں نے اپنے اس درود شریف میں بھی کیا ہے کہ اللہ رب العزت نے اپنے حبیب پاک حضور سید المرسلین ﷺ کو اپنے نور خاص سے پیدا فرمایا۔ اپنے جمال سے زینت عطاء فرمائی۔ آپ ﷺ کو اپنے کمالات کا مظہر بنایا اور فرمایا کہ میرے محبوب ﷺ کی اطاعت درحقیقت میری اطاعت ہے۔ اس درود پاک کے قاری کو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت خاص سے نوازتا ہے اور اسے بہترین اوصاف عطا فرماتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَسْئَلُكَ اَللّٰھُمَّ اَنْ تُصَلِّیَ وَتُسَلِّمَ عَلٰی
سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَ اِمَامِ الْمُتَّقِیْنَ الَّذِیْ خَلَقْتَهٗ
مِنْ جَلَالِكَ وَزَیَّنْتَهٗ بِجَمَالِكَ وَتَوَّجْتَهٗ بِكَمَالِكَ
وَاَھَّلْتَهٗ لِرُؤْیَةِ ذَاتِكَ وَجَعَلْتَهٗ مَحَلًّا لِّاَسْمَآئِكَ
وَصِفَاتِكَ وَقَرَنْتَ اسْمَهٗ بِاسْمِكَ وَطَاعَتَهٗ
بِطَاعَتِكَ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ وَ اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ
الدَّاعِیْنَ اِلَی اللّٰهِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا نَآئِبِ
حَضْرَةِ ذَاتِكَ الْمُتَحَقِّقِ لِاَسْمَآئِكَ وَصِفَاتِكَ
الْجَامِعِ بَیْنَ الْوُجُوْدِ وَالْعَدَمِ وَالْبَرْزَخِ الْفَاصِلِ
بَیْنَ الْحُدُوْثِ وَالْقِدَمِ عَیْنِ الْاَحَدِیَّةِ الَّذِیْ
انْفَتَحَ بِهٖ كُلُّ مَقْفُوْلٍ وَّانْجَبَرَ بِهٖ كُلُّ مَكْسُوْرٍ

وَّانْعَتِقَ بِهٖ كُلُّ مَقْهُوْرٍ ط

298 دُرُود حصول ترقی

اگر کوئی شخص اس درود کو کثرت سے پڑھنے کا معمول بنا لے تو قیامت کے دن قرب الٰہی کا باعث بنے گا۔ یہ درود پاک ہر کام شروع کرنے سے پہلے پڑھنا بے پناہ اجر کا باعث بھی ہوگا۔ حصول علم میں آسانی پیدا ہوگی۔ ترقی کی راہیں کھلیں گی۔ انسان کی سوچ اور تدبیر صالح سمت اختیار کریگی۔ غرضیکہ اللہ تعالیٰ اپنے نبی پاک پر درود پڑھنے کے باعث پڑھنے والے کو سلامتی اور عافیت عطا فرمائے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سِرِّكَ الْجَامِعِ الدَّآلِّ عَلَيْكَ
مُحَمَّدِنِ الْمُصْطَفٰى كَمَا هُوَ لَآئِقٌ بِكَ مِنْكَ
اِلَيْكَ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ بِمَا هُوَ خَصِيْصٌ بِهٖ مِنَ
السَّلَامِ لَدَيْكَ وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ صَلٰوتِهٖ صِلَةً
وَّعَآئِدًا تُتِمُّ بِهِمَا وُجُوْدَنَا وَتُعَمِّمُ بِهِمَا شُهُوْدَنَا
وَتُخَصِّصُ بِهِمَا مَزِيْدَنَا وَمِنْ سَلَامِهٖ اِسْلَامًا
وَّسَلَامَةً لِّبُرْهَانِ مَاظَهَرَ مِنَّا وَمَابَطَنَ مِنْ شَوَآئِبِ
الْاِرَادَاتِ وَالْاِخْتِيَارَاتِ وَالتَّدْبِيْرَاتِ

وَالْاِضْطِرَارَاتِ لِنَاْتِيَكَ بِالْقَوَالِبِ الْمُسْلِمَةِ
وَالْقُلُوْبِ السَّلِيْمَةِ حَسْبَ مَاهُوَلَدَيْكَ مِنَ
الْكَمَالِ الْاَقْدَسِ وَالْجَمَالِ الْاَنْفَسِo

299 دُرُود منتہائے علم

اس درود کا وظیفہ حصولِ علم ورضائے الٰہی کے لیے بڑا مؤثر و بے نظیر ہے جو کوئی علم لدنی کا خواہاں ہو اس درود پاک کی کثرت کرے یا ہر نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا گو ہو، اللہ تعالیٰ خصوصی رحمت سے نوازے گا اور ظاہری و باطنی علوم کے اسرار اس پر منکشف ہوں گے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ
وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ مِّلْءَ الْمِيْزَانِ وَمُنْتَهَى الْعِلْمِ
وَمَبْلَغَ الرِّضَا وَعَدَدَ النِّعَمِ وَزِنَةَ الْعَرْشِo

300 دُرُود شرف نسب

یہ درود شریف اللہ تعالیٰ کی بیشمار رحمتوں اور فضل وکرم کا حامل ہے اور اپنے قاری کیلئے دنیا و آخرت میں باعثِ عزت وقدر و منزلت ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَكْرَمِ الْاَسْلَافِ

الْقَآئِمِ بِالْعَدْلِ وَالْاِنْصَافِ الْمَنْعُوْتِ فِیْ سُوْرَةِ
الْاَعْرَافِ الْمُنْتَخَبِ مِنْ اَصْلَابِ الشِّرَافِ
وَالْبُطُوْنِ الظِّرَافِ الْمُصَفّٰی مِنْ مُّصَاصِ عَبْدِ
الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافِنِ الَّذِیْ هَدَیْتَ بِهٖ مِنَ
الْخِلَافِ وَبَیَّنْتَ بِهٖ سَبِیْلَ الْعَفَافِ ○

﴿301﴾ دُرُودِ عدد القرآن

شیطان چونکہ انسان کا ازلی دشمن ہے اس لئے وہ انسانی نفس کے ذریعے انسان کو مختلف قسم کے وساوس میں مبتلا کرتا ہے شیطانی خیالات اور وساوس سے بچنے کیلئے مندرجہ ذیل درود پاک بہت مفید ہے۔ اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ جس وقت وساوس پیدا ہوں، اسی وقت اس درود پاک کو شروع کر دے اور وساوس دور ہونے تک تلاوت کرتے رہیں۔ اس کے علاوہ بعد نمازِ مغرب درود کا 33 مرتبہ روزانہ پڑھ لینا بھی مفید ہے۔ جو کوئی کسی مشکل یا پریشانی میں مبتلا ہو اور اس کا کوئی حل سمجھ میں نہ آتا ہو تو چاہئے کہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد 66 مرتبہ یہ درود پڑھ کر بارگاہِ الٰہی میں دعا مانگے انشاء اللہ مشکل آسان ہو جائیگی۔

جو کوئی یہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ اسے اپنا شکر گزار بندہ بنائے تو وہ روزانہ نماز مغرب کے بعد اکتالیس مرتبہ یہ درود پاک پڑھ لیا کرے۔ اسے شکر الٰہی کی توفیق عطا ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا ط وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا ط وَصَلِّ وَسَلِّمْ
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ اَلْفٍ ضِعْفًا
ضِعْفًاo

302 دُرُود قدر و منزلت

جو کوئی اس درود پاک کو پڑھنے کا معمول بنالے اللہ تعالیٰ اس کی نیکیوں میں بے حساب اضافہ فرما دیتا ہے۔ اس پر اپنی خاص رحمت اور برکتیں نازل فرماتا ہے اس درود پاک کا بعد نماز فجر اور مغرب ورد رضائے الٰہی کا موجب ہے۔ جو کوئی بعد نماز مغرب 33 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اس کا خاتمہ بالخیر ہوگا اور کبھی دنیا کی محتاجی نہ ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ عَدَدَ اَمْوَاجِ الْبَحْرِ الدَّفِيْقِ،
وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ عَدَدَ الرَّمْلِ الدَّفِيْقِ، وَصَلِّ وَسَلِّمْ
وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ

عَدَدَ حَسَنَاتِ سَيِّدِنَا اَبِیْ بَكْرِنِ الصِّدِّيْقِ،وَصَلِّ
وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ
وَصَحْبِهٖ عَدَدَ حَسَنَاتِ سَيِّدِنَا عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ
سَيِّدِ اَهْلِ التَّوْفِيْقِ،وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ عَدَدَ حَسَنَاتِ
سَيِّدِنَا عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ سَيِّدِ اَهْلِ التَّحْقِيْقِ،
وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى
اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ عَدَدَ حَسَنَاتِ سَيِّدِنَا عَلِيِّ بْنِ اَبِیْ
طَالِبٍ سَيِّدِ اَهْلِ التَّدْقِيقِ،وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ عَدَدَ
حَسَنَاتِ اَهْلِ الْبَيْتِ وَعَدَدَ حَسَنَاتِ بَقِيَّةِ
الصَّحَابَةِ اَجْمَعِيْنَ وَتَابِعِيْهِمْ وَتَابِعِی تَابِعِيْهِمْ
بِاِحْسَانٍ اِلٰى اَقْوَامِ طَرِيْقٍ وَّصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ مِلْءَ
السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَالْاَرْضِیْنَ السَّبْعِ وَمَابَیْنَهُمَا
حَتّٰی تَضِیْقَ○

303 دُرُود صاحب کمال

اللہ رب العزت کی ذات اقدس تمام کمالات کا منبع ہے اور اس کے کمالات کی کوئی حد نہیں اللہ کریم نے اپنے پیارے حبیب ﷺ کو بے اعداد و شمار کمالات اور رفعتوں سے نوازا ہے۔ اس درود پاک میں اللہ تعالیٰ سے التجا کی گئی ہے کہ اپنے کمالات کے برابر جن کی کوئی حد نہیں اپنے پیارے رسول ﷺ پر درود بھیج اسی لئے اسے درودِ کمال کہا جاتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِكَ الْاَمِیْنِ
وَعَلٰٓی اٰلِهٖ كَمَا لَانِهَایَةَ لِكَمَالِكَ وَعَدَدَ كَمَالِهٖ
وَسَلِّمْ وَبَارِكْ○

304 دُرُود خزینۃ الاسرار

اس درود شریف کو شیخ عارف محمد حنفی نازلی نے اپنی کتاب خزینۃ الاسرار میں لکھا ہے اور کہا ہے کہ اس کی اجازت میرے شیخ مصطفیٰ ہندی نے مدینہ منورہ کے مدرسہ محمودیہ میں مجھے دی کیونکہ میں نے ایسے ذکر کی درخواست کی تھی جس سے علم اور قرب الٰہی اور رسول

خدا ﷺ سے رابطہ حاصل ہو۔ آپ نے مجھے آیت الکرسی اور اس درود شریف کے پڑھنے کو فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ اگر اس پر مداومت کر گیا تو تجھے علوم اور اسرار نبی کریم ﷺ سے حاصل ہوں گے اور تربیت بھی آپ ﷺ سے حاصل ہوگی۔ ساتھ ہی فرمایا کہ مجرب ہے اس کا تجربہ فلاں اور فلاں بزرگ نے کیا ہے۔ بہت بزرگوں کے نام بتائے۔ میں نے پہلی رات اسے سو دفعہ پڑھا اور خواب میں پیارے آقا رحمۃ للعالمین ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تیرے لئے اور تیرے والدین اور تیرے بھائیوں کیلئے میری شفاعت ہوگی۔ پھر میں نے قدرت خداوندی سے وہ سب کچھ پایا جو شیخ قدس سرہ نے فرمایا تھا اور میں نے بہت سے بھائیوں کو اس درود شریف کی اطلاع دی۔ پس میں نے دیکھا کہ جنہوں نے اس کو ہمیشہ پڑھا بہت سے اسرار عجیبہ حاصل کیے جو میں نے حاصل کئے تھے اور اس میں بے شمار اسرار ہیں۔ عاقل کو اشارہ کافی ہے۔ (فضل الصلوت)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِیْ کُلِّ لَمْحَۃٍ وَّنَفَسٍ بِعَدَدِ کُلِّ
مَعْلُوْمٍ لَّکَ ○

305 درود عدد معلوم

ایک فرمان میں ہے ہر چیز کی طہارت اور غسل ہوتا ہے اور ایمان والوں کی قلبی طہارت حضور ﷺ پر درود پڑھنا ہے۔ اس لئے جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کا دل پاکیزہ رہے اس کے دل و دماغ میں برے خیالات پیدا نہ ہوں تو اسے چاہیئے کہ مندرجہ ذیل درود کو

سونے سے پہلے سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اس درود کی تلاوت سے اسے قلبی طہارت اور پاکیزگی حاصل ہوگی۔ ایسے ہی نماز جمعہ کے بعد اس درود پاک کو تین سو تیرہ مرتبہ پڑھنے سے آخرت میں اس کی منزل حضور ﷺ کے قریب ہوگی اور قیامت کو حضور ﷺ گواہ اور شفیع ہوں گے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ
صَلَوَاتِكَ عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِكَ ○

306 دُرُود افضل المولود

یہ درود شریف کنوز الاسرار میں ذکر کیا گیا ہے۔ مصنف کا کہنا ہے کہ یہ کامل درودوں میں سے ہے اس درود پاک کی فضیلت یہ ہے۔ ایمان کی اصل قدر و قیمت کا اندازہ انسان کو اس دنیا سے جانے کے بعد ہوگا جب انسان عالمِ برزخ میں ہوگا جو یہاں سے ایمان کامل کے ساتھ گیا ہوگا اس کو قبر کی منازل میں راحت اور سکون حاصل ہوگا۔ اس لئے جو چاہے کہ وہ ایمان کی حالت میں دنیا سے جائے تو اسے چاہیئے کہ اس درود پاک کو روزانہ 33 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے تو اللہ تعالیٰ پڑھنے والے کا ایمان پختہ کر دے گا۔ اور وہ حالت ایمان پر فوت ہوگا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰٓی اَشْرَفِ مَوْجُوْدٍ ط وَّاَفْضَلِ
مَوْلُوْدٍ وَّاَكْرَمِ مَخْصُوْصٍ مَّحْمُوْدٍ سَيِّدِ
السَّادَاتِ بَرِيَّاتِكَ وَمَنْ لَّهُ التَّفْضِيْلُ عَلٰى جُمْلَةِ

مَخْلُوْقَاتِكَ صَلَاةً تُنَاسِبُ مَقَامَهُ الْعَالِيَ
وَمِقْدَارَهُ وَتَعُمُّ اَهْلَهُ وَاَزْوَاجَهُ وَاَوْلِيَآءَهُ
وَاَنْصَارَهُ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى جُمْلَةِ رُسُلِكَ
وَاَنْبِيَآئِكَ وَزُمَرِ مَلَآئِكَتِكَ وَاَصْفِيَآئِكَ صَلَاةً
تَعُمُّ بَرَكَاتُهَا الْمُطِيْعِيْنَ مِنْ اَهْلِ اَرْضِكَ
وَسَمَآئِكَ o

307 دُرُود اقتدار

اس درود کی پڑھائی خصوصاً ان حضرات کیلئے بڑی نفع بخش ہے کہ جو اس بات کے خواہاں ہوں کہ پروردگار عالم انہیں دنیا میں اقتدار عطا فرمائے یعنی انہیں حکومت و فرمانروائی حاصل ہو۔ اس مقصد کیلئے جو شخص اس درود پاک کو عصر کی نماز کے بعد ۴۱ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے گا اللہ اسے معاشرے میں صاحب اقتدار کردے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ نُجُوْمِ
السَّمَآءِ مِنْ يَّوْمَ خَلَقْتَ الدُّنْيَآ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ
فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ o اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ مِّلْءَ اَرْضِكَ مِمَّا حَمَلَتْ وَاَقَلَّتْ مِنْ

قُدْرَتِكَ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ
مَاخَلَقْتَ فِىْ سَبْعِ بِحَارِكَ مِمَّا لَا يَعْلَمُ عِلْمَهٗٓ اِلَّآ
اَنْتَ وَمَآ اَنْتَ خَالِقُهٗ فِيْهَآ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِىْ
كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّةٍ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ عَدَدَ مِلْءَ سَبْعِ بِحَارِكَ ○

دُرُود معرفت 308

یہ درود شریف سید محمد شفاوی کا ہے جو ان کے اوراد میں شامل تھا۔ اس درود پاک کی فضیلت یہ ہے کہ جو شخص اس درود پاک کو کثرت سے پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کیلئے حصول معرفت کا دروازہ کھول دے گا اور پڑھتے وقت جو مقصد پڑھنے والا پیش نظر رکھے گا اللہ تعالیٰ اسے پورا فرما دے گا۔ اس کے علاوہ جو شخص اس درود پاک کو تہجد کے وقت روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے گا تو اللہ تعالیٰ اس پر اسرار و رموز ظاہر فرمائے گا اور اس پر انوار و تجلیات کی بارش فرمائے گا۔ غرضیکہ حصول شاہرات کے لئے یہ درود بڑا لاجواب ہے۔ اس کے علاوہ اس درود پاک کو گاہے بگاہے پڑھنے والا ہمیشہ باعزت رہتا ہے اگر وہ کسی وجہ سے مقروض بھی ہو جائے تو اللہ تعالیٰ کوئی نہ کوئی اس کا ذریعہ بھی بنا دیتا ہے اور قرض سے خلاصی پا جاتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ
وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ صَلٰوةً اَدْخُلُ بِهَا رِيَاضَ

الْمَطَالِبِ وَاَجْنِیْ ثَمَرَالْمَوَاهِبِ ط وَصَلِّ وَسَلِّمْ
عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ شَمْسِ اٰفَاقِ اَهْلِ مَوَدَّتِكَ
وَمَجْلٰی عَرَآئِسِ مَشَاهِدِ اَحَدِیَّتِكَ وَمَشْهَدِ
اَنْوَارِ اَسْرَارِ تَجَلِّیَاتِكَ وَمَظْهَرِ اعْتِزَازِ عِنِّ
عِزَّتِكَ ○

309 دُرُود سید النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

یہ درود پاک دلائل الخیرات سے منقول ہے اگرچہ یہ مختصر ہے مگر بلاغت کے لحاظ سے انتہائی پر معنی ہے۔ اس درود کی پڑھائی حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بے پناہ محبت پیدا کرتی ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَّبِیِّكَ وَاِبْرَاهِیْمَ
خَلِیْلِكَ وَعَلٰی جَمِیْعِ اَنْبِیَآئِكَ وَاَصْفِیَآئِكَ مِنْ
اَهْلِ اَرْضِكَ وَسَمَآئِكَ عَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضَا
نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمٰتِكَ وَمُنْتَهٰی
عِلْمِكَ وَزِنَةَ جَمِیْعِ مَخْلُوْقَاتِكَ صَلَاةً مُّكَرَّرَةً

اَبَدًا عَدَدَ مَآاَحْصٰی عِلْمُكَ وَمِلْءَ مَآ اَحْصٰی
عِلْمُكَ وَاَضْعَافَ مَآاَحْصٰی عِلْمُكَ صَلَاةً تَزِيْدُ
وَتَفُوْقُ وَتَفْضُلُ صَلَاةَ الْمُصَلِّيْنَ عَلَيْهِمْ مِّنَ
الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ كَفَضْلِكَ عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِكَ○

310 دُرُود صاحب الخیر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

یہ درود شریف اصل میں ابوالمعتمر کے وظائف میں سے ہے۔ حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے احیاء العلوم میں اس کی فضیلت میں یہ روایت بیان کی ہے کہ یونس بن عبید نے خواب میں ایک شخص دیکھا جو روی علاقہ میں شہید ہو چکا تھا، پوچھا وہاں (اگلے جہان) تم نے کون سا افضل عمل دیکھا؟ اس نے کہا میں نے اللہ کی بارگاہ میں تسبیحات ابوالمعتمر کو بہت شان میں دیکھا ہے۔ ابوالمعتمر کا اصل نام سلیمان بن طرخان تیمی ہے۔ ابن سعد نے کہا کہ سلیمان قابل اعتماد اور کثرت سے احادیث بیان کرنے والا تھا اور محنت کرنے والے عبادت گزاروں میں سے تھا۔ عشاء کے وضو سے تمام رات نماز پڑھا کرتا تھا چالیس سال تک یہ عمل رہا کہ ایک دن روزہ ایک دن افطار اور عشاء کے وضو سے صبح کی نماز ادا کرتے تھے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ
اَكْبَرُ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ
عَدَدَ مَا خَلَقَ وَعَدَدَ مَا هُوَ خَالِقٌ وَّ زِنَةَ مَا خَلَقَ
وَزِنَةَ مَا هُوَ خَالِقٌ وَّمِلْءَ مَا هُوَ خَالِقٌ وَّمِلْءَ

سَمٰوٰتِهٖ وَمِلْءَ اَرْضِهٖ وَمِثْلَ ذٰلِكَ اَضْعَافَ ذٰلِكَ
وَعَدَدَ خَلْقِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَرِضَا نَفْسِهٖ وَمُنْتَهٰى
رَحْمَتِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ وَمَبْلَغَ رِضَاهُ حَتّٰى
يَرْضٰى وَاِذَا رَضِىَ وَعَدَدَ مَا ذَكَرَهٗ بِهٖ خَلْقُهٗ فِىْ
جَمِيْعِ مَامَضٰى وَعَدَدَ مَا هُمْ ذَاكِرُوْهُ فِيْمَا بَقِىَ
فِىْ كُلِّ سَنَةٍ وَّ شَهْرٍ وَّجُمُعَةٍ وَّيَوْمٍ وَّ لَيْلَةٍ
وَّسَاعَةٍ مِّنَ السَّاعَاتِ وَشَمٍّ وَّنَفَسٍ مِّنَ الْاَنْفَاسِ
مِنْ ذٰلِكَ الْاٰبَادِ اَبَدِ الدُّنْيَا وَاَبَدِ الْاٰخِرَةِ وَاَكْثَرَ
مِنْ ذٰلِكَ لَا يَنْقَطِعُ اَوَّلُهٗ وَلَا يَنْفَدُ اٰخِرُهٗ ط اَللّٰهُمَّ
صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ مِّثْلَ ذٰلِكَ وَاَضْعَافَ اَضْعَافِ ذٰلِكَ ○

311 دُرُود صاحب بیان

جو کوئی فصاحت و بلاغت کا خواہاں ہو وہ روزانہ باوضو حالت میں 33 مرتبہ اس درود شریف کو پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو انشاء اللہ فصیح و بلیغ ہو جائے گا اس کی گفتگو

وکلام میں ایسی تاثیر پیدا ہو جائے گی کہ جو بھی سنے گا اس کا گرویدہ و معتقد ہو جائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی مَنْ عَلَّمْتَهُ الْبَيَانَ
وَعَلٰٓی اٰلِهٖ كَذٰلِكَ o

312 دُرُود ایمان و یقین

اس درود پاک کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ جو شخص اس کی تلاوت پر مداومت کرتا ہے اس کا ایمان مستحکم ہو جاتا ہے وہ دنیا کے معاملات میں اللہ سے ڈرنے لگ جاتا ہے۔ اس میں اتنی استقامت آجاتی ہے کہ وہ ایمان کو زندگی کے ہر مسئلے پر ترجیح دیتا ہے اس لیے اہل عمل کا کہنا ہے کہ جو شخص اس درود کو روزانہ سونے سے پہلے سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے گا اللہ تعالیٰ اس کے ایمان میں استقامت فرمادے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی مَنْ شَرَحْتَ
صَدْرَهٗ مَوْضِعَ الْاِتْقَانِ وَالْاِيْمَانِ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ
كَذٰلِكَ o

313 دُرُود قاریٔ القرآن

حفظ قرآن کے لئے اس درود کا پڑھنا بڑا ہی مؤثر ہے لہٰذا جس طالب علم کو آسانی سے قرآن پاک یاد نہ ہوتا ہو تو اس کے والد یا والدہ کو چاہیے کہ اس درود پاک کو روزانہ تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے بچے کو پلائیں تو انشاء اللہ بچے کے لئے قرآن حفظ کرنے میں آسانی پیدا ہو جائے گی اور اس پڑھائی کو تا حصول مقصد جاری رکھیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی مَنْ ھُوَ قَارِئُ
الْقُرْاٰنِ فِیْ رَمَضَانَ وَعَلٰی اٰلِهٖ كَذَالِكَ ○

314 دُرُود متین

اس درود پاک کو کثرت سے پڑھنا حضور ﷺ سے محبت کا باعث بنے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ
مَعْلُوْمَاتِكَ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا كَذٰلِكَ ○

315 دُرُود ناطق

جو شخص اس درود پاک کو روزانہ کثرت سے پڑھنے کا معمول بنائے گا اس کے گناہ معاف ہو جائیں گے اس کی اولاد نیک اور صالح رہے گی۔ قیامت کے روز اس درود کے پڑھنے والے کو حضور ﷺ کی شفاعت بھی حاصل ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ مَّادَارَتِ الْاَفْلَاكُ وَدَجَتِ الْاَحْلَاكُ
وَسَبَّحَتِ الْاَمْلَاكُ ○

316 دُرُود نبوت

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ جو بھی کوئی اچھی بات کہے لوگوں کے دلوں پر اثر کرے اور

ان کے قلوب میں گھر کر جائے اس کا بیان نہایت متاثر کن ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد حضور نبی کریم ﷺ کے اس درود پاک کو تین سو مرتبہ پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اس عمل کی مداومت کرنے سے انشاء اللہ اس کے بیان میں اثر پیدا ہوگا، اس کی نصیحت کارگر ثابت ہوگی جو بھی بات کرے گا لوگ نہایت توجہ کے ساتھ سنیں گے اور اس کی عزت کریں گے۔ چشم خلائق میں معزز ہو جائے گا۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ مُحَمَّدٍ وَّسَلَّمَ ○

317 دُرُود صاحب قرآن

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ پروردگار عالم اسے حق کی ہدایت عطا فرمائے تو وہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ یہ درود پاک پڑھ کر دعا مانگ لیا کرے انشاء اللہ صراط مستقیم پر گامزن ہوگا۔ اللہ تعالیٰ راہ ہدایت نصیب فرمائے گا۔ ایمان کی سلامتی اور دین حق کی سمجھ سے سرفراز فرمائے گا۔ دل میں برائیوں سے نفرت کا جذبہ پیدا ہوگا اور نیکی کے کاموں کی رغبت و توفیق مرحمت ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْفُرْقِ
وَالْفُرْقَانِ وَجَامِعِ الْوَرَقِ وَمُنْزِلِهٖ مِنْ سَمَآءِ
الْقُرْاٰنِ وَعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ ط

318 دُرُود عبد

اس درود پاک میں عبد کا لفظ استعمال ہوا ہے جس سے مراد اللہ کی بندگی کرنے والا ہے اس لئے جو شخص حسب ذیل کلمات کے ساتھ حضور ﷺ پر درود پاک پڑھے گا اللہ

تعالیٰ اس کا دل اپنی بندگی کی طرف راغب کر دے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ ○

319 دُرُود برابر تعداد ذاکرین

حضور سرور کائنات ﷺ کے اس درود پاک کو بکثرت پڑھنا دینی و دنیاوی برکات کے حصول کا باعث ہے جو کوئی یہ چاہے کہ وہ عذاب قبر سے محفوظ رہے تو وہ ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ یہ درود پاک پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ قبر کے عذاب سے مامون رہے گا قبر کشادہ ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے عذاب قبر سے محفوظ رکھے گا۔

اگر کسی معاملے میں کسی شخص کی گواہی ہو اور اس کے بارے میں شک ہو کہ وہ ٹھیک طرح سے گواہی نہ دے گا تو چاہیے کہ باوضو حالت میں تین سو انیس مرتبہ یہ درود پاک پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کرے اور اس کو کھلا دے بفضل باری تعالیٰ وہ ٹھیک ٹھیک گواہی دے گا اس شخص کو کھلانے میں کوئی مشکل ہو یا ممکن نہ ہو تو پھر چاہیے کہ تین سو انیس مرتبہ پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں اپنے مقصد کے لئے دعا مانگے۔ انشاء اللہ دعا قبول ہوگی اور مقصد میں کامیابی ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كُلَّمَا
ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَكُلَّمَا سَهٰی عَنْهُ الْغَافِلُوْنَ
وَعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ ○

320 دُرُود صاحب فرقان ﷺ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ
الْفَرْقِ وَالْفُرْقَانِ ○ وَجَامِعِ الْوَرَقِ وَمُنْزِلِہٖ مِنْ
سَمَآءِ الْقُرْاٰنِ ○ وَعَلٰی اٰلِ وَاَصْحَابِ مُحَمَّدٍ
وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ ○

321 دُرُود حصول شفاء

درود پاک کا معمول ہر بیماری سے شفاء اور ہر تکلیف سے نجات ہے۔ اگر کوئی کسی بیماری سے انتہائی لاغر ہو جائے تو ہر نماز کے بعد سو مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر اللہ کے حضور دعا کرے۔ انشاء اللہ العزیز درود پاک کی برکت سے کمزوری دور ہو جائے گی اور شفائے کامل نصیب ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ دَآءٍ وَّدَوَآءٍ
وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ○

322 دُرُود محمد ﷺ

بزرگان دین کے مطابق اس درود شریف کو بکثرت پڑھنے سے اللہ اور اس کے پیارے محبوب ﷺ کی محبت و خوشنودی اور قربت نصیب ہوتی ہے اللہ تعالیٰ اپنا خاص فضل و کرم فرماتا ہے اور اس کے قاری کو اپنے برگزیدہ بندوں میں شامل فرماتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِهٖ وَبَارِكْ
وَسَلِّمْ ○

323 دُرُود جود و کرم

اس درود پاک کو کثرت سے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ علم کی طرف رغبت عطا فرماتا ہے۔ اس کے علم میں اضافہ ہوتا ہے اور اس کو نور بصیرت عطا ہوتا ہے۔ اس کے ذہن کو علوم نافعہ کے لئے کھول دیا جاتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ
وَمَنْبَعِ الْعِلْمِ وَالْحِكَمِ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ
وَسَلِّمْ ط

324 دُرُودِ فقری

یہ درود بے پناہ انوار و برکات کا حامل ہے۔ صدق و اخلاص سے پڑھنے والا اللہ کی طرف راجع ہو جاتا ہے اور اعمال نامے میں نیکیوں کا اضافہ ہوتا ہے اور نبی کریم ﷺ کی قربت عطا ہوتی ہے۔ ظاہر اور باطن میں پاکیزگی پیدا ہوتی ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰٓی اَفْضَلِ حَبِیْبِكَ النَّبِیِّ الْعَظِیْمِ
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمْ ط

325 دُرُود کلمہ نبوت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی مَنْ كَلِمَةُ نُبُوَّتِهٖ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ
وَسَلِّمْ ○

326 دُرُود خزائن ارض وسماء

علامہ نبہانی کا کہنا ہے کہ یہ درود شریف میں نے امام علامہ شیخ محمد البدیری الدمیاطی کی کتاب "تقریب الوسیلة للطالبین فی الصلوة والسلام علی سید الاولین والآخرین"۔ کے شروع میں لکھا دیکھا ہے۔ (یہ بزرگ) شیخ حنفی اور سیّد مصطفیٰ البکری کے مرشد تھے۔ یہ درود شریف اس کتاب کا حصہ نہیں ہے۔ اس کے بعد لکھا ہے کہ جو شخص روزانہ ۱۰ مرتبہ یہ درود شریف پڑھے اللہ تعالیٰ اسے بہت جلد غنی کردے گا۔ ایک اور قول کے مطابق جو شخص تنگدست ہو اور اس پر اتنی مفلسی ہو کہ اس کی گزر اوقات بڑی مشکل سے ہوتی ہو تو اسے چاہیے کہ اس درود پاک کو 40 یوم تک 33 مرتبہ روزانہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کی تنگدستی کو رفع فرمائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ
نَبِیِّ الرَّحْمَةِ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ عَدَدَ مَآ
اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ وَجَرٰی بِهٖ قَلَمُكَ وَنَفَذَ بِهٖ

حُكْمُكَ ط اَللّٰهُمَّ يَامَنْ بِيَدِهٖ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ وَمَنْ يَّقُوْلُ لِلشَّيْءِ كُنْ فَيَكُوْنُ
اَسْاَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اَنْ
تُعَافِيَنِيْ مِنَ الدَّيْنِ وَتُغْنِيَنِيْ مِنَ الْفَقْرِ وَ اَنْ
تَرْزُقَنِيْ رِزْقًا حَلَا لاً وَّاسِعًا مُّبَارَكاً فِيْهِ وَصَلِّ
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلِّمْ ○

دُرُودِ خواتین 327

چونکہ یہ درود گھریلو خوشحالی اور خیر و برکت کے لئے بڑا موثر ہے اس لئے جس گھر میں گھر کے افراد میں سے کوئی بھی اس درود کو پڑھتا رہے گا تو اس کی خیر و برکت سے گھر میں ہر طرح ماحول درست رہے گا بچے آپس میں پیار و محبت سے رہیں گے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى بَعْلِ الْحُمَيْرَآءِ
وَاَبِي الزَّهْرَآءِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ ○

دُرُود شاہد و مشہود 328

جو کوئی اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل و کرم کا ملتجی ہو اس درود پاک کو معمول بنالے۔ اللہ تعالیٰ اپنی خاص رحمت عطا فرماتا ہے۔ اپنی بخشش و مغفرت اور راہ حق پر استقامت عطا فرماتا ہے۔

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى شَهِيْدٍ وَّشَاهِدٍ وَّشَهِيْدٍ
وَّمَشْهُوْدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ ○

329 دُرود باب مشہود

یہ درود تقی الدین حنبلی رحمۃ اللہ علیہ سے منسوب ہے اور اس کے پڑھنے کی بے پناہ برکات وثمرات ہیں اللہ تعالیٰ دنیا وآخرت میں عزت وآبرو عطا فرماتا ہے اور اپنی خاص رحمتوں سے نوازتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكُوْنُ لَنَا
عَلَى اللّٰهِ بَابًا مَّشْهُوْدًا وَّعَنْ اَعْدَآئِهٖ حِجَابًا
مَّسْدُوْدًا وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ ○

330 دُرود احسان

یہ درود استقامت ایمان کے لئے بہت ہی اکسیر ہے جو شخص اس درود پاک کو روزانہ بعد نماز فجر 70 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے گا اللہ تعالیٰ اس کے ایمان میں حد درجے کی استقامت پیدا فرمادے گا اور وہ راہ ہدایت پر گامزن رہے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّطْلِقِ عِنَانِ
الْاِيْمَانِ فِىْ مَيْدَانِ الْاِحْسَانِ وَمُرْسِلِ رِيَاحِ

الْكَرَمِ اِلٰى رَوْضِ الْجِنَانِ وَعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
وَّسَلِّمْ ○

331 دُرُود مختار نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

یہ درود شریف حضرت سید ابوالسعود الجارحی رحمتہ اللہ علیہ کا ہے جو ان کے اوارد میں شامل تھا۔ اس درود کے پڑھنے سے بزرگی اور عظمت حاصل ہوتی ہے لہٰذا جو شخص روزانہ اس درود پاک کو 101 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے گا اللہ تعالیٰ اسے عظمت عطا فرمائے گا۔ اس کے علاوہ اس درود پاک کو پڑھنا حصول مراد کا ذریعہ بھی بنتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِ السَّادَاتِ وَمَعْدِنِ
السَّعَادَاتِ وَمُرَادِ الْاِرَادَاتِ حَبِيْبِكَ الْمُكَرَّمِ
وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى
سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْعَزِيْزِ الْمُخْتَارِ النَّبِيِّ السُّلْطَانِ
النُّوْرِ الْاَمِيْنِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ ○

332 دُرُودِ اجابت حاجت

یہ درود شیخ محمد تقی الدین دمشقی کا ہے۔ انہوں نے اس کے بے پناہ فوائد و برکات تحریر فرمائے ہیں۔ آپ فرماتے ہیں کہ گمشدہ چیز، بھاگنے والے، چوری شدہ یا چھینا ہوا مال امانت یا قرض وغیرہ کی وصولی کیلئے اس درود کو ہر روز 7 مرتبہ بہ نیت ہدیہ عقیدت بحضور سرور

کونین ﷺ، آپ ﷺ کی آل پاک رضوان اللہ علیہم اجمعین، صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین، احباب رجال الغیب رحمۃ اللہ علیہم اجمعین، اولیاء رحمۃ اللہ علیہم اجمعین پیش کرے اور اللہ کریم کے حضور نبی کریم ﷺ کے وسیلہ سے اپنا مدعا پیش کرے اور پھر اپنی مراد بر آنے پر مستحقین کو حسب توفیق کھانا کھلائے اور اللہ کا شکر ادا کرے۔

اسی طرح دردسر، بخار، آشوب چشم، آنکھوں کا درد اور آدھے سر کے درد کے لئے عرق گلاب پر 7 مرتبہ درود ہذا معہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر بیمار کے سر پر مالش کرے، اللہ تعالیٰ کی رحمت سے شفاء ہوگی۔ اسی طرح کسی بھی بیماری میں لوبان پر پڑھ کر دھواں مریض پر پھونک دیا جائے اللہ کریم کے کرم سے شفایابی ہوگی۔

باقاعدگی سے پڑھنے والے کو اللہ کریم کی بارگاہ سے بے حد عنایات و نوازشات عطا ہوتی ہیں۔ اللہ پاک اس کے قاری کے سینہ کو علمِ معرفت و علمِ لدنی کے لئے فراخ فرما دیتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡاَلُکَ بِاسۡمِکَ الۡاَعۡظَمِ الۡمَکۡتُوۡبِ
مِنۡ نُّوۡرِ وَجۡھِکَ الۡاَعۡلٰی الۡمُؤَیَّدِ الدَّآئِمِ الۡبَاقِی
الۡمُخَلَّدِ فِیۡ قَلۡبِ نَبِیِّکَ وَرَسُوۡلِکَ مُحَمَّدٍ
وَّ اَسۡاَلُکَ بِاسۡمِکَ الۡاَعۡظَمِ الۡوَاحِدِ بِوَحۡدَۃِ
الۡاَحَدِ الۡمُتَعَالِیۡ عَنۡ وَّحۡدَۃِ الۡکَمِّ وَالۡعَدَدِ
الۡمُقَدَّسِ عَنۡ کُلِّ اَحَدٍ وَّبِحَقِّ بِسۡمِ اللّٰہِ

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ : قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ
الصَّمَدُ ○ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ○ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا
اَحَدٌ ○ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سِرِّ حَيَاةِ
الْوُجُوْدِ وَالسَّبَبِ الْاَعْظَمِ لِكُلِّ مَوْجُوْدٍ صَلٰوةً
تُثَبِّتُ فِيْ قَلْبِي الْاِيْمَانَ وَتُحْفِظُنِي الْقُرْاٰنَ ط
وَتُفَهِّمَنِيْ مِنْهُ الْاٰيَاتِ وَتَفْتَحَ لِيْ بِهَا نُوْرَ
الْحَسَنَاتِ وَنُوْرَ النَّعِيْمِ وَنُوْرَ النَّظَرِ اِلٰى وَجْهِكَ
الْكَرِيْمِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ ○

333 دُرُودِ دافع تکالیف

یہ درود شیخ حسن ابوحلاوہ الغزنی کا ہے۔ علامہ نبہانی کا کہنا ہے کہ میں نے ان سے اپنے رنج والم کی شکایت کی تھی۔ تو جتنا اللہ نے چاہا میں نے اس کو پڑھا اور اللہ تعالیٰ نے اس کے ذریعے میرا درد وغم دور فرما دیا اور میری آرزو وتمنا سے بڑھ کر اللہ کے فضل وکرم اور نبی کریم ﷺ پر ان بابرکت الفاظ سے درود وسلام پڑھنے کی برکت سے ملا ہے۔

اس درود پاک کو پڑھنے کا ایک اور فائدہ یہ ہے کہ اس کو بکثرت پڑھنے سے مفلسی دور ہوتی ہے۔ اگر کوئی غریب ہو مالی حالت اچھی نہ ہو تو اسے چاہیے کہ وہ بکثرت یہ درود پاک پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ اللہ تعالیٰ اس کے رزق حلال میں خیر وبرکت پیدا

فرمائے گا۔اس کی غربت ومفلسی دور کر کے اس کو مالا مال فرمادے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْحَبِیْبِ
الْمَحْبُوْبِ شَافِی الْعِلَلِ وَمُفَرِّجِ الْکُرُوْبِ
وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ ○

دُرُود بدءالامر 334

جو شخص درج ذیل درود کو صبح وشام چند بار پڑھنے کا معمول بنائے گا تو اللہ تعالیٰ اس پر اپنی رحمت کا نزول فرمائے گا۔اس درود کو جو کثرت سے پڑھے گا اس کی برائیاں مٹا دی جائیں گی اور اللہ تعالیٰ اس کے درجات میں بلندی فرمائے گا۔اس درود پاک کا ثواب بے پناہ ہے کیونکہ اس درود شریف میں اللہ تعالیٰ سے التجا کی گئی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ پر دنیا کی ابتداء سے آخر تک درود بھیجا جائے اس لیے اللہ تعالیٰ پڑھنے والے کو ہمیشہ باعظمت کردے گا۔

حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت کے لئے فجر کی نماز کے بعد سورۂ مزمل کو ایک مرتبہ پڑھے اور اس کے بعد درج ذیل درود شریف کا 100 بار ورد کرے اسی طرح عشاء کی نماز کے بعد سورۂ مزمل دو مرتبہ پڑھے اور پھر درج ذیل درود شریف کا 100 بار ورد کرے اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے اس کے دل میں نبی کریم ﷺ کی محبت پیدا ہو جائے گی۔جب کبھی اس کے سامنے حضور ﷺ کا نام لیا جائے گا اس کی آنکھیں محبت سے پرنم ہو جایا کریں گی۔اسے حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت بھی ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّمَنْ وَّالَاہُ عَدَدَ

مَا تَعْلَمُهٗ مِنْۢ بَدْءِ الْاَمْرِ اِلٰی مُنْتَهَاهُ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ
وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ ○

335 دُرُود کاشف الصدر

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کا سینہ حصول علم اور معرفت کیلئے کھل جائے تو اسے چاہیے اس درود پاک کو عشاء کی نماز کے بعد 101 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ اللہ اس درود پاک کے پڑھنے کی برکت سے اس کے سینے کو حصول معرفت کے لئے کھول دے گا۔ اس درود پاک کی پڑھائی سے علم لدنی حاصل ہونے کے ذرائع بھی پیدا ہو جاتے ہیں چونکہ علم لدنی ایک ایسا علم ہے جو اللہ کے خاص بندوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُكْتَبُ
بِهَا السُّطُوْرُ وَتُشْرَحُ بِهَا الصُّدُوْرُ وَتَهُوْنُ بِهَا
جَمِیْعُ الْاُمُوْرِ بِرَحْمَةٍ مِّنْكَ یَا عَزِیْزُ یَاغَفُوْرُ
وَعَلٰٓی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ ○

336 دُرُود ذی الاکرام

جس شخص کی یہ خواہش ہو کہ وہ لوگوں کی نظروں میں ہمیشہ باعزت رہے جن لوگوں سے اس کا واسطہ پڑے وہ اس کے حُسنِ خُلق کے گرویدہ ہو جائیں تو اسے چاہیے کہ وہ عشاء کی نماز کے بعد مسجد میں بیٹھ کر 40 یوم تک اس درود کو روزانہ ۱۱۱ مرتبہ پڑھے اور اس

کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اسے ہمیشہ عزت اور شہرت دوام سے نوازے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ السَّادَاتِ وَمُرَادِ
الْاِرَادَاتِ مُحَمَّدٍ حَبِیْبِكَ الْمُكَرَّمِ وَعَلٰی اٰلِهٖ
وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ ○

دُرُود زمان 337

اللہ تعالیٰ اس درود پاک کو ہر روز ایک وقت معین پر باوضو یکسوئی کے ساتھ پڑھنے والے کے درجات بلند فرماتا ہے اور اسے دنیا و آخرت میں بلند مرتبہ عطا فرماتا ہے۔ اس درود پاک کی کثرت کرنے والا ہر قسم کی مشکلات اور پریشانیوں سے اللہ تعالیٰ کی پناہ میں رہتا ہے اور جو کوئی روزانہ بعد نماز فجر 33 مرتبہ اس درود پاک کا معمول بنالے اللہ تعالیٰ اس کے رزق میں فراخی اور برکت عطا فرماتا ہے اس کے ایمان میں پختگی اور خاتمہ بالخیر فرماتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الَّذِیْ اَرْسَلْتَهٗ رَحْمَةً
لِّلْعٰلَمِیْنَ وَاصْطَفَیْتَهٗ عَلَی الْخَلَآئِقِ اَجْمَعِیْنَ
عَدَدَ مَافِیْ عِلْمِكَ وَمِلْأَ مَا فِیْ عِلْمِكَ وَزِنَةَ مَا

فِیْ عِلْمِكَ وَعَدَدَ خَلْقِكَ وَعَدَدَ كُلِّ ذَرَّةٍ
اَضْعَافًا مُّضَاعَفَةً فِیْ ذٰلِكَ اَلْفَ مَرَّةٍ فِیْ كُلِّ
نَفَسٍ وَّلَمْحَةٍ وَّلَحْظَةٍ وَّطَرْفَةٍ يَّطْرُفُ بِهَآ اَهْلُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ○

338 دُرُود ذی شان

یہ درود شریف سیدی شیخ احمد صباغ سکندری رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔اس کا ایک فائدہ یہ ہے کہ جو کوئی کسی اچھے کام کا آغاز کرتے وقت بکثرت یہ درود پاک پڑھے تو ان شاء اللہ اسے اپنے مقصد میں کامیابی ہوگی اور کام حسب منشاء ہوگا۔ نئے کاروبار کا آغاز کرتے ہوئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر بکثرت اس درود پاک کی تلاوت کرے تو انشاء اللہ کاروبار میں خیر و برکت پیدا ہوگی اور کاروبار خوب پھلے پھولے گا۔

اس درود پاک کو پڑھنے کا ایک فائدہ یہ ہے کہ جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ وہ برے کاموں سے بچا رہے شیطان کے شر سے محفوظ رہے تو وہ کثرت سے پڑھا کرے۔اگر کسی کو کوئی ایسی بری عادت پڑ گئی ہو جو کسی کے کہنے اور سمجھانے سے بھی نہ چھوٹتی ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں 33 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اس شخص کو پلا دے۔21 یوم تک بلا ناغہ اسی طرح کرے انشاء اللہ اس کا دل برائی سے نفرت کرے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰى
عَلَيْهِ مِنْ خَلْقِكَ وَ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ مِنْ خَلْقِكَ ط وَ صَلِّ عَلٰى
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَآ اَمَرْتَنَآ اَنْ نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ ط وَ صَلِّ
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً زَاكِيَةً تُبَلِّغُهُ الدَّرَجَةَ
وَالْوَسِيْلَةَ ط وَ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كُلَّمَا
ذَكَرَهٗٓ اَحَدٌ مِّنْ خَلْقِكَ وَ حَيْثُمَا ذُكِرَ اللّٰهُ ط
اَللّٰهُمَّ سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَلَامَكَ الَّذِيْ
سَلَّمْتَ عَلَيْهِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
مَلَآئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ وَ عَلٰٓى اَنْبِيَآئِكَ الْمُطَهَّرِيْنَ
وَ عَلٰى عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ مِنْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَ
اَهْلِ الْاَرْضِيْنَ وَ خُصُوْصًا عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ بِاَفْضَلِ الصَّلٰوةِ وَ
اَشْرَفِ التَّسْلِيْمِ ○

339 دُرُود سراج منیر

شفاء شریف میں یہ درود پاک حضرت علی رضی اللہ عنہ سے نقل کیا گیا ہے۔ اس لئے اسے درود اہل بیت سے بھی موسوم کیا گیا ہے۔ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کے دل میں حضور نبی کریم ﷺ کی بے پناہ محبت موجزن ہو جائے تو اسے نماز تہجد کو پابندی سے ادا کرنا چاہئے اور اس کے بعد دو رکعت نماز نفل اس طرح پڑھنے کا معمول بنائے کہ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے۔ سلام کے بعد حسب ذیل درود 41 مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے نبی کریم ﷺ سے بے پناہ محبت پیدا ہو جائے گی۔ اگر کسی کی کوئی ایسی جائز حاجت ہو جو کسی بھی طرح پوری نہ ہوتی ہو تو چاہئے کہ نصف شب کو ننگے سر ہو کر باوضو حالت میں 41 مرتبہ یہ درود پاک پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ ہر مراد پوری ہوگی جو بھی حاجت ہوگی۔

اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝
لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ رَبِّيْ وَ سَعْدَيْكَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ الْبَرِّ
الرَّحِيْمِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَالنَّبِيِّيْنَ
وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَ مَاسَبَّحَ
لَكَ مِنْ شَيْءٍ يَّارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ عَلٰى سَيِّدِنَا

مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَ سَيِّدِ
الْمُرْسَلِيْنَ وَ اِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَ رَسُوْلِ رَبِّ
الْعٰلَمِيْنَ الشَّاهِدِ الْبَشِيْرِ الدَّاعِيْ اِلَيْكَ بِاِذْنِكَ
السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ وَ عَلَيْهِ السَّلَامُ ○

340 دُرُود اخلاص عبادت

یہ درود شریف شیخ شمس الدین المعروف خطیب وزیری مالکی نے اپنے وظائف حزب الفتح کے آخر میں دعا سے پہلے ذکر کیا ہے اور کہا کہ یہ درود شریف شیخ صدر الدین کا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ یہ انہیں غیب سے تلقین ہوا ہے۔اس کی برکت کا تجربہ کیا گیا ہے۔

جو شخص تہجد کی نماز کے وقت تہجد پڑھنے کے بعد سورۂ محمد ایک بار پڑھے اور اس کے بعد اس درود پاک کو 11 مرتبہ پڑھے اور اس عمل کو کچھ عرصہ جاری رکھے تو اللہ اسے عزت سے نوازے گا اور وہ چشم خلائق میں منظور ہو جائے گا۔

ایسی مشکل جو پیش آنے والی ہو اور معلوم ہوتا ہو کہ اب پریشانی ضرور آئے گی تو اس مشکل کو ٹالنے اور آنے والی پریشانی کو دور کرنے کی غرض سے چاہیئے کہ نماز تہجد کے وقت اٹھ کر خلوت کے مقام پر، تازہ غسل کر کے انتہائی عاجزی اور انکساری کے ساتھ نماز تہجد ادا کرے، اس کے بعد 33 مرتبہ اس درود پاک کو پڑھے اور پھر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے۔ روزانہ اسی طرح کرے 7 یوم 11 یوم یا 21 یوم تک یہ عمل کرے انشاء اللہ مشکل ٹل جائے گی اور پریشانی دور ہو جائے گی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَلَآئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ وَ حَمَلَةِ

عَرْشِكَ الطَّاهِرِيْنَ وَاَنْبِيَآئِكَ الْمُرْسَلِيْنَ وَ اَهْلِ

طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ مِنْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَ اَهْلِ

الْاَرْضِيْنَ ط وَاخْصُصِ اللّٰهُمَّ مِنْ بَيْنِهِمْ نَبِيَّكَ

سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ اَصْفِيَآءَكَ اٰدَمَ

وَشِيْثَ وَ اِدْرِيْسَ وَ نُوْحًا وَّ اِبْرٰهِيْمَ وَ مُوْسٰى وَ

عِيْسٰى وَالْخِضْرَ وَ اِلْيَاسَ وَ اٰلَ مُحَمَّدٍ

خُصُوْصًا ابْنَتَهٗ فَاطِمَةَ وَ عَلِيًّا وَّ الْحَسَنَ

وَالْحُسَيْنَ وَالْاِمَامَ مُحَمَّدَنِ الْمَهْدِيَّ وَ خَاتِمَ

اَمْرِنَا وَ كَامِلَ عَصْرِنَا وَ صَحْبَةِ وَالصَّفْوَةً مِّنْ

اُمَّتِهٖ وَالْكَامِلِيْنَ وَالْمُكَمَّلِيْنَ مِنْ ذُرِّيَّتِهٖ بِاَفْضَلِ

الصَّلَوَاتِ وَ اَطْيَبِ التَّحِيَّاتِ وَ اَزْكَى التَّسْلِيْمِ ط

اَللّٰهُمَّ بَلِّغْ سَلَامَ عَبْدِكَ الْمِسْكِيْنِ اِلٰى نَبِيِّكَ

مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ اِلٰى سَآئِرِ مَنْ ذَكَرْتَ

مِنْ عِبَادِكَ الْمُخْلَصِيْنَ مُجْمَلاً وَّ مُفَصَّلًا فَعَلَيْهِ
وَ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ مِنْكَ فِيْ هٰذِهِ اللَّحْظَةِ مِنْ
هٰذَا الْمِسْكِيْنِ اَفْضَلُ الصَّلَوَاتِ وَ اَطْيَبُ
التَّحِيَّاتِ وَ اَزْكَى التَّسْلِيْمِ ○

دُرُود جمیع انواع 341

یہ درود علامہ نبہانی کا ہے جسے انہوں نے اپنی کتاب صلوٰۃ الثناء علیٰ سید الانبیاء ﷺ میں لکھا ہے جو کوئی چاہے کہ اللہ تعالیٰ اس پر اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے قیامت کے دن اسے حضور نبی کریم ﷺ کی شفاعت نصیب فرمائے تو اسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد 33 مرتبہ اس درود پاک کو خلوص نیت کے ساتھ پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے۔ انشاء اللہ اسے شفاعت نصیب ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مِنْ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَ
تَسْلِيْمَاتِهٖ وَ تَحِيَّاتِهٖ وَ بَرَكَاتِهٖ فِيْ كُلِّ لَحْظَةٍ مَّا
يُمَاثِلُ فَضْلَكَ الْعَظِيْمَ ط وَ يُعَادِلُ قَدْرَكَ الْفَخِيْمَ
وَ يَجْمَعُ لَكَ فَضَآئِلَ جَمِيْعِ اَنْوَاعِ الصَّلَاةِ
وَالتَّسْلِيْمِ ○

342 دُرُود رسالت مآب ﷺ

اگر کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اللہ تعالیٰ اسے حکمت و دانائی عطا فرمائے اور اس پر علم و حکمت کے دروازے کھول دے تو اسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد کثرت سے یہ درود پاک پڑھنے کا معمول بنالے۔ انشاء اللہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ نَبِیِّكَ وَ
رَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰی اٰلِهٖ وَسَلِّمْ
تَسْلِیْمًاo

343 دُرُود سیّد الطیّبین ﷺ

یہ درود شریف کنوز الاسرار میں مذکور ہے اور مصنف نے اس کی فضیلت بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ مشکلات و مصائب کے دور کرنے کے لئے اور مرض کوڑھ کے لئے انتہائی مجرب ہے۔

ایسی مشکل جس میں مالی نقصان ہو جانے کا شدید خدشہ لاحق ہو تو ایسی صورت میں چاہیئے کہ نمازِ عصر کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رخ ہو کر بیٹھے اور نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ مغرب کی اذان تک بکثرت اس درود پاک کو پڑھے پھر اللہ تعالیٰ سے مشکل کے حل کے لئے دعا مانگے تو انشاء اللہ ہر طرح کی مشکل و پریشانی رفع ہو جائے گی۔

اگر کسی کو رات سوتے ہوئے برے برے خواب دکھائی دیتے ہوں یا ڈراؤنے خواب نظر آتے ہوں اور وہ ڈر جاتا ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ رات کو سونے سے پہلے وضو کر کے بستر پر لیٹے اور 33 مرتبہ یہ درود پاک پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرے اور قبلہ رخ منہ کر کے سو جائے، روزانہ اسی طرح کرے انشاء اللہ برے خواب آنا بند ہو جائیں گے۔ شیطان نیند کی حالت میں اس پر غلبہ حاصل نہ کر سکے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْفَاتِحِ الطَّیِّبِ
الطَّاھِرِ رَحْمَۃِ اللّٰہِ لِلْعٰلَمِیْنَ وَ عَلٰٓی اٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ
الطَّاھِرِیْنَ وَ سَلِّمْ تَسْلِیْمًاo

344 افضل ترین دُرُود شریف

اگر کسی نے افضل ترین درود شریف پڑھنے کی قسم کھائی ہو تو ان درود پاک میں تمام صیغے جمع ہیں جن میں سے کسی ایک کے پڑھنے سے افضل ترین درود پڑھنے کی قسم پوری ہو جاتی ہے۔

1 -اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ ط وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ فِی الْعٰلَمِیْنَ ط اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط۔

2. اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ وَ اَزْوَاجِہٖ اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ ذُرِّیَّتِہٖ وَ اَھْلِ بَیْتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ ط اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

3. اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَ غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ۔

4. اَللّٰهُمَّ صَلِّ اَبَدًا اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ عَلٰى عَبْدِكَ وَ نَبِيِّكَ وَ رَسُوْلِكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ۔

5. اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَآ اَنْتَ اَهْلُهٗ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَنْتَ اَهْلُهٗ وَ افْعَلْ بِنَا مَآ اَنْتَ اَهْلٌ فَاِنَّكَ اَهْلُ الْمَغْفِرَةِ۔

6. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِكَ۔

7. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ وَ مُسْتَحِقُّهٗ۔

8. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ عَلٰى كُلِّ نَبِيٍّ وَّ مَلَكٍ وَّ وَلِيٍّ عَدَدَ الشَّفْعِ وَ الْوَتْرِ وَ عَدَدَ كَلِمَاتِ رَبِّنَا التَّآمَّاتِ الْمُبَارَكَاتِ۔

9. اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ نَبِيِّكَ وَ رَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ عَلٰٓى اٰلِهٖ وَ اَزْوَاجِهٖ وَ ذُرِّيَّتِهٖ وَ سَلِّمْ عَدَدَ خَلْقِكَ وَ رِضَا نَفْسِكَ وَ زِنَةَ عَرْشِكَ وَ مِدَادَ كَلِمَاتِكَ

10. اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ سَلِّمْ عَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضَانَفْسِكَ وَ زِنَةَ عَرْشِكَ وَ مِدَادَ كَلِمَاتِكَ۔

11. اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِكَ۔

12. اَللّٰھُمَّ يَا رَبَّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اجْزِ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا هُوَ اَهْلُهٗ۔

دُرود اضافۂ علم 345

جوکوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہو جائے، اسے اللہ پاک کی خوشنودی حاصل ہو اور اس کے علم میں اضافہ ہو تو وہ ہر فرض نماز کے بعد اس درود شریف کو 66 مرتبہ پڑھے۔ اسی طرح اگر کسی کی اولاد صراطِ مستقیم پر نہ آتی ہو تو وہ روزانہ باوضو ہو کر 111 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے کم از کم 40 روز تک بلاناغہ بچوں کو پلائے۔ انشاء اللہ رحمت خداوندی سے اولاد کو صراطِ مستقیم پر چلنے کی سعادت عطا ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ سَلِّمْ تَسْلِیْمًا ○

دُرود عترت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 346

یہ درود طالبان حق کا توشہ ہے۔ لہٰذا جو شخص یہ چاہے کہ وہ رضائے الٰہی کا سچا طالب بنے اور اللہ اس سے راضی ہو تو اسے چاہیے کہ یہ درود اپنے معمولات میں شامل کر لے اور اسے کثرت سے پڑھے کیونکہ اس درود پاک کے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ تین انمول تحفوں سے نوازتا ہے۔

پہلا تحفہ یہ ہے کہ اللہ اسے اپنی خصوصی رحمت سے مالا مال کر دیتا ہے اور دوسرا تحفہ یہ ہے کہ اللہ اس پر اپنا روحانی فضل و کرم کرتا ہے اور وہ حصول روحانیت کی راہ پر گامزن ہو جاتا ہے۔ تیسرا یہ ہے کہ اللہ اسے اپنی عنایت سے نوازتا ہے اور وہ عالم روحانیت میں ترقی پاتا جاتا ہے۔

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ خَلْقِہٖ وَ رِضَآءَ نَفْسِہٖ وَ زِنَۃَ عَرْشِہٖ وَ مِدَادَ کَلِمٰتِہٖ وَ کَمَا

هُوَ اَهْلُهٗ وَ كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَ غَفَلَ عَنْ
ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ وَ عَلٰى اَهْلِ بَيْتِهٖ وَ عِتْرَتِهٖ
الطَّاهِرِيْنَ وَ سَلَّمَ تَسْلِيْمًا ○

دُرُود شریف قبر انور 347

اس درود شریف کا ورد کرنے والے کو قبر میں آسانی اور راحت نصیب ہوگی۔ اس درود پاک کو روزانہ بعد نماز عشاء 41 مرتبہ روضۂ رسول کریم ﷺ کا تصور کر کے پڑھنے والے کو نکیرین کے سوال و جواب میں آسانی ہوگی اور اس کی قبر اس کے لئے کشادہ ہو جائے گی انشاء اللہ قبر میں آسانیاں ہوں گی اور قبر تاحدِ نگاہ قیامت تک کے لئے منور و روشن ہو جائے گی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى رُوْحِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى
الْاَرْوَاحِ وَ صَلِّ عَلٰى جَسَدِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى
الْاَجْسَادِ وَ صَلِّ عَلٰى قَبْرِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى
الْقُبُوْرِ ط اَللّٰهُمَّ اَبْلِغْ رُوْحَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّنِّىْ تَحِيَّةً
وَّ سَلَامًا ○

دُرُود سعید 348

اس درود شریف کے پڑھنے کے بے شمار فوائد ہیں جو شخص چشمِ خلائق میں مقبول

ہونا چاہتا ہو وہ اس درود شریف کی کثرت کرے۔اس درود شریف کو 313 مرتبہ پڑھ کر اگر حاکم کے پاس جائے تو وہ بھی مہربانی وعزت سے پیش آئے اور جائز کام حسب منشا ہو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مِّلْأَ السَّمٰوٰتِ وَ مِلْأَ
الْأَرْضِ وَ مِلْأَ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ○

349 دُرُود توسل

یہ درود پاک سید محمد وفا شاذلی کا ہے۔اس درود پاک میں حضور نبی کریم ﷺ پر درود پاک بھیجنے کے لئے اللہ تعالیٰ ہی کو وسیلہ بنایا گیا ہے۔اس لئے جو شخص اس درود پاک کو کثرت سے پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ پر اس کا یقین مستحکم ہو جائے گا اور اپنی دعا میں جو بھی وہ اللہ سے مانگے گا پائے گا۔اس لئے یہ درود پاک قبولیت دعا کے لئے بہت اکسیر ہے۔اگر کسی کو ذہنی پریشانی لاحق ہوگئی ہو تو اسے چاہئے کہ عشاء کی نماز کے بعد سات دن تک اس درود پاک کو چالیس مرتبہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے ذہنی سکون ملنے کی دعا کرے تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے اسے سکون حاصل ہوگا اور ذہن سے ہر قسم کی پریشانی دور ہو جائے گی۔نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد اس درود پاک کو چند بار پڑھ لینا گھر میں برکت کا باعث بنے گا۔

اَللّٰھُمَّ بِكَ تَوَسَّلْتُ وَ مِنْكَ سَاَلْتُ وَ فِیْكَ لَا فِیْ
شَیْءٍ سِوَاكَ رَغِبْتُ لَآ اَسْاَلُ مِنْكَ سِوَاكَ وَ لَآ
اَطْلُبُ مِنْكَ اِلَّآ اِیَّاكَ اَللّٰھُمَّ وَ اَتَوَسَّلُ اِلَیْكَ فِیْ
قَبُوْلِ ذٰلِكَ بِالْوَسِیْلَةِ الْعُظْمٰی وَالْفَضِیْلَةِ

الْكُبْرٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُصْطَفٰى وَالصَّفِيِّ
الْمُرْتَضٰى وَالنَّبِيِّ الْمُجْتَبٰى ط وَ بِهٖ اَسْئَلُكَ اَنْ
تُصَلِّيَ عَلَيْهِ صَلٰوةً اَبَدِيَّةً دَيْمُوْمِيَّةً قَيُّوْمِيَّةً اِلٰهِيَّةً
رَّبَّانِيَّةً ۢ بِحَيْثُ يَشْهَدُ لِيْ ذٰلِكَ فِيْ عَيْنِ كَمَالِهٖ
بِشَهَادَةِ مَعَارِفِ ذَاتِهٖ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ
كَذٰلِكَ فَاِنَّكَ وَلِيُّ ذٰلِكَ ط وَ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا
بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ○

دُرُودِ وصل 350

یہ درود شریف شیخ محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے اس درود کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ اس کے علم حاصل کرنے میں آسانی پیدا کر دے اور اگر وہ نصابی علوم پڑھ رہا ہو تو اسے کوئی رکاوٹ پیش نہ آئے اور اس کا ذہن حصول علم کی طرف مائل ہو جائے تو اسے چاہئے کہ اس درود کو روزانہ 27 مرتبہ پڑھے اور اپنے سامنے پڑھائی کے دوران پانی رکھے۔ پڑھائی کے بعد پانی پر دم کرے اور پھر دم کیا ہوا پانی پی لے تو اللہ تعالیٰ تحصیل علم میں ہر قسم کی رکاوٹ کو دور کر دے گا اور اس عمل کو 40 دن تک جاری رکھے۔ اللہ کی مہربانی سے وہ اپنی نصابی تعلیم کو مکمل کرے گا۔ اگر کسی پر کوئی اہم ذمہ داری پڑ گئی ہو اور وہ چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ اسے اس ذمہ داری کو نبھانے کی توفیق عطا فرمائے تو وہ بکثرت اس درود پاک کو پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ بِكَ تَوَسَّلْتُ وَ اِلَيْكَ تَوَجَّھْتُ وَ مِنْكَ
سَأَلْتُ وَ فِيْكَ لَا فِيْ اَحَدٍ سِوَاكَ رَغِبْتُ لَآ اَسْأَلُ
سِوَاكَ وَ لَآ اَطْلُبُ مِنْكَ اِلَّآ اِيَّاكَ ط اَللّٰھُمَّ وَ اَتَوَسَّلُ
اِلَيْكَ فِيْ قَبُوْلِ ذٰلِكَ بِالْوَسِيْلَةِ الْعُظْمٰى
وَالْفَضِيْلَةِ الْكُبْرٰى وَالْحَبِيْبِ الْاَدْنٰى وَالْوَلِيِّ
الْمَوْلٰى وَالصَّفِيِّ الْمُصْطَفٰى وَالنَّبِيِّ الْمُجْتَبٰى
مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ ط وَ بِهٖ اَسْأَلُكَ اَنْ
تُصَلِّيَ عَلَيْهِ صَلَاةً اَبَدِيَّةً سَرْمَدِيَّةً اَزَلِيَّةً لَّاهِيَّةً
قَيُّوْمِيَّةً دَآئِمَةً دَيْمُوْمِيَّةً رَّبَّانِيَّةً بِحَيْثُ اَشْهَدُنِيْ
فِيْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ عَيْنَ الْاَغْيَارِ كَمَا تَسْتَھْلِكُنِيْ فِيْ
مَعَارِفِ ذَاتِهٖ فَاَنْتَ وَلِيُّ ذٰلِكَ وَ لَا حَوْلَ وَ لَا
قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ○

351 دُرُود حضرت علی رضی اللہ عنہ

اس درود شریف کو حضرت قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ شفاء شریف میں شیخ جزولی

رحمۃ اللہ علیہ دلائل الخیرات میں اور حضرت امام قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ نے مواہب اللدنیہ میں ذکر کیا ہے۔ حضرت امام قسطلانیؒ اسے سلامۃ الکندی رضی اللہ عنہ سے بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ لوگوں کو اس دعا کی تعلیم دیتے تھے۔

وہ انسان بڑا ہی خوش قسمت ہوتا ہے کہ جو دنیا سے ایمان کی دولت کے ساتھ جائے اس لئے جو شخص اس درود کو فجر کی نماز کے بعد 7 مرتبہ پڑھے تو اللہ کی مہربانی سے اس کا خاتمہ ایمان پر ہوگا وہ صاحب ایمان رہتے ہوئے دنیا سے جائے گا۔

اضافہ رزق کے لئے اس درود کا ورد بڑا بے نظیر ہے لہٰذا متوکل حضرات کو چاہئے کہ اپنی ضروریات زندگی کو باعزت پورا کرنے کے لئے اس درود کو صبح اور رات سوتے وقت گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لینا چاہئے۔ اگر ہمیشہ پڑھے تو بے پناہ خیر و برکت ہوگی جو شخص اس بات کا خواہشمند ہو کہ اسے قبر میں کسی قسم کا عذاب نہ ہو تو اسے چاہئے کہ اس درود کو روزانہ تین بار پڑھنے کا معمول بنا لے۔ وہ قبر میں عذاب سے محفوظ رہے گا۔ اللہ کی مہربانی سے اسے قبر میں راحت نصیب ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ دَاحِیَ الْمَدْحُوَّاتِ وَ بَارِیَ الْمَسْمُوْکَاتِ
وَ جَبَّارَ الْقُلُوْبِ عَلٰی فِطْرَتِھَا شَقِیِّھَا وَ سَعِیْدِھَا
اجْعَلْ شَرَآئِفَ صَلَوَاتِكَ وَ نَوَامِیَ بَرَکَاتِكَ وَ
رَأْفَةَ تَحَنُّنِكَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ
رَسُوْلِكَ الْخَاتَمِ لِمَا سَبَقَ وَالْفَاتِحِ لِمَآ اُغْلِقَ
وَالْمُعْلِنِ الْحَقَّ بِالْحَقِّ وَالدَّامِغِ لِجَیْشَاتِ

الْاَبَاطِيْلِ كَمَا حُمِّلَ فَاضْطَلَعَ بِاَمْرِكَ بِطَاعَتِكَ
مُسْتَوْفِزًا فِيْ مَرْضَاتِكَ بِغَيْرِ نِكْلٍ عَنْ قَدَمٍ وَّ لَا
وَهْنٍ فِيْ عَزْمٍ وَّاعِيًا لِّوَحْيِكَ حَافِظًا لِّعَهْدِكَ
مَاضِيًا عَلٰى نَفَاذِ اَمْرِكَ حَتّٰى اَوْرٰى قَبَسًا لِّقَابِسٍ،
اَلْاٰءُ اللّٰهَ تَصِلُ بِاَهْلِهٖ اَسْبَابُهٗ بِهٖ هُدِيَتِ الْقُلُوْبُ
بَعْدَ خَوْضَاتِ الْفِتَنِ وَالْاِثْمِ وَ اَبْهَجَ مُوْضِحَاتِ
الْاَعْلَامِ وَ مُنِيْرَاتِ الْاِسْلَامِ وَ نَائِرَاتِ الْاَحْكَامِ
فَهُوَ اَمِيْنُكَ الْمَاْمُوْنُ وَ خَازِنُ عِلْمِكَ الْمَخْزُوْنِ
وَ شَهِيْدُكَ يَوْمَ الدِّيْنِ وَ بَعِيْثُكَ نِعْمَةً وَّ رَسُوْلُكَ
بِالْحَقِّ رَحْمَةً ○ اَللّٰهُمَّ افْسَحْ لَهٗ مَفْسَحًا فِيْ
عَدْنِكَ وَ اجْزِهٖ مُضَاعَفَاتِ الْخَيْرِ مِنْ فَضْلِكَ
مُهَنَّاتٍ لَّهٗ غَيْرَ مُكَدَّرَاتٍ مِّنْ وُّفُوْرِ ثَوَابِكَ
الْمَضْنُوْنِ وَ جَزِيْلِ عَطَآئِكَ الْمَخْزُوْنِ ○ اَللّٰهُمَّ

اَعْلِ عَلٰی بِنَآءِ الْبَانِیْنَ بِنَآءَہٗ وَ اَکْرِمْ مَّثْوَاہُ لَدَیْكَ
وَ نُزُلَہٗ وَ اَتْمِمْ لَہٗ نُوْرَہٗ وَ اجْزِہٖ مِنَ ابْتِعَاثِكَ لَہٗ
مَقْبُوْلَ الشَّهَادَةِ وَ مَرْضِیَّ الْمَقَالَةِ ذَامَنْطِقٍ عَدْلٍ
وَّ خُطَّةِ فَصْلٍ وَّ حُجَّةٍ بُرْهَانٍ عَظِیْمٍ ○

دُرُود ناموری 352

حضور نبی کریم ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں اس درود شریف کی کثرت کرنے والا ہمیشہ صراطِ مستقیم پر رہے گا اور اللہ تعالیٰ اسے بھٹکنے سے اپنی رحمت کی پناہ میں رکھے گا۔ نیک کاموں کی توفیق کے لئے ہر نماز کے بعد 33 مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر اللہ رب العزت کے حضور دعا کرے اسی طرح جو کوئی چشم خلائق میں معزز ہونا چاہے وہ ہر نماز کے بعد 70 مرتبہ اس درود پاک کی تلاوت کا معمول بنالے۔ اللہ پاک عزت وعظمت عطا فرمائے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَ مَآ
اَنْتَ خَالِقُہٗٓ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ
اَنْفَاسِهِمْ وَ اَلْفَاظِهِمْ وَاَلْحَاظِهِمْ مِّنْ یَّوْمَ خَلَقْتَ

الدُّنْیَآ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ○

353 دُرُود صاحبِ شرع

اس درود پاک کے الفاظ کو سیّد احمد رفاعی رحمۃ اللہ علیہ نے تالیف کیا ہے۔ انہوں نے اس درود میں حضور نبی کریم ﷺ کی شان مبارک کو مختصر اور جامع الفاظ میں بیان کیا ہے۔ اس لئے جو شخص اس درود پاک کو کثرت سے پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس پر حضور نبی کریم ﷺ کے روحانی مقام کو عیاں فرمائے گا۔ وہ شریعت اسلامیہ پر پوری طرح کاربند رہنے کے لئے مستعد رہے گا۔ یوم حساب اس شخص کو حضور نبی کریم ﷺ کی شفاعت بھی نصیب ہوگی۔ اس کے علاوہ اس کی پڑھائی سے سکون اور اطمینان قلب حاصل ہوگا۔ اللہ تعالیٰ درود پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی النُّوْرِ اللَّامِعِ وَالْقَمَرِ السَّاطِعِ
وَالْبَدْرِ الطَّالِعِ وَالْفَیْضِ الْھَامِعِ وَالْمَدَدِ الْوَاسِعِ
وَالْحَبِیْبِ الشَّافِعِ وَالنَّبِیِّ الشَّارِعِ وَالرَّسُوْلِ
الْمُصَادِعِ وَالْمَامُوْرِ الطَّآئِعِ وَالْمُخَاطَبِ
السَّامِعِ وَالسَّیْفِ الْقَاطِعِ وَالْقَلْبِ الْجَامِعِ
وَالطَّرْفِ الدَّامِعِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِهٖ وَ
اَوْلَادِهِ الْکِرَامِ وَ اَصْحَابِهِ الْعِظَامِ وَ اَتْبَاعِهِمْ مِّنْ

اَهْلِ السُّنَّةِ وَالْاِسْلَامِ ○

دُرُود منتہی العلم 354

اس درود کا ذکر علامہ قسطلانی نے اپنی کتاب مسالک الحنفاء میں کیا ہے۔ اس درود پاک کو پڑھنے اور اس کا ذکر توجہ و یکسوئی کے ساتھ کرنے سے بہت سے فوائد حاصل ہوتے ہیں جو کوئی سفر پر جائے تو باوضو ہو کر روانہ ہو اور کثرت سے یہ درود پاک پڑھ کر جائے۔ انشاء اللہ سفر کی صعوبتوں سے بچا رہے گا۔ سفر آسانی سے کٹے گا کسی قسم کی پریشانی و مصیبت کا سامنا نہ کرنا پڑے گا تھکاوٹ کا احساس تک نہ ہوگا۔ پروردگار عالم سفر کامیاب بنا دے گا اور اس کی مدد فرمائے گا۔ حضور نبی کریم ﷺ کے اس درود پاک کا ورد کرنے سے مشکلات آسان ہو جاتی ہیں پریشانیاں دور ہو جاتی ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ وَ
صَحْبِهٖ صَلٰوةً تَتَفَاضَلُ عَلٰى كُلِّ صَلٰوةٍ صَلَّاهَا
الْمُصَلُّوْنَ مِنْ اَوَّلِ الدَّهْرِ اِلٰى اٰخِرِهٖ كَفَضْلِ اللّٰهِ
عَلٰى خَلْقِهٖ وَ مِلْءَ الْمِيْزَانِ وَ مُنْتَهَى الْعِلْمِ○

دُرُود الصالحین 355

روایات میں مذکور ہے کہ نبی کریم ﷺ نے یہ درود پاک پڑھا اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو پڑھنے کی تلقین فرمائی۔ اس درود پاک کی بے شمار برکات ہیں اس کا قاری دین و دنیا میں فلاح پائے گا اور سعادت دارین حاصل ہوگی۔ اسی طرح ہر نماز کے بعد اس درود شریف کا بکثرت ورد کرنے والے کی مصیبتیں دور ہو جاتی ہیں اور اللہ تعالیٰ

آسانیاں عطا فرماتا ہے۔ کند ذہنی اور کمزور حافظے کے علاج کے لئے روزانہ 21 مرتبہ بعد نماز عصر پڑھنے سے حافظہ مضبوط اور یادداشت بہتر ہو جاتی ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکُوْنُ لَکَ رِضًا وَّ لِحَقِّہٖٓ اَدَآءً وَّ
اَعْطِہِ الْوَسِیْلَۃَ وَ الْفَضِیْلَۃَ وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ ط
وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا وَّاجْزِہٖ عَنَّآ اَفْضَلَ مَا
جَزَیْتَ نَبِیًّا عَنْ اُمَّتِہٖ ط وَ صَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ اِخْوَانِہٖ
مِنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّھَدَآءِ وَالصّٰلِحِیْنَ
وَ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُتَّقِیْنَ وَ عَلٰی جَمِیْعِ
مَلَآئِکَتِکَ مِنْ اَھْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِیْنَ وَ عَلٰی
جَمِیْعِ عِبَادِکَ الصَّالِحِیْنَ وَ عَلَیْنَا مَعَھُمْ یَآ اَرْحَمَ
الرّٰحِمِیْنَ ○

356 دُرُود صاحبِ معجزات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

یہ درود شریف سیدی علی بن احمد انصاری رحمۃ اللہ علیہ کا ہے جسے انہوں نے اپنے وظائف الحصن الحصین میں ذکر کیا ہے جسے وہیں سے نقل کیا گیا ہے۔

جب کسی کو کوئی حاجت پیش آجائے اور وہ جلدی پوری ہوتی ہوئی نظر نہ آئے تو اسے چاہئے کہ اس درود پاک کو روزانہ 40 مرتبہ بعد نماز عشاء 40 یوم تک پڑھے اور اللہ تعالیٰ کے حضور اپنی حاجت پیش کرے اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو اس کی حاجت پوری ہوگی جو شخص اسرار الٰہی کا مشاہدہ کرنا چاہے تو اسے چاہئے کہ اس درود پاک کو نماز تہجد کے بعد کثرت سے پڑھنے کا معمول بنائے تو اللہ تعالیٰ اس پر خوابوں کے ذریعے اپنے اسرار کے بھید ظاہر کرے گا اور اسے کائنات کی بے شمار پوشیدہ چیزوں کا مشاہدہ کروایا جائے گا۔

يَا مَوْلَایَ يَا قَرِيْبُ يَا مُجِيْبُ اَسْاَلُكَ اَنْ تُرْسِلَ
بُعُوْثَ غُيُوْثِ سَلَامِكَ وَ صَلَاتِكَ وَ نُعُوْتَ
هُبُوْبِ نَسْمَاتِ نَفَحَاتِكَ عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِكَ وَ
مِدَادَ كَلِمَاتِكَ وَ زِنَةَ مَخْلُوْقَاتِكَ وَ مِلْءَ
اَرْضِكَ وَ سَمٰوَاتِكَ عَلٰى اَفْضَلِ مَصْنُوْعَاتِكَ وَ
اَجَلِّ مَظَاهِرِ تَجَلِّيَاتِكَ وَ اَكْمَلِ مُتَخَلِّقٍ بِحَقَآئِقِ
اَسْمَآئِكَ وَ صِفَاتِكَ وَ اَعْظَمِ مُتَحَقِّقٍ بِدَقَآئِقِ
مُشَاهَدَاتِ ذَاتِكَ اَشْرَفِ نَوْعِ الْاِنْسَانَ وَ
اِنْسَانِ عُيُوْنِ الْاَعْيَانِ وَالْمُسْتَخْلَصِ مِنْ
خَالِصَةِ خُلَاصَةِ وُلْدِ عَدْنَانَ الْمَمْنُوْحِ بِبَدِيْعِ

الْاٰيَاتِ وَالْمَخْصُوْصِ بِعُمُوْمِ الرِّسَالَةِ وَ غَرَآئِبِ
الْمُعْجِزَاتِ السِّرِّ الْجَامِعِ الْفُرْقَانِيِّ
وَالْمَخْصُوْصِ بِمَوَاهِبِ الْقُرْبِ مِنَ النَّوْعِ
الْاِنْسَانِيِّ مَوْرِدِ الْحَقَآئِقِ الْاَزَلِيَّةِ وَ مَصْدَرِهَا وَ
جَامِعِ جَوَامِعِ مُفْرَدَاتِهَا وَ مِنْبَرِهَا وَ خَطِيْبِهَا وَ
مُرْشِدِهَآ اِذَا حَضَرَ فِىْ حَظَآئِرِهَا بَيْتِ اللّٰهِ
الْمَعْمُوْرِ الَّذِى اتَّخَذَهُ اللّٰهُ لِنَفْسِهٖ وَ جَعَلَهٗ نَاظِمًا
لِّحَقَآئِقِ قُدْسِهٖ مَدَّةِ مِدَادِ نُقْطَةِ الْاَكْوَانِ مَنْبَعِ
يَنَابِيْعِ الْحِكَمِ وَالْعِرْفَانِ،مَنْ خَتَمْتَ بِهِ الْاَنْبِيَآءَ وَ
وَ زَنْتَ عُلُوْمَهٗ لِلْاَصْفِيَآءِ مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ جَاهَدَ
فِيْكَ حَقَّ الْجِهَادِ حَتّٰى اَتَاهُ الْيَقِيْنُ ط الصَّلَوَاتُ
وَالتَّسْلِيْمَاتُ تَتَجَدَّدُ مَعَ التَّضْعِيْفِ اَبَدًا فِىْ كُلِّ
وَقْتٍ وَّ حِيْنٍ مَّعَ ذِكْرِ الذَّاكِرِيْنَ وَ سَهْوِ

الْغَافِلِيْنَ وَ لَمْحِ النَّاظِرِيْنَ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ
وَالتَّابِعِيْنَ وَالْعُلَمَآءِ الْعَامِلِيْنَ وَالْاَوْلِيَآءِ
الصّٰلِحِيْنَ وَالْاَئِمَّةِ الْمُرْشِدِيْنَ وَ مَنْ قَامَ بِصِفَةِ
الْاِسْلَامِ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنَ ط وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ○
وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ○

357 دُرُود شفیع المذنبین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

اس درود پاک کی بے پناہ برکات ہیں تسخیر خلائق کے لئے بہت سریع الاثر ہے۔ جو کوئی روزانہ بعد نماز فجر 10 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ انشاء اللہ جہاں بھی جائے گا اللہ کی رحمت سے لوگوں کو مہربان پائے گا۔ کسی خاص امتحان وغیرہ کے لئے سات یوم یا گیارہ یوم تک بلاناغہ باوضو 21 مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کے حضور نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے وسیلہ سے اللہ کے حضور اخلاص ویقین کے ساتھ دعا کرے۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ اَنْبِيَآئِكَ وَ
اَكْرَمِ اَصْفِيَآئِكَ وَ اِمَامِ اَوْلِيَآئِكَ وَ خَاتِمِ
اَنْبِيَآئِكَ وَ حَبِيْبِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَ شَهِيْدِ
الْمُرْسَلِيْنَ وَ شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ وَ سَيِّدِ وُلْدِ اٰدَمَ

اَجْمَعِیْنَ الْمَرْفُوْعِ الذِّکْرِ فِی الْمَلٰٓئِکَةِ الْمُقَرَّبِیْنَ
الْبَشِیْرِ النَّذِیْرِ السِّرَاجِ الْمُنِیْرِ الصَّادِقِ الْاَمِیْنِ
الْحَقِّ الْمُبِیْنِ الرَّءُوْفِ الرَّحِیْمِ الْهَادِیْٓ اِلَی
الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِیْمِ الَّذِیْٓ اٰتَیْتَهٗ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِیْ
وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِیْمَ نَبِیِّ الرَّحْمَةِ وَ هَادِی الْاُمَّةِ
اَوَّلِ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ وَ یَدْخُلُ الْجَنَّةَ
وَالْمُؤَیَّدِ بِسَیِّدِنَا جِبْرِیْلَ وَ سَیِّدِنَا مِیْکَآئِیْلَ
الْمُبَشَّرِ بِهٖ فِی التَّوْرٰةِ وَالْاِنْجِیْلِ ط اَلْمُصْطَفٰی
الْمُجْتَبَی الْمُنْتَخَبِ اَبِی الْقَاسِمِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ
بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمٍ ○

358 دُرُود جوامع الکلم

مصنف کتاب ''الفجر المنیر فی الصلاۃ علی البشیر النذیر'' لکھتے ہیں جب ہم مدینہ منورہ کے قریب پہنچے ''اس شہر میں رہنے والے آقا کریم ﷺ پر افضل درود وسلام ہو''۔ مجھے یہ درود شریف الہام ہوا جسے پوری جماعت نے لکھا اور حفظ کر لیا۔ پھر مجھے بتایا کہ بعض مالکی طلبہ نے خواب میں دیکھا کہ وہ منبر رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ درود شریف پڑھ رہے ہیں۔

جو کوئی کسی امتحان میں کامیابی کا خواہاں ہو تو اسے چاہئے کہ ہر فرض نماز کے بعد 21 مرتبہ پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں کامیابی کے لئے دعا مانگے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْٓ اَشْرَقَتْ
بِنُوْرِہِ الظُّلَمُ. اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
الْمَبْعُوْثِ رَحْمَۃً لِّکُلِّ الْاُمَمِ. اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی
سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُخْتَارِ لِلسِّیَادَۃِ وَالرِّسَالَۃِ قَبْلَ
خَلْقِ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ. اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا
مُحَمَّدِنِ الْمَوْصُوْفِ بِاَفْضَلِ الْاَخْلَاقِ وَالشِّیَمِ.
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمَخْصُوْصِ
بِجَوَامِعِ الْکَلِمِ وَ خَوَاتِمِ الْحِکَمِ۔اَللّٰھُمَّ صَلِّ
عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ کَانَ لَا تُنْھَکُ فِیْ
مَجَالِسِہِ الْحُرَمُ وَلَا یُغْضٰی عَمَّنْ ظَلَمَ. اَللّٰھُمَّ
صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ کَانَ اِذَا مَشٰی
تُظَلِّلُہُ الْغَمَامَۃُ حَیْثُمَا یَمَّمَ. اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِی انْشَقَّ لَهُ الْقَمَرُ وَ كَلَّمَهُ
الْحَجَرُ وَ اَقَرَّ بِرِسَالَتِهٖ وَ صَمَّمَ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی
سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْٓ اَثْنٰی عَلَیْهِ رَبُّ الْعِزَّةِ فِیْ
سَالِفِ الْقِدَمِ۔اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
الَّذِیْ صَلّٰی عَلَیْهِ رَبُّنَا فِیْ مُحْكَمِ كِتَابِهٖ وَ اَمَرَ
اَنْ یُّصَلّٰی عَلَیْهِ وَ یُسَلَّمَ۔ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ عَلٰی
اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَ اَزْوَاجِهٖ مَا انْهَلَّتِ الدِّیَمُ وَ مَا
جُرَّتْ عَلَی الْمُذْنِبِیْنَ اَذْیَالُ الْكَرَمِ۔ وَ سَلَّمَ
تَسْلِیْمًا وَّ شَرَّفَ وَ كَرَّمَ ○

359 دُرُود اہل محبت

یہ درود پاک بڑے مشہور ولی جناب سیدی ابوالعباس احمد سبحانی مغربی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے جو مقام فاس میں مدفون ہیں۔

اگر کسی کو سکون قلبی میسر نہ ہو ہر وقت بے چین رہتا ہو تو وہ ہر نماز کے بعد 33 مرتبہ اس درود پاک کو پڑھ لیا کرے انشاء اللہ بے چینی و بے قراری دور ہو جائے گی قلب کو سکون حاصل ہوگا اس کے علاوہ اس درود پاک کو بکثرت پڑھنے کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ اسکی برکت سے پروردگار عالم تمام جائز دلی حاجات کو پورا فرما دیتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِہٖ صَلٰوۃً
تَعْدِلُ جَمِیْعَ صَلَوَاتِ اَھْلِ مَحَبَّتِکَ وَ سَلِّمْ عَلٰی
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِہٖ سَلَامًا یَّعْدِلُ سَلَامَھُمْ ○

دُرُودِ حنیف 360

اس درود پاک کی فضیلت یہ ہے کہ جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کا دل عبادت الٰہی کی طرف راغب ہو عبادت میں دلی تسکین محسوس کرے تو وہ روزانہ باوضو حالت میں نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ 200 مرتبہ حضور نبی کریم ﷺ پر یہ درود پاک پڑھ لیا کرے انشاء اللہ دل میں عبادت کا ذوق و شوق پیدا ہوگا اور عبادت کرتے ہوئے راحت حاصل ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اَبِیْنَآ اِبْرَاھِیْمَ ○

دُرُودِ تسخیر خلائق 361

اس درود پاک کے بے شمار فوائد و ثمرات ہیں۔ اس کے پڑھنے والے کے سیرت و کردار میں کشش پیدا ہوتی ہے اور مخلوق خدا اس کی گرویدہ ہو جاتی ہے۔ 70 مرتبہ اس درود کی تلاوت کر کے دشمن پر دم کرے۔ اللہ کی رحمت سے دشمنی ختم ہو جائے اور اللہ دشمنوں کو بھی دوست کرے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ مَّا سَجَعَتِ الْحَمَآئِمُ وَ حَمَتِ الْحَوَآئِمُ

وَ سَرَحَتِ الْبَهَآئِمُ وَ نَفَعَتِ التَّمَآئِمُ وَ شُدَّتِ

الْعَمَآئِمُ وَ نَمَتِ النَّوَآئِمُ ○

362 دُرُودِ خیر العالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

یہ درود زین العابدین بن محمد البکری کا ہے جو اپنے زمانے کے صوفیاء سے تھے اور یہ درود ان کے اوراد میں شامل تھا۔

اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو راستہ انسان کو ملا ہے وہی رشد و ہدایت کا راستہ ہے اور وہ راستہ دین اسلام کا ہے۔ لہٰذا جو حضرات ہدایت کی راہ پر ہمیشہ قائم رہنا چاہیں تو انہیں بذریعہ خواب یا کسی اور طرح سے اللہ کی طرف سے اشارہ ملنا ضروری ہے۔ اصل ہدایت والا راستہ اللہ کے بندوں کا ہے لہٰذا رشد و ہدایت کی راہ پر قائم رہنے کے لئے فجر کی نماز کے بعد اس درود پاک کو کثرت سے پڑھنے کا معمول بنالے۔ اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے انسان کو اللہ کی طرف سے خوابوں کے ذریعے سے بچنے اور صحیح راستے کی راہنمائی ہوگی اور وہ زندگی بھر رشد و ہدایت کی راہ پر قائم رہے گا۔

دراصل یہ درود پاک بھی بہت ہی فضیلت و برکات کا حامل ہے۔ اگر کوئی کسی مصیبت میں گرفتار ہو گیا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ کثرت سے اس درود پاک کو پڑھ کر بارگاہِ الٰہی میں دعا مانگے۔ انشاء اللہ بہت جلد مصیبت سے خلاصی ہو جائے گی۔

اُشْهِدُكَ وَ كَفٰى بِكَ شَهِيْدًا يَآ اِلٰهَ الْعٰلَمِيْنَ وَ

اُشْهِدُ مَلَآئِكَتَكَ وَ رُسُلَكَ وَ حَمَلَةَ عَرْشِكَ

وَسُكَّانَ سَمٰوٰتِكَ وَالْاَرْضِيْنَ مِنْ كُلِّ مَا ذَرَاْتَ

مِنَ الْخَلَآئِقِ اَجْمَعِيْنَ اَنِّيْ اَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ

وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ تَجْبُرُ الْكَسِيْرَ وَ تُغْنِي

الْفَقِيْرَ وَ تَرْحَمُ الضَّعِيْفَ وَ تُغِيْثُ اللَّهِيْفَ وَ

تَضَعُ وَ تَرْفَعُ وَ تَصِلُ وَ تَقْطَعُ وَ تُجِيْرُ وَ لَا

يُجَارُ عَلَيْكَ وَ تُعِزُّ مَنْ تَذَلَّلَ بَيْنَ يَدَيْكَ وَ اَنَّ

مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَ رَسُوْلُكَ وَ حَبِيْبُكَ وَ خَلِيْلُكَ

عَرْشُ اَحَدِيَّتِكَ الْاَوْسَعُ الْقَآئِمُ بِسِرِّ الْخِلَافَةِ

عَنْكَ فِي الْمَقَامِ الْاَبْدَعِ الْاَرْفَعِ مَنِ اسْتَنَارَ

بِاَنْوَارِ التَّجَلِّيَاتِ الصَّمَدَانِيَّةِ وَجُوْدُهٗ وَاسْتَدَارَ

عَلٰى دَوَآئِرِ التَّعَيُّنَاتِ الرَّبَّانِيَّةِ عُهُوْدُهٗ ط اَللّٰهُمَّ

فَصَلِّ وَ سَلِّمْ عَلَيْهِ مِنْ حَيْثُ اَنْتَ وَ مِنْ حَيْثُ

اَسْمَآئِكَ وَ صِفَاتِكَ صَلٰوةً وَّ سَلَامًا نَّوَاحِيْمَا

هِبَاتِكَ وَ بَرَكَاتِكَ وَ عَلٰى اٰلِهِ الْكِرَامِ وَ صَحْبِهٖ

الْعِظَامِ وَ وُرَّاثِهِ الضِّخَامِ ○

363 دُرُودِ حسن و جمال نبوی ﷺ

حضور سرور کائنات ﷺ کے اس درود پاک کی فضیلت بھی بہت زیادہ ہے جو کوئی یہ چاہے کہ قیامت کے دن نبی کریم ﷺ کی شفاعت نصیب ہو تو وہ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ اس درود کو پڑھنے کا معمول بنالے۔

حضور سرور کائنات ﷺ کے اس درود پاک کو پڑھنے کی فضیلت یہ ہے کہ اگر کوئی کسی مرض میں مبتلا ہو علاج کروا کر تنگ آ گیا ہو اور معمولی سا بھی افاقہ نہ ہوتا ہو تو چاہئے کہ باوضو حالت میں یہ درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے اور اس کے ساتھ ہی پانی پر بھی دم کرے یہ دم کیا ہوا پانی مریض کو پلائے روزانہ بلاناغہ 40 یوم تک یہ عمل کرے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے چند دنوں میں ہی مریض کو افاقہ ہوگا۔ پروردگار عالم شفائے کامل نصیب فرمائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً مَّقْبُوْلَۃً تُؤَدِّیْ بِھَا عَنَّا حَقَّہٗ
الْعَظِیْمَ○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍصَاحِبِ
الْحُسْنِ وَالْجَمَالِ وَالْبَھْجَۃِ وَالْکَمَالِ وَالْبَھَآءِ
وَالنُّوْرِ وَالْوِلْدَانِ وَالْحُوْرِ وَالْغُرَفِ وَالْقُصُوْرِ
وَاللِّسَانِ الشَّکُوْرِ وَالْقَلْبِ الْمَشْکُوْرِ وَالْعِلْمِ

الْمَشْهُوْرِ وَالْجَيْشِ الْمَنْصُوْرِ وَالْبَنِيْنَ وَالْبَنَاتِ

وَالْاَزْوَاجِ الطَّاهِرَاتِ وَالْعُلُوِّ عَلَى الدَّرَجَاتِ

وَالزَّمْزَمِ وَالْمَقَامِ وَالْمَشْعَرِ الْحَرَامِ وَاجْتِنَابِ

الْاٰثَامِ وَ تَرْبِيَةِ الْاَيْتَامِ وَالْحَجِّ وَ تِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ وَ

تَسْبِيْحِ الرَّحْمٰنِ وَ صِيَامِ رَمَضَانَ وَاللِّوَآءِ

الْمَعْقُوْدِ وَالْكَرَمِ وَالْجُوْدِ وَالْوَفَآءِ بِالْعُهُوْدِ،

صَاحِبِ الرَّغْبَةِ وَالتَّرْغِيْبِ وَالْبُغْلَةِ وَالنَّجِيْبِ

وَالْحَوْضِ وَالْقَضِيْبِ النَّبِيِّ الْاَوَّابِ النَّاطِقِ

بِالصَّوَابِ الْمَنْعُوْتِ فِى الْكِتَابِ النَّبِيِّ عَبْدِ اللّٰهِ

النَّبِيِّ كَنْزِ اللّٰهِ النَّبِيِّ حُجَّةِ اللّٰهِ النَّبِيِّ مَنْ اَطَاعَهٗ

فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ وَ مَنْ عَصَاهُ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ

النَّبِيِّ الْعَرَبِيِّ الْقُرَشِيِّ الزَّمْزَمِيِّ الْمَكِّيِّ التِّهَامِيِّ،

صَاحِبِ الْوَجْهِ الْجَمِيْلِ وَالطَّرْفِ الْكَحِيْلِ

وَالْخَدِّ الْاَسِيْلِ وَالْكَوْثَرِ وَالسَّلْسَبِيْلِ قَاهِرِ
الْمُضَآدِّيْنَ مُبِيْدِ الْكٰفِرِيْنَ وَ قَاتِلِ الْمُشْرِكِيْنَ
قَآئِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ اِلٰى جَنَّاتِ النَّعِيْمِ وَ جُوَارِ
الْكَرِيْمِ صَاحِبِ سَيِّدِنَا جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ
رَسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَ شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ وَ غَايَةِ
الْغَمَامِ ○

دُرُودِ سید الجنود صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم 364

یہ درود شریف سیدی محمد المعروف غوث اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے درودوں کا مجموعہ ہیں۔ پہلے درود شریف سے انہوں نے اپنا مجموعہ اوراد "حزب الاذل والابد" ختم کیا ہے اور درود شریف جس کی ابتداء ہوتی ہے والصلوٰۃ والسلام الدائمان اللہ کے الفاظ سے انہوں نے اپنا مخصوص وظیفہ ختم کیا ہے۔

اس درود شریف کے فضائل میں سے ہے کہ جو کوئی مصیبت میں مبتلا ہو کسی بھی طرح مصیبت سے نکلنے کی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو وہ نماز عصر کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رخ ہو کر بیٹھے اور نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ 41 مرتبہ اس درود پاک کو پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے سات یوم تک بلاناغہ اسی طرح یہ عمل کرے اور حسب توفیق کسی مسکین کو کھانا بھی کھلائے انشاء اللہ مصیبت رفع ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ اس کی مشکل اور پریشانی کو ختم کر دے گا۔

اَسْأَلُكَ اللّٰهُمَّ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مَنْ خَصَّصَ
وَعَمَّمَ وَاَوْضَحَ وَاَبْهَمَ فَهُوَ الْحَقُّ وَالرُّوْحُ
وَالنُّوْرُ وَالسِّرَاجُ مِنْ حَيْثُ الْاِبْدَاعِ
وَالْاِخْتِرَاعِ وَالْكَشْفِ وَالْاِنْتِقَالِ اَحْمَدُ اَمْرِكَ
وَمُحَمَّدُ خَلْقِكَ وَاَسْعَدُ كَوْنِكَ وَالْمَجْمُوْعُ مِنْ
ذٰلِكَ صَلٰوةً ذَاتِيَّةً خَاصَّةً بِهٖ عَامَّةً فِيْ جَمِيْعِ
الْوَجْهِ الْحَرْفِيَّةِ وَالْاِسْمِيَّةِ وَجَمِيْعِ مَرَاتِبِهٖ
الْعَقْلِيَّةِ وَالْعِلْمِيَّةِ صَلٰوةً مُّتَّصِلَةً لَّا يُمْكِنُ
انْفِصَالُهَا بِسَبَبٍ وَّلَا بِغَيْرِ ذٰلِكَ بَلْ تَسْتَحِيْلُ
عَقْلًا وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهِ الْاُمَّهَاتِ الْجَوَامِعِ
وَالْخَزَآئِنِ الْمَوَانِعِ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا
وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۔ وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ
الدَّائِمَآنِ فِي الْوُجُوْدِ عَلٰى فَاتِحِ حَضْرَةِ

الشُّهُوْدِ وَمَانِحِ مَدَدِ الْوَدُوْدِ نُوْرِكَ الْمَسْعُوْدِ
وَضِيَاءِ اُفُقِكَ فِي الْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ ط ذٰلِكَ يَوْمٌ
مَّجْمُوْعٌ لَّهُ النَّاسُ وَذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ط سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْجُنُوْدِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَهْلِ
الْمَوَاجِيْدِ وَالْجُوْدِ ط اِلٰهَ الْحَقِّ وَاجْعَلْنَا مِنْهُمْ
وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَالْحَمْدُ
لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۔

365 دُرُود مقصود عین

یہ درود شریف محی الدین ابن عربی کا ہے۔ اس درود کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اس درود پاک کا پڑھنے والا اللہ تعالیٰ کی ہر نعمت سے مالا مال ہوگا اور اللہ تعالیٰ اس کیلئے اپنا خاص فضل و کرم فرما کر رحمت کے دروازے کھول دے گا۔ اگر کسی کو حاکم وقت سے کوئی کام ہو تو وہ حاکم کے پاس جانے سے پہلے 33 مرتبہ اس درود پاک کو باوضو حالت میں پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اس کے بعد حاکم کے پاس جائے جو بھی جائز کام ہوگا انشاء اللہ ہو جائے گا۔ حاکم حسن سلوک سے پیش آئے گا۔

اگر کوئی شخص اس درود پاک کو روزانہ سات مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے گا تو اللہ تعالیٰ اسے راہ حق پر گامزن کر دے گا اور اس درود پاک کی برکت سے اسے بے پناہ روحانی اسرار و رموز حاصل ہوں گے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَى الْاَوَّلِ فِى الْاِيْجَادِ وَالْجُوْدِ
وَالْوُجُوْدِ الْفَاتِحِ لِكُلِّ شَاهِدٍ حَضْرَةِ الشَّاهِدِ
وَالْمَشْهُوْدِ السِّرِّ الْبَاطِنِ وَالنُّوْرِ الظَّاهِرِ الَّذِىْ
هُوَ عَيْنُ الْمَقْصُوْدِ حَآئِزِ قَصَبِ السَّبْقِ فِىْ عَالَمِ
الْخَلْقِ الْمَخْصُوْصِ بِالْاَوَّلِيَّةِ الرُّوْحِ الْاَقْدَسِ
الْعَلِيِّ وَالنُّوْرِ الْاَكْمَلِ الْبَهِيِّ الْقَآئِمِ بِكَمَالِ
الْعُبُوْدِيَّةِ فِىْ حَضْرَةِ الْمَعْبُوْدِ الَّذِىْ اُفِيْضَ عَلٰى
رُوْحِىْ مِنْ حَضْرَةِ رُوْحَانِيَّتِهٖ وَاتَّصَلَتْ بِمِشْكَاةِ
قَلْبِىْ اَشِعَّةُ نُوْرَانِيَّتِهٖ، فَهُوَ الرَّسُوْلُ الْاَعْظَمُ
وَالنَّبِىُّ الْاَكْرَمُ وَالْوَلِىُّ الْمُقَرَّبُ الْمَسْعُوْدُ ط
وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ خَزَآئِنِ اَسْرَارِهٖ وَمَعَارِفِ
اَنْوَارِهٖ وَمَطَالِعِ اَقْمَارِهٖ كُنُوْزِ الْحَقَآئِقِ وَهُدَاةِ
الْخَلَآئِقِ نُجُوْمِ الْهُدٰى لِمَنِ اهْتَدٰى وَسَلَّمَ

تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا ۔ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ
الْمُشْرِكِيْنَ ط وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ط
وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۔ وَصَلَّى
اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ
سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ○ وَسَلَامٌ
عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ○ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

366 دُرُودِ ذاتیہ

یہ درود شریف حضرت شیخ محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔ یہ درود شریف ان کے ذاتی اوراد میں تھا اور انہیں درود پاک کے باعث کمال معرفت حاصل ہوئی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَى الطَّلْعَةِ الذَّاتِ
الْمُطَلْسَمِ وَالْغَيْثِ الْمُطَمْطَمِ وَالْكَمَالِ الْمُكَتَّمِ
لَاهُوْتِ الْجَمَالِ وَنَاسُوْتِ الْوِصَالِ وَطَلْعَةِ
الْحَقِّ هُوِيَّةِ اِنْسَانِ الْاَزَلِ فِىْ نَشْرِ مَنْ لَّمْ يَزَلْ

مَنْ اَقَمْتَ بِهٖ نَوَاسِيْتَ الْفَرْقِ اِلٰى طُرُقِ الْحَقِّ
فَصَلِّ اللّٰهُمَّ بِهٖ مِنْهُ فِيْهِ عَلَيْهِ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا
كَثِيْرًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ○

دُرُودِ انوار وتجلیات 367

یہ درود بڑے استاد، سیدی شیخ محمد بن عبدالکریم سمان رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔ اللہ اس سے ہمیں دنیا وآخرت میں بہرہ مند فرمائے۔ اس کا نام الفتحة المحمدية فى الصلوة على خير البرية ہے۔ یہ بزرگ ترین اور افضل ترین درودوں میں سے ہے۔

کسی بھی ناگہانی مشکل اور پریشانی کی صورت میں وضو کر کے قبلہ رخ ہو کر بیٹھے اور نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ 21 مرتبہ یہ درود پاک پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ کے حضور عجز و انکساری کے ساتھ دعا مانگے۔ سات یوم تک بلاناغہ اسی طرح کرے انشاء اللہ مشکل و پریشانی دور ہو جائے گی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُّقْطَةِ دَآئِرَةِ
الْوُجُوْدِ وَحِيْطَةِ اَفْلَاكِ مَرَاقِى الشُّهُوْدِ اَلِفِ
الذَّاتِ السَّارِىْ سِرُّهَا فِىْ كُلِّ ذَرَّةٍ حَآءِ حَيَاةِ
الْعَالَمِ الَّذِىْ جُعِلَ مِنْهُ مَبْدَاُهٗ وَاِلَيْهِ مَقَرُّهٗ مِيْمِ
مُلْكِكَ الَّذِىْ لَايُضَاهِىْ وَدَالِ دَيْمُوْمِيَّتِكَ الَّتِىْ

لَاتَتَنَاهٰى مَنْ اَظْهَرْتَهٗ مِنْ حَضْرَةِ الْحُبِّ فَكَانَ
مِنَصَّةً لِّتَجَلِّيَاتِ ذَاتِكَ وَاَبْرَزْتَهٗ بِكَ مِنْ نُّوْرِكَ
فَكَانَ مِرْاٰةً لِّجَمَالِكَ الْبَاهِرِ فِىْ حَضْرَةِ
اَسْمَآئِكَ وَ صِفَاتِكَ شَمْسِ الْكَمَالِ الْمُشْرِقِ
نُوْرُهَا عَلٰى جَمِيْعِ الْعَوَالَمِ الَّذِىْ كَوَّنْتَ مِنْهُ
جَمِيْعَ الْمُكَوَّنَاتِ فَكُلٌّ مِّنْهَا بِهٖ قَآئِمٌ مَّنْ
اَجْلَسْتَهٗ عَلٰى بِسَاطِ قُرْبِكَ وَخَصَّصْتَهٗ بِاَنْ كَانَ
مِفْتَاحَ خِزَانَةِ حُبِّكَ الْمَحْبُوْبِ الْاَعْظَمِ السِّرِّ
الظَّاهِرِ الْمُكَتَّمِ الْوَاسِطَةِ بَيْنَكَ وَبَيْنَ عِبَادِكَ
وَالسُّلَّمِ الَّذِىْ لَايُرْقٰى اِلَّا بِهٖ فِىْ مَشَاهِدِ
كَمَالَاتِكَ، وَعَلٰى اٰلِهٖ يَنَابِيْعِ الْحَقَآئِقِ وَاَصْحَابِهٖ
مَفَاتِيْحِ الْهُدٰى لِكُلِّ الْخَلَآئِقِ صَلٰوةً مِّنْكَ عَلَيْهِ
مَقْبُوْلَةً بِكَ مِنَّا لَدَيْهِ تَلِيْقُ بِذَاتِهٖ، تَغْمِسُنَا بِهَا فِىْ

اَنْوَارِ تَجَلِّيَاتِهٖ تُطَهِّرُبِهَا قُلُوْبَنَا وَتُقَدِّسُ بِهَآ
اَسْرَارَنَا وَتُرَقِّيْ بِهَآ اَرْوَاحَنَا وَتُعَمِّمُ بَرَكَاتِهَا
عَلَيْنَا وَمَشَآيِخِنَا وَ وَالِدَنَا وَ اِخْوَانِنَا وَالْمُؤْمِنِيْنَ
وَالْمُسْلِمِيْنَ مَقْرُوْنَةً بِسَلَامٍ مِّنْكَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ
مَضْرُوْبَةً بِاَلْفِ اَلْفِ صَلٰوةٍ وَّتَسْلِيْمٍ عَلَى
السَّيِّدِ الْاَمِيْنِ وَ اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ ط وَلَكَ
الْحَمْدُ مِنْكَ فِيْ كُلِّ وَقْتٍ وَّحِيْنٍ وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ
رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

دُرُودِ مظہرِ جمال 368

یہ درود پاک سید محمد زید العابدین بن محمد البکری رحمۃ اللہ علیہ کا ہے جسے انہوں نے اپنے اوراد میں لکھا اس کے فوائد حسب ذیل ہیں۔

جو کوئی ہر نماز کے بعد بکثرت اس درود پاک کا بلاناغہ ورد کرے تو اللہ تعالیٰ اس درود پاک کی برکت کے طفیل اس کی روزی کا خود ذمہ دار ہوگا۔ اس کے رزق میں کبھی کمی واقع نہ ہوگی۔ رزق حلال میں خیر و برکت پیدا ہو جائے گی۔ کاروبار خوب ترقی کرے گا۔

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کے دل میں اللہ تعالیٰ کی محبت موجزن ہو جائے اور اسے عشق الٰہی کی دولت حاصل ہو جائے تو اسے چاہئے کہ وہ روزانہ نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں 17 مرتبہ اس درود پاک کو پڑھنے کا معمول بنالے۔ انشاء اللہ اسے مطلوبہ

مقصد میں ضروری کامیابی ہوگی۔

يَآ اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَارَحِيْمُ يَاحَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا بَدِيْعَ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ،صَلِّ
وَسَلِّمْ عَلٰى نَبِيِّكَ الْاَكْرَمِ وَرَسُوْلِكَ الْاَعْظَمِ
نُوْرِكَ الْبَدِيْعِ وَسِرِّكَ الرَّفِيْعِ وَحَبِيْبِكَ الشَّفِيْعِ
وَاسِطَةِ عِقْدِ النَّبِيِّيْنَ وَقِبْلَةِ اَوْلِيَآئِكَ وَاَصْفِيَآئِكَ
الْمُقَرَّبِيْنَ رُوْحِ اَرْوَاحِ الْمَوْجُوْدَاتِ وَلَوْحِ
الْاَسْرَارِ الْمَنْقُوْشِ بِاَنْوَارِ التَّجَلِّيَاتِ النَّاطِقِ بِكَ
عَنْكَ اَزَلاً وَّ اَبَدًا لِّسَانِ حُجَّتِكَ الَّذِىْ اَبْدٰى مِنَ
الْحَقِّ طَرَائِقَ قِدَادًا مَّظْهَرِ جَمَالِكَ الْمُطْلَقِ
وَبَرْقِ اُفُقِ اَسْرَارِكَ الَّذِىْ لَاحَ وَاَشْرَقَ اَحْمَدِ
مَنْ حَمِدَكَ وَحَمِدْتَّهٗ مُحَمَّدِكَ الَّذِىْ حَمْدُهٗ
لَكَ وَحَمْدُكَ لَهٗ اصْطَفَيْتَهٗ وَاخْتَرْتَهٗ مِنْ بِدَايَتِهٖ
مَرْمٰى اَبْصَارِ السُّبَّاقِ وَغَايَتِهٖ لَا يُدْرَكُ لَهَا حَدٌّ

وَّلَا يُرَامُ لَهَا لَحَاقُ خَلِيْفَتِكَ مِنْ حَيْثُ اَنْتَ

عَلٰى كَآفَّةِ مَخْلُوْقَاتِكَ وَمُخْتَارِكَ اَنْتَ لِحِفْظِ

اَمَانَتِكَ عَلٰى جُمْلَةِ بَرِيَّاتِكَ الْهَادِىْ بِكَ اِلَيْكَ

وَالْمُرْشِدِ بِفَضْلِكَ عَلَيْكَ بَدْرِهَالَةِ النُّبُوَّةِ

وَالرِّسَالَةِ وَشَمْسِ بُرُوْجِ الْعِزَّةِ بِكَ وَالْجَلَالَةِ ط

مَنْ اَخَذْتَ الْمِيْثَاقَ مِنْ اَنْبِيَآئِكَ عَلٰى تَصْدِيْقِهٖ

وَنُصْرَتِهٖ وَاَقَرَّ كُلٌّ مِّنْهُمْ بِذَالِكَ وَقَرَّرَهٗ وَبَيَّنَهٗ

لِاُمَّتِهٖ ط مَنْ شَرَحْتَ صَدْرَهٗ وَمَلَاْتَهٗ حِكْمَةً وَّ

اِيْمَانًا وَّوَضَعْتَ وِزْرَهُ الَّذِىْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَهٗ

وَاَبْدَلْتَهٗ رَحْمَةً وَّغُفْرَانًا وَّرَفَعْتَ ذِكْرَهٗ مَعَ

ذِكْرِكَ وَاَقَمْتَهٗ فِىْ مِحْرَابِ الْعُبُوْدِيَّةِ لَكَ مُطِيْعًا

لِّاَمْرِكَ نَاطِقًا بِحَمْدِكَ وَمَدْحِكَ وَشُكْرِكَ

حَبِيْبِكَ الْمُخْتَصِّ مَنْ مَّتَّعْتَ بِمَعْرِفَتِكَ

وَخِطَابِكَ وَجَمَالِكَ اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰى
قَلْبِ بَشَرٍ مَنْ مَّتَّعْتَ بِمَعْرِفَتِكَ وَخِطَابِكَ
وَجَمَالِكَ مِنْهُ الْقَلْبَ وَالسَّمْعَ وَالْبَصَرَ سَيِّدِنَا
وَسَيِّدِ الْعٰلَمِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهِ الْاَكْرَمِيْنَ
وَصَحْبِهٖ وَالتَّابِعِيْنَ ط سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا
يَصِفُوْنَ ○ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ○ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ
رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

دُرُودِ حصولِ خوشحالی 369

کنوز الاسرار میں ہے کہ جو شخص اس درود پاک کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ اس کی مشکلیں آسان کر دیتا ہے اور اس کی حاجات کو پورا فرماتا ہے۔ یہ درود پاک اللہ تعالیٰ کے لطف و کرم کے حصول کے لئے لاجواب ہے جو کوئی ہر نماز کے بعد 33 مرتبہ اس درود شریف کا معمول بنالے۔ اللہ تعالیٰ اس پر خصوصی فضل و کرم فرماتا ہے اور اسے مخلوق میں سے کسی کا محتاج نہیں کرتا۔ قناعت پسندی اختیار کرنے اور دل سے دنیا کا لالچ ختم کرنے کے لئے روزانہ بعد نماز فجر 41 مرتبہ باوضو پڑھے۔ اللہ پاک قناعت کی دولت سے مالا مال فرمائے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ صَلٰوةً

اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِيْنَ عَلَيْهِ اَجْرِ يَا مَوْلٰنَا
لُطْفَكَ الْخَفِيَّ فِيْٓ اَمْرِيْ وَاَرِنِيْ سِرَّ جَمِيْلِ
صُنْعِكَ فِيْمَآ اَمُلُّهٗ مِنْكَ يَارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ○

370 دُرُود فضل وشرف

یہ درود شیخ محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔ اس درود پاک کو شیخ خالد نقشبندی نے اپنے معمولات میں شامل کر رکھا تھا جو سلسلہ نقشبندیہ کے اکابر بزرگوں سے گزرے ہیں جو شخص اس درود پاک کو پڑھنے کا معمول بنائے گا اللہ تعالیٰ اسے ہدایت والی راہ پر قائم کر دے گا اس کے علاوہ جو کوئی رات کو سونے سے پہلے باوضو حالت میں بکثرت یہ درود پاک پڑھ کر سوئے تو اس عمل کی مداومت کرنے سے اللہ تعالیٰ کی قربت حاصل ہو جاتی ہے اور اس پر مخفی راز کھل جاتے ہیں۔

اس درود کے بارے میں یہ بھی ہے کہ اگر کوئی کسی مشکل میں مبتلا ہو تو وہ بکثرت اس درود پاک کو پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے مشکل کے حل کیلئے دعا مانگے انشاء اللہ دعا قبول ہوگی اور مشکل آسان ہو جائے گی۔

اَسْاَلُكَ اللّٰهُمَّ فِيْمَا سَاَلْتُكَ وَاَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ فِيْ
قَبُوْلِهٖ بِمُقَدَّمَةِ وَالْوُجُوْدِ الْاَوَّلِ وَرُوْحِ الْحَيَاةِ
الْاَفْضَلِ وَنُوْرِ الْعِلْمِ الْاَكْمَلِ وَبِسَاطِ الرَّحْمَةِ
فِي الْاَزَلِ وَسَمَآءِ الْخُلُقِ الْاَجَلِّ السَّابِقِ

بِالرُّوْحِ وَالْفَضْلِ وَالْخَاتِمِ بِالصُّوْرَةِ وَالْبَعْثِ
وَالنُّوْرِ بِالْهِدَايَةِ وَالْبَيَانِ مُحَمَّدِنِ الْمُصْطَفٰى
وَالرَّسُوْلِ الْمُجْتَبٰى ط صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ
وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا اِلٰى يَوْمِ
الدِّيْنِ ط وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

دُرُوْدُ الْمُشَفَّعْ 371

یہ دعا حضور نبی کریم ﷺ پر درود اور آپ کو وسیلہ بنانے پر مشتمل ہے اس کو دلائل الخیرات کے مصنف نے ذکر کیا ہے اور شارح نے کہا کہ اس جیسی دعا امام ترمذی نے بھی نقل کی ہے اور اس کو حسن صحیح غریب کہا ہے۔ امام نسائی، ابن ماجہ، طبرانی نے بھی بیان کیا ہے۔ طبرانی نے اس سے پہلے ایک قصہ لکھا ہے۔ ابن خزیمہ نے اپنی صحیح میں اور حاکم نے بھی اسے نقل کیا ہے اور حاکم نے اس کو شرط بخاری و مسلم پر صحیح قرار دیا ہے۔ بیہقی نے بھی حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ سے اس کو نقل کیا ہے اور صحیح قرار دیا ہے۔ نسائی کے الفاظ یہ ہیں۔ ایک نابینا شخص حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا۔ اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائیں کہ بینائی ٹھیک کر دے۔ فرمایا میں تجھے اسی حال پر چھوڑ دوں؟ عرض کیا، یا رسول اللہ! بینائی نہ ہونے کی وجہ سے سخت پریشان ہوں۔ فرمایا جاؤ وضو کر کے دو رکعت نفل پڑھو پھر کہہ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ نَّبِيِّ الرَّحْمَةِ يَامُحَمَّدُ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ اِلٰى رَبِّیْ بِكَ اَنْ يَّكْشِفَ لِیْ عَنْ بَصَرِیْ اَللّٰهُمَّ شَفِّعْهُ فِیَّ نَفْسِیْ يَاالٰهِیْ

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں تیرے نبی محمد، نبی رحمت ﷺ

کے وسیلہ سے، اے محمد ﷺ! بے شک میں آپ ﷺ کے وسیلہ سے اپنے رب کی طرف متوجہ ہوتا ہوں کہ میری آنکھ سے پردہ کھول دے۔ اے اللہ حضور ﷺ کی شفاعت میرے حق میں قبول فرما۔ دعا مانگ کر فارغ ہوا تو اللہ نے آنکھوں سے پردہ ہٹا دیا اور مصنف نے جو الفاظ نقل کئے ہیں ابن ثابت نے بھی اپنی کتاب ''الکفایہ'' میں معمولی تبدیلی سے یہی نقل کئے ہیں اور مصنف کے نزدیک الفاظ زائد بھی ہیں اور ابن ثابت نے اس روایت کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے بیان میں نقل کیا ہے اور کہا کہ نبی کریم ﷺ اور آپ کے دونوں ساتھیوں پر سلام عرض کر کے پھر نبی کریم ﷺ کی طرف پلٹ آئے۔ کثرت سے دعا کرے اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت طلب کرے مثلاً الٰہی! میں آپ سے سوال کرتا ہوں اور آپ کی طرف متوجہ ہوتا ہوں آگے تمام عبارت وہی ہے جو مذکور ہوئی پھر یہ الفاظ ہیں وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، شارح دلائل کی عبارت ختم ہوئی۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِحَبِيْبِكَ
الْمُصْطَفٰى عِنْدَكَ يَاحَبِيْبَنَا يَا مُحَمَّدُ اِنَّا نَتَوَسَّلُ
بِكَ اِلٰى رَبِّكَ فَاشْفَعْ لَنَا عِنْدَ الْمَوْلَى الْعَظِيْمِ
يَانِعْمَ الرَّسُوْلُ الطَّاهِرُ ط اَللّٰهُمَّ شَفِّعْهُ فِيْنَا بِجَاهِهٖ
عِنْدِكَ ط اَللّٰهُمَّ وَاجْعَلْنَا مِنْ خَيْرِ الْمُصَلِّيْنَ
وَالْمُسَلِّمِيْنَ عَلَيْهِ وَمِنْ خَيْرِ الْمُقَرَّبِيْنَ مِنْهُ
وَالْوَارِدِيْنَ عَلَيْهِ وَمِنْ اَخْيَارِ الْمُحِبِّيْنَ فِيْهِ

وَالْمَحْبُوْبِيْنَ لَدَيْهِ ط وَفَرِّحْنَا بِهٖ فِيْ عَرَصَاتِ
الْقِيَامَةِ وَاجْعَلْهُ لَنَا دَلِيْلًا اِلٰى جَنَّةِ النَّعِيْمِ بِلَا مَئُوْنَةٍ
وَّلَا مَشَقَّةٍ وَّلَا مُنَاقَشَةِ الْحِسَابِ ط وَاجْعَلْهُ مُقْبِلًا
عَلَيْنَا وَلَا تَجْعَلْهُ غَاضِبًا عَلَيْنَا وَاغْفِرْلَنَا وَلِجَمِيْعِ
الْمُسْلِمِيْنَ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْمَيِّتِيْنَ ط وَ اٰخِرُ
دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ o

372 دُرُودِ محبّ المساکین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو کوئی چاہے کہ اللہ کی توفیق سے وہ گناہوں سے بچا رہے، اللہ تعالیٰ اسے ہمیشہ نیکی کے کاموں میں مشغول رکھے۔ اس کا خاتمہ بالخیر ہو اور روز قیامت اسے حساب و کتاب کا کوئی خوف نہ رہے اسے چاہئے کہ اس درود پاک کی کثرت کرے۔ اگر روزانہ 41 مرتبہ باوضو اس درود پاک کا ورد کرے اللہ تعالیٰ اس درود پاک کی برکت سے پڑھنے والے کو شر شیطان سے اپنی رحمت کی امان میں رکھے گا اور نیکی کی توفیق عطا فرمائے گا۔

اَللّٰهُمَّ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَآ اِبْرَاهِيْمَ
وَبَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَآ اِبْرَاهِيْمَ وَسَلَّمْتَ عَلٰى
سَيِّدِنَآ اِبْرَاهِيْمَ وَاَنْعَمْتَ عَلٰى سَيِّدِنَآ اِبْرَاهِيْمَ وَ

اٰلِهٖ فَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَآ
اَرْسَلْتَهٗ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ رَاحَةً لِّلْعَاشِقِيْنَ سِرَاجًا
لِّلْمُظْلِمِيْنَ جَمِيْلًا لِّلْمُشْتَاقِيْنَ شَافِعًا لِّلْمُجْرِمِيْنَ
سَيِّدًا لِّلْمُرْسَلِيْنَ الَّذِىْ هُوَ مُحِبُّ الْفُقَرَآءِ
وَالْمَسَاكِيْنِ وَالْغُرَبَآءِ وَالْمُحْتَاجِيْنَ يَارَبَّ
الْعٰلَمِيْنَ○

دُرُودِ رفاعی 373

یہ درود حضرت سید احمد کبیر رفاعی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے انہوں نے اسے اپنی کتاب المعارف المحمدیہ میں لکھا ہے۔ آپ اس درود پاک کو کثرت سے پڑھا کرتے تھے اور اسی بناء پر آپ کو قطب زماں کا بلند مقام حاصل ہوا آپ نے اس درود پاک کے بارے میں فرمایا ہے کہ یہ درود اسرار و رموز اور معرفت حاصل کرنے کیلئے بہترین وسیلہ ہے جو شخص اسے روزانہ ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھے گا اس کے ایمان میں استقامت پیدا ہوگی اور وہ دنیا سے صاحب ایمان ہی جائے گا یعنی اس کا دل نور ایمان سے منور ہو جائے گا اور اگر کوئی بندہ اسے کثرت سے پڑھتا رہے تو اسے سعادت عظمیٰ حاصل ہوگی اور اس کی ہر دعا فوراً مستجاب ہوگی۔ ساری برائیوں اور مصیبتوں سے نجات ملے گی بلا حساب و کتاب جنت میں داخل ہوگا۔ حسب ذیل درود شریف کا ورد 41 دن تک بلاناغہ ایک مرتبہ روزانہ پڑھنے سے انسان تمام بری عادتوں اور گناہوں سے بچ جائے گا اور پڑھنے والے کو اللہ نیک اعمال کی توفیق عطا کرے گا۔ اس درود پاک کا ایک اور فائدہ یہ ہے کہ اسے پڑھنے سے سکون اور اطمینان

قلب نصیب ہوتا ہے اور عبادت میں خوب دل لگنے لگتا ہے اور لطف حاصل ہوتا ہے۔ اگر کوئی شخص حج کی خواہش رکھتا ہو مگر حج کرنے کی استطاعت نہ رکھتا ہو تو ہر جمعرات کو 100 مرتبہ یہ درود پڑھ کر اللہ کے حضور دعا کرے اور ۱۱ جمعرات تک اسی طرح کرے اللہ اس کا بہتر ذریعہ سے سبب بنا دے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى نُوْرِكَ الْاَسْبَقِ
وَصِرَاطِكَ الْمُحَقَّقِ مَنْ اَبْرَزْتَهٗ رَحْمَةً شَامِلَةً
لِّوُجُوْدِكَ وَاَكْرَمْتَهٗ بِشُهُوْدِكَ وَاصْطَفَيْتَهٗ
لِنُبُوَّتِكَ وَرِسَالَتِكَ وَاَرْسَلْتَهٗ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا
وَّدَاعِيًا اِلَيْكَ بِاِذْنِكَ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا نُّقْطَةِ
مَرْكَزِ بَآءِ الدَّآئِرَةِ الْاَوَّلِيَّةِ وَسِرِّ اَسْرَارِ اَلِفِ
الْقُطْبِيَّةِ الَّذِىْ فَتَقْتَ بِهٖ وَثْقَ الْوُجُوْدِ، وَخَصَّصْتَهٗ
بِاَشْرَفِ الْمَقَامَاتِ الْمَوْهِبِ الْاِمْتِنَانِ وَالْمَقَامِ
الْمَحْمُوْدِ، وَاَقْسَمْتَ بِحَيٰوتِهٖ فِىْ كَلَامِكَ
الْمَشْهُوْدِ لِاَهْلِ الْكَشْفِ وَالشُّهُوْدِ، فَهُوَ سِرُّكَ
الْقَدِيْمُ السَّارِىْ وَمَآءُ جَوْهَرِ الْجَوْهَرِيَّةِ الْجَارِى

اَلَّذِیْ اَحْیَیْتَ بِهِ الْمَوْجُوْدَاتِ مِنْ مَّعْدِنٍ
وَّحَیَوَانٍ وَّنَبَاتٍ ط فَهُوَ قَلْبُ الْقُلُوْبِ وَرُوْحُ
الْاَرْوَاحِ وَعَلَمُ الْكَلِمَاتِ الطَّیِّبَاتِ الْقَلَمُ
الْاَعْلٰی وَالْعَرْشُ الْمُحِیْطُ،رُوْحُ جَسَدِ الْكَوْنَیْنِ
وَبَرْزَخُ الْبَحْرَیْنِ وَثَانِی اثْنَیْنِ وَفَخْرُ الْكَوْنَیْنِ
اَبُو الْقَاسِمِ سَیِّدُنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ
الْمُطَّلِبِ عَبْدُكَ وَنَبِیُّكَ وَرَسُوْلُكَ النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ ط
وَعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا بِقَدْرِ عَظْمَةِ
ذَاتِكَ فِیْ كُلِّ وَقْتٍ وَّحِیْنٍ ط سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ
الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ ○ وَسَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ ○
وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○

دُرُود فضل وکرم 374

یہ درود علامہ قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب مسالک الحفاء میں بیان کیا ہے اور اس کے متعلق لکھا ہے کہ اگر کسی پر نزع کی حالت طاری ہو اور جان کنی میں شدت اور سختی

ہوتو مرنے والے کے لواحقین کو چاہئے کہ اس کے اردگرد بیٹھ کر یہ درود پاک کثرت سے پڑھیں اللہ تعالیٰ اس کی جان کنی میں آسانی پیدا کردے گا اگر کوئی اس درود پاک کو بکثرت پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس پر اپنا خصوصی فضل وکرم نازل فرمائے گا اگر کوئی ذہنی پریشانی میں مبتلا ہو یا ہر وقت پریشان رہتا ہو معمولی معمولی باتوں سے پریشان ہو جاتا ہو تو اسے چاہئے کہ روزانہ باوضو حالت میں 33 مرتبہ اس درود پاک کو پڑھ لیا کرے انشاء اللہ ذہنی و دماغی پریشانی دور ہو جائے گی۔ ہمیشہ خوش وخرم رہے گا اور پر مسرت زندگی گزرے گی۔ اس کے علاوہ جو ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو انشاء اللہ قبر کی تاریکی سے بچا رہے گا اس کی قبر میں اندھیرا نہ ہوگا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النُّوْرِ الْکَامِلِ
وَعَلٰی سَیِّدِنَا جِبْرِیْلَ الْمُطَوَّقِ بِالنُّوْرِ رَسُوْلِ
رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ط یَاقَرِیْبُ یَامُجِیْبُ یَاسَمِیْعَ الدُّعَآءِ
یَالَطِیْفًا بِمَا یَشَآءُ نَوِّرِ اللّٰھُمَّ عَلَیْنَا قُلُوْبَنَا وَقُبُوْرَنَا
وَاَبْصَارَنَا وَبَصَآئِرَنَا بِرَحْمَةٍ مِّنْكَ یَآ اَرْحَمَ
الرّٰحِمِیْنَ ۔

375 دُرُودِ سید الامت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کے دل سے ظلمت اور گناہوں کی سیاہی ڈھل جائے اور اس کا قلب نیکی کی طرف راغب ہو تو وہ نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد بکثرت اس درود کو پڑھنے کا معمول بنائے اور پڑھائی کے بعد بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے۔ انشاء اللہ قلبی سیاہی

دھل جائے گی۔ اللہ تعالیٰ ایمان کی روشنی اور قوت عطا فرمائے گا۔

یہ درود پاک بہت ہی برکت وفضیلت والا ہے جو کوئی غربت ومفلسی کا شکار ہو، گھر میں خوشحالی نہ ہو۔ ذرائع آمدنی بہت ہی محدود ہوں، گھر کا خرچہ بمشکل پورا ہوتا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ روزانہ بلاناغہ باوضو حالت میں 70 مرتبہ اس درود پاک کو پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے۔ انشاء اللہ اسم محمد ﷺ کی برکت کے طفیل بہت جلد غنی ہو جائے گا۔ غربت اور تنگدستی دور ہو جائے گی۔ پروردگار عالم اپنے فضل سے اس پر رزق کے دروازے کھول دے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
وَّاَعْطِہِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ
وَابْعَثْہُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ مَعَ
اِخْوَانِہٖ مِنَ النَّبِیّٖنَ وَالصّٰلِحِیْنَ ط وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی
نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ وَسَیِّدِ الْاُمَّۃِ وَعَلٰٓی اَبِیْنَآ اٰدَمَ وَاُمِّنَا
حَوَّآءَ وَمَنْ وَّلَدَا مِنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ
وَالشُّھَدَآءِ وَالصّٰلِحِیْنَ ط وَصَلِّ عَلٰی مَلَآئِکَتِکَ
اَجْمَعِیْنَ مِنْ اَھْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِیْنَ وَعَلَیْنَا
مَعَھُمْ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ○

376 دُرُود ہاشمی

یہ درود بھی دلائل الخیرات میں ہے اور اس درود پاک میں اللہ تعالیٰ سے یہ التجا کی گئی ہے کہ ہمارے نبی جو ہاشمی ہیں ان پر درود بھیج جس سے تو اور تیرا محبوب راضی ہو جائے اور ہمارے لئے بھی وہ تیری خوشنودی حاصل کرنے کا ذریعہ بنے جو شخص اس درود پاک کو کثرت سے پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہوگا اور اسے بلند مرتبہ وعزت عطا فرمائے گا۔ اس لئے جو شخص بلندی اور حصول عزت کا طالب ہو تو اسے چاہئے کہ ہر نماز کے بعد اس درود پاک کو 33 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے۔ اللہ تعالیٰ اسے ہمیشہ باعزت رکھے گا۔ اس کی ہر جائز خواہش پوری ہوگی، وہ زندگی کے جس شعبے میں کام کرتا ہوگا اسے بے پناہ ترقی حاصل ہوگی غرضیکہ اللہ تعالیٰ اس درود پاک کے پڑھنے والے کو عزت اور شرف سے نوازے گا۔

بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ اس درود کو جو شخص 100 بار روزانہ پڑھتا رہے گا تو اللہ تعالیٰ اسے ہر معاملے میں فتح یاب اور غالب رکھے گا۔ لوگ اسے نقصان نہ پہنچا سکیں گے جس کام کو بھی ہاتھ ڈالے گا وہ اللہ کی مہربانی سے کامیاب ہوگا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی النَّبِیِّ الْھَاشِمِیِّ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰٓی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًاo اَللّٰھُمَّ صَلِّ
عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَیْرِ الْبَرِیَّۃِ صَلٰوۃً تُرْضِیْکَ
وَتُرْضِیْہِ وَتَرْضٰی بِھَا عَنَّا یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَo

377 دُرُود دافع گناہ

حدیث پاک ہے کہ جو کوئی ایک مرتبہ درود پڑھے اللہ پاک اس کے نامہ اعمال

میں دس نیکیاں عطا فرماتا ہے۔ دس گناہ معاف فرماتا ہے اور دس درجات بلند فرماتا ہے۔ اس حدیث پاک کی روشنی میں حضرت شیخ سعید بن عطار رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ جو کوئی صبح وشام تین تین مرتبہ یہ درود پاک پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے گناہ مٹا دیتا ہے اس کی خطائیں معاف کر کے اسے خوشی اور مسرت عطا فرماتا ہے۔ اس کی جائز دعائیں قبول فرماتا ہے۔ اسی طرح جو شخص بعد نماز فجر 111 دفعہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ اللہ تعالیٰ اس کو دنیا و آخرت میں فلاح عطا فرماتا ہے اور اس کا نامہ اعمال نیکیوں سے پر فرما دیتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ،
وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ، وَصَلِّ
عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی النَّبِیِّیْنَ، وَصَلِّ عَلٰی
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْمُرْسَلِیْنَ، وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ فِی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ○

378 درود امام اہل توحید صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو شخص کوئی بھی کام شروع کرنے سے پہلے اللہ کی ثناء اور یہ درود شریف چند بار پڑھ لے اور اللہ سے مدد و رہنمائی چاہے تو اس کام میں اللہ کی مدد و نصرت اور رہنمائی شامل ہو جائے گی۔ اس کے علاوہ جو شخص یہ چاہے کہ اس کی زندگی راہ ہدایت پر اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں گزرے۔ وہ اس درود پاک کی کثرت کرے۔ انشاء اللہ راہ ہدایت پر گامزن رہے گا بارگاہ خداوندی سے رہنمائی شامل حال ہو جائے گی اور دل محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے نور سے منور ہو جائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ بِاَفْضَلِ مَاتُحِبُّ وَاَکْمَلِ مَاتُرِیْدُ
عَلٰی اِمَامِ اَھْلِ التَّوْحِیْدِ وَلِسَانِ اَھْلِ التَّفْرِیْدِ
وَالتَّمْجِیْدِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَسَیِّدِنَا وَاَوْلَانَا
مُحَمَّدٍ سَیِّدِ السَّادَاتِ وَالْعَبِیْدِ، وَعَلٰی اٰلِهِ الْکِرَامِ
الْبَرَرَةِ وَاَصْحَابِهٖ وَوَارِثِیْهِ وَحِزْبِهٖ وَکُلِّ مَنْسُوْبٍ
اِلٰی جَنَابِهِ الْمَجِیْدِ مِنْ غَیْرِ نِهَایَةٍ وَّلَا تَحْدِیْدٍ
وَّسَلِّمْ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ○

دُرُود شان عظیم 379

یہ درود بھی علامہ قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب مسالک الحفاء میں مذکور ہے اس درود کی فضیلت یہ ہے کہ جو کوئی سخت مزاج اور بہت زیادہ تند خو ہو کسی کے کہنے سننے میں نہ ہو تو چاہیے کہ روزانہ باوضو حالت میں 70 مرتبہ اس درود پاک کو پڑھ کر پانی پر دم کیا جائے اور اس شخص کو یہ دم کیا ہوا پانی پلایا جائے علاوہ ازیں اس شخص پر بھی دم کیا جائے۔ 40 یوم تک بلاناغہ اس عمل کے کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے دل کی سختی نرمی میں بدل جائے گی۔

اگر کوئی کسی مشکل میں گرفتار ہو اور مشکل آسان نہ ہوتی ہو تو وہ ہر نماز کے بعد 7 مرتبہ یہ درود پاک پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے بہت جلد مشکل آسان ہو جائے گی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّلْءَ

السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ مِّلْءَ الْاَرْضِيْنَ السَّبْعِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّلْءَ مَا بَيْنَهُمَا ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَآ اَحْصٰى
كِتَابُكَ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ
وَصَحْبِهٖ كُلَّمَا ذَكَرَكَ الذّٰكِرُوْنَ وَغَفَلَ عَنْ
ذِكْرِكَ الْغَافِلُوْنَ مِنْ اَوَّلِ الدُّنْيَآ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ○

دُرُود نایاب (380)

امام عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ سرکار رحمت عالم ﷺ مسجد میں جلوہ افروز تھے کہ اچانک ایک آدمی آیا اور اس نے کہا کہ سلام ہو تم پر اے بلند عزت اور وسیع کرم والے تو آپ ﷺ نے اسے اپنے اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے درمیان میں بٹھایا جس پر تمام حاضرین حیران ہوئے کہ یہ اتنی اہمیت والا شخص کون ہے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک حضرت جبرائیل امین علیہ السلام نے مجھے بتایا کہ یہ شخص مجھ پر درود پڑھتا ہے جو اس سے قبل کسی نے مجھ پر نہیں پڑھا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے پوچھا کہ یا رسول اللہ ﷺ کیسے درود پڑھتا ہے تو آپ نے حسب ذیل کلمات پڑھے۔

اگر کسی کو ناحق قیدی بنالیا جائے تو اسے چاہئے کہ اس درود پاک کو کثرت سے پڑھے تو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے وہ قید سے رہا ہو جائے گا۔ اگر کوئی شخص اس درود کو جمعہ کی شب میں کثرت سے پڑھے گا تو وہ قبر اور حشر میں فلاح پائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ
وَالْاٰخِرِیْنَ وَفِی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ○

381 دُرُود رحمت عالم ﷺ

حاجت روائی کی غرض سے چاہئے کہ روزانہ نماز فجر اور نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد یہ درود شریف 140 مرتبہ پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے انشاء اللہ دعا قبول ہوگی اور چند دنوں میں حاجت ضرور پوری ہوگی۔

اگر کسی کی کوئی ایسی مراد ہو جو پوری نہ ہوتی ہو تو اسے چاہئے کہ وہ اتوار کے دن باوضو حالت میں 70 مرتبہ یہ درود پاک پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے۔ انشاء اللہ جو بھی جائز مراد ہوگی بہت جلد پوری ہو جائے گی۔

جو کوئی یہ چاہے کہ دشمن کے دل میں اس کی محبت پیدا ہو جائے اور نفرت محبت میں بدل جائے تو وہ ہر نماز کے بعد 100 مرتبہ حسب ذیل درود شریف پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے ۷ یوم تک بلاناغہ اسی طرح کرے انشاء اللہ دشمن مغلوب ہوگا اور اس کے دل میں موجود اس کے خلاف نفرت محبت میں تبدیل ہو جائے گی اور وہ صلح پر آمادہ ہوگا۔

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ رَحْمَۃٍ لِّلْعٰلَمِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ
وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ○

382 دُرُود مظفر

یہ درود شریف حصول کثیر ثواب کیلئے بہت اکسیر ہے لہٰذا جو شخص اس درود پاک کو صبح اٹھتے ہی چند بار پڑھنے کا معمول بنائے گا اللہ تعالیٰ اسے بے پناہ ثواب عطا فرمائے گا اس کے علاوہ جو کوئی تنگدست ہو، کاروبار ٹھیک طرح سے نہ چلتا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ روزانہ باوضو حالت میں 40 مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ بہت جلد دولت مند ہو جائے گا اس عمل کی مداومت کرنے سے کاروبار میں خوب خیر و برکت پیدا ہوگی اور رزق کی تنگی جاتی رہے گی بفضل باری تعالیٰ اس کے دن پھر جائیں گے۔

جو کوئی کند ذہن ہو پڑھائی میں دل نہ لگتا ہو جو بھی بات یاد کرتا ہو یاد نہ ہوتی ہو حافظہ بہت زیادہ کمزور ہو تو اسے چاہئے کہ وہ نماز عشاء کے بعد 41 مرتبہ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ بہت جلد کند ذہنی دور ہو جائے گی۔ علم کے دروازے اس پر کھل جائیں گے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ خَلْقِ اللّٰہِ
عَدَدَ مَا کَانَ وَعَدَدَ مَا یَکُوْنُ وَعَدَدَ مَاھُوَ کَآئِنٌ
فِیْ عِلْمِ اللّٰہِ صَلٰوَاتُ اللّٰہِ وَسَلَامُہٗ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ
وَاَنْبِیَآئِہٖ وَرُسُلِہٖ وَ حَمَلَۃِ عَرْشِہٖ وَجَمِیْعِ خَلْقِہٖ
عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَعَلَیْہِ
وَعَلَیْھِمْ اَفْضَلُ الصَّلَاۃِ وَالتَّسْلِیْمِ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ
وَبَرَکَاتُہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ

وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ
وَ اَصْحَابِهٖ ط وَسَلِّمْ وَرَضِيَ اللّٰهُ عَنْ اَصْحَابِ
رَسُوْلِ اللّٰهِ اَجْمَعِيْنَ عَدَدَ مَا فِيْ عِلْمِ اللّٰهِ صَلٰوةً
دَآئِمَةً بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ وَضِعْفَ ذٰلِكَ
وَاَضْعَافَ اَضْعَافِ ذٰلِكَ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ عَدَدَ مَنْ صَلّٰى
عَلَيْهِ مَنْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَاَهْلِ الْاَرْضِ مِنْ اَوَّلِ
الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَاَضْعَافِهِمْ صَلٰوةً تَزِيْدُ
وَتَدُوْمُ وَتَفْضُلُ صَلٰوةَ الْمُصَلِّيْنَ كَفَضْلِ اللّٰهِ
عَلٰى خَلْقِهٖ اَجْمَعِيْنَ ○

383 دُرُود اجرائے الطاف

حضور نبی کریم ﷺ کی بارگاہ اقدس میں اس درود پاک کے پڑھنے کی ایک فضیلت یہ ہے کہ جس کو مرض نسیان ہو حافظہ بہت کمزور ہو تو وہ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ یہ درود پاک پڑھ کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کرے۔ انشاء اللہ چالیس دن تک بلاناغہ اس عمل سے حافظہ کو تقویت ہوگی اور جو کچھ سنے گا دیر تک یاد رہے گا۔

اس درود پاک کی ایک اور فضیلت یہ ہے کہ جو کوئی اس درود پاک کی کثرت کو اپنا معمول بنالے اللہ پاک اس کو یقین محکم کی دولت سے نوازیں گے اور وہ چشم خلائق میں

معزز اور ہر دلعزیز ہو جائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ
وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ عَدَدَ مَآ اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ وَجَرٰی
بِهٖ قَلَمُكَ وَنَفَذَبِهٖ حُكْمُكَ فِیْ خَلْقِكَ وَاَجْرِ
لُطْفَكَ فِیْ اُمُوْرِنَا وَ اُمُوْرِ الْمُسْلِمِیْنَ o

384 دُرُود خلاصی قرض

اس درود پاک کے بارے میں ابوسامہ وکالی سے روایت ہے کہ ایک شخص جو فاقہ کش تھا نبی کریم ﷺ پر کثرت سے درود وسلام بھیجا کرتا تھا۔ اس پر بہت قرض ہو گیا۔ خواب میں نبی کریم ﷺ کی زیارت ہوئی تو اس نے فقر وفاقہ کی شکایت کی۔ آپ نے اسے شیخ سیدی محمد السنوسی کی خدمت میں بھیجا کہ وہ اس کا قرض اتاریں۔ یہ قرض ایک ہزار اوقیہ تھا۔ اس بات کا ثبوت کہ واقعی نبی کریم ﷺ نے اس شخص کو بھیجا ہے سرکار مدینہ ﷺ نے فرمایا شیخ محمد سنوسی سے کہنا تم سونے سے پہلے روزانہ مجھ پر ایک لاکھ بار درود وسلام بھیجتے ہو، بیدار ہو کر وہ شخص شیخ محمد سنوسی کے پاس گیا اور تمام بات بیان کی۔ انہوں نے بغیر حیل و حجت اسے ایک ہزار اوقیہ دے دیا۔

اس شخص نے اللہ کا واسطہ دے کر شیخ سے پوچھا کہ آپ اتنی تعداد میں ہر رات درود شریف کیسے پڑھ لیتے ہیں اور یہ کیونکر ممکن ہے؟ میں تو رات ایک ہزار کے متعلق محو حیرت ہوں۔ شیخ نے آزماتے ہوئے فرمایا، ارے یہ بات سمجھنا چاہتے ہو تو ایک ہزار اوقیہ واپس کرو۔ اس شخص نے ہزار اوقیہ واپس کر دیا۔ شیخ نے کہا، اللہ تمہیں برکت دے جو رقم نبی کریم ﷺ نے تمہیں دینے کا مجھے حکم دیا میں اسے کیسے واپس لے سکتا ہوں۔ میں تو محبت

رسول ﷺ میں تمہیں آزمانا چاہتا تھا۔ میں ہر رات یہ درود شریف 100 بار پڑھا کرتا تھا۔
یہ درود کتاب ''کنوز الاسرار'' میں ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ
سَیِّدِ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ قَآئِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ
السَّیِّدِ الْکَامِلِ الْفَاتِحِ الْخَاتِمِ الْحَبِیْبِ الشَّفِیْعِ
الرَّءُوْفِ الرَّحِیْمِ الصَّادِقِ الْاَمِیْنِ السَّابِقِ لِلْخَلْقِ
نُوْرُہٗ وَرَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ظُھُوْرُہٗ عَدَدَ مَنْ مَّضٰی
مِنْ خَلْقِکَ وَمَنْ بَقِیَ وَمَنْ سَعِدَ مِنْھُمْ وَمَنْ
شَقِیَ صَلٰوۃً تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ وَتُحِیْطُ بِالْحَدِّ
صَلٰوۃً لَّاغَایَۃَ لَھَا وَلَا مُنْتَھٰی وَلَا انْقِضَآءَ صَلٰوۃً
دَآئِمَۃً بِدَوَامِکَ بَاقِیَۃً بِبَقَآئِکَ، وَعَلٰٓی اٰلِہٖ
وَصَحْبِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَصْھَارِہٖ وَاَنْصَارِہٖ
وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا مِّثْلَ ذٰلِکَ وَاَجْرِ یَا مَوْلَانَا خَفِیَّ
لُطْفِکَ فِیْٓ اُمُوْرِنَا کُلِّھَا وَاُمُوْرِ الْمُسْلِمِیْنَ.

385 دُرُودِ قابِ قوسین

شیخ عبداللہ البارونی نے اپنی کتاب ''کنوز الاسرار'' میں ان الفاظ کی فضیلت کی شرح کرتے ہوئے فرمایا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جب وہ فضل و کرم دیکھا جو اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کی امت کیلئے تیار رکھا ہے تو انہوں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ مجھے بھی ان میں شامل فرمادے۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے انہیں حکم دیا کہ سیدنا محمد مصطفیٰ ﷺ پر درود بھیجیں۔ انہوں نے بایں الفاظ درود شریف بھیجا، پس بلاشبہ یہ کامل درودوں میں سے ہے۔

جو کوئی یہ چاہے کہ اسے نبی کریم ﷺ کی قربت نصیب ہو جائے حضور نبی کریم ﷺ کی خصوصی توجہ حاصل ہو جائے پروردگار عالم اسم محمد ﷺ کے طفیل اس کا مقام و مرتبہ بلند کر دے تو اسے چاہئے کہ وہ ہر نماز کے بعد کثرت سے درود موسوی پڑھنے پر مداومت کرے۔ اس درود کے بارے میں بزرگ فرماتے ہیں کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جب حضور سرور کائنات ﷺ کی امت کی شان کو ملاحظہ کیا تو بارگاہ الٰہی میں دعا کی کہ یا اللہ! مجھے اس امت میں سے کر دے۔ ارشاد ربانی ہوا اے پیارے کلیم! میرے حبیب علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پاک پڑھ، چنانچہ اس وقت حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فوراً یہ درود پاک پڑھا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتَمِ الْاَنْبِيَآءِ
وَمَعْدِنِ الْاَسْرَارِ مَتْبَعِ الْاَنْوَارِ وَجَمَالِ الْكَوْنَيْنِ
وَشَرَفِ الدَّارَيْنِ وَسَيِّدِ الثَّقَلَيْنِ الْمَخْصُوْصِ
بِقَابَ قَوْسَيْنِ○

386 دُرُود بخشش گناہ

سید محمد مرتضیٰ نے شرح الاحیاء میں فرمایا کہ ہمارے بعض شیوخ کے شیخ شہاب احمد بن مصطفیٰ اسکندری المعروف بہ صباغ نے اپنی اجازت میں فرمایا جس مرید نے گناہ کر کے اپنے نفس پر زیادتی کی ہے اس کیلئے بخشش کا قریب تر راستہ استغفار ہے پھر نبی مختار صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام۔ میں نے یہ درود شریف اور اس کے خواص جو میرے دل میں ڈالے گئے محض اللہ تعالیٰ کے احسان اور نبی کریم ﷺ کی برکت سے حاصل کئے ہیں اور میں نے یہ درود شریف حضور ﷺ کی خدمت اقدس میں پیش کر کے اس پر عمل کی اجازت طلب کی تو حضور ﷺ مسکرائے۔

جو کوئی مفلسی اور تنگدستی کی وجہ سے بہت پریشان ہو تو اسے چاہئے کہ وہ روزانہ 21 مرتبہ ذیل میں دیا ہوا درود پاک نہایت محبت وشوق سے پڑھے۔ انشاء اللہ مفلسی وتنگدستی بہت جلد دور ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ دنیاوی نعمتوں سے مالا مال فرمائے گا۔ اگر حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت کی نیت سے پڑھے تو انشاء اللہ زیارت رسول ﷺ سے مشرف ہوگا۔ اس درود پاک کو صبح وشام کثرت سے پڑھنے کا معمول بنا لینے سے اللہ تعالیٰ بندے کی خطاؤں کو معاف فرما دیتا ہے۔ اس لئے اس درود پاک کو صبح وشام پڑھنا چاہئے تا کہ اللہ تعالیٰ گناہ معاف کر دے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی نَبِیِّكَ وَحَبِیْبِكَ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اِخْوَانِهٖ وَاٰلِهٖ صَلٰوةً وَّسَلَامًا نَّقْرَعُ
بِهِمَآ اَبْوَابَ جِنَانِكَ وَنَسْتَجْلِبُ بِهِمَآ اَسْبَابَ
رِضْوَانِكَ وَتُؤَدِّیْ بِهِمَا بَعْضَ حَقِّهٖ عَلَیْنَا

بِفَضْلِكَ وَاِحْسَانِكَ ط اٰمِيْنَ ○

387 دُرُود برابر ایک لاکھ

شیخ عبداللہ ہاروشی مغربی نے اپنی کتاب کنوز الاسرار فی الصلوۃ علی النبی المختار میں ان الفاظ کی فضیلت میں کہا ہے کہ میرے دل میں خیال تھا کہ یہ درود شریف ایک لاکھ کے برابر ہے۔ میں نے اس کی فضیلت کے بارے میں ایک بھائی سے ذکر کیا اور اس سے کہا: کہا جاتا ہے کہ یہ درود شریف ایک لاکھ درودوں کے برابر ہے۔ تو وہ بولے کہ یہ کم ہے اور بے ادبی ہے۔ کیونکہ تم نے جو کہا اپنی ذات کی عظمت کے لحاظ سے کہا اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی ذات کی عظمت کی کوئی حد نہیں لہٰذا اس درود شریف پر ملنے والا اجر وثواب انشاء اللہ بے حد و حساب ہوگا پس میں نے بھی اسی قول کی طرف رجوع کر لیا اور اسی کو بہتر پایا اور کوئی شک نہیں کہ یہ کامل درودوں میں سے ہے۔

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کے دل میں نبی کریم ﷺ کی محبت موجزن ہو جائے تو وہ روزانہ ۱۲۱ مرتبہ اس درود پاک کو پڑھنے پر مداومت کرے۔ انشاء اللہ اسے عشق مصطفیٰ ﷺ کی دولت نصیب ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ
وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ
تَسْلِيْمًا بِقَدْرِ عَظَمَةِ ذَاتِكَ فِيْ كُلِّ وَقْتٍ
وَّحِيْنٍ ○

388 دُرُود امام الواصلین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

اس درود پاک کی برکات میں سے ہے کہ جس شخص کا دل اللہ کریم کی عبادت اور اطاعت میں نہ لگتا ہو وہ اس درود شریف کی کثرت کرے یا 33 مرتبہ صبح بعد نماز فجر اور 33 مرتبہ شام بعد نماز مغرب پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ، اللہ پاک اپنی رحمت سے اس کے دل میں اپنی محبت اور اطاعت وعبادت کا جذبہ پیدا فرما دے گا اور اس کا دل عبادت الٰہیہ میں کیف وسرور پانے لگے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْاَوَّلِیْنَ
وَسَیِّدِ الْاٰخِرِیْنَ وَسَیِّدِ الْعِبَادِ وَسَیِّدِ الزّٰھِدِیْنَ
وَسَیِّدِ الرَّاکِعِیْنَ وَالسَّاجِدِیْنَ وَسَیِّدِ الطَّآئِفِیْنَ
وَالْعَاکِفِیْنَ وَسَیِّدِ الْقَآئِمِیْنَ وَالصَّآئِمِیْنَ وَسَیِّدِ
الطَّالِبِیْنَ وَالْوَاصِلِیْنَ وَسَیِّدِ الْاَبْرَارِ وَالْمُتَّقِیْنَ
وَسَیِّدِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَسَیِّدِ الْمَلٰٓئِکَۃِ
وَالْمُقَرَّبِیْنَ وَسَیِّدِ خَلْقِ اللّٰہِ اَجْمَعِیْنَ صَلَّی اللّٰہُ
وَسَلَّمَ عَلَیْہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ
وَاَشْیَاعِہٖ وَاَنْصَارِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ مَا اتَّصَلَتْ عَیْنٌ

بِيَقِيْنٍ وَ اُذُنٌ بِحَنِيْنٍ○

389 دُرُودِ ورع

جائز دلی مراد کے حصول کی خاطر روزانہ نماز عشاء پڑھنے کے بعد نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ 70 مرتبہ پڑھے۔ اگر کوئی مفلس و تنگدست ہو اور اس بات کا خواہاں ہو کہ پروردگار عالم اسے دولت مند کر دے۔ اس کی تنگدستی دور ہو جائے تو وہ روزانہ نماز فجر کے بعد 41 مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ چند ہفتوں میں ہی اس کے مثبت اثرات دکھائی دینے لگیں گے اور وہ مالدار ہو جائے گا۔ کوئی بھی فوری ضرورت ہو اس درود پاک کو بکثرت پڑھ کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا مانگے تو انشاء اللہ ہر آرزو پوری ہوگی۔ ہر ضرورت پوری ہو جائے گی۔

اگر کوئی رات کو سوتے وقت خواب میں ڈر جاتا ہو تو وہ رات کے وقت سونے سے پہلے باوضو حالت میں 41 مرتبہ یہ درود پاک پڑھ لیا کرے انشاء اللہ سکون سے نیند آئے گی اور خواب میں ڈر نہ لگے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّاَعْطِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ
الرَّفِيْعَةَ ط وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِىْ وَعَدْتَّهٗ
مَعَ اِخْوَانِهِ النَّبِيِّيْنَ○

390 دُرُودِ کشادگی علم

یہ درود حضرت ابو العباس احمد رحمۃ اللہ علیہ کا تالیف کردہ ہے۔ انہوں نے فرمایا

کہ جو شخص اس درود پاک کو کثرت سے پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے دل کی مراد پوری کر دے گا اور اس درود کی پڑھائی مقصد حاصل ہونے تک جاری رکھی جائے۔ اگر کسی شخص کو حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت کا شوق رہتا ہو تو اسے چاہئے کہ 40 یوم تک اس درود پاک کو کثرت سے پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اپنی مہربانی سے خواب میں حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت سے مشرف فرمائے گا۔

اس درود پاک کی ایک فضیلت یہ بھی ہے کہ جو شخص اس درود کو پڑھتا ہے تو اس کے دل سے نفاق ختم ہو جاتا ہے اور اس کے دل میں حضور نبی کریم ﷺ کی بے پناہ محبت ڈال دی جاتی ہے۔

اگر کوئی علم کے حصول کا خواہاں ہو تو وہ روزانہ باوضو حالت میں دس مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ جس طالب علم کو پڑھنے کا شوق ہو مگر اس کا ذہن و حافظہ کمزور ہو تو اسے چاہئے کہ وہ روزانہ دس مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ انشاء اللہ علم کی دولت سے مالا مال ہوگا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ
وَخَلِيْلِكَ وَحَبِيْبِكَ صَلٰوةً اَرْقٰى بِهَا مَرَاقِىَ
الْاِخْلَاصِ وَاَنَالُ بِهَا غَايَةَ الْاِخْتِصَاصِ وَسَلِّمْ
تَسْلِيْمًا عَدَدَ مَآ اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ وَاَحْصَاهُ
كِتَابُكَ كُلَّمَا ذَكَرَكَ الذّٰكِرُوْنَ وَغَفَلَ عَنْ
ذِكْرِهِ الْغٰفِلُوْنَ ○

391 دُرُود المعزز

جو کوئی اس درود پاک کو اپنا معمول بنالے گا اللہ پاک اس کو بے پناہ ثواب اور برکات عطا فرمائے گا اور اس کا ایمان مضبوط ہو جائے گا۔ اس درود پاک کے قاری کا ایمان اس قدر کامل و مستحکم ہو جاتا ہے کہ وہ ناموس رسالت کی خاطر کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرتا۔ اس درود پاک کی کثرت کرنے والے کو اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں بے پناہ عزت و آبرو عطا فرماتا ہے اور ہر کوئی اس کے ساتھ مہربانی، شفقت اور عزت سے پیش آتا ہے۔ حصول علم اور اس کے اسرار کو سمجھنے کے لئے روزانہ 66 مرتبہ باوضو ہو کر پڑھنا بہت اکسیر ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَى الذَّاتِ الْمُكَمَّلَةِ
وَالرَّحْمَةِ الْمُنَزَّلَةِ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَحَبِيْبِكَ
وَصَفِيِّكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ
وَاَوْلَادِهٖ وَجِيْرَانِهٖ عَدَدَ مَاذَكَرَكَ الذّٰكِرُوْنَ
وَغَفَلَ عَنْ ذِكْرِكَ الْغٰفِلُوْنَ ○

392 دُرُود شاہ جیلان

اس درود پاک کے بارے میں کہا گیا ہے کہ یہ درود بھی حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کا ہے۔ اگرچہ ہر درود زیارت النبی ﷺ کیلئے اکسیر ہے مگر بعض حضرات نے یہ کہا ہے کہ رسول اکرم ﷺ کی زیارت کی نیت سے جو شخص اس درود پاک کو با وضو حالت میں پاکیزہ لباس کے ساتھ دو رکعت نماز نفل پڑھ کر 100 مرتبہ اس درود پاک کی

تلاوت کرے گا اسے خواب میں حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت ہوگی اور حصول مقصد تک اس درود کی پڑھائی کو جاری رکھے۔

بعض حضرات یہ اکثر کہتے ہیں کہ ان کو عبادت میں توجہ اور یکسوئی حاصل نہیں ہوتی جس سے عبادت میں سرور نہیں آتا جس کی وجہ سے طبیعت بوجھل سی رہنے لگتی ہے۔ ایسے حضرات کو چاہئے کہ وہ ہر نماز کے بعد اس درود پاک کو گیارہ مرتبہ پڑھیں تھوڑے ہی عرصہ میں اس درود پاک کے پڑھنے والے کو یکسوئی حاصل ہو جائے گی اور اللہ تعالیٰ عبادت گزار بندے پر اپنا خصوصی کرم بھی نازل فرماتا ہے۔

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ معاشرے کی خرابیوں سے بچا رہے اس کا دل برے کاموں کی طرف رغبت نہ کرے تو وہ ہر نماز کے بعد 7 مرتبہ اس درود پاک کو پڑھنے کا معمول بنا لے۔ انشاء اللہ وہ برے کاموں سے بچا رہے گا۔ اس درود پاک کی برکت سے اللہ اسے اپنی امان میں رکھے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی اَفْضَلِ عِبَادِكَ مِنْ خَلْقِكَ
وَصَفْوَتِكَ مِنْ اَنْبِيَآئِكَ الذَّاتِ الْمُكَمَّلَةِ
وَالرَّحْمَةِ الْمُرْسَلَةِ الْمُفَضَّلَةِ سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَوَارِثِيْهِ وَحِزْبِهٖ
اَجْمَعِيْنَ مِلْءَ السَّمٰوٰتِ وَمِلْءَ الْاَرْضِيْنَ كُلَّمَا
ذَكَرَكَ الذّٰكِرُوْنَ وَكُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ
الْغٰفِلُوْنَ ○

393 دُرُود سکون قلب

یہ درود مسالک الحنفاء میں ہے اور اسے بڑی فضیلت والا درود کہا گیا ہے۔ کیونکہ یہ درود سکون قلب کے لئے بہت اکسیر ہے۔ اگر کوئی یہ چاہے کہ اس کا قلب نیکی کی طرف راغب ہو برائی اور گناہوں سے چھٹکارا مل جائے تو وہ روزانہ نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد اکتالیس اکتالیس مرتبہ اس درود پاک کو پڑھ لیا کرے تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس کا دل نیک اعمال کی طرف راغب ہو جائے گا اور اسے اچھے اعمال کرنے کی توفیق بھی میسر آجائے گی۔

اگر کسی کو کوئی ایسا رنج پہنچا ہو کہ وہ اس قدر غمگین ہو گیا ہو کہ اس کا دل پرسکون نہ رہتا ہو غم کی شدت کے باعث بے چینی ہوتی ہو تو اسے چاہئے کہ وہ تین دن تک بلاناغہ روزانہ باوضو حالت میں کثرت سے اس درود پاک کو پڑھے انشاء اللہ اس کے دل کا غم دور ہو جائے گا اور اسے دلی سکون ملے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً طَیِّبَۃً
مُّبَارَکَۃً تُسَکِّنُ بِھَا قَلْبِیْ مِنْ طَلَبِ الرِّزْقِ
وَخَوْفِ الْخَلْقِ ط صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یَارُوْحَ جَسَدِ
الْکَوْنَیْنِ عَدَدَ مَاکَانَ وَعَدَدَ مَایَکُوْنُ ط وَالسَّلَامُ
عَلَیْکَ یَانُوْرَ حَیَاۃِ الدَّارَیْنِ عَدَدَمَا یَکُوْنُ ○

394 دُرُود تجلیات

یہ درود محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے اس کے فیوض و برکات حسب ذیل

ہیں۔ جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ اسے باطنی قوت سے نوازے۔ اس کے باطن کو روشن کر دے تو وہ اس مقصد کیلئے اس درود پاک کو کثرت سے پڑھنے کا معمول بنالے تو اللہ تعالیٰ کچھ عرصے کے بعد باطن روشن کر دے گا۔

جو شخص یہ چاہے کہ اسے کسی علاقے میں حکمرانی مل جائے اور وہ صاحب اقتدار ہو جائے تو اسے چاہئے کہ صبح کی نماز کے بعد اس درود کو 100 مرتبہ پڑھے اس پڑھائی کو 40 یوم تک جاری رکھے۔ روزانہ پڑھائی کے بعد اللہ کے حضور حصول مرتبہ کی دعا مانگے۔ اللہ مقصد میں کامیابی عطا فرمانے پر قادر ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ عَرْشِ اسْتِوَآءِ تَجَلِّیَاتِكَ وَكُنْهِ هُوَیَّةِ
تَنَزُّلَاتِكَ النُّوْرِ الْاَزْهَرِ وَالسِّرِّ الْاَبْهَرِ وَالْفَرْدِ
الْجَامِعِ وَالْوِتْرِ الْوَاسِعِ صَلٰوةً اُشَاهِدُبِهَا
عَجَآئِبَ الْمَلَكُوْتِ وَاَسْتَجْلِیْ بِهَا عَرَآئِسَ
الْجَبَرُوْتِ وَاَسْتَطِرُبِهَا غُیُوْثَ الرَّحَمُوْتِ
وَاَرْتَاضُ بِهَا عَنْ عَلَاقَةِ نَاسُوْتِ الْبَهْمُوْتِ یَالَا
هُوْتَ كُلِّ نَاسُوْتٍ یَآ اَللّٰهُo

دُرُودِ غنی 395

یہ درود شریف عارف باللہ سید ابن عطاء اللہ اسکندری کی کتاب مفتاح الفلاح و

مباح الارواح کے آخری ورق پر لکھا دیکھا ہے۔ یہ درود شریف ہر مقصد کیلئے 100 سے ہزار بار تک پڑھے اور نبی کریم ﷺ کے دیدار کیلئے ایک ہزار بار اگر توفیق ہو تو ہر روز ایک ہزار بار پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کو کامل غنی کر دے گا اور تمام مخلوق اس سے محبت کرے گی۔ تکلیفیں اور بلائیں دور ہوں گی۔

جنہیں بری عادتوں کی لذت پڑ جاتی ہے اور ان کا چھوڑنا بڑا مشکل ہو جاتا ہے بری عادتوں کی وجہ سے انسان اللہ تعالیٰ کو بھول کر خواہشات کا پجاری ہو جاتا ہے اسے نہ صرف دنیا ہی میں ذلیل و رسوا ہونا پڑتا ہے بلکہ قیامت کے دن بھی وہ رسوا ہوگا۔ لہٰذا جو شخص نفس امارہ کے شر سے بچنا چاہے تو اسے چاہئے کہ 40 دن تک اس درود کو روزانہ 100 مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ نفس امارہ سے پیدا ہونے والی بری عادتیں ختم ہو جائیں گی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِهٖ
قَدْرَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ط وَاَغْنِنَا وَاحْفَظْنَا وَوَفِّقْنَا لِمَا
تَرْضَاهُ وَاصْرِفْ عَنَّا السُّوْٓءَ وَارْضَ عَنِ
الْحَسَنَیْنِ رِیْحَانَتَیْ خَیْرِ الْاَنَامِ وَعَنْ سَآئِرِ اٰلِهٖ
وَاَصْحَابِهٖ الْکِرَامِ ط وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ دَارَالسَّلَامِ ط
یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَآ اَللّٰهُ ○

دُرُودِ ملک اللہ (396)

اس درود کے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ بے شمار ثواب عطا فرمائے گا۔ اس پر اپنا بے پایاں فضل و کرم فرمائے گا اور اس کی تمام جائز حاجات کو پورا فرمائے گا۔ دینی و دنیوی

معاملات میں اسے عزت و سربلندی حاصل ہوگی۔ اس درود میں بیان ہے کہ یا اللہ! حضور نبی کریم ﷺ پر صلوٰۃ کثیر بھیج جو طیب بابرکت، بے شمار اور دائمی ہو اور اللہ تعالیٰ کے ملک کے ساتھ اسے دوام حاصل ہو۔ اس درود پاک کی کثرت کرنے والے پر اللہ تعالیٰ کی خاص رحمت ہوتی ہے اور وہ جس قدر اخلاص سے درود پڑھتا ہے اللہ کا محبوب ہوتا چلا جاتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِهٖ
وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا طَیِّبًا مُّبٰرَکًا فِیْهِ
جَزِیْلًا جَمِیْلًا دَآئِمًا بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ ○

دُرُود حکم 397

اس درود پاک میں اللہ تعالیٰ سے التجا کی گئی ہے کہ یا اللہ تو اپنے نبی ﷺ کی شان کے مطابق صلوٰۃ وسلام بھیج جس کا تو نے ہمیں حکم دیا ہے۔ اس لئے جو شخص شریعت کے احکامات پر پابندی اختیار کرنا چاہے تو اسے چاہئے کہ اس درود پاک کو سونے سے پہلے 100 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اللہ تعالیٰ اسے احکامات شرعیہ پر عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمادے گا۔ اس طرح وہ اطاعت الٰہی اور اطاعت رسول ﷺ کی راہ پر گامزن ہوجائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَآ اَمَرْتَنَآ اَنْ یُّصَلّٰی
عَلَیْهِ وَصَلِّ کَمَا یَنْبَغِیْٓ اَنْ یُّصَلّٰی عَلَیْهِ ○

دُرُود نجیب 398

یہ درود حضرت ابو العباس احمد سبحانی مغربی کا ہے اور اس کا نام انہوں نے درود رفع الاعمال لکھا ہے۔ اس درود کی فضیلت حسب ذیل ہے۔

اگر کسی شخص کی کوئی جائز مراد ہو تو اس کو چاہئے کہ اس عمل کو اس طرح پڑھے کہ نماز فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیانی وقفے میں سورت فاتحہ کو 41 مرتبہ پڑھے اور اس کے اول و آخر اکیس اکیس مرتبہ یہ درود پاک بھی پڑھے۔ اس پڑھائی کے دوران اپنے مقصد کے حصول کو سامنے رکھے اور جب سورت فاتحہ ایک بار مکمل پڑھے تو آخر میں تین مرتبہ آمین ضرور کہے۔ اس پڑھائی کو اپنی مراد پوری ہونے تک جاری رکھے۔ اللہ تعالیٰ مرادوں کو پورا کرنے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ عَدَدَ مَنْ
صَلّٰی عَلَیْہِ مِنْ خَلْقِكَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ كَمَا یَنْبَغِیْ لَنَآ اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ ط وَصَلِّ عَلٰی
سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ كَمَآ اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّیَ
عَلَیْہِ ○

دُرود قبولیت دعا (399)

یہ درود دلائل الخیرات سے ہے اس درود کے فوائد مندرجہ ذیل ہیں۔

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ مستجاب الدعوات ہو جائے اور اللہ تعالیٰ اس کی ہر جائز مراد پوری فرمائے تو وہ روز نماز فجر کے بعد 41 مرتبہ یہ درود پاک انتہائی توجہ اور یکسوئی کے ساتھ پڑھے۔ انشاء اللہ اسے تھوڑے ہی دنوں میں مقصد میں کامیابی ہوگی۔

اگر کوئی شخص اس درود پاک کو 21 بار ہر روز نماز عشاء کے بعد خلوت میں بیٹھ کر پڑھے گا وہ خلقت کا محبوب ہوگا۔ لوگ اس سے محبت کریں گے اور دنیا میں اس کا کوئی دشمن نہیں ہوگا۔

اگر کوئی شخص دل کا کمزور ہو اور وہ معمولی سے معمولی بات پر بھی دہل جاتا ہو تو اسے چاہئے کہ ہر روز دو رکعت نفل پڑھنے کے بعد اس درود کو 70 مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے۔ اللہ تعالیٰ اس کے دل کو تقویت بخش دیتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ یُّصَلِّیْ عَلَیْہِo اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ
لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْہِo اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا یَجِبُ اَنْ یُّصَلّٰی
عَلَیْہِ o اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا یَنْبَغِیْٓ اَنْ یُّصَلّٰی عَلَیْہِo اَللّٰھُمَّ
صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَایَبْقٰی شَیْءٌ مِّنَ الصَّلٰوۃِ عَلَیْہِo

درود جزاک اللہ 400

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے کہ جو شخص یہ درود پڑھے گا تو 70 فرشتے ہزار دن تک پڑھنے والے کیلئے ثواب لکھتے رہیں گے۔ (طبرانی، ابونعیم حلیہ)

اگر کوئی شخص اس درود پاک کو کثرت سے روزانہ پڑھے تو اس درود کی پڑھائی اس کے گناہوں کا کفارہ بنے گی اور یہی درود اس کے اعمال کی طہارت کا ذریعہ بنے گا۔

درود شریف پڑھنے کے باعث اس کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے اور درود شریف پڑھنے کے باعث اسے احد پہاڑ جتنا ثواب عطا کیا جائے گا اور اس میں کمی نہ ہوگی۔

اگر کوئی شخص یہ درود پاک چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے یعنی ہر وقت پڑھنے کا معمول بنالے گا تو اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں اس کے تمام امور کی کفایت کرے گا اور اس درود پاک کی برکت سے پڑھنے والے کو میدان حشر میں اللہ کی تائید اور خوشنودی حاصل ہوگی اور اس کے غضب سے امان ملے گی اور عرش کے سایہ تلے جگہ نصیب ہوگی غرضیکہ اس درود پاک کے فضائل بے پناہ ہیں اللہ تعالیٰ ہمیں درود شریف پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

جَزَى اللّٰهُ عَنَّا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
بِمَا هُوَ اَهْلُهٗo

دُرُود صبح وشام 401

امام سجاعی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ہمارے شیخ ملوی قدس سرہ نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص صبح اور شام یہ درود شریف پڑھتا ہے تو اس کا ثواب 70 فرشتوں کو ایک ہزار دن تک مشقت میں ڈال دے گا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ ایک ہزار دن تک اس کا ثواب لکھتے لکھتے تھک جائیں گے اور پڑھنے والا اور اس کے والدین بخشے جائیں گے۔ حافظ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے مجد الدین فیروز آبادی رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کیا ہے کہ اگر کوئی شخص حلف اٹھائے کہ میں افضل درود پڑھوں گا تو اسے چاہئے کہ وہ یہ درود شریف پڑھے۔

اس کے علاوہ جو شخص نماز فجر کے بعد اس درود پاک کو 41 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے گا اللہ تعالیٰ آخرت میں اسے جنت میں داخل فرمائے گا جو اس درود پاک کے پڑھنے

کا اجر ہوگا۔ اگر کوئی شخص کوئی کام شروع کرنے سے پہلے اس درود پاک کو گیارہ مرتبہ پڑھے گا تو اسے سارا دن کوئی پریشانی لاحق نہ ہوگی اور وہ پرسکون رہے گا۔

اَللّٰھُمَّ یَارَبَّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰی
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَعْطِ مُحَمَّدَا
الدَّرَجَةَ وَ الْوَسِیْلَةَ فِی الْجَنَّةِ ط اَللّٰھُمَّ یَا رَبَّ
مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ ط اجْزِ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ
عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَاھُوَ اَھْلُہٗ ○

402 دُرُود ابدالآباد

حضرت امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد گرامی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ پر درود پاک پڑھنے کا حکم اس لئے دیا گیا ہے تاکہ انسان کی روح جو کہ جبلی طور پر ضعیف ہے اللہ تعالیٰ کے انوار کی تجلیات قبول کرنے کی استعداد حاصل کرے جس طرح آفتاب کی کرنیں مکان کے روشن دان سے اندر جھانکتی ہیں تو اس سے مکان کے در و دیوار روشن نہیں ہوتے لیکن اگر اس مکان کے اندر پانی کا طشت یا آئینہ رکھ دیا جائے اور آفتاب کی کرنیں اس پر پڑیں تو اس کے عکس سے مکان کی چھت اور در و دیوار چمک اٹھیں گے۔ یوں ہی امت کی روحیں اپنی فطری کمزوری کی وجہ سے ظلمت کدہ میں پڑی ہوئی ہیں اور رسول اللہ ﷺ کی روح اتو کے انوار سے روشنی حاصل کر کے اپنے باطن کو چمکا لیتی ہیں اس لئے جو شخص اپنے باطن کو روشن کرنے کا خواہاں ہو تو اسے چاہئے کہ اس درود کا ورد کرے کیونکہ اس کا ورد انسان کے باطن کو روشن کر دیتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ
عَلٰی سَیِّدِنَآ اِبْرَاھِیْمَ ط وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اٰلِ
سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ فِی الْعٰلَمِیْنَ ط اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
عَدَدَ خَلْقِكَ وَ رِضَا نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ
وَمِدَادَ کَلِمَاتِكَ وَعَدَدَ مَا ذَکَرَكَ بِهٖ خَلْقُكَ
فِیْمَا مَضٰی وَعَدَدَ مَا هُمْ ذَاکِرُوْكَ بِهٖ فِیْمَا بَقِیَ
فِیْ کُلِّ سَنَةٍ وَّشَهْرٍ وَّجُمُعَةٍ وَّیَوْمٍ وَّلَیْلَةٍ وَّسَاعَةٍ
مِّنَ السَّاعَاتِ وَشَمٍّ وَّنَفَسٍ وَّطَرْفَةٍ وَّلَمْحَةٍ مِّنَ
الْاَبَدِ اِلَی الْاَبَدِ وَ اٰبَادِ الدُّنْیَا وَ اٰبَادِ الْاٰخِرَةِ
وَاَکْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ لَا یَنْقَطِعُ اَوَّلُهٗ وَلَا یَنْفَدُ اٰخِرُهٗ ○

درود سیدا لمقلحین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 403

امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کے بارے میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد

نقل کیا ہے کہ جو شخص یہ درود پاک پڑھے گا اس کیلئے حضور نبی کریم ﷺ کی شفاعت واجب ہو جائے گی اسی نسبت سے اسے درود شفاعت کہا جاتا ہے۔ لہٰذا اگر کوئی شخص اس بات کی خواہش رکھتا ہو کہ آخرت میں اسے حضور نبی کریم ﷺ کی شفاعت نصیب ہو تو اسے چاہئے کہ نماز عشاء کے بعد اس درود پاک کو 70 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے۔ انشاء اللہ قیامت کے روز اسے حضور نبی کریم ﷺ کے دامان رحمت میں پناہ ملے گی۔ غرضیکہ اس درود کو پڑھنے سے پڑھنے والا قیامت کے روز شفاعت محمدی ﷺ کا خاص طور پر حقدار ہوگا۔ اس درود پاک کو کثرت سے پڑھتے رہنے سے عزت اور شہرت میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ اگر کسی کو سخت مزاج حاکم سے کوئی کام پڑ جائے تو اسے چاہئے کہ ملاقات کے دن اسی درود کو ملاقات کے وقت تک پڑھتا رہے۔ اس درود پاک کی بدولت اس کے مزاج میں نرمی پیدا ہو جائے گی اور وہ پڑھنے والے پر نرمی اور مہربانی کا اظہار کرے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً
تَکُوْنُ لَکَ رِضَآءً وَّلِحَقِّہٖٓ اَدَآءً وَّاَعْطِہِ الْوَسِیْلَۃَ
وَالْمَقَامَ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ ○

404 دُرُود کشادگی باطن

اس درود کا ورد کرنے والا باطنی طور پر بھی نیک اور روشن باطن والا ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے باطنی اسرار سے بھی فیض یاب کر دیتا ہے۔ ایک عامل کا قول ہے کہ جو شخص زبان بند کر کے دل سے 100 مرتبہ اس درود پاک کو روزانہ پڑھے گا اس پر باطن کے حالات کھل جائیں گے مگر رزق کما کر کھانا ضروری ہے۔ ایک اور قول کے مطابق ہر نماز کے بعد کثرت سے اس درود پاک کو پڑھنے سے اللہ باطنی آنکھیں منور فرما دیتا ہے اور اس کے دل میں بھی نورانیت پیدا فرما دیتا ہے۔ جو شخص اس درود پاک کو روزانہ 33 مرتبہ پڑھنے کا

معمول بنالے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کا خاتمہ بالخیر ہوگا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی جَسَدِہٖ فِی الْاَجْسَادِ وَعَلٰی
رُوْحِہٖ فِی الْاَرْوَاحِ وَعَلٰی مَوْقِفِہٖ فِی الْمَوَاقِفِ
وَعَلٰی مَشْھَدِہٖ فِی الْمَشَاھِدِ وَعَلٰی ذِکْرِہٖ اِذَا
ذُکِرَ صَلٰوۃً مِّنَّا عَلٰی نَبِیِّنَا o اَللّٰھُمَّ اَبْلِغْہُ مِنَّا
السَّلَامَ کَمَا ذُکِرَ السَّلَامُ ط وَالسَّلَامُ عَلَی النَّبِیِّ
وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی وَبَرَکَاتُہٗo

405 دُرُود نبی الحرمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

یہ درود شریف سید عبداللہ بن اسعد یافعی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے اور یہ درود بھی خیر و برکت کے اعتبار سے بڑا مؤثر اور مفید ہے۔

یہ درود پاک حصول ثواب اور حصول خیر و برکت کیلئے بہت عمدہ ہے۔ لہٰذا جو شخص اس درود پاک کو کثرت سے پڑھنے کا معمول بنائے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی کفایت کا ذریعہ بنا دے گا اور اس کی ضروریات کو پورا فرمائے گا غرضیکہ اس درود پاک کے پڑھنے والے کیلئے اللہ تعالیٰ کافی ہو جاتا ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے محبوب پر درود بھیجنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اہل عمل کا کہنا ہے کہ نفس کو ہر طرح کی برائی سے پاکیزہ کر کے نیک کاموں کی طرف مائل کرنے کیلئے اس درود کا ورد بڑا اکسیر ہے۔

جو شخص نفس کی اصلاح چاہتا ہو تو اسے چاہئے کہ اس درود کو عشاء کی نماز کے بعد 33 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تھوڑے ہی عرصہ میں اللہ تعالیٰ اس کے نفس کی اصلاح فرمادے گا۔

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ○ صَلَوَاتُ اللّٰهِ
وَسَلَامُهٗ وَتَحِيَّاتُهٗ وَبَرَكَاتُهٗ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ عَدَدَ الشَّفْعِ
وَالْوَتْرِ وَكَلِمَاتِ رَبِّنَا التَّآمَّاتِ الْمُبَارَكَاتِ ط
سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ
اَكْبَرُ ط وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ ط وَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ
الْخَالِقِيْنَ وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ط وَلَا حَوْلَ
وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ط وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ
اَجْمَعِيْنَ عَدَدَمَا خَلَقَ اللّٰهُ وَعَدَدَ مَا هُوَ خَالِقٌ
وَّزِنَةَ مَاخَلَقَ وَزِنَةَ مَاهُوَ خَالِقٌ وَّمِلْءَ مَاخَلَقَ
وَمِلْءَ مَاهُوَ خَالِقٌ وَّمِلْءَ سَمٰوَاتِهٖ وَمِلْءَ اَرْضِهٖ

وَاَمْثَالَ ذٰلِكَ وَاَضْعَافَ ذٰلِكَ وَعَدَدَ خَلْقِهٖ وَزِنَةَ
عَرْشِهٖ وَمُنْتَهٰى رَحْمَتِهٖ وَمِدَادَ كَلِمٰتِهٖ وَمَبْلَغَ
رِضَاهُ حَتّٰى يَرْضٰى وَاِذَا رَضِيَ وَعَدَدَ مَا ذَكَرَهُ
الذّٰكِرُوْنَ فِيْمَا مَضٰى وَعَدَدَ مَا هُمْ ذَاكِرُوْهُ
فِيْمَا بَقِيَ فِيْ كُلِّ سَنَةٍ وَّشَهْرٍ وَّجُمُعَةٍ وَّيَوْمٍ
وَّلَيْلَةٍ وَّسَاعَةٍ مِّنَ السَّاعَاتِ وَشَمٍّ وَّنَفَسٍ
وَّلَمْحَةٍ وَّطَرْفَةٍ مِّنَ الْاَبَدِ اِلَى الْاَبَدِ اَبَدِ الدُّنْيَا
وَاَبَدِ الْاٰخِرَةِ وَاَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ لَايَنْقَطِعُ اَوَّلُهٗ وَلَا
يَنْفَدُ اٰخِرُهٗ ○

دُرُود عزت دوام (406)

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ مخلوق خدا اس کی طرف راغب رہے جہاں وہ جائے لوگ اس سے پیار و محبت سے پیش آئیں اور اس کا کہنا مانیں اور اس سے اچھے اخلاق کا مظاہرہ کریں تو اسے چاہئے کہ باوضو حالت میں نماز فجر کے بعد خلوت میں بیٹھے اور اس درود پاک کو کثرت سے پڑھے لوگ اس کے تابع ہو جائیں گے۔

برائی آخر برائی ہوتی ہے اور برے لوگوں میں بیٹھ کر انسان برا ہو جاتا ہے۔ اس کے ذہن میں برے اور گندے خیالات رہنے لگتے ہیں اس لئے برائیوں سے خود کو محفوظ

رکھنے کیلئے حضور نبی کریم ﷺ کے درود پاک کو روزانہ بعد نماز عشاء 70 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالینا چاہئے جس سے اس کے ذہن کے برے اور گندے خیالات دور ہوتے جائیں گے اور اس کی باطنی سوچوں میں پاکیزگی آجائے گی۔ اس کے قلب کی صفائی ہو جائے گی جس سے شیطانی وسوسے اسے تنگ نہ کریں گے۔

اگر کسی کو کسی شخص نے بلاوجہ جھوٹے مقدمے میں پھنسا دیا ہو اور اس پر ایسے الزامات عائد کر دیئے ہوں کہ جن سے خلاصی نظر نہ آتی ہو اور وہ اپنے موقف میں سچا ہو مگر فریق ثانی اسے مقدمے میں نیچا دیکھنا چاہتا ہو تو ایسے حالات میں جھوٹے مقدمے سے خلاصی کیلئے اس درود کو سورج ڈھلنے کے بعد 111 مرتبہ پڑھے اور جس روز مقدمے کی پیشی ہو ملزم کا کوئی عزیز جو مقدمہ کی پیروی کر رہا ہو یا ملزم بذات خود اس درود کو جج کے سامنے پیش ہونے تک پڑھتا رہے اسی طرح مقدمہ کی ہر پیشی پر کرے اور اللہ تعالیٰ سے مقدمہ میں کامیابی کیلئے دعا کرے۔

اَللّٰھُمَّ ارْفَعْ دَرَجَتَهٗ وَاَكْرِمْ مَّقَامَهٗ وَثَقِّلْ مِيْزَانَهٗ
وَاَبْلِجْ حُجَّتَهٗ وَاَظْهِرْ مِلَّتَهٗ وَ اَجْزِلْ ثَوَابَهٗ وَاَضِئْ
نُوْرَهٗ وَاَدِمْ كَرَامَتَهٗ وَاَلْحِقْ بِهٖ مِنْ ذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ
بَيْتِهٖ مَا تَقَرُّبِهٖ عَيْنُهٗ وَعَظِّمْهُ فِى النَّبِيِّيْنَ الَّذِيْنَ
خَلَوْا قَبْلَهٗ ○

407 دُرُود رفعِ مصیبت

یہ درود حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کا ہے اس درود پاک میں انہوں نے یہ بات بیان کی ہے کہ نبی کریم ﷺ انوار الٰہیہ کا سمندر ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے اسرار

ورموز کے راز دان ہیں اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو جو ہدایت دی وہ حضور ﷺ کے وسیلے ہی سے ملی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے دین کو ان کے ذریعے سے دنیا پر غالب کیا انہیں امام الانبیاء بنایا انہیں اپنی رحمت کے خزانے بخشے انہوں نے بھٹکی ہوئی انسانیت کو شریعت کا راستہ دیا۔ اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان کے مشاہدات کی ان پر بارش کر دی غرضیکہ حضور نبی کریم ﷺ ذی شان ہیں اور افضل ترین ہیں اس لئے جو شخص حسب ذیل کلمات کے ساتھ ان پر درود پاک پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے اپنی نوازشات سے مالا مال کر دے گا اور اسے اپنا قرب عطا فرمائے گا اور اسے دنیا اور آخرت میں اتنا عطا فرمائے گا کہ وہ اللہ سے راضی ہو جائے گا اور آخرت میں اس کی بخشش کر کے اسے جنت میں داخل فرمائے گا۔

اگر کسی کام میں کبھی بے یار و مددگار ہو جائیں تو اس صورت میں اس درود کو روزانہ فجر کی نماز کے بعد 41 مرتبہ پڑھا جائے اور اس عمل کو 40 دن تک جاری رکھا جائے۔ اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے اللہ کی طرف سے مدد اور نصرت شامل حال ہو جائے گی اور جس کام کو کرنا چاہے گا آسانی سے ہو جائے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ
بَحْرِ اَنْوَارِكَ وَمَعْدِنِ اَسْرَارِكَ وَلِسَانِ حُجَّتِكَ
وَعَرُوْسِ مَمْلَكَتِكَ وَاِمَامِ حَضْرَتِكَ وَطِرَازِ
مُلْكِكَ وَخَزَآئِنِ رَحْمَتِكَ وَطَرِيْقِ شَرِيْعَتِكَ
الْمُتَلَذِّذِ بِمُشَاهَدَتِكَ اِنْسَانِ عَيْنِ الْوُجُوْدِ
وَالسَّبَبِ فِى كُلِّ مَوْجُوْدٍ عَيْنِ اَعْيَانِ خَلْقِكَ

الْمُتَقَدِّمِ مِنْ نُّوْرِ ضِيَآئِكَ صَلٰوةً تَحُلُّ بِهَا
عُقْدَتِیْ وَتُفَرَّجُ بِهَا كُرْبَتِیْ صَلٰوةً تُرْضِيْكَ
وَتُرْضِيْهِ وَتَرْضٰى بِهَا عَنَّا يَارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ عَدَدَ
مَآ اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ وَاَحْصَاهُ كِتَابُكَ وَجَرٰى بِهٖ
قَلَمُكَ وَعَدَدَ الْاَمْطَارِ وَالْاَحْجَارِ وَالْاَشْجَارِ
وَمَلَآئِكَةِ الْبِحَارِ وَجَمِيْعِ مَا خَلَقَ مَوْلٰنَا مِنْ اَوَّلِ
الزَّمَانِ اِلٰٓى اٰخِرِهٖ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَحْدَهٗ ○

408 دُرُود جوہرۃ الکمال

یہ درود مشہور ولی سید ابوالعباس احمد سبتی مغربی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے اور اس کا نام جوہرۃ الکمال ہے۔ جیسا کہ ان کے شاگرد علی بن حرازم رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب جواہر المعانی میں لکھا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ یہ درود شریف نبی کریم ﷺ نے بیداری میں ان کو خود لکھوایا تھا اور یہ کہ حضور نبی کریم ﷺ نے اس کے چند خواص بھی بیان فرمائے تھے۔ ان میں سے ایک یہ ہے کہ جو آدمی اس درود کو 7 یا اس سے زیادہ مرتبہ پڑھے اس کے پاس حضور نبی کریم ﷺ اور چاروں خلفائے راشدین کی روحیں تشریف لاتی ہیں، جب تک پڑھتا ہے، ایک یہ کہ جو شخص لازمی طور پر 7 مرتبہ سے زیادہ اس کو پڑھے حضور نبی کریم ﷺ اس سے خصوصی محبت فرماتے ہیں اور جب تک ولی نہ بن جائے مرے گا نہیں اور جس نے اسے باوضو ہو کر سوتے وقت پاک بستر پر 7 مرتبہ پڑھا اس کو نبی کریم ﷺ کی زیارت ہوگی۔

جو شخص اس درود پاک کو روزانہ بلا ناغہ چند بار پڑھنے کا معمول بنائے گا اس کی مشکلات دور ہو جائیں گی اور اللہ تعالیٰ اسے مصائب و آلام سے اپنی پناہ میں رکھے گا۔ اس درود کے پڑھنے سے قلبی سکون بھی حاصل ہوگا۔ اس درود پاک کی ایک خاصیت یہ بھی ہے کہ جو اسے پڑھے گا اسے کثرت عبادت کی توفیق ملے گی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی عَیْنِ الرَّحْمَةِ الرَّبَّانِیَّةِ
وَالْیَاقُوْتَةِ الْمُتَحَقِّقَةِ الْحَائِطَةِ بِمَرْکَزِ الْفُھُوْمِ
وَالْمَعَانِیْ وَنُوْرِ الْاَکْوَانِ الْمُتَکَوِّنَةِ الْاٰدَمِیِّ
صَاحِبِ الْحَقِّ الرَّبَّانِیِّ الْبُرْقِ الْاَسْطَعِ بِمُزْنِ
الْاَرْیَاحِ الْمَالِئَةِ لِکُلِّ مُتَعَرِّضٍ مِّنَ الْبُحُوْرِ
وَالْاَوَانِیْ وَنُوْرِکَ اللَّامِعِ الَّذِیْ مَلَاْتَ بِهٖ کَوْنَکَ
الْحَائِطَ بِاَمْکِنَةِ الْمَکَانِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
عَیْنِ الْحَقِّ الَّتِیْ تَتَجَلّٰی مِنْھَا عُرُوْشُ الْحَقَائِقِ
عَیْنِ الْمَعَارِفِ الْاَقْدَمِ صِرَاطِکَ التَّامِ الْاَقْوَمِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی طَلْعَةِ الْحَقِّ بِالْحَقِّ الْکَنْزِ
الْاَعْظَمِ اِفَاضَتِکَ مِنْکَ اِلَیْکَ اِحَاطَةِ النُّوْرِ

اَلْمُطَلْسَمِ ط صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ صَلٰوةً
تُعَرِّفُنَا بِهَآ اِيَّاهُ ○

دُرُود معطر 409

حضور انور ﷺ کی ذات اقدس سے تمام دنیا کو رہنمائی حاصل ہوئی غرضیکہ تمام دنیا آپ کی خوشبو سے معطر ہو رہی ہے۔ اس لئے اس درود پاک کو درود معطر کہا گیا ہے۔ اس درود کے فیوضات یہ ہیں۔

مسلمانوں کیلئے خواب میں حضور انور ﷺ کی زیارت انتہائی خوش بختی کی دلیل ہے۔ لہٰذا جو شخص آپ ﷺ کی زیارت کا خواہش مند ہو تو اسے چاہئے کہ اس درود کو عشاء کی نماز کے بعد 111 مرتبہ پڑھے اور 40 دن تک اس پڑھائی کو جاری رکھے۔ اللہ تعالیٰ کی عنایت سے اسے خواب میں حضور انور ﷺ کی زیارت ہو جائے گی۔

عزت اور شہرت اللہ تعالیٰ کی خصوصی رحمتوں میں سے ہے جسے اللہ پسند کرے اسے عزت اور لازوال شہرت سے نواز دے اس لئے اگر کوئی شخص اللہ تعالیٰ کی اس خصوصی نظر التفات کا خواہاں ہو تو اسے چاہئے کہ نماز فجر کے بعد سات مرتبہ سورت فاتحہ کا ورد کرے اور اس کے بعد 66 مرتبہ اس درود کو پڑھے اور پڑھائی کے بعد 100 مرتبہ یَا رَفِیْعُ یَا عَظِیْمُ کا ورد کرے اور پھر اللہ تعالیٰ سے حصول عزت کی دعا کرے اللہ تعالیٰ دعا کو قبول فرمانے والا ہے۔

جب کوئی شخص راہ طریقت میں قدم رکھے تو اسے چاہئے کہ مرشد کے بتائے ہوئے وظائف کے ساتھ اس درود کو 100 مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ منازل طریقت میں آسانی فرما دے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

وَعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قُرِنَتِ الْبَرَکَۃُ
بِذَاتِہٖ وَمُحَیَّاہُ وَتَعَطَّرَتِ الْعَوَالِمُ بِطِیْبِ ذِکْرِہٖ
وَرَیَّاہُ ○

دُرُود خاتمہ بالخیر 410

یہ درود علامہ قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب مسالک الحفاء میں درج ہے۔ اس کے بارے میں بعض علماء نے فرمایا کہ یہ درود شریف آشوب چشم کیلئے بڑا مفید ہے اور نزع کی تکلیف میں اس سے آسانی ہو جاتی ہے اس لئے جو شخص یہ چاہے کہ مرتے وقت اسے کلمہ پڑھنا نصیب ہو اور اس کا خاتمہ بالخیر ہو اور آخرت میں اسے جنت ملے تو اسے چاہئے ہر نماز کے بعد اس درود کو 33 مرتبہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے خاتمہ بالخیر کی دعا کرے۔ اللہ تعالیٰ موت کے وقت اس کے حال پر رحم فرمائے گا اور اس کا خاتمہ بالایمان ہوگا۔ ایسے ہی اگر کوئی مسلمان نزع کی حالت میں مبتلا ہو تو اس وقت اس کے گھر والے اس درود کا کثرت سے ورد کریں۔ اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے بڑی آسانی سے مرنے والے کی جان نکل جائے گی اور اس کا خاتمہ بالخیر ہوگا۔

جو شخص ہر روز سو مرتبہ اس درود پاک کو پڑھنے کا معمول بنائے گا قیامت کے روز اس کا چہرہ نورانی ہوگا اور وہ جنت کا حقدار ہوگا اور جو کوئی ہر نماز جمعہ کے بعد اس درود پاک کو کثرت سے پڑھنے کا معمول بنائے گا تو اللہ اسے دنیا اور آخرت میں منور فرمادے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً لَّاحِقَۃً بِنُوْرِہٖ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً مَّقْرُوْنَۃً

بِذِكْرِهٖ وَمَذْكُوْرِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ صَلٰوةً مُّنَوِّرَةً لِّقَبْرِهٖ بِاَكْمَلِ تَنْوِيْرٍ اَللّٰهُمَّ
صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً شَارِحَةً لِّصَدْرِهٖ
مُوْجِبَةً لِّسُرُوْرِهٖ وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ اِخْوَانِهٖ مِنَ
الْاَنْبِيَآءِ وَالْاَوْلِيَآءِ صَلٰوةً بِعَدَدِ النُّوْرِ وَظُهُوْرِهٖ ○

دُرُود شکر 411

سید مرتضیٰ رحمۃ اللہ علیہ نے شرح الاحیاء میں لکھا ہے کہ یہ درود شریف ماہ رجب کی ایک رات 1178ء کو مجھے اس وقت الہام کیا گیا جب میں مصر کے مقام حاوۃ الاداودیہ میں تھا اور مجھے یہ بشارت دی گئی کہ اس کو 100 مرتبہ پڑھنے سے وہ ملک محفوظ ہو جاتا ہے۔

جو شخص یہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ کا شکر گزار بندہ بن جائے اور اس کے سابقہ گناہ معاف ہو جائیں اور وہ اللہ تعالیٰ کی نعمت ملنے پر عملی طور پر اس کا شکر کرے تو اسے چاہئے کہ اس درود شریف کو صبح اور شام گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اس میں شکر گزاری کا وصف پیدا ہو جائے گا۔

اس درود پاک کا بحالی امن کیلئے پڑھنا بہت مؤثر ہے لہٰذا اگر کسی علاقے یا شہر میں لوگ آپس میں لڑتے جھگڑتے رہتے ہوں تو وہاں امن و عافیت کیلئے اس درود پاک کو جمعہ کے روز بعد نماز جمعہ چند بندے مل کر 313 مرتبہ پڑھیں اور اللہ تعالیٰ کے حضور عافیت کی دعا کریں۔ اللہ کی مہربانی سے اس علاقے میں امن قائم ہو جائے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِكُلِّ صَلٰوةٍ

تُحِبُّ اَنْ یُّصَلّٰی بِھَا عَلَیْہِ فِیْ کُلِّ وَقْتٍ یُّحِبُّ
اَنْ یُّصَلّٰی بِہٖ عَلَیْہِ ط اَللّٰھُمَّ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ بِکُلِّ سَلَامٍ تُحِبُّ اَنْ یُّسَلَّمَ بِہٖ عَلَیْہِ فِیْ
کُلِّ وَقْتٍ یُّحِبُّ اَنْ یُّسَلَّمَ بِہٖ عَلَیْہِ صَلٰوۃً
وَّسَلَامًا دَآئِمَیْنِ بِدَوَامِکَ عَدَدَمَا عَلِمْتَ وَزِنَۃَ
مَاعَلِمْتَ وَمِلْءَ مَاعَلِمْتَ وَمِدَادَ کَلِمَاتِکَ
وَاَضْعَافَ اَضْعَافِ ذٰلِکَ ط اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ وَلَکَ
الشُّکْرُ کَذٰلِکَ عَلٰی ذٰلِکَ فِیْ کُلِّ ذَالِکَ وَعَلٰی
اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَاِخْوَانِہٖ O

دُرُود رضائے الٰہی 412

جو کوئی چاہے کہ اسے رضائے الٰہی حاصل ہو جائے اور وہ اللہ رب العزت کی رضا میں راضی رہے تو وہ اس درود پاک کی کثرت کو معمول بنالے۔ انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہوگا اور اسے اطمینان قلب نصیب ہوگا۔ اس درود پاک کا قاری ہمیشہ اللہ کی رضا کے لئے کوشاں رہے گا اور اللہ کی رحمت سے اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا۔ یہ درود پاک علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی سے منسوب ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِہٖ
وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ مُنْتَھٰی مَرْضَاۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی
وَمَرْضَاتِہٖ ○

دُرُود نور الانوار 413

حضرت سید احمد بدوی رحمۃ اللہ علیہ بہت معروف بزرگ گزرے ہیں۔ آپ کو حضور نبی کریم ﷺ کی ذات گرامی سے بے پناہ عشق تھا اور اس عشق میں آپ جو درود پاک پڑھا کرتے تھے وہ درود بدوی کے نام سے مشہور ہے۔ حضرت سید احمد بدوی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ درود انوار الٰہی کے حصول کا سبب ہے کیونکہ اسے پڑھنے سے بہت سے اسرار کا انکشاف ہوتا ہے۔ یہ درود بیداری اور خواب میں حضور نبی کریم ﷺ کے کرم کا بہت بڑا ذریعہ ہے۔ اس لئے اسے پڑھنے سے زیارت النبی ﷺ حاصل ہونے کے ساتھ ساتھ حضوری کا مقام عطا ہوتا ہے اور اس کے بعد حتیٰ کہ درجہ قطبیت تک عطا ہوسکتا ہے۔ اس لئے اسے درود قطب بھی کہا جاتا ہے۔

اس درود کے متعلق اکثر بزرگوں کا کہنا ہے کہ اس کا تین بار پڑھنا دلائل الخیرات کی قرأت کے برابر ہے مگر درود پاک کی قرأت کے وقت اپنے دل میں نبی کریم ﷺ کی عظمت اور انوار کا تصور کرنا ضروری ہے اور یہ خیال کرے کہ بلاشبہ حضور نبی کریم ﷺ ہر بھلائی کے پہنچنے میں عظیم سبب اور واسطہ عظمیٰ ہیں۔ ساتھ ہی طہارت کا خیال رکھنا ضروری ہے۔ لہٰذا جو شخص 40 دن تک روزانہ 100 بار اس درود پاک کو پڑھے تو اسے بے پناہ انوار الٰہیہ کا حصول ہوگا۔ اس کے علاوہ جو شخص یہ چاہے کہ اسے نیک کام کرنے کی توفیق ملے تو اسے چاہئے کہ روزانہ صبح کی نماز کے بعد 3 مرتبہ اور مغرب کی نماز کے بعد ۳ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ اسے توفیق مل جائے گی۔

اس درود پاک کی ایک صفت یہ بھی ہے کہ اسے پڑھنے سے رزق میں اضافہ ہوتا ہے۔ لہٰذا جو شخص یہ چاہے کہ اس کے رزق میں بیش بہا اضافہ ہو تو اسے چاہئے کہ فجر کی سنتوں کے بعد اور فرضوں سے پہلے 41 مرتبہ پڑھے انشاء اللہ بیش بہا رزق ملے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَسْرَارِ
وَتِرْیَاقِ الْاَغْیَارِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُخْتَارِ وَ اٰلِهٖ
الْاَطْهَارِ وَاَصْحَابِهٖ الْاَخْیَارِ عَدَدَ نِعَمِ اللّٰهِ
وَاَفْضَالِهٖ

دُرُودِ کمال 414

اس درود کے بارے میں حضرت علی شیر املسی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے کہ میں نابینا تھا اور میں نماز جمعہ سے پہلے شہاب الدین خفاجی مصنف نسیم الریاض شرح شفا للقاضی العیاض کے پاس حاضر ہوتا تھا۔ میرے لئے ایک کرسی لائی جاتی تھی جس پر میں بیٹھا کرتا تھا اور علامہ شہاب الدین خفاجی رحمۃ اللہ علیہ میرے سامنے بیٹھتے اور اپنے اشکالات پوچھتے۔ میں ان کے جوابات دیتا اور جن کتابوں میں جوابات ہوتے ان کا ذکر بھی سند کے ساتھ کر دیتا۔ پھر اسی طرح آئندہ جمعہ کے دن بھی (علامہ خفاجی رحمۃ اللہ علیہ) کے گھر حاضر ہوتے۔ جب ان سے سوال کیا گیا کہ حضرت آپ نابینا ہیں اور خفاجی کی آنکھیں صحیح سالم ہیں (پھر وہ آپ سے استفادہ کرتے ہیں) فرمایا ہاں خفاجی بھول جاتے ہیں اور میں بھولتا نہیں۔ عرض کیا اس کا سبب؟ فرمایا میرا ایک شریک (ساتھی) اور میں اس کے ہمراہ برابر برابر ہر علم حاصل کرتے تھے۔ اس اثنا میں اس نے مجھے بتائے بغیر علم رمل حاصل کر لیا۔ مجھے پتہ چلا تو میں بہت پریشان ہوا میں اپنے مرشد کے پاس حاضر ہوا اور انہیں تمام بات بتا دی

اور مطالبہ کیا کہ مجھے بھی یہ علم پڑھائیں۔ انہوں نے فرمایا کہ تم اسے مکمل طور پر حاصل نہیں کر سکتے کیونکہ اس کا نتیجہ دیکھ کر ہی حاصل ہوتا ہے اور تیری نظر نہیں۔ اس سے میرا دل ٹوٹ گیا اور میں حیران و پریشان رہ گیا اور اس پریشانی کی وجہ سے میں نے دو دن تک نہ کچھ کھایا نہ پیا۔ ایک آدمی میرے پاس آ کر بیٹھا اور کہنے لگا علی! کیا بات ہے۔ میں نے اسے تمام بات بتا دی۔ اس نے کہا یہ علم نہ دنیا کے لحاظ سے قابل تعریف ہے نہ دین کے لحاظ سے، لہٰذا اس سے اپنی امیدیں وابستہ مت کرو۔ میں تجھے اس شرط کے ساتھ ایک فائدہ پہنچانا چاہتا ہوں کہ اس سے لاتعلق ہو جاؤ اور وعدہ کرو کہ اس کا ارادہ دل سے نکال دو گے۔ میں نے کہا مجھے اس فائدے کا نتیجہ بتاؤ تا کہ تم سے معاہدہ کروں تو اس نے مجھے نسیان (بھول) کے خاتمہ کیلئے یہ درود شریف سنایا اور کہا کہ اسے مغرب و عشاء کے درمیان پڑھو، کوئی تعداد مقرر نہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ كَمَا لَا نِهَا يَةَ لِكَمَالِكَ وَعَدَدَ كَمَالِهٖ ○

415 دُرُود بصارت

اس درود شریف میں حضور نبی کریم ﷺ کی بصارت مبارکہ کا ذکر پاک ہے اس درود پاک کے چند ایک خواص درج ذیل ہیں۔

اگر کسی کو یہ خطرہ لاحق ہو جائے کہ اس کی نظر دن بدن کمزور ہوتی جا رہی ہے جس سے اس کی بینائی میں کمی واقع ہو جائے گی تو اس بصارت کو آخری دم تک قائم رکھنے کیلئے اس درود پاک کی پڑھائی بڑی مجرب ہے۔ صبح فجر کی نماز پڑھنے کے بعد اس درود پاک کو 66 مرتبہ پڑھیں اور تھوڑے سے پانی پر دم کر کے اس پانی کو اپنی آنکھوں پر ملیں اور اسی طرح سونے سے قبل بھی 66 مرتبہ اس درود کی پڑھائی کر کے پانی پر دم کر کے آنکھوں پر ملیں اور 40 یوم تک اس عمل کو بلا ناغہ جاری رکھیں اس کی نظر کمزور ہونا ختم ہو جائے گی اور اس کی بینائی اللہ

تعالیٰ کے فضل سے مدت تک قائم رہے گی۔ اور اس عمل کو سال بھر میں ایک یا دو مرتبہ کر لینا انتہائی مفید ہوگا۔

اگر کسی شخص کی یہ خواہش ہو کہ خواب میں اسے اللہ تعالیٰ کی نورانی تجلیات نظر آئیں تو اسے چاہئے کہ اس درود کو روزانہ نماز تہجد کے وقت 300 مرتبہ پڑھے اور ایک سال تک اسی کی پڑھائی کو جاری رکھے۔ اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے خواب میں اسے روحانی تجلیات کا مشاہدہ ہوگا اور اس مشاہدے کا ذکر کسی سے نہ کرے اگر کرنا ہی ہے تو اپنے مرشد سے کرے۔ اس کے علاوہ اس پڑھائی کا اسے یہ بھی فائدہ ہوگا کہ اس کے روحانی علم میں اضافہ ہو جائے گا اور اس کا سینہ علوم معرفت حاصل کرنے کیلئے کشادہ ہو جائے گا۔ اگر وہ شخص تخلیق کائنات کے بارے میں فکر کرے گا تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے تخلیق کائنات کے متعلق اس کے دل میں اسرار و رموز ڈال دیئے جائیں گے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ مَا
زَاغَ بَصَرُہٗ وَمَا طَغٰی وَاٰلِہٖ ○

416 دُرُود راکب

اس درود میں حضور نبی کریم ﷺ کی سواری کی تعریف کی گئی ہے۔ لہٰذا جو شخص اس درود پاک کو پڑھے گا اسے سفر میں سواری کی سہولت میسر رہے گی اور خیریت سے سفر پر جائے گا اور واپس بھی آئے گا۔ اس درود کے فوائد یہ ہیں۔

یہ درود سفر میں حفاظت کیلئے بڑا موثر ہے۔ اس لئے جب کوئی شخص سفر پر جائے اور اس کی خواہش ہو کہ سفر میں اسے کسی قسم کی مصیبت یا پریشانی نہ آئے اور وہ باحفاظت اپنا کام کر کے واپس اپنے اہل خانہ میں آجائے۔ اسے چاہئے کہ اس درود کو سفر پر روانہ ہونے سے پہلے 100 مرتبہ پڑھے اور اس کے بعد دوران سفر بھی اسے کثرت سے پڑھتا رہے اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس کا سفر بالکل خیریت سے طے ہوگا اور وہ اپنے گھر میں خیریت کے

ساتھ واپس لوٹے گا۔

اگر کسی شخص کی یہ خواہش ہو کہ جس سواری پر وہ سفر کرنے لگا ہے وہ ہر طرح کی تکنیکی خرابی سے محفوظ رہے تو اس کیلئے مندرجہ ذیل درود کا پڑھنا تو بہت موثر اور باعث رحمت و برکت ہے۔ لہٰذا سفر میں اس درود کو 141 مرتبہ پڑھ لیں اور اس کے بعد اللہ کے حضور سفر میں سواری چالو رہنے کی التجا کریں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
رَّاكِبِ الْبُرَاقِ وَرَاكِبِ الْبَعِیْرِ وَرَاكِبِ الْجَمَلِ
وَرَاكِبِ النَّاقَةِ وَرَاكِبِ النَّجِیْبِ وَ اٰلِهٖ ○

417 دُرُود رفیع درجات

جو شخص اس درود پاک کو جمعہ کی رات کو کثرت سے پڑھنے کا معمول بنا لے گا۔ اللہ تعالیٰ اس درود پاک کے طفیل اس کے درجات بلند فرمائے گا اور اپنی رحمت خاص سے اس کو قبر کی سختی اور نار جہنم سے خلاصی عطا فرمائے گا۔ پل صراط سے وہ بجلی کی سی تیزی سے گزر جائے گا۔ موت سے قبل وہ جنت میں اپنا ٹھکانہ دیکھ لے گا اور اسے جنت میں ہر طرح کی نعمتیں عطا ہوں گی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا
تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَهٗ ط اَللّٰھُمَّ یَا رَبَّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ
مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ

وَّاَعْطِ مُحَمَّدَا لدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَالْوَسِيْلَةَ فِى
الْجَنَّةِ ط اَللّٰهُمَّ يَارَبَّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلِّ
عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَعْطِ مُحَمَّدًا صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاهُوَ اَهْلُهٗ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اَهْلِ بَيْتِهٖ ○

دُرُود رفع حاجات (418)

یہ درود پاک حضرت شیخ احمد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے اجداد سے نقل کیا ہے کہ جو شخص ہر روز ایک سو مرتبہ حسب ذیل درود پاک کو پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی سو حاجات پوری فرمائے گا جس میں سے تیس حاجتیں دنیا کے متعلق ہوں گی ایک اور روایت میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جس شخص نے حضور نبی کریم ﷺ اور آپ کی اہل بیت پر ایک سو بار درود شریف پڑھا اللہ تعالیٰ اس کی سو حاجات پوری فرمائے گا۔ جن میں سے ستر حاجات آخرت کے متعلق ہوں گی ۔ اگر کسی کی کوئی حاجت ہو جو کسی طرح کوشش کرنے کے باوجود پوری ہوتی نظر نہ آئے تو اسے چاہئے کہ مندرجہ ذیل الفاظ میں ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے تو اللہ تعالیٰ اپنے محبوب ﷺ پر درود پڑھنے کی برکت سے جو بھی حاجت ہوگی وہ پوری فرمادے گا۔ اس طرح پریشانی اور مشکل سے نجات ملے گی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اَهْلِ بَيْتِهٖ○

419 دُرُود اوصاف نبوی ﷺ

اس درود پاک کے بے شمار فیوض و برکات ہیں۔ اللہ کریم کی خوشنودی و رضا کے لئے بعد نماز عشاء کم از کم 100 مرتبہ اس درود شریف کا یکسوئی و توجہ کے ساتھ ورد کرنے سے اللہ تعالیٰ درود پڑھنے والے کے دل میں اپنی عبادت کا ذوق و شوق بڑھا دیتا ہے اور اس کے دل سے تمام شیطانی خیالات و تصورات دور ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح اگر کسی غیر مسلم یا برے آدمی کی اصلاح کی نیت سے گیارہ روز 111 مرتبہ روزانہ پڑھے اور اللہ کے حضور نبی کریم ﷺ کے وسیلہ سے دعا کرے انشاء اللہ جس کے لئے دعا کرے گا اللہ اسے صراط مستقیم پر گامزن فرمائے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى نَبِيِّكَ الْمُصْطَفٰى وَرَسُوْلِكَ
الْمُرْتَضٰى وَوَلِيِّكَ الْمُجْتَبٰى وَاَمِيْنِكَ عَلٰى وَحْيِ
السَّمَآءِ○

420 دُرُود ختم نبوت

حضور نبی کریم ﷺ خاتم الانبیاء ہیں یعنی آپ آخری نبی ہیں غرضیکہ تمام انبیاء کی نبوت کا سلسلہ آپ پر منتہی ہوا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میری اور مجھ سے پہلے گزرے انبیاء کی مثال اس شخص کی سی ہے جس نے ایک گھر بنایا جو بہت خوبصورت بنا لیکن اس کے ایک کونے میں ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دی تو لوگ اس کے اردگرد پھرتے تھے اور حیرت کا اظہار کرتے تھے کہ یہ ایک اینٹ کی جگہ خالی کیوں ہے تو میں اس آخری اینٹ کی طرح ہوں اور میں انبیاء کا خاتم ہوں میرے بعد کوئی

نبی نہ ہوگا۔ختم نبوت پر یقین رکھنا ہر مسلمان کے ایمان کا لازمی حصہ ہے۔

اگر کسی شخص کا ختم نبوت کے متعلق عقیدہ متزلزل ہونے لگے تو اسے چاہئے کہ اس درود پاک کو سونے سے پہلے 141 مرتبہ پڑھے تو اللہ اس کے عقیدہ ختم نبوت میں پختگی پیدا کر دے گا۔ شیطانی وسوسے دور ہو جائیں گے۔ اس کے علاوہ اس درود پاک کو پڑھنے سے عزت حاصل ہوتی ہے اگر کسی شخص کی معاشرے میں کسی وجہ سے عزت ختم ہوگئی ہو تو اسے چاہئے کہ اس درود پاک کو روزانہ صبح کی نماز کے بعد کثرت سے پڑھنے کا معمول بنائے۔ اللہ تعالیٰ اس کی عزت بحال فرمادے گا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ذِی الْعِزِّ وَالْكِبْرِيَآءِ وَصَلَّى اللّٰهُ
عَلٰى مُحَمَّدٍ خَاتَمِ الْاَنْۢبِيَآءِ ○

دُرود جزائے خیر (421)

جو کوئی اس درود پاک کو کثرت سے پڑھنے کا معمول بنائے گا وہ پابند صوم وصلوٰۃ ہو جائے گا۔ اسے رزق حلال کمانے کی توفیق ملے گی اس میں صبر شکر توکل اور دیگر اخلاق حسنہ کی خوبیاں پیدا ہو جائیں گی۔ اس کی عادات میں صالح اعمال آجائیں گے۔ جو شخص یہ چاہے کہ کسی کام کیلئے اس کی دعا فوراً قبول ہو تو اسے چاہئے کہ عشاء کی نماز کے بعد مسجد میں بیٹھ کر سورت فاتحہ کو گیارہ مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر جس قدر ہو سکے اس درود پاک کو یا کم از کم سو، سو مرتبہ پڑھے اور اس پڑھائی کو 40 یوم تک بلا ناغہ کرے۔ اس کے بعد اللہ کے حضور اپنے کام کیلئے دعا مانگے تو اللہ تعالیٰ اپنی مہربانی سے اس کی دعا کو قبول فرمائے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلِّمْ وَاجْزِهٖ عَنَّا
خَيْرَ الْجَزَآءِ ○

422 دُرُود ادائے حق

یہ درود رضائے الٰہی حاصل کرنے کیلئے بڑا مفید ہے لہٰذا جو شخص یہ چاہے اس سے ایسے کام سرزد ہوں جن سے اللہ راضی ہو جائے اور اللہ کی خوشنودی حاصل ہو تو اسے چاہئے کہ اس درود پاک کو شام کی نماز کے بعد گھر میں بیٹھ کر 100 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے تو اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہوگا اور اسے ایسے کام کرنے کی توفیق ملے گی جن میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی مضمر ہوگی۔

جو کوئی روزانہ باوضو حالت میں 33 مرتبہ اس درود پاک کو پڑھ لیا کرے اور اس کی نیت یہ ہو کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول ﷺ کی محبت اسے حاصل ہو جائے اس کے دل میں عشق مصطفیٰ ﷺ کی شمع روشن ہو جائے تو انشاء اللہ اسے اپنے مقصد میں کامیابی ہوگی۔ جو کوئی ہر روز اس درود پاک کو بکثرت پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور اس درود پاک کے طفیل ابدی بشارت سے نوازا جائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکُوْنُ لَکَ رِضًا
وَّلِحَقِّہٖ اَدَآءً ○

423 دُرُود نجات وباء

درود نجات وباء پڑھنے سے وباؤں سے نجات ملتی ہے۔ اگر کسی مقام پر کوئی ایسی وباء پھیل جائے جس کا علاج یا حل نہ ہو رہا ہو تو اس صورت میں یہ درود سوا لاکھ مرتبہ پڑھنے سے وباء سے نجات ملے گی۔

اس درود پاک کے متعلق کہا جاتا ہے کہ ایک دفعہ مولانا شمس الدین کے وطن میں ایک وباء پھوٹ پڑی۔ بہت سی اموات ہو گئیں۔ ایک رات انہیں سرور کائنات نبی کریم ﷺ کی زیارت ہوئی تو مولانا نے حضور ﷺ کی بارگاہ میں عرض کیا کہ حضور! اس

علاقے میں وباء پھیل گئی ہے تو حضور نبی کریم ﷺ نے انہیں یہ درود پاک خواب میں بتایا اور فرمایا اگر کوئی وباء پھیلنے کی صورت میں یہ درود پڑھے گا تو اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس علاقے کو وباء سے محفوظ کر دے گا۔ چنانچہ مولانا نے یہ درود پاک کثرت سے پڑھا تو اللہ تعالیٰ نے اس علاقے سے وباء کو ختم کر دیا۔ اسی لئے اسے درود نجات وباء کہا جاتا ہے۔

ترجمہ: اے اللہ درود بھیج محمد (ﷺ) پر اور محمد (ﷺ) کی آل پر ایسا درود جس میں تیری رضا ہو اور ان کے حق کی ادائیگی کا سبب ہو اور عطا فرما ان کو مقام وسیلہ اور مقام محمود جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے اور ہماری طرف سے ان کو ایسی جزا عطا فرما جس کے وہ اہل ہیں اور جزا عطا فرما ہماری طرف سے ان کو بہت افضل، جس طرح تو نے جزا دی انبیاء کرام کو ان کی امتوں کی طرف سے اور درود بھیج تمام انبیاء کرام پر جو آپ کے بھائی ہیں اور تمام نیک لوگوں پر، اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

454 دُرودِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دنیا میں سب سے زیادہ پڑھا جانے والا وہ واحد درود شریف جسے ہر صحابی، ولی، قطب، غوث، امیر، غریب، بادشاہ، فقیر غرضیکہ ہر مسلمان نے لازماً پڑھا

اور آئندہ بھی یہ پڑھا جاتا رہے گا۔ قرآن شریف کے حکم کے مطابق جس میں درود وسلام دونوں موجود ہیں۔ اس کے فیوض وبرکات بے پناہ ہیں۔ وظیفہ کرنے پر ثواب لاتعداد ہے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَ سَلَّمَ ط

ترجمہ: اللہ دُرود وسلام بھیجے نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر۔

455 تمام گناہ معاف

حضرت سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ تاجدار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص یہ دُرود پاک پڑھے، اگر کھڑا تھا تو بیٹھنے سے پہلے اور بیٹھا تھا تو کھڑے ہونے سے پہلے اس کے گناہ معاف کر دیے جائیں گے۔

(افضل الصلوات علی سید السادات، ص: ۱۵۱، ملخصا)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ.

456 ایک ہزار دن کی نیکیاں والا دُرود شریف

جَزَى اللّٰهُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَّا هُوَ اَهْلُهٗ ط

حضرت سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

فرمایا: اس کے پڑھنے والے کے لئے ستر فرشتے ایک ہزار دن تک نیکیاں لکھتے ہیں۔

(مجمع الزوائد، ج:۱۰، ص:۲۵۴، حدیث:۱۷۳۰۵)

457 چھ لاکھ دُرود شریف کا ثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰہِ صَلَاۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِ مُلْکِ اللّٰہِ ط

حضرت احمد صاوی علیہ الرحمۃ بعض بزرگوں سے نقل کرتے ہیں: اس دُرود شریف کو ایک بار پڑھنے سے چھ لاکھ دُرود شریف پڑھنے کا ثواب حاصل ہوتا ہے۔

(افضل الصلوات علی سید السادات، ص:۱۴۹)

458 قُربِ مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ایک دن ایک شخص حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آیا تو حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے اپنے اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے درمیان بٹھالیا۔ اس سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو تعجب ہوا کہ یہ کون ذی مرتبہ ہے؟ جب وہ چلا گیا تو سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ جب مجھ پر دُرود پاک پڑھتا ہے تو یوں پڑھتا ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی لَہٗ

(القول البدیع، ص:۱۲۵)

459 بخشش ومغفرت

کسی شخص نے حضرت سیدنا امام شافعی علیہ الرحمۃ کو وفات کے بعد خواب میں دیکھا اور حال دریافت کیا تو آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے اس درود پاک کی برکت سے میری بخشش فرمادی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ.

(افضل الصلوات علی سید السادات، ص: ۸۱ ملخصًا)

زیارتِ سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

علامہ نور بخش توکلی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب سیرتِ رسول عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں دولتِ زیارت حاصل کرنے کے لئے یوں رقم طراز ہیں کہ:

ہر ایک مسلمان کی یہ آرزو ہونی چاہیے کہ اس دنیا میں بھی حالتِ خواب یا حالتِ بیداری میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت سے مُشرف ہو۔ لہذا ہم ذیل میں ایک دُرود شریف درج کرتے ہیں۔ جو شخص اِس درود شریف کو ہر روز سونے سے پہلے باوضو با اَدب اور حضورِ قلب سے تین (۳) بار پڑھے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چالیس دن کے اندر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوگا۔

460 **دُرود شریف** (علامہ نور بخش توکلی علیہ الرحمۃ)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نُوْرِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَنْوَارِ، وَ
صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ، وَ
صَلِّ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ، وَ
صَلِّ عَلٰی رَأْسِ مُحَمَّدٍ فِی الرُّءُوْسِ، وَ
صَلِّ عَلٰی وَجْهِ مُحَمَّدٍ فِی الْوُجُوْهِ ،وَ صَلِّ
عَلٰی جَبِیْنِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْبُنِ، وَ صَلِّ
عَلٰی جَبْهَةِ مُحَمَّدٍ فِی الْجِبَاهِ وَ صَلِّ عَلٰی
عَیْنِ مُحَمَّدٍ فِی الْعُیُوْنِ، وَ صَلِّ عَلٰی
حَاجِبِ مُحَمَّدٍ فِی الْحَوَاجِبِ، وَ صَلِّ
عَلٰی جَفْنِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْفَانِ، وَ صَلِّ
عَلٰی اَنْفِ مُحَمَّدٍ فِی الْاُنُوْفِ، وَ صَلِّ
عَلٰی خَدِّ مُحَمَّدٍ فِی الْخُدُوْدِ، وَ صَلِّ
عَلٰی صُدْغِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَصْدَاغِ، وَ صَلِّ

عَلٰی اُذُنِ مُحَمَّدٍ فِی الْاٰذَانِ،وَ صَلِّ عَلٰی
فَمِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَفْوَاهِ،وَ صَلِّ عَلٰی شَفَةِ
مُحَمَّدٍ فِی الشِّفَاهِ، وَ صَلِّ عَلٰی عَلٰی سِنِّ
مُحَمَّدٍ فِی الْاَسْنَانِ، وَ صَلِّ عَلٰی لِسَانِ
مُحَمَّدٍ فِی الْاَلْسِنَةِ،وَ صَلِّ عَلٰی ذَقَنِ
مُحَمَّدٍ فِی الْاَذْقَانِ، وَ صَلِّ عَلٰی عُنُقِ
مُحَمَّدٍ فِی الْاَعْنَاقِ ،وَ صَلِّ عَلٰی صَدْرِ
مُحَمَّدٍ فِی الصُّدُوْرِ، وَ صَلِّ عَلٰی قَلْبِ
مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ، وَ صَلِّ عَلٰی یَدِ
مُحَمَّدٍ فِی الْاَیْدِیْ، وَ صَلِّ عَلٰی کَفِّ
مُحَمَّدٍ فِی الْاَکُفِّ، وَ صَلِّ عَلٰی اِصْبَعِ
مُحَمَّدٍ فِی الْاَصَابِعِ، وَ صَلِّ عَلٰی زَنْدِ
مُحَمَّدٍ فِی الْاَزْنَادِ ،وَ صَلِّ عَلٰی ذِرَاعِ

مُحَمَّدٍ فِی الْاَذْرُعِ ،وَصَلِّ عَلٰی مِرْفَقِ
مُحَمَّدٍ فِی الْمَرَافِقِ، وَ صَلِّ عَلٰی عَضُدِ
مُحَمَّدٍ فِی الْاَعْضَادِ، وَ صَلِّ عَلٰی اِبْطِ
مُحَمَّدٍ فِی الْاٰبَاطِ، وَ صَلِّ عَلٰی مَنْکِبِ
مُحَمَّدٍ فِی الْمَنَاکِب ،وَ صَلِّ عَلٰی کَتِفِ
مُحَمَّدٍ فِی الْاَکْتَافِ، وَ صَلِّ عَلٰی تَرْقُوَةِ
مُحَمَّدٍ فِی التَّرَاقِیْ ،وَ صَلِّ عَلٰی کَبِدِ
مُحَمَّدٍ فِی الْاَکْبَادِ، وَ صَلِّ عَلٰی ظَهْرِ
مُحَمَّدٍ فِی الظُّهُوْرِ ،وَ صَلِّ عَلٰی فَخِذِ
مُحَمَّدٍ فِی الْاَفْخَاذِ، وَ صَلِّ عَلٰی رُکْبَةِ
مُحَمَّدٍ فِی الرُّکَبِ، وَ صَلِّ عَلٰی سَاقِ
مُحَمَّدٍ فِی السُّوْقِ،وَصَلِّ عَلٰی کَعْبِ
مُحَمَّدٍ فِی الْاَکْعُبِ، وَ صَلِّ عَلٰی عَقِبِ

مُحَمَّدٍ فِی الْاَعْقَابِ، وَ صَلِّ عَلٰی قَدَمِ
مُحَمَّدٍ فِی الْاَقْدَامِ، وَ صَلِّ عَلٰی شَعْرِ
مُحَمَّدٍ فِی الشُّعُوْرِ، وَ صَلِّ عَلٰی لَحْمِ
مُحَمَّدٍ فِی اللُّحُوْمِ ،وَ صَلِّ عَلٰی عِرْقِ
مُحَمَّدٍ فِی الْعُرُوْقِ ،وَ صَلِّ عَلٰی دَمِ
مُحَمَّدٍ فِی الدِّمَآءِ، وَ صَلِّ عَلٰی عَظْمِ
مُحَمَّدٍ فِی الْعِظَامِ ،وَ صَلِّ عَلٰی جِلْدِ
مُحَمَّدٍ فِی الْجُلُوْدِ، وَ صَلِّ عَلٰی لَوْنِ
مُحَمَّدٍ فِی الْاَلْوَانِ، وَ صَلِّ عَلٰی قَامَةِ
مُحَمَّدٍ فِی الْقَامَاتِ، وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ عَلَیْهِ
وَ عَلٰی اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَ اَزْوَاجِهٖ وَ ذُرِّیَّاتِهٖ
اَفْضَلَ صَلَاةٍ وَّ اَکْمَلَ بَرَکَةٍ وَّ اَزْکٰی
سَلَامٍ ۔ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ وَ عَلَیْنَا

مَعَهُمْ كُلَّمَا ذَكَرَكَ وَ ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ
وَ غَفَلَ عَنْ ذِكْرِكَ وَ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ○
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ ،وَ اَذِقْنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ
لَذَّةَ وِصَالِهٖ○

(بحوالہ جواہر البحار فی فضائل النبی المختار، مطبوعہ مصر، ج:۳ص:۳۸)

ترجمہ: یا اللہ! درود، سلام اور برکات بھیج ہمارے سردار حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر اور اے اللہ! آپ ﷺ پر درود پاک کے وسیلہ سے آپ ﷺ کے وصل کی لذت ہمیں چکھادے۔

حاصل کلام یہ ہے کہ زیارت رسول مقبول ﷺ نعمتِ عظمیٰ ہے اور اس عمل میں اکتساب کا دخل نہیں، یہ محض اللہ کریم کا کرم ہوتا ہے۔ اگر زیارت کی دولت نہ بھی ملے تو مغموم ومحزون نہ ہونا چاہیے۔ کیونکہ اللہ کریم کی حکمتیں اور مصلحتیں ہماری سمجھ سے بالاتر ہیں اور ویسے بھی جب رضا کی وادی میں قدم رکھ لیا اور منزل عشق ٹھہری تو قرب وبُعد اور ہجر ووصال بے معنی ہو کر رہ جاتے ہیں۔

461 دُرودِ صدیق

ایک بہت بڑی تجارت

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور نبی کریم ﷺ کے یار غار تھے۔ آپ صدیق اکبر ہیں یہ مرتبہ اور کسی کو نہیں ملا۔ آپ ہمیشہ حضور ﷺ کے قریب بیٹھتے اور دربار رسالت مآب ﷺ میں آپ کو یہ اعزاز حاصل تھا کہ آپ حضور ﷺ کے پاس آنے جانے والے ہر شخص کے ساتھ ملتے تھے۔ چنانچہ ایک دن سرکار مدینہ سرورِ قلب وسینہ ﷺ کے پاس ایک شخص آیا اور سلام کر کے حضور ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملا۔ نبی کریم ﷺ کا چہرہ انور خوشی سے دمک اٹھا اور آپ ﷺ نے اس شخص کو اپنے برابر بٹھالیا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ یہ سب کچھ دیکھ رہے تھے۔ پھر جب یہ شخص اپنا کام پورا کر کے جانے کے لئے اٹھا اور کچھ دور گیا تو حضور پرنور ﷺ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے فرمایا اے ابوبکر! یہ ایسا شخص ہے کہ روزانہ تمام روئے زمین کے رہنے والوں کے عمل کے برابر اس اکیلے کے عمل اللہ تعالیٰ کے یہاں پہنچ جاتے ہیں۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کہ میں نے عرض کیا! یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! اتنا ثواب اس شخص کو روزانہ کیسے ملتا ہے۔؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جب یہ صبح کو اٹھتا ہے تو مجھ پر دس مرتبہ ایسا درود پڑھتا ہے جو اپنے ثواب میں ساری مخلوق کے درود کے برابر ہوتا ہے۔ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! وہ

کونسا درود شریف ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ درود یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ عَدَدَ مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ مِنْ خَلْقِکَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ کَمَا یَنْبَغِیْ لَنَا اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ وَ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ کَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِo

462 دُرُود مفتاح الجنۃ

قطب الکبیر محمد البکری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

جو شخص اس درود شریف کو زندگی بھر میں صرف ایک بار پڑھے گا، اگر وہ دوزخ میں ڈالا جائے تو قیامت کے روز اللہ کے ہاں میرا گریبان پکڑ لے۔

یہ درود شریف مبتدی، متوسط اور منتہی سب کے لئے مفید ہے اور بہت سے عارفین نے اس کے اسرار و عجائب بیان کئے ہیں کہ انسان حیران رہ جاتا ہے، حجاب قلبی کھل جاتے ہیں اور وہ انوار حاصل ہوتے ہیں جن کی قدر و منزلت اللہ تبارک وتعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے۔ آپ عظیم المرتبت ولی کامل اور ہمہ وقت حضور ﷺ کی

حضوری والے تھے آپ زندگی بھر کبھی بے وضو نہ رہے اور ہمہ وقت حکم رسول اللہ ﷺ کے لئے منتظر اور مستعد رہتے بااجازت بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے آپ کے سر پر دستار باندھی۔ آپ کا کلام عجائب و مخفی اسرار کا خزینہ ہوتا۔

ایک مرتبہ قافلہ والوں نے شیخ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا: حضور آپ کا مرید شہر کے بلوئی میں مارا گیا ہے۔ آپ مغا مراقب ہوئے تو کچھ دیر بعد سر اٹھایا اور فرمایا: نہیں میرا مرید زندہ ہے کیونکہ میں نے ساری جنتیں دیکھی ہیں اسے کہیں نہیں پایا۔ عرض کیا حضور دوزخ میں؟ فرمایا میرا مرید دوزخ میں نہیں جا سکتا کیونکہ میرے سب مرید یہ درود شریف پڑھتے ہیں۔ پھر چند دنوں بعد وہ مرید واپس آ گیا۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ جسم کی سلامتی قلت طعام میں اور روح کی سلامتی ترک آثام (گناہ کے ترک) میں اور دین کی سلامتی صلوٰۃ بر خیر الانام ﷺ میں ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْفَاتِحِ لِمَا اُغْلِقَ الْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ ،اَلنَّاصِرِ الْحَقِّ الْھَادِیْ اِلٰی صِرَاطِکَ الْمُسْتَقِیْمِ ط صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ حَقَّ قَدْرِہِ الْعَظِیْمِ ط

ترجمہ: اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار محمد (ﷺ) پر جو ہر بند چیز کو کھولنے والے ہیں آپ (ﷺ) انبیاء سابقین کے خاتم ہیں اور آپ حق کی مدد کرنے والے ہیں، آپ صراط مستقیم کی ہدایت کرنے والے ہیں اے اللہ! ان پر درود اور سلام بھیج اور ان کی آل پر اور ان کے صحابہ پر عظیم منزلت کے مطابق دُرود بھیج۔ (خطبۃ الصلوۃ، ص:534)

463 دُرودِ پاک وظائف قادریہ

اس وظیفہ کو بعد نماز عشاء 10 مرتبہ پڑھا کریں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَ اَزْوَاجِہٖ وَ اَھْلِ بَیْتِہٖ وَ التَّابِعِیْنَ وَتَبَعِ التَّابِعِیْنَ بِاِحْسَانِکَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ط

464 آبِ کوثر سے پیالہ

حضرت خواجہ حسن بصری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

جو شخص حضور ﷺ کے حوض کوثر سے بھرپور پیالہ پینا چاہتا ہے وہ اس درود شریف کو پڑھے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَ اَوْلَادِہٖ وَ اَزْوَاجِہٖ وَ ذُرِّیَّتِہٖ وَ

اَهْلِ بَيْتِهٖ وَ اَصْهَارِهٖ وَ اَنْصَارِهٖ وَ اَشْيَاعِهٖ وَمُحِبِّيْهِ وَاُمَّتِهٖ وَ عَلَيْنَا مَعَهُمْ اَجْمَعِيْنَ ط يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ط

465 مصافحہ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کہ جب دو مسلمان مصافحہ کرتے وقت درود پڑھتے ہیں تو ان کے جدا ہونے سے پہلے رب غفور رحیم ان کے سب کے سب گناہ معاف کر دیتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ ○

466 دس ہزار کا ثواب

حضرت سلطان محمود غزنوی رحمۃ اللہ علیہ اس درود پاک کو پڑھتے تھے۔ تفسیر روح البیان نے بھی یہی ذکر کیا ہے۔ اس درود شریف کے ایک بار پڑھنے سے دس ہزار درود پڑھنے کا ثواب حاصل ہوتا ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا اخْتَلَفَ الْمَلَوَانِ وَ تَعَاقَبَ الْعَصْرَانِ وَ كَرَّ

اَلْجَدِیْدَانِ وَاسْتَقَلَّ الْفَرْقَدَانِ ،وَ بَلِّغْ
رُوْحَهٗ وَ اَرْوَاحَ اَهْلِ بَیْتِهٖ مِنَّا التَّحِیَّةَ وَ
السَّلَامَ وَ بَارِکْ عَلَیْهِ کَثِیْرًا ○

467 خوبصورت دُرُود شریف

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث شریف نقل ہے کہ سرکار دوعالم ﷺ نے فرمایا کہ جب تم لوگ مجھ پر دُرُود پاک پڑھو تو خوبصورت اور اچھا کر کے بھیجا کرو صرف اس لئے کہ وہ پیش کیا جائے گا نہیں جانتے کہ وہ مجھ پر پیش کیا جائے گا؟ اس لئے اس طرح دُرُود پڑھو:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِکَ وَ رَحْمَتَکَ وَ
بَرَکَاتِکَ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَ اِمَامِ
الْمُتَّقِیْنَ وَ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ عَبْدِکَ وَ
رَسُوْلِکَ اِمَامِ الْخَیْرِ وَقَآئِدِ الْخَیْرِ وَ رَسُوْلِ
الرَّحْمَةِ ط اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ
الَّذِیْ یَغْبِطُهٗ بِهِ الْاَوَّلُوْنَ وَ الْاٰخِرُوْنَ ○

468 اسّی برس کے گناہ معاف

حضرت ابو ہریرہ اور حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہما دونوں نے یہ حدیث شریف روایت کی ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن نماز عصر کے بعد اپنی جگہ سے اُٹھنے سے پہلے اسی (80) مرتبہ یہ درود پڑھے تو اس کے اسی (80) برس کے گناہ معاف ہو جائیں گے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ سَلِّمْ تَسْلِیْمًا.

469 سب سے بڑا ثواب

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ رسول اکرم ﷺ کا ارشاد گرامی نقل کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص کو یہ بات پسند ہو کہ اس کے دُرود کا ثواب بڑے پیمانے میں ناپا جائے تو ان الفاظ کے ساتھ درود پڑھا کرے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ اَھْلِ بَیْتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَ اَزْوَاجِہٖ اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ ذُرِّیَّتِہٖ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

470 تمام مخلوق کے اعمال کے برابر ثواب ملنا

حضور ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص ہر روز صبح و شام دس مرتبہ یہ درود پاک پڑھتا ہے تو اس کی وجہ سے تمام مخلوق کے اعمال کے مثل ثواب حاصل کر لیتا ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ عَدَدَ مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ مِنْ خَلْقِکَ ط وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ کَمَا یَنْبَغِیْ لَنَا اَنْ نُّصَلِّیَ ط عَلَیْہِ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ کَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ o

471 دل کی بیماری کے لئے دُرُود شریف

یہ دُرود بھی ہے اور مکمل شفا بھی، دل کے درد اور جملہ امراضِ قلب کے لئے ایک لاجواب دوا ہے بالخصوص دل دھڑکنے، دل تڑپنے، دل ڈوبنے، دل بڑھنے، کمزور ہونے اور دل بیٹھنے کے لئے مجرب نسخۂ کیمیا ہے۔ یہ درود پاک 315 مرتبہ پڑھنا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ دل کے ہر مرض سے شفا عطا فرمائے گا۔:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَ ضِیَآئِھَا وَ عَلٰی

اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَ بَارِكْ وَ سَلِّمْ .

472 آنکھوں، کانوں اور تمام بیماریوں کے لئے دُرُود شریف

یہ ایک ایسا پُر اثر درود شریف ہے کہ اس کے پڑھنے سے آنکھیں روشن رہتی ہیں اور آنکھیں تمام بیماریوں سے بھی محفوظ رہتی ہیں۔ سُرمہ ڈالتے وقت اس دُرُود پاک کو پڑھنا چاہیے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِهَا وَ عَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَ شِفَائِهَا وَ نُوْرِ الْاَبْصَارِ وَ ضِيَائِهَا وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ .

473 آگ سے بچنے کا دُرود شریف

شفاء القلوب میں درج ہے کہ جو شخص اس بابرکت دُرُود شریف کو گیارہ سو گیارہ (1111) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پانی پی لے گا اس شخص پر آگ اثر نہیں کرے گی:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِ الْخَلَائِقِ وَ اَفْضَلِ

الْبَشَرِ وَ شَفِيْعِ الْاُمَمِ يَوْمَ الْحَشْرِ وَ النَّشْرِ
بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ ○

دُرُودِ متبولی 474

یہ دُرود شریف سیدی ابراہیم متبولی رضی اللہ عنہ کا ہے جو اکابر اولیاء کرام سے تھے۔ حضور نبی کریم ﷺ کی خواب میں بکثرت زیارت کرتے تھے اور اپنی والدہ ماجدہ کو اس کی خبر دیتے تو وہ فرماتیں، اے میرے بیٹے! مرد کامل وہ ہے جو سرکارِ رحمت عالم ﷺ کو حالت بیداری میں دیکھے۔ جب ان کو یہ مرتبہ حاصل ہوا کہ محبوب خدا ﷺ کی زیارت حالتِ بیداری میں کرتے اور آپ سے اپنے کاموں میں صلاح مشورہ کرتے تو اِن کی والدہ ماجدہ ان کو فرماتیں کہ اب تو مرد کامل ہے۔ اِن کی کرامات کثیرہ ہیں۔

ایک کرامت اِن کی یہ ہے کہ آپ فقراء صابرین سے ان کے حال پوچھتے اور ان کی دلداری فرماتے رہتے تھے۔ ایک روز ایک شخص کو دیکھا جو عبادت گزار تھا۔ آپ نے فرمایا: اے بیٹے! کیا وجہ ہے کہ تو باوجود کثرت عبادت کے ناقص درجہ والا ہے۔ کیا تیرا والد تجھ پر ناراض تو نہیں تھا۔ اس نے کہا ہاں ایسا ہی ہے۔ آپ نے فرمایا کیا تو اپنے والد کی قبر جانتا ہے۔ اس نے عرض کی ہاں! فرمایا میرے ساتھ ان کی قبر پر چلو۔ شاید کہ وہ راضی ہو جائیں۔ شیخ یوسف کُردی فرماتے ہیں: کہ خدا کی قسم! میں نے اس کے والد کو دیکھا کہ سر سے مٹی جھاڑتا ہا اپنی قبر سے باہر نکلا جبکہ شیخ نے

اس کو پکارا جب وہ سیدھا کھڑا ہوا تو شیخ نے فرمایا کہ فقیر سفارش کے لئے آئے ہیں کہ تو اپنے بیٹے پر راضی ہو جا۔ اس نے کہا کہ میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ میں اپنے بیٹے پر راضی ہوں۔ پس آپ نے فرمایا کہ اب اپنی جگہ لوٹ جاؤ۔

(افضل الصلوٰۃ، ص: ۳۰۰)

یہ دُرود شریف گزشتہ کوتاہیوں اور لغزشوں سے معافی طلب کرنے کے لئے بہت اکسیر ہے۔ لہذا جو شخص اس دُرود پاک کو روزانہ کثرت سے پڑھنے کا معمول بنائے گا اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اس کے گناہ معاف فرما دے گا۔ اس کے ساتھ ہی گناہوں سے بچنے کی ہر ممکن کوشش کرتے رہنا چاہیے۔

جو شخص اس دُرود پاک کو سونے سے قبل گیارہ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے گا اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے وہ ہمیشہ بحفاظت رہے گا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِکَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی سَآئِرِ الْاَنْبِیَآءِ وَ الْمُرْسَلِیْنَ وَ عَلٰی اٰلِھِمْ وَ صَحْبِھِمْ اَجْمَعِیْنَ وَ اَنْ تَغْفِرَ لِیْ مَا مَضٰی وَ تَحْفَظَنِیْ فِیْمَا بَقِیَ ○

ترجمہ: اے اللہ! بے شک میں تیرے واسطے سے تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ

تو دُرود بھیج ہمارے سردار محمد ﷺ اور سارے نبیوں اور رسولوں پر اور ان سب کی آل اور ان کے تمام صحابہ پر اور میری گزشتہ لغزشیں بخش دے اور آئندہ میری حفاظت فرما۔

475 دُرودِ لطف وکرم

اس دُرودِ پاک کی فضیلت یہ ہے کہ اگر کوئی بے روزگار ہو جس کا کوئی ذریعہ معاش نہ ہو اور وہ روزگار کے حصول کے لئے کوشاں ہو تو اُسے چاہیئے کہ بکثرت یہ دُرودِ پاک پڑھے۔ ان شاء اللہ بہت جلد برسرِ روزگار ہو جائے گا، اللہ تعالیٰ رزق حلال عطا فرمائے گا۔

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کی روزی فراخ ہو جائے، رزق حلال میں اضافہ ہو جائے تو وہ ہر نماز کے بعد نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ ۷۰ مرتبہ یہ دُرود پاک پڑھے۔ ان شاء اللہ رزق میں خوب اضافہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم اور اس درود پاک کی برکت سے رزق میں کشادگی عطا فرمائے گا۔ اور غیب سے اس کی روزی کا سامان مہیا ہوگا۔ جو کوئی یہ چاہے کہ وہ چشم خلائق میں معزز و محترم ہو جائے تو وہ رات کو سونے سے پہلے باوضو حالت میں بکثرت یہ دُرود پاک پڑھے اور دائیں کروٹ ہو کر لیٹ جائے اس عمل کی مداومت کرنے سے ان شاء اللہ لوگوں کے قلوب اس کی طرف راغب ہوں گے۔ لوگوں کے دلوں میں اس کی عزت پیدا ہو جائے گی جہاں بھی جائے گا لوگ محبت اور عزت کے ساتھ پیش آئیں گے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ

صَلٰوۃَ اَھْلِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِیْنَ عَلَیْہِ وَ اَجْرِ یَا رَبِّ لُطْفَکَ الْخَفِیَّ فِیْ اَمْرِیْ.

ترجمہ: الٰہی! اور دُرود بھیج ہمارے آقا محمد ﷺ اور ان کی آل پر جتنا دُرود زمین و آسمان والے ان پر بھیجتے ہیں اور الٰہی! اپنی غیبی مہربانی میرے شامل حال فرمادے۔

دُرودِ شرح الصدر

476

یہ فضیلت والا درود شریف سیدی محمد صفی الدین ابوالمواہب الشاذلی التونسی رضی اللہ عنہ کا ہے جسے انہوں نے ''حزب القردانیہ'' میں نقل کیا ہے۔ اس کتاب ''حزب القردانیہ'' کی شرح مؤلف کے شاگرد شیخ عبدالقادر بن سعید بن علی بن احمد طیبی مواہبی وفائی شاذلی نے لکھی ہے۔ اس حزب کی مثل اس سے پہلے کوئی کتاب نہیں لکھی گئی۔ خود اِس کے مؤلف علیہ الرحمۃ نے کہا ہے کہ حزب القردانیہ میں نبی کریم ﷺ پر میرا یہ دُرود ایسا ہے جس کی مثال نہیں گزری۔ شارح نے کہا جو کوئی میری بات کا انکار کرے وہ رہنمائے طریقت شیخ جنید بغدادی علیہ الرحمۃ کے زمانے سے آج تک کے عارفین کے کلام کو کھنگال لے۔ اس جیسا دُرود شریف نہ پائے گا۔

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کا باطن کھل جائے اور اسے کشف کے ذریعے سے غیبی حالات معلوم ہونے لگیں تو اسے چاہئے کہ اس دُرود پاک کو کثرت سے پڑھنے کا معمول بنائے تو کچھ عرصہ بعد پڑھنے والے کا سینہ کھل جائے گا اور وہ صاحب کشف بن جائے گا۔ ان شاء اللہ

بعض اوقات بعض لوگ کھلا رزق آنے کے بعد خلاف شرع اللہ تعالیٰ کو ناراض کرنے والے کام کرتے ہیں۔ اسراف اور گناہوں کے کاموں پر اپنے آنے والے رزق کو ضائع کرتے ہیں تو ان گناہوں کی پاداش کی وجہ سے اس انسان کے گھر رزق اور مال و دولت آنے میں کمی ہوتی چلی جاتی ہے جو شروع شروع میں محسوس نہیں ہوتی لیکن جونہی رزق کی انتہائی کمی ہو جاتی ہے تو انسان محسوس کرتا ہے کہ میرے کاروبار یا ذرائع آمدن کو کیا ہو گیا ہے۔

ایسی صورتحال میں ۴۰ یوم تک یہ دُرود پاک کثرت سے پڑھے اللہ کی مہربانی سے مالی حالات درست ہو جائیں گے اگر قرض ہو گا تو وہ بھی ختم ہو جائے گا اگر کوئی مصیبت آئے گی تو وہ بھی دور ہو جائے گی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصْحٰبِہٖ وَ اَزْوَاجِہٖ وَ ذُرِّیّٰتِہٖ صَلٰوۃً تَشْرَحُ بِھَا صَدْرِیْ وَ تَیَسَّرُ بِھَا اَمْرِیْ وَ تَحْبُرُ بِھَا کَسْرِیْ وَ تَغْنِیْ بِھَا فَقْرِیْ وَ تُنَوِّرُ بِھَا قَبْرِیْ وَ تَحِلُّ بِھَا عُقْدَۃً مِّنْ لِّسَانِیْ ○

ترجمہ: اے اللہ! دُرود بھیج ہمارے آقا و مولیٰ ﷺ نبی اُمی پر اور آپ کی آل صحابہ کرام، بیویوں اور اولاد پر ایسا دُرود جن سے میرا سینہ کھل جائے، آسان ہو جائے میرا کام، ٹوٹا ہوا دل جڑ جائے، میری غریبی دُور ہو، میری قبر روشن ہو اور بندش کھل جائے میری زبان کی۔

دُرودِ آفتابِ رسالت 777

جو شخص اس ضرورت کو محسوس کرتا ہو کہ وہ اس ہدایت والے راستے پر چلے جو حقیقت میں اللہ کی طرف سے صراط مستقیم ہے تو اسے چاہئے کہ نماز عشاء کے بعد اس دُرود پاک کو روزانہ کثرت سے پڑھنے کا معمول بنائے اور اللہ تعالیٰ سے ہدایت والی راہ کے لئے دعا کرتا رہے تو اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے وہ لوگوں کی فرقہ بندی کی سوچوں سے بالاتر ہو کر راہ ہدایت پر گامزن ہو جائے گا اور جو اس پڑھائی کو کم از کم ایک سال تک جاری رکھے۔ اللہ کی مہربانی سے اُسے راہِ حق نصیب ہوگا۔

جو شخص یہ چاہے کہ جہاں وہ رہتا ہے وہاں اُسے بے پناہ عزت اور شہرت حاصل ہو جائے تو اُسے چاہئے کہ فجر کی نماز کے بعد اِس دُرود پاک کو ستر ۷۰ مرتبہ بلا ناغہ ۴۰ یوم تک پڑھے۔ دورانِ عمل کسی سے بات چیت نہ کرے اور نمازِ پنجگانہ کی پابندی کرے اور خوراک لطیف اور پاکیزہ کھائے۔ اس عمل کے پڑھنے والے کو بے پناہ عزت اور شہرت حاصل ہوگی۔

یہ دُرود اللہ کی بارگاہ میں سچی توبہ اور معافی طلب کرنے کے لئے بہت اکسیر ہے لہذا جو شخص اس دُرود پاک کو روزانہ ستر مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس کے گناہ معاف فرما دے گا۔ اس کے ساتھ ہی گناہوں سے

بچنے کی ہر ممکن کوشش کرتے رہنا چاہئے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِهٖ الطَّیِّبِیْنَ الْکِرَامِ صَلٰوۃً مَّوْصُوْلَۃً دَآئِمَۃَ الْاِتِّصَالِ بِدَوَامِ ذِی الْجَلَالِ وَ الْاِکْرَامِ ○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ ھُوَ قُطْبُ الْجَلَالَۃِ وَ شَمْسُ النُّبُوَّۃِ وَ الرِّسَالَۃِ وَ الْھَادِیْ مِنَ الضَّلَالَۃِ وَ الْمُنْقِذُ مِنَ الْجَھَالَۃِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ صَلٰوۃً دَائِمَۃَ الْاِتِّصَالِ وَ التَّوَالِیْ مُتَعَاقِبَۃً م بِتَعَاقُبِ الْاَیَّامِ وَ اللَّیَالِیْ ○

ترجمہ: اے اللہ! ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ اور ان کی آل پر جو پاکیزہ اور بزرگ ہے ایسی رحمت نازل فرما جو مسلسل ہو اور وہ ہمیشہ کے لئے صاحب جلال اور بخشش کے دوام سے متصل ہو۔ اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر جو بزرگی کے قطب، نبوت و رسالت کے آفتاب، گمراہی سے ہدایت کی طرف لے جانے والے اور جہالت سے نجات دینے والے ہیں اللہ تعالیٰ ان پر درود

بھیجے اور سلامتی نازل فرمائے ۔ایسا دُرود جو ہمیشہ مسلسل اور پے در پے ہو اور دنوں اور راتوں کی گردش کے ساتھ جاری رہے۔

778 دُرود محبتِ الٰہی

دُرود محبتِ الٰہی پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اور نبی اکرم ﷺ دونوں کی محبت بڑھتی اور دونوں کا قرب نصیب ہوتا ہے ۔یہ دُرود شریف گناہوں کو اس طرح ختم کر دیتا ہے جس طرح پانی بھڑکتی آگ کو ختم کر دیتا ہے۔اس دُرود شریف میں ہر قسم کی بیماری کی شفا ہے۔مصیبت اور آفات جیسی بھی ہو اس دُرود شریف کو روزانہ ایک ہزار بار پڑھنے سے نجات مل جاتی ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ یہ حدیث روایت کرتے ہیں ۔نبی کریم ﷺ نے خود فرمایا: ''بے شک اللہ تعالیٰ نے ساری دنیا میرے سامنے کر دی ہے۔ میں دنیا کی طرف اور جو کچھ قیامت کے دن تک اس میں ہونے والا ہے سب کچھ دیکھ رہا ہوں جیسے کہ میں اپنے ہاتھ کی اس ہتھیلی کو دیکھ رہا ہوں۔

(مواہب اللدنیہ للزرقانی ج:۷ص:۲۱۴)

گویا کہ ہمارے ہر عمل کا نبی پاک ﷺ کو علم ہے۔سعادۃ الدارین صفحہ ۱۴۹ پر درج ہے: حضرت ابوعلی قطان رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ میں اُن لوگوں کا ساتھی تھا جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی شان میں گستاخی اور بے ادبی کرتے ہیں۔(نعوذ باللہ) میں نے خواب میں کرخ کی جامع مسجد میں نبی پاک ﷺ کو دیکھا۔میں نے رسول اکرم ﷺ کو سلام عرض کیا مگر نبی کریم ﷺ نے سلام کا جواب نہ دیا۔میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میں تو حضور کی ذات گرامی پر دن رات اتنا اتنا دُرود

پاک پڑھتا ہوں لیکن آپ ﷺ نے سلام کا جواب نہیں دیا۔

یہ سن کر رسول اکرم ﷺ نے فرمایا تو مجھ پر دُرود پاک پڑھتا ہے میں دُرود شریف خود سنتا بھی ہوں اور تمہیں پہچانتا بھی ہوں۔ مگر تو میرے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی شان میں گستاخی بھی کرتا ہے۔ یہ سن کر میں بہت شرمندہ ہوا۔ میں نے کہا یارسول اللہ ﷺ میں آپ ﷺ کے ہاتھ پر توبہ کرتا ہوں تب حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: عَلَیْکَ السَّلَامُ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ۔

پیارے بھائیو! اوپر والے دونوں واقعات کا ذکر کرنے کا مقصد صرف یہ ہے کہ ہمارے نبی اکرم ﷺ ہمیں دیکھ رہے ہیں اور ہمارے ہر حال سے واقف ہیں آپ ﷺ اب بھی اپنی امت کے لئے استغفار کر رہے ہیں اور ہم سب کا بھی یہ فرض ہے کہ ہم سب بھی زیادہ سے زیادہ دُرود شریف پڑھ کر آپ ﷺ کو اپنی محبت کا یقین دلائیں تاکہ آپ ﷺ خوش ہوں (آمین) دُرود محبتِ الٰہی پڑھنے کا ثواب اس قدر زیادہ ہے کہ دنیا کا کوئی بھی کمپیوٹر اس کے ثواب کا حساب لگا ہی نہیں سکتا ثبوت کے طور پر اس دُرود شریف کے معنی یعنی ترجمہ پر ضرور غور کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلٰی قَدْرِ حُبِّکَ فِیْہِ○

ترجمہ: اے اللہ! ہمارے آقا محمد ﷺ پر جتنی محبت تجھے آپ (ﷺ) سے ہے اسی کے موافق دُرود و سلام بھیج۔

دُرود حصولِ عزت 779

جو شخص اِس دُرود پاک کو روزانہ فجر اور عشاء کی نماز کے بعد پڑھے اللہ اس کی عزت میں اضافہ فرما دیتا ہے۔ ہر شخص اُسے احترام کی نظر سے دیکھتا ہے۔ تلاوتِ قرآن پاک کے شروع اور آخر میں پڑھنے سے دل پاک ہوجاتا ہے اجتماع میں جائیں وہاں یہ دُرود شریف پڑھتے رہیں ان شاء اللہ حفاظت سے واپس لوٹیں گے۔ اگر کسی کے خلاف مقدمہ ہو تو ہر تاریخ پر جاتے ہوئے جج کے سامنے دل میں یہ دُرود شریف پڑھتا رہے ان شاء اللہ مقدمے میں کامیابی ہوگی۔ دورانِ ملازمت اگر کوئی شخص تنگ کرتا ہو دفتر میں اپنی جگہ پر بیٹھ کر کام شروع کرنے سے پہلے اکیس بار پڑھ لے اور اکتالیس دن تک پڑھے ان شاء اللہ تنگ کرنے والا مہربان ہوجائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الرَّفِيْعِ مَقَامُهُ الْوَاجِبِ تَعْظِيْمُهُ وَ احْتِرَامُهُ صَلٰوةً لَّا تَنْقَطِعُ اَبَدًا وَّ لَا تَفْنٰى سَرْمَدًا وَّ لَا تَنْحَصِرُ عَدَدًا ۝

ترجمہ: اے اللہ ! دُرود وسلام اور برکتیں نازل فرما ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور ہمارے آقا محمد ﷺ کی آل پر جن کا مقام بہت بلند ہے جن کی تعظیم اور احترام فرض ہے ایسا دُرود بھیج جو کبھی منقطع نہ ہو اور کبھی فنا نہ ہو اور جسے کوئی شمار نہ کر سکے۔

دُرودِ رفاعی 780

یہ دُرود حضرت سید احمد کبیر رفاعی علیہ الرحمۃ کا ہے اور انہوں نے اسے اپنی کتاب ''المعارف الحمدیہ'' میں لکھا ہے۔ آپ اس دُرود پاک کو کثرت سے پڑھا کرتے تھے اور اسی بنا پر آپ کو قطب زماں کا بلند مقام حاصل ہوا آپ نے اس دُرود پاک کے بارے میں فرمایا ہے کہ یہ دُرود اسرار و رموز اور معرفت حاصل کرنے کا بہترین وسیلہ ہے جو شخص اسے روزانہ ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھے گا اس کے ایمان میں استقامت پیدا ہوگی اور وہ دنیا سے صاحب ایمان ہی جائے گا یعنی اس کا دل نور ایمان سے منور ہو جائے گا۔ اور اگر کوئی بندہ اسے کثرت سے پڑھتا رہے تو اسے سعادت عظمیٰ حاصل ہوگی۔ اور اس کی ہر دعا فوراً مستجاب ہوگی۔ وساوس برائیوں اور مصیبتوں سے نجات ملے گی بلا حساب و کتاب جنت میں داخل ہوگا۔

مندرجہ ذیل دُرود 41، اکتالیس دن تک بلا ناغہ ایک مرتبہ پڑھنے سے انسان تمام بری عادتوں اور گناہوں سے بچ جائے گا اور پڑھنے والے کو اللہ نیک اعمال کی توفیق عطا کرے گا اس دُرود پاک کا ایک اور فائدہ یہ ہے اسے پڑھنے سے سکون اور اطمینان قلب نصیب ہوتا ہے اور عبادت میں خوب دل لگنے لگتا ہے اور لطف حاصل ہوتا ہے۔ اگر کوئی شخص حج کی خواہش رکھتا ہو مگر حج کرنے کی استطاعت نہ رکھتا ہو

تو ہر جمعرات کو ۱۰۰ مرتبہ دُرود پڑھ کر اللہ کے حضور دُعا کرے اور گیارہ جمعرات تک اسی طرح کرے اللہ اس کا بہتر ذریعے سے سبب بنا دے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى نُوْرِكَ
الْاَسْبَقِ وَ صِرَاطِكَ الْمُحَقَّقِ مَنْ اَبْرَزْتَهٗ
رَحْمَةً شَامِلَةً لِّوُجُوْدِكَ وَ اَكْرَمْتَهٗ
بِشُهُوْدِكَ وَ اصْطَفَيْتَهٗ لِنُبُوَّتِكَ
وَرِسَالَتِكَ وَ اَرْسَلْتَهٗ بَشِيْرًا وَّ نَذِيْرًا وَّ
دَاعِيًا اِلَيْكَ بِاِذْنِكَ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا نُقْطَةِ
مَرْكَزِ بَآءِ الدَّآئِرَةِ الْاَوَّلِيَّةِ وَ سِرِّ اَسْرَارِ
الْاَلْفِ الْقُطْبِيَّةِ الَّذِىْ فَتَقْتَ بِهٖ وَثُقَ
الْوُجُوْدِ وَ خَصَّصْتَهٗ بِاَشْرَفِ الْمَقَامَاتِ
الْمَوْهَبِ الْاِمْتِنَانِ وَ الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ وَ

اَقْسَمْتَ بِحَيٰوتِهٖ فِیْ كَلَامِكَ الْمَشْهُوْدِ
لِاَهْلِ الْكَشْفِ وَ الشُّهُوْدِ فَهُوَ سِرُّكَ
الْقَدِيْمُ السَّارِیْ وَ مَآءُ جَوْهَرِ الْجَوْهَرِيَّةِ
الْجَارِی الَّذِیْ اَحْيَيْتَ بِهِ الْمَوْجُوْدَاتِ
مِنْ مَعْدِنٍ وَّ حَيَوَانٍ وَّ نَبَاتٍ فَهُوَ قَلْبُ
الْقُلُوْبِ وَ رُوْحُ الْاَرْوَاحِ وَ عَلَمُ الْكَلِمَاتِ
الطَّيِّبَاتِ الْقَلَمُ الْاَعْلٰی وَ الْعَرْشُ الْمُحِيْطُ
رُوْحُ جَسَدِ الْكَوْنَيْنِ وَ بَرْزَخُ الْبَحْرَيْنِ
وَثَانِیَ اثْنَيْنِ وَ فَخْرُ الْكَوْنَيْنِ اَبُو الْقَاسِمِ
سَيِّدُنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبْدِ
الْمُطَّلَبِ عَبْدُكَ وَ نَبِيُّكَ وَ رَسُوْلُكَ
النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ سَلِّمْ

تَسْلِیْمًا بِقَدْرِ عَظْمَتِ ذَاتِکَ فِیْ کُلِّ وَقْتٍ وَّ حِیْنٍ سُبْحٰنَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ oوَ سَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ oوَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ o

781 دُرود محبتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

یہ دُرود شریف محبتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پیدا کرنے میں بجلی کی طرح کام کرتا ہے۔ دُرود شریف سے محبت کرنا نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہی محبت کرنا ہے۔ تقاضائے محبت یہی ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت میں تن، من، دھن، سب کچھ قربان کر دیا جائے۔

حضرت مسعود درازی رحمۃ اللہ علیہ بہت بڑے عاشق رسول ہوئے ہیں۔ آپ بلاد فارس کے صلحاء میں سے ہیں نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت اور دُرود شریف سے محبت کی آپ ایک انوکھی مثال ہیں۔ آپ کی عادت یہ تھی کہ اُس جگہ جہاں مزدور لوگ آ کر بیٹھتے ہیں تا کہ ضرورت مند لوگ ان کو مزدوری کے لئے لے جائیں۔ اُن کو اپنے مکان میں لے آتے اُن مزدوروں کو یہ گمان ہوتا کہ شاید تعمیر وغیرہ کا کام ہوگا جس کے لئے ہمیں بلایا گیا ہے۔ مگر آپ مزدوروں کو بٹھا کر فرماتے: دُرود پاک پڑھو اور خود بھی ساتھ بیٹھ کر پڑھتے جب عصر کا وقت چھٹی کا ہوتا تو آپ مزدوروں

کو فرماتے: اوورٹائم لگاؤ اور پھران کو پوری پوری مزدوری دے کر رخصت کرتے۔

حضرت مسعود رحمۃ اللہ علیہ اپنی اسی محبت رسول ﷺ کی وجہ سے اس مقام پر تھے کہ آپ کو جاگتے ہوئے بیداری کی حالت میں نبی پاک ﷺ کے دیدار سے مشرف ہوئے۔(سعادۃ دارین:ص:۱۳۷)

ظاہر ہے یہ مقام اونچے درجوں میں بہت ہی اونچے درجے کا مقام ہے۔ جوکوئی چاہے کہ اسے بھی کوئی اونچا مقام ملے تو اسے دُرودِ محبت رسول ﷺ کثرت سے پڑھنا چاہئے۔دُرودِ محبت رسول ﷺ کی بات ہو یعنی نبی پاک ﷺ کی محبت ہی کی بات ہو تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی محبت رسول ﷺ کا ذکر کرنا بھی لازمی بات ہے۔

لمبے قد والے حضرت سیدنا طلحہ رضی اللہ عنہ نبی پاک ﷺ کے جلیل القدر صحابی ہیں۔جنگِ اُحد میں جبکہ حضور اکرم ﷺ کی شہادت کی افواہ سن کر مجاہدین میں بلچل مچ گئی تھی اور صفیں درہم برہم ہوگئی تھیں۔اکثر صحابہ کرام پریشانی کے عالم میں جبل اُحد پر چڑھ رہے تھے تو سیدنا طلحہ رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کو اپنے سینے سے لگا کر اپنی پشت کو سپر بنائے کھڑے رہے۔پشت مبارک پر تیروں کی بارش ہوتی رہی۔مگر آپ کے قدم استقلال میں جنبش نہ ہوئی آپ رضی اللہ عنہ نے آقائے دوجہاں ﷺ کو محفوظ رکھا اور اپنی جان کی پرواہ نہ کی۔(بخاری شریف)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو اپنے زمانہ خلافت میں جب نبی پاک ﷺ کی یاد آتی اور آپ اداس ہوتے تو حضرت سیدنا طلحہ رضی اللہ عنہ کو بلاتے اور ان کی قمیض اٹھوا کر پشت پر اُن تیروں کے نشانوں کو چومتے اور فرماتے: ''یہ ہے محبت''

سبحان اللہ! محبت ہو تو ایسی۔ یا اللہ! ہمیں بھی سیدنا طلحہ رضی اللہ عنہ جیسا جانثار رسول ﷺ بنا اور سیدنا طلحہ رضی اللہ عنہ جیسی محبتِ رسول ﷺ عطا فرما۔ آمین

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ حَبِيْبِنَا وَمَحْبُوْبِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَ سَلِّمْ ○

ترجمہ: اے اللہ! ہمارے سردار ہمارے حبیب ہمارے محبوب اور ہمارے مولا محمد ﷺ پر دُرود برکت اور سلامتی بھیج۔

شفاء امراض کا دُرود شریف 782

حضرت شیخ شہاب الدین بن ارسلان نے اس دُرود شریف کو امراض میں شفاء کے لئے مجرب فرمایا ہے، اس دُرود شریف سے روح اور دل زندہ ہو جاتے ہیں، قبر میں جسم محفوظ رہتا ہے۔ قبر روشن ہو جاتی ہے اور آخرت سنور جاتی ہے۔ اس دُرود شریف کو روزانہ چند بار ضرور ہی پڑھ لینا چاہئے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى رُوْحِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْاَرْوَاحِ وَ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰى قَلْبِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْقُلُوْبِ وَ

صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی جَسَدِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ o

ترجمہ: اے اللہ! ارواح میں سے حضرت محمد ﷺ کی روح مبارک پر دُرود وسلامتی اور برکت بھیج اور قلوب میں سے حضرت محمد ﷺ کے قلب پر دُرود وسلام بھیج اور جسموں میں سے سیدنا حضرت محمد ﷺ کے جسم پر درود وسلام بھیج اور قبروں میں سے حضرت محمد ﷺ کی قبر پر دُرود بھیج۔

سید المرسلین کا دُرود پاک 783

روایات میں مذکور ہے کہ حضور ﷺ نے یہ دُرودِ پاک بھی پڑھا ہے اور صحابہ کرام کو پڑھنے کی تلقین بھی فرمائی ہے۔ لہذا جو شخص صبح وشام یہ دُرود پڑھے گا بے پناہ ثواب پائے گا اور سعادتِ دارین حاصل کرے گا کیونکہ اس دُرود پاک کے الفاظ دینی ودنیاوی فلاح کے لئے بہت مؤثر ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَ رَسُوْلِکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکُوْنُ لَکَ رِضًا وَّ لَہٗ جَزَآءً وَّ لِحَقِّہٖ اَدَآءً وَّ اَعْطِہِ الْوَسِیْلَۃَ وَ الْفَضِیْلَۃَ وَ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ وَ اَجْزِہٖ عَنَّا مَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَ اجْزِہٖ اَفْضَلَ مَا جَازَیْتَ نَبِیًّا عَنْ قَوْمِہٖ وَ رَسُوْلاً عَنْ اُمَّتِہٖ وَ صَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ اِخْوَانِہٖ مِنَ النَّبِیّٖنَ وَ الصّٰلِحِیْنَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ .

ترجمہ: اے اللہ ! اپنے (برگزیدہ) بندے اور اپنے رسول نبی اُمّی سیدنا محمد ﷺ کی اولاد پر دُرود نازل فرما، اے اللہ! سیدنا محمد اور سیدنا محمد ﷺ کی اولاد پر ایسا دُرود نازل فرما جو تیری رضا کا ذریعہ ہو اور حضور ﷺ کے لئے پورا بدلہ ہو اور آپ کے حق کی ادائیگی ہو اور آپ کو وسیلہ اور فضیلت اور مقامِ محمود جس کا تو نے وعدہ کیا ہے عطا فرما۔ اور حضور ﷺ کو ہماری طرف سے ایسی جزاء عطا فرما جو آپ کی شان عالی کے لائق ہو اور آپ ﷺ کو ان سب سے افضل بدلہ عطا فرما جو تو نے کسی نبی کو اس کی قوم کی طرف سے اور کسی رسول کو اس کی امت کی طرف سے عطا فرمایا اور حضور ﷺ کے تمام برادران انبیاء وصالحین پر اے ارحم الراحمین دُرود نازل فرما۔

784 دُرود سلیم اللہ جہاں آبادی

حضرت خواجہ سلیم اللہ جہاں آبادی علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ جو شخص ایک لاکھ مرتبہ زندگی میں اِس دُرودِ پاک کو پڑھے زیارتِ رسول ﷺ ہوگی اور بے حجاب کلام فرمائیں گے۔ جس طرح چاہے پڑھ لے ایک ہی بار یا روز روز پڑھ لیا کرے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا رَسُوْلِکَ مُحَمَّدٍ تَعَیُّنِکَ الْاَقْدَامِ وَ الْمَظْھَرِ الْاَتَمِّ لِاِسْمِکَ الْاَعْظَمِ بِعَدَدِ تَجَلِّیَاتِ ذٰلِکَ وَ تُعَیُّنَاتِ صِفَاتِکَ وَعَلٰی اٰلِہٖ کَذٰلِکَ.

ترجمہ: اے اللہ! تو رحمت فرما ہمارے سردار اپنے رسول محمد ﷺ اپنے قدیم ترین پر اور اپنے اسم اعظم کے مظہر اتم پر اپنی تجلیات کے برابر اسی طرح اپنی صفات کے برابر آپ کی آل پر اسی طرح کا دُرود شریف۔

785 دُرود شریف حافظ عراقی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَ رَسُوْلِکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

وَّ اَزْوَاجِہٖ اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ ذُرِّیَّتِہٖ وَ
اَھْلِ بَیْتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی
اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ فِی الْعٰلَمِیْنَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ
مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ
وَ رَسُوْلِکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰی اٰلِ
مُحَمَّدٍ وَّ اَزْوَاجِہٖ اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ
ذُرِّیَّتِہٖ وَ اَھْلِ بَیْتِہٖ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی
اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ فِی الْعٰلَمِیْنَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ.

786 زمین وآسمان کو پُر کرنے والا دُرود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
مِلْأَ سَمٰوٰتِکَ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی

اٰلِ مُحَمَّدٍ مِلْءَ اَرْضِکَ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ مِلْءَ مَآ اَنْتَ خَالِقُهٗ مِنْ یَوْمَ خَلَقْتَ الدُّنْیَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ .

ترجمہ: اے اللہ! دُرود بھیج حضرت محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر باندازہ اپنے آسمانوں کے اور دُرود بھیج حضرت محمد ﷺ پر اور آلِ حضرت محمد ﷺ پر بمقدار پُری اپنی زمین کے اور دُرود بھیج حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر بمقدار پُری اس کے کہ تو اس کے پیدا کرنے والا ہے اس دن سے کہ پیدا کیا تو نے دنیا کو قیامت کے دن تک۔

787 فرشتوں کی تسبیح کے برابر دُرود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ صُفُوْفِ الْمَلٰئِکَةِ وَ تَسْبِیْحِهِمْ وَ تَقْدِیْسِهِمْ وَ تَحْمِیْدِهِمْ وَ تَمْجِیْدِهِمْ وَ تَکْبِیْرِهِمْ وَ تَهْلِیْلِهِمْ مِنْ یَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْیَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ .

ترجمہ: الٰہی دُرود بھیج حضرت محمد ﷺ پر اور آلِ حضرت محمد ﷺ پر فرشتوں

کی صفوں کے اور اُن کی تسبیح کے اور ان کی تقدیس کے اور ان کی تحمید کے اور ان کی تمجید کے اور اُن کی تکبیر کے اور اُن کی تہلیل کے برابر اُس دن سے کہ جس دن سے تو نے پید اکیا قیامت کے دن تک۔

788 دُرود شریف (خاتمہ بالایمان)

حضرت شیخ المشائخ سعد الدین حموی رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ اس دُرود شریف کے ورد سے آدمی ایمان کے ساتھ (ایمان کی حالت میں) دنیا سے جائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّنْطَلِقِ عِنَانِ جَوَادِ الْاِیْمَانِ فِیْ مِیْدَانِ الْاِحْسَانِ مُرْسِلاً مُّرْشِدًا اِلٰی رِیَاحِ الْکَرَمِ فِیْ رَوْضِ الْجِنَانِ وَ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ سَلِّمْ○

789 دُکھ درد اور مصیبت دُور کرنے والا دُرود شریف

حضرت غوث الاعظم سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ جو شخص یہ دُرود پاک پڑھے گا تو اس کا دل روشن ہو جائے گا اور سینہ کھل جائے گا۔ دینی حاجات پوری ہوں گی۔ اس شخص کے نزدیک کوئی دکھ یا مصیبت نہیں آئے گی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ
الْاُمِّیِّ الطَّاھِرِ الزَّکِیِّ صَلٰوۃً یَّجْعَلُ بِھَا
الْعُقَدُ فَیَکْشِفُ بِھَا الْکُرَبُ صَلٰوۃً تَکُوْنُ
لَکَ رِضَاءِ الْحَقُّہٗ اَدَاءِ عَلٰی اٰلِہٖ وَ
اَصْحَابِہٖ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ ○

790 تنگ دستی کو دُور کرنے والا دُرود شریف

حضور پُر نور ﷺ نے فرمایا ہے کہ جس شخص کو تنگ دستی کی وجہ سے صدقہ کرنے کی طاقت نہیں وہ یہ دُرود پاک پڑھے۔ اس کے پڑھنے سے اتنا ثواب ملے گا کہ جنت میں داخل ہونے تک اس کا ثواب ختم نہیں ہوگا۔

حصن حصین اور عالم اسلام کی معتبر ترین کتاب کشف الغمہ میں نمایاں طور پر درج ہے کہ جو شخص تنگ دستی سے نجات حاصل کر کے غنی اور بڑا ہی دولت مند، فارغ البال بننے کا خواہاں ہو اس کے لئے یہ دُرود شریف ایک بڑی مجرب دوا ہے۔

حضور ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ اس کو ایک سو (۱۰۰) بار پڑھنے سے پڑھنے والے کی حاجت پوری ہو جائے گی اور وہ دوزخ کے قہر سے بچ جائے گا۔

(شفاء القلوب)

حضرت امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ غمزدہ اور پریشان حال لوگوں

کو جمعہ کے دن یہ دُرود شریف سو (۱۰۰) بار پڑھنا چاہئے، آپ نے کشف الغمہ میں ایسی کئی احادیث بیان فرمائی ہیں جن میں فوائد و برکاتِ دُرود بیان کئے گئے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَ رَسُوْلِکَ وَ صَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ وَ الْمُسْلِمِیْنَ وَ الْمُسْلِمَاتِ ط

791 فوراً مشکل آسان کرنے والا دُرود پاک

حضرت شیخ محمد بن سلیمان الجزولی علیہ الرحمۃ دلائل خیرات کے مصنف ہیں۔ آپ نماز کے لئے وضو کرنا چاہتے تھے مگر کنویں سے پانی نکالنے کے لئے ڈول نہیں تھا اور پانی کافی نیچی سطح پر تھا۔ ایک دیہاتی لڑکی نے آپ کی پریشانی دیکھ کر اپنا لعاب پانی میں ڈالا اور پانی اُبلتا ہوا کنارے تک آ گیا۔ حضرت جذولی علیہ الرحمۃ کی حاجت پوری ہوگئی وہ سخت حیران ہوئے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد لڑکی سے مخاطب ہوئے کہ یہ سب کرامت کس چیز کی ہے۔ لڑکی بولی فلاں دُرود شریف پڑھ کر میں نے اپنا لعاب کنویں میں ڈالا تھا۔ حضرت نے وہ دُرود شریف دریافت کیا اور پڑھنے کی اجازت چاہی جو اِن کو مل گئی۔

حضرت نے اسی دُرود شریف کی وجہ سے دلائل خیرات لکھی، جسے ساری دنیا میں

لوگ قران کریم کی طرح محفوظ رکھتے ہیں آپ کا انتقال فجر کی نماز کی پہلی رکعت میں ہوا وہ بھی سجدہ میں۔ستر برس بعد مراکش کے حکمران نے آپ کی نعش قبر سے نکال کر دوسری جگہ دفن کروائی تو نعش تازہ دکھائی دے رہی تھی ایسی تازہ جیسے ابھی ابھی غسل دے کر دفنایا گیا ہو۔آپ کی قبر سے اس وقت سے اَب تک خوشبو آتی رہتی ہے۔چوبیس گھنٹے آپ کی قبر پر کوئی نہ کوئی قرآن کی تلاوت کرتا نظر آئے گا۔درود شریف درج ذیل ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً دَائِمَۃً مَّقْبُوْلَۃً تُؤَدِّیْ بِھَا عَنَّا حَقَّہُ الْعَظِیْمَ ط

792 شفاعت حاصل کرنے والا دُرود شریف

حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث شریف کو تحریر کیا ہے کہ یہ دُرود شریف سات جمعہ ہر جمعہ کے دِن سات بار پڑھنے سے اللہ کے حبیب ﷺ کی شفاعت واجب ہوتی ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃِ الْکَرَمِ بِھَا مَثْوَابِہٖ وَ تُشَرِّفُ بِھَا عُقْبَۃِ وَ

تُبَلِّغُ بِهَا يَوْمِ الْقِيَامَةِ بِنَاهُ وَ رَضَاهُ هٰذِهِ الصَّلٰوةِ تَعْظِيْمًا تَحَقَّقُ يَآ مُحَمَّدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمْ ○

793 دُرود اعلی الدرجات

محش کے مصنف حضرت تلسمانی رحمۃ اللہ علیہ جنہیں عالموں اور فاضلوں کا سردار کہا جاتا ہے۔ اپنی ایک دنیا بھر میں مشہور تصنیف میں تحریر فرماتے ہیں: کہ یہ ایک ایسا دُرود ہے جس کے تین بار صبح اور تین بار شام پڑھنے سے، پڑھنے والے کے سب کے سب گناہ مٹ جاتے ہیں۔ اور اللہ تبارک وتعالیٰ اس کی دعا قبول فرماتا ہے۔ پڑھنے والا کامیاب ہوتا ہے اور اس کو آخرت میں اصحاب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب جگہ عنایت ہوتی ہے اور اعلیٰ سے اعلیٰ انعامات سے نوازا جاتا ہے۔

حضرت امام فاکہانی علیہ الرحمۃ نے بھی ایک اور کتاب میں اس دُرود پاک کی بڑی فضیلت بیان کی ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَ كُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ ○

794 دُرود شریف (بغیر حساب وکتاب جنت)

تفسیر روح البیان میں صاف طور پر درج ہے کہ جو شخص اس دُرود شریف کو وظیفہ کے طور پر پڑھتا ہے اسے میدانِ حشر میں بغیر حساب وکتاب کے سب کچھ ملے گا۔ دُرود شریف پڑھنے والا آقائے نامدار ﷺ کے ساتھ ہی ہوگا اور جنت میں بہت بڑے درجات پائے گا۔ دین اور دنیا میں ہر خطرے سے بچا رہے گا۔

حضرت بابا فرید گنج شکر علیہ الرحمۃ اِس دُرود شریف کے متعلق لکھتے ہیں کہ یہ دُرود تمام دُرودوں سے افضل ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ کَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ وَ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ کَمَا یَنْبَغِیْ اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ وَ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا نِ النَّبِیِّ بِعَدَدِ مَنْ صَلُّوْا عَلَیْہِ وَ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ وَ اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ کَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ ○

795 دن بھر پڑھنے والا دُرود شریف

یہ ایک بڑا ہی بابرکت دُرود شریف ہے۔اس کے بڑے عجیب وغریب فوائد ہیں۔یہ دُرود شریف اگر کسی نے صرف ایک مرتبہ پڑھا تو گویا اُس نے دن بھر دُرود شریف کا وِرد کیا اور دن بھر دُرود پڑھنے کا ثواب حاصل ہو جائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِیْ اَوَّلِ کَلَامِنَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِیْ اَوْسَطِ کَلَامِنَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِیْ آخِرِ کَلَامِنَا ○

796 ایک ہزار دن پڑھنے کا ثواب

دُرود شریف

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے نزہت المجالس میں حدیث شریف نقل کی گئی ہے کہ سرکارِ دو عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص صبح وشام دُرود پاک پڑھے گا تو ثواب لکھنے والے ایک ہزار دن تک ثواب لکھتے رہیں گے۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ

عَلٰی وَ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَجْزِ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ مَا هُوَ اَهْلُهٗo

دُرودِ واحد 797

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے حدیث مروی ہے کہ خاتم النبیین سید المرسلین محمد مصطفیٰ ﷺ امام القبلتین و نبی الحرمین الشریفین نے ارشاد فرمایا: کہ جب تم لوگ دُرود بھیجو تو خوبصورت اور اچھا کر کے بھیجو، صرف اس لئے کہ وہ مجھ پر پیش کیا جائے گا۔ تم دُرود پڑھو تو اچھی طرح پڑھو، تم نہیں جانتے کہ وہ مجھ پر پیش کیا جائے گا۔ اس لئے اس طرح دُرود پڑھو۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلٰوتِکَ وَ رَحْمَتِکَ وَبَرَکَاتِکَ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَ اِمَامِ الْمُتَّقِیْنَ وَ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَ رَسُوْلِکَ اِمَامِ الْخَیْرِ وَ قَائِدِ الْخَیْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ ط اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا یَّغْبِطُهُ الْاَوَّلُوْنَ وَ الْاٰخِرُوْنَ ط

ترجمہ: اے اللہ! اپنی صلوٰۃ ورحمت اور برکت بھیج سید المرسلین، امام المتقین، خاتم النبیین پر جو تیرے بندے اور رسول، خیر کے امام وقائد اور رسول رحمت ہیں اور ان کو مقام محمود عطا فرما جس پر رشک کرتے ہیں پہلے والے اور پچھلے سب۔

798 دُرود شریف (ہر حاجت کے لئے)

یہ دُرود شریف ایک ایسا لاجواب نسخہ ہے جو ہر مشکل کام کے لئے پڑھا جاتا ہے رب کریم اس کے پڑھنے سے ہر کام آسان کر دیتا ہے۔ اس دُرود پاک کو کسی بھی حاجت کے لئے 1919 مرتبہ پڑھا جائے۔ ان شاء اللہ مشکل آسان ہو جائے گی اور سو فی صد کامیابی نصیب ہو جائے گی۔

یہ ایک ایسا بابرکت دُرود ہے جس کے صرف ایک مرتبہ پڑھنے سے ایک لاکھ دُرود شریف پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔ اور بڑی برکتیں نصیب ہوتی ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ کَمَا لَانِھَایَۃَ لِکَمَالِکَ وَعَدَّ کَمَالِہٖo

دُرود صد ہزاری 799

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الرُّسُلِ وَ خَیۡرِ اُولِی
الۡعَزۡمِ وَ عَلَی النَّبِیِّیۡنَ وَ الۡمُرۡسَلِیۡنَ وَ
الۡمَلٰئِکَۃِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ وَ
الصِّدِّیۡقِیۡنَ وَالشُّھَدَآءِ وَ الۡعُلَمَآءِ وَ
الۡاَوۡلِیَآءِ وَ الۡغُرَبَآءِ وَ الصّٰلِحِیۡنَ وَ عَلٰی
کُلِّ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَ الۡمُؤۡمِنٰتِ اِلٰی یَوۡمِ الۡقِیٰمَۃِ
مِنۡ اَھۡلِ الۡمَمَاتِ وَ الۡحَیَاتِ مِنَ الۡاِنۡسِ وَ
الۡجِنِّ صَلٰوۃٍ مُّعَطِّرٰتٍ دَآئِمَاتٍ نَّازِلَاتٍ
عَلَیۡہِ بِاَعۡدَادِ مَخۡلُوۡقَاتِکَ تَکُوۡنَ کُلُّ
وَاحِدَۃٍ مِّنۡھَا مِلۡأَ الۡعَالِمِ مَعَ بَرَکَاتٍ

لَّازِمَاتٍ مُّطَيِّبَاتٍ بِكَافُوْرِ رِضْوَانِكَ وَ
تَحِيَّاتٍ زَاكِيَاتٍ مُّضْعَفَاتٍ مَّعْجُوْنَاتٍ
بِعَنْبَرِ فَضْلِكَ وَ تَسْلِيْمَاتٍ مُّسَلْسَلَاتٍ
مَّمْزُوْجَاتٍ بِمِسْكِ كَرَمِكَ وَ رَحْمَةٍ
فَآئِحَةٍ فِى الْعَالَمِ تَكُوْنُ مَنْظَرًا لِّسُكَّانِ
الْفِرْدَوْسِ وَ عَرْشِ عَظِيْمِكَ فِىْ كُلِّ
لَحْظَةٍ وَّ لَمْحَةٍ اَبَدًا مَّعَهُمْ اَجْمَعِيْنَ اَعْنِى
النَّبِىَّ الْاُمِّىَّ الَّذِىْ عِلْمُهُ الْقُرْاٰنُ وَ عَلَّمَهُ
الرَّحْمَانُ بِهٰذَا الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ وَ
مَخْصُوْصٌ بِالْخُلُقِ الْعَظِيْمِ ط مَوْصُوْفٌ وَّ
اِسْمُهُ مُحَمَّدٌ وَّ اَحْمَدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ
سَلَّمَ مَعَهُمْ اَضْعَافَهَا اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الرَّحْمٰنَ

الـرَّحِيْمِ ط وَ الْـمَـلِکَ الْـقُدُّوْسَ سُبْحَانَهٗ
عَدَدَ خَلْقِهٖ جَلَّ جَلاَ لُهٗ وَ حَامِدٌ وَّ مَحْمُوْدٌ
صَـلَّـى اللّٰـهُ عَـلَيْـهِ وَ سَلَّمَ مَعَهُمْ اَضْعَافَهَا
اَسْتَـغْـفِرُ اللّٰهَ السَّلاَ مَ الْمُؤْمِنَ الْمُهَيْمِنَ وَ
الْعَزِيْزَ الْجَبَّارَ الْمُتَكَبِّرَ سُبْحَانَهٗ عَدَدَ خَلْقِهٖ
جَـلَّ جَلاَ لُـهٗ وَ مُـجْتَبٰى وَ مُصْطَفٰى صَلَّى
الـلّٰـهُ عَـلَيْهِ وَ سَلَّمَ مَعَهُمْ اَضْعَافَهَا اَسْتَغْفِرُ
الـلّٰهَ الْخَالِقَ الْبَارِئَ الْمُصَوِّرَ الْغَفَّارَ الْقَهَّارَ
سُبْـحَانَهٗ عَدَدَ خَلْقِهٖ جَلَّ جَلاَ لُهٗ وَصَاحِبُ
السَّيْفِ وَ صَـاحِـبُ الْوَسِيْلَةِ صَـلَّـى اللّٰهُ
عَـلَيْـهِ وَ سَـلَّمَ مَعَهُمْ اَضْعَافَهَا اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ
الْـوَهَّـابَ الـرَّزَّاقَ الْـفَتَّاحَ الْعَلِيْمَ سُبْحَانَهٗ

عَدَدَ خَلْقِهٖ جَلَّ جَلَالُهٗ وَصَاحِبُ الْمِعْرَاجِ
وَصَاحِبُ اللَّوَآءِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ
مَعَهُمْ اَضْعَافَهَا اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْقَابِضَ
الْبَاسِطَ الْخَافِضَ الرَّافِعَ سُبْحَانَهٗ عَدَدَ
خَلْقِهٖ جَلَّ جَلَالُهٗ وَ فَصِيْحٌ وَّ شَفِيْقٌ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مَعَهُمْ اَضْعَافَهَا اَسْتَغْفِرُ
اللّٰهَ الْمُعِزَّ الْمُذِلَّ وَ السَّمِيْعَ الْبَصِيْرَ
سُبْحَانَهٗ عَدَدَ خَلْقِهٖ جَلَّ جَلَالُهٗ وَمُطَهَّرٌ وَّ
مُطَيَّبٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مَعَهُمْ
اَضْعَافَهَا اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْحَكَمَ الْعَدْلَ
اللَّطِيْفَ الْخَبِيْرَ سُبْحَانَهٗ عَدَدَ خَلْقِهٖ جَلَّ
جَلَالُهٗ وَ حَبِيْبُ اللّٰهِ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ صَلَّى

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مَعَهُمْ اَضْعَافَهَا اَسْتَغْفِرُ

اللّٰهَ الْحَلِيْمَ الْعَظِيْمَ الْغَفُوْرَ الشَّكُوْرَ

سُبْحَانَهٗ عَدَدَ خَلْقِهٖ جَلَّ جَلَالُهٗ وَ خَاتَمُ

النَّبِيِّيْنَ وَ قَآئِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ صَلَّى اللّٰهُ

عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مَعَهُمْ اَضْعَافَهَا اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ

الْعَلِيَّ الْكَبِيْرَ الْحَفِيْظَ الْمُقِيْتَ سُبْحَانَهٗ

عَدَدَ خَلْقِهٖ جَلَّ جَلَالُهٗ وَ ذُوْ قُوَّةٍ وَّ

ذُوْحُرْمَةٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مَعَهُمْ

اَضْعَافَهَا اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْحَسِيْبَ الْجَلِيْلَ

الْكَرِيْمَ الرَّقِيْبَ الْمُجِيْبَ سُبْحَانَهٗ عَدَدَ

خَلْقِهٖ جَلَّ جَلَالُهٗ وَذُوْعِزٍّ وَّ ذُوْفَضْلٍ صَلَّى

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مَعَهُمْ اَضْعَافَهَا اَسْتَغْفِرُ

اللّٰـهَ الْـوَاسِـعَ الْـحَكِيْمَ الْوَدُوْدَ الْمَجِيْدَ
سُبْـحَـانَـهُ عَدَدَ خَلْقِهٖ جَلَّ جَلاَ لُهٗ وَرَسُوْلُ
الْمَلاَحِمِ وَ رَسُوْلُ الرَّاحَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَ سَلَّمَ مَعَهُمْ اَضْعَافَهَا اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْبَاعِثَ
الشَّهِيْدَ الْحَقَّ الْوَكِيْلَ سُبْحَانَهُ عَدَدَ خَلْقِهٖ
جَلَّ جَلاَ لُهٗ وَ نِعْمَةُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ
سَلَّمَ مَعَهُمْ اَضْعَافَهَا اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْقَوِيَّ
الْمَتِيْنَ الْوَلِيَّ الْحَمِيْدَ سُبْحَانَهُ عَدَدَ خَلْقِهٖ
جَلَّ جَلاَ لُهٗ وَمُدَّثِّرُ وَمُزَّمِّلٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَ سَلَّمَ مَعَهُمْ اَضْعَافَهَا اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ
الْمُحْصِيَ الْمُبْدِئَ الْمُعِيْدَ الْمُحْيِ
الْمُمِيْتَ سُبْحَانَهُ عَدَدَ خَلْقِهٖ جَلَّ جَلاَ لُهٗ وَ

عَبْدُ اللّٰهِ وَ كَلِيْمُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ
سَلَّمَ مَعَهُمْ اَضْعَافَهَا اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْحَيَّ
الْقَيُّوْمَ ط وَ الْوَاجِدَ الْمَاجِدَ سُبْحَانَهُ عَدَدَ
خَلْقِهٖ جَلَّ جَلَالُهٗ وَ مُصَحِّحُ الْحَسَنَاتِ وَ
مُقِيْلُ الْعَثَرَاتِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ
مَعَهُمْ اَضْعَافَهَا اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْوَاحِدَ
الْاَحَدَ الصَّمَدَ الْقَادِرَ الْمُقْتَدِرَ سُبْحَانَهُ
عَدَدَ خَلْقِهٖ جَلَّ جَلَالُهٗ شَفِيْعٌ وَّ مُشَفَّعٌ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مَعَهُمْ اَضْعَافَهَا
اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْمُقَدِّمَ الْمُؤَخِّرَ الْاَوَّلَ الْاٰخِرَ
سُبْحَانَهُ عَدَدَ خَلْقِهٖ جَلَّ جَلَالُهٗ وَصَادِقٌ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مَعَهُمْ اَضْعَافَهَا

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الظَّاهِرَ الْبَاطِنَ الْوَالِیَ
الْمُتَعَالِیَ سُبْحَانَهٗ عَدَدَ خَلْقِهٖ جَلَّ جَلَالُهٗ
وَسَیِّدُ الْمُرْسَلِیْنَ وَ اِمَامُ الْمُتَّقِیْنَ صَلَّی
اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ مَعَهُمْ اَضْعَافَهَا اَسْتَغْفِرُ
اللّٰهَ الْبِرَّ التَّوَّابَ الْمُنْعِمَ الْمُنْتَقِمَ سُبْحَانَهٗ
عَدَدَ خَلْقِهٖ جَلَّ جَلَالُهٗ وَحَرِیْصٌ ط عَلَیْکُمْ
وَ رَءُوْفٌ وَّ رَحِیْمٌ ط صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ
سَلَّمَ مَعَهُمْ اَضْعَافَهَا اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَفُوَّ
الرَّءُوْفَ وَمَالِکَ الْمُلْکِ ذَا الْجَلَالِ وَ
الْاِکْرَامِ سُبْحَانَهٗ عَدَدَ خَلْقِهٖ جَلَّ جَلَالُهٗ
وَشَاهِدٌ وَّمَشْهُوْدٌ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ
مَعَهُمْ اَضْعَافَهَا اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الرَّبَّ

الْمُقْسِطَ الْجَامِعَ الْغَنِيَّ سُبْحَانَهُ عَدَدَ
خَلْقِهٖ جَلَّ جَلَالُهٗ وَبَشِيْرٌ وَّ نَذِيْرٌ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مَعَهُمْ اَضْعَافَهَا اَسْتَغْفِرُ
اللّٰهَ الْمَانِعَ الضَّارَّ النَّافِعَ النُّوْرَ الْهَادِيَ
سُبْحَانَهُ عَدَدَ خَلْقِهٖ جَلَّ جَلَالُهٗ وَنَاصِرٌ وَّ
مَنْصُوْرٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مَعَهُمْ
اَضْعَافَهَا اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْبَدِيْعُ الْبَاقِيَ
الْوَارِثَ الرَّشِيْدَ سُبْحَانَهُ عَدَدَ خَلْقِهٖ جَلَّ
جَلَالُهٗ وَرَقِيْبٌ وَّ مُتَوَكِّلٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَ سَلَّمَ مَعَهُمْ اَضْعَافَهَا اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ
الصَّبُوْرَ السَّتَّارَ الْحَنَّانَ الْمَنَّانَ الدَّيَّانَ
سُبْحَانَهُ عَدَدَ خَلْقِهٖ جَلَّ جَلَالُهٗ وَنُوْرٌ

وَّمُنِيْرٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مَعَهُمْ
اَضْعَافَهَا اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْمُعْطِيَ الْغَيُّوْرَ
السُّبُّوْحَ الْقَدِيْمَ الْقَدِيْرَ سُبْحَانَهُ عَدَدَ خَلْقِهٖ
جَلَّ جَلَالُهٗ وَ سِرَاجٌ وَّ سَابِقٌ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مَعَهُمْ اَضْعَافَهَا اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ
الْكَافِيَ الْوَافِيَ الشَّافِيْ وَغَافِرَ الذَّنْبِ
قَابِلَ التَّوْبِ سُبْحَانَهُ عَدَدَ خَلْقِهٖ جَلَّ جَلَالُهٗ
وَ اَمِيْنٌ وَّ مُطِيْعٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ
مَعَهُمْ اَضْعَافَهَا اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ
ذِي الطَّوْلِ ط وَ هَازِمِ الْاَحْزَابِ سَرِيْعُ
الْحِسَابِ سُبْحَانَهٗ عَدَدَ خَلْقِهٖ جَلَّ جَلَالُهٗ
وَرَحْمَةٌ لِّلْعَالَمِيْنَ وَ عِلْمُ الْهُدٰى صَلَّى اللّٰهُ

عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مَعَهُمْ اَضْعَافَهَا اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ
الْاَكْبَرَ الْاَعَزَّ الْاَعْظَمَ الْاَجَلَّ سُبْحَانَهُ عَدَدَ
الْبَشِیْرِ النَّذِیْرِ السِّرَاجِ الْمُنِیْرِ الصَّادِقِ

اَلْاَمِیْنِ الْحَقِّ الْمُبِیْنِ الرَّءُوْفِ الرَّحِیْمِ
الْهَادِیْ اِلَی الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِیْمِ الَّذِیْ
اٰتَیْتَهٗ سَبْعًا مِّنَ الْمَاثَانِیْ وَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِیْمَ
نَبِیِّ الرَّحْمَةِ وَهَادِیْ الْاُمَّةِ اَوَّلِ مَنْ تَنْشَقُّ
عَنْهُ الْاَرْضُ وَ یَدْخُلُ الْجَنَّةَ وَالْمُؤَیَّدِ
بِسَیِّدِنَا جِبْرِیْلَ وَ سَیِّدِنَا مِیکَائِیْلَ الْمُبَشَّرِ
بِهٖ فِی التَّوْرٰةِ وَ الْاِنْجِیْلِ الْمُصْطَفٰی
الْمُجْتَبَی الْمُنْتَخَبِ اَبِی الْقَاسِمِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ
هَاشِمٍ○

527 دُرود کرم (ذوالجلال والاکرام)

اس پیارے دُرود میں ذی الجلال والاکرام کے الفاظ درج ہیں جو اسم اعظم ہیں۔ اس کی برکات اور ربّ ذوالجلال کی عنایات اور سرکارِ دو عالم ﷺ کی محبت وشفقت حاصل کرنے کے لئے زیادہ سے زیادہ پیش فرمائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ رحمتوں کے باب کھلیں گے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی اٰلِهٖ الطَّیِّبِیْنَ الْکِرَامِ صَلٰوۃً مَّوْصُوْلَۃً دَائِمَۃَ الْاِتِّصَالِ بِدَوَامِ ذِی الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ○

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ ھُوَ قُطْبُ الْجَلَالَۃِ وَ شَمْسُ النُّبُوَّۃِ وَ الرِّسَالَۃِ وَ الْھَادِیْ مِنَ الضَّلَالَۃِ وَ الْمُنْقِذُ مِنَ الْجَھَالَۃِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ صَلٰوۃً دَآئِمَۃَ الْاِتِّصَالِ وَالتَّوَالِیْ مُتَعَاقِبَۃً بِتَعَاقُبِ الْاَیَّامِ وَ اللَّیَالِیْ ○

دُرود شریف 528

عام طور پر دُرود شریف کی کتابوں میں اِس دُرود کا ذکر نہیں ہوتا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الزَّاھِدِ رَسُوْلِ الْمَلِکِ الصَّمَدِ الْوَاحِدِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً اِلٰی مُنْتَھَی الْاَبَدِ بِلَا انْقِطَاعٍ وَّ لَا نَفَادٍ صَلٰوۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ حَرِّ جَھَنَّمَ وَ بِئْسَ الْمِھَادُ oاَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ سَلِّمْ صَلٰوۃً لَّا یُحْصٰی لَھَا عَدَدٌ وَّ لَا یُعَدُّ لَھَا مَدَدٌo

دُرودِ اعلیٰ 529

جذب القلوب میں ہے کہ جو شخص پاکی وطہارت کے ساتھ اس دُرود شریف کو ہمیشہ کم از کم ۳۱۳ مرتبہ پڑھا کرے گا تو حق تبارک وتعالیٰ خواب میں حضور نبی اکرم ﷺ کی زیارت پاک سے مشرف فرمائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ سَلِّمْ کَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی لَہٗ.

دُرود شریف 530

اَللّٰھُمَّ صِلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَکْرَمِ الْکُرَمَآءِ مِنْ عِبَادِکَ وَ اَشْرَفِ الْمُنَادِیْنَ لِطُرُقِ رَشَادِکَ وَ سِرَاجِ اَقْطَارِکَ وَ بِلاَدِکَ صَلٰوۃً لَّا تَفْنٰی وَ لاَ تَبِیْدُ تُبَلِّغُنَا بِھَا کَرَامَۃَ الْمَزِیْدِo

دُرود شریف 531

اَللّٰھُمَّ صِلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الرَّفِیْعِ

مَقَامُهُ الْوَاجِبِ تَعْظِيْمُهُ وَ اِحْتِرَامُهُ صَلٰوةً لَا تَنْقَطِعُ اَبَدًا وَّ لَا تَفْنٰى سَرْمَدًا وَّ لَا تَنْحَصِرُ عَدَدًا ○

دُرود شریف 532

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ خَتَمْتَ بِهِ الرِّسَالَةَ وَ اَيَّدْتَّهُ بِالنَّصْرِ وَ الْكَوْثَرِ وَ الشَّفَاعَةِ ○

دُرود شریف 533

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا شَفِيْعَ الْمُذْنِبِيْنَ سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا اَحْمَدِ مُجْتَبٰى مُحَمَّدِ مُصْطَفٰى وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَ اَحْبَابِهٖ وَ ذُرِّيَّاتِهٖ وَ اَهْلِ بَيْتِهٖ وَ اَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ ○

534 دُرود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ حَبِیْبِنَا وَمَحْبُوْبِنَا
وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ وَ سَلِّمْ ○

535 دُرود شریف

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا اخْتَلَفَ
الْمَلَوَانِ وَ تَعَاقَبَ الْعَصْرَانِ وَ کَرَّ
الْجَدِیْدَانِ وَ اسْتَقْبَلَ الْفَرْقَدَانِ وَبَلِّغْ
رُوْحَہٗ وَاَرْوَاحَ اَھْلِ بَیْتِہٖ مِنَّا التَّحِیَّۃَ وَ
السَّلَامَ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ عَلَیْہِ کَثِیْرًا ○

دُرود شریف 536

علامہ ابن المشتہر علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ کی ایسی حمد کروں جو سب سے زیادہ افضل ہو جو کسی نے نہ کی ہو اور حضور پور نور سرور کائنات محمد ﷺ پر ایسا دُرود پڑھوں جو سب سے افضل شمار ہو تو وہ یہ پڑھا کرے۔

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَمَا اَنْتَ اَھْلُهٗ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا اَنْتَ اَھْلُهٗ وَ اَفْعَلْ بِمَا اَنْتَ اَھْلُهٗ فَاِنَّکَ اَنْتَ اَھْلُ التَّقْوٰی وَ اَھْلُ الْمَغْفِرَةِ ○

دُرود شریف 537

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النُّوْرِ الذَّاتِیِّ وَ السِّرِّ السَّارِیِّ فِیْ سَآئِرِ الْاَسْمَآءِ وَ الصِّفَاتِ ○

538 ایک عظیم دُرود شریف

خزینۃ الاسرار میں درج ہے کہ یہ ایک ایسا دُرود شریف ہے کہ جو شخص یہ دُرود شریف پڑھے گا تو وہ روحانی طور پر تربیت محمد یہ ﷺ میں ہوگا۔ جس نے اس دُرود شریف کو پڑھا اس نے ایسے اسرارِ عجیبہ حاصل کئے کہ بیان نہیں کیا جاسکتا۔ اس کو کثرت سے پڑھنا دنیا و آخرت میں قربت عظیمہ اور ایسی تجارت ہے کہ جس میں صرف نفع ہی نفع اور نور قلبی بڑے گا اولیاء اللہ کی زیارت کرنا معمول ہو جائے گا۔ اعلیٰ مقاصد حاصل ہوں گے رب العالمین کی رضا اور ہر کام میں کامیابی حاصل ہوگی۔ باقاعدہ پڑھنے والا بہت سے علوم سب سے بڑے مدرسے دربار رسالت سے اخذ کرے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِیْ کُلِّ لَمْحَۃٍ وَّ نَفْسٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَّعْلُوْمٍ لَّکَ ○

539 دُرود شریف (صلوٰۃ ناصری)

صلوٰۃ ناصری میں درج ہے کہ جو شخص یہ دُرود شریف پڑھے گا تو تمام مخلوق میں ممتاز ہو جائے گا۔

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا یَنْبَغِی الصَّلٰوۃُ عَلَیْہِ o

ترجمہ: یا اللہ! سلامتی بھیج حضرت محمد ﷺ پر جو اُس کے لائق ہے۔

540 دُرودِ گنج عاشقاں

خداوند کریم یہ دُرود شریف پڑھنے والے پر ایسا راضی ہوگا کہ کبھی ناراض نہ ہوگا قیامت کے روز سرکار نبی ﷺ کی شفاعت نصیب ہوگی۔

صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ اٰلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلِّمْ صَلٰوۃً وَّ سَلَامًا عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ o

دُرود شریف 541

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ رَحْمَۃً لِّلْعَالَمِیْنَ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَo

اے اللہ! دُرود بھیج اپنے حبیب رحمۃ للعالمین پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے تمام صحابہ پر۔

شرح دلائل میں ابوبکر محمد جبر علیہ الرحمہ نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ فرمایا حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جس نے کہا:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَ سَلِّمْo

اگر لیٹا ہے تو بیٹھنے سے پہلے، بیٹھا ہے تو کھڑے ہونے سے پہلے اس کے سب گناہ معاف ہو جائیں گے۔

مزرعۃ الحسنات میں لکھا ہوا ہے کہ اس دُرود شریف کو اگر ایک بار پڑھ لیا جائے تو ستر ہزار فرشتے ایک ہزار دن تک پڑھنے والے کے اعمال نامہ میں نیکیاں لکھتے رہتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّد کَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی لَہٗo

دُرود شریف 542

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ذِی الْعِزِّ وَ الْکِبْرِیَاءِ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَاتَمِ الْاَنْبِیَاءِ o

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے جو عزت و کبریائی کا مالک ہے اللہ تعالیٰ رحمت نازل فرمائے حضرت محمد ﷺ خاتم الانبیاء پر۔

دُرود شریف 543

(ہر مشکل وقت میں)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الطَّاهِرِ الزَّکِیِّ صَلَاةً تُحِلُّ بِهِ الْعُقَدُ وَ تُفِکُّ بِهَا الْکُرَبُ o

ترجمہ: اے اللہ رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر جو نبی امّی اور طاہر زکی ہیں ایسی رحمت کہ اس کی برکت سے عقدے حل ہو جائیں اور پریشانیاں دُور ہو جائیں۔

544 دُرود فیصلۂ حق

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ
الْفَرْقِ وَ الْفُرْقَانِ o وَجَامِعِ الْوَرَقِ وَمُنْزِلِہٖ
مِنْ سَمَاءِ الْقُرْاٰنِ o وَ عَلٰی اٰلِ وَ اَصْحَابِ
مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ وَ سَلِّمْ o

ترجمہ: اے اللہ! رحمت نازل فرما ہمارے آقا محمد ﷺ پر جو صحیح اور غلط کے درمیان فرق کرنے والے اور حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والے ہیں۔ قرآن پاک کے جمع کرنے والے اور آسماں سے اُتارنے والے اور رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ کی آل اور اصحاب پر اور سلام نازل فرما۔

مَنْ زَارَ قَبْرِیْ وَجَبَتْ لَهٗ شَفَاعَتِیْ (الحدیث)

جو شخص میری قبر شریف کی زیارت کرے میری شفاعت اس پر

واجب ولازم ہے

مدینہ منورہ

عشق ومحبت کا سفر

حاضری درگاہ ابدی پناہ رنگ عشقی

بھینی سہانی صبح میں ٹھنڈک جگر کی ہے
کلیاں کھلیں دلوں کی ہوا یہ کدھر کی ہے

کھبتی ہوئی نظر میں ادا کس سحر کی ہے
چبھتی ہوئی جگر میں صدا کس گجر کی ہے

ہم جائیں اور قدم سے لپٹ کر حرم کہے
سونپا خدا کو یہ عظمت سفر کی ہے

ہم گرد کعبہ پھرتے تھے کل تک اور آج وہ
ہم پر نثار ہے یہ ارادت کدھر کی ہے

کالک جبیں کی سجدۂ در سے چھڑاؤ گے
مجھ کو بھی لے چلو یہ تمنا حجر کی ہے

ڈوبا ہوا ہے شوق میں زمزم اور آنکھ سے
جھالے برس رہے ہیں یہ حسرت کدھر کی ہے

برسا جانے والوں پہ گوہر کروں نثار
ابرِ کرم سے عرض یہ میزابِ زر کی ہے

آغوشِ شوق کھولے ہے جن کے لیے حطیم
وہ پھر کے دیکھتے نہیں یہ دھن کدھر کی ہے

ہاں ہاں رہ مدینہ ہے غافل ذرا تو جاگ
او پاؤں رکھنے والے یہ جا چشم و سر کی ہے

اللہ اکبر اپنے قدم اور یہ خاک پاک
حسرت ملائکہ کو جہاں وضع سر کی ہے

معراج کا سماں ہے کہاں پہنچے زائرو
کرسی سے اونچی کرسی اسی پاک گھر کی ہے

عشاقِ روضہ سجدہ میں سوئے حرم جھکے
اللہ جانتا ہے کہ نیت کدھر کی ہے

ستر ہزار صبح ہیں ستر ہزار شام
یوں بندگیِ زلف و رخ آٹھوں پہر کی ہے

جو ایک بار آئے دوبارہ نہ آئیں گے
رخصت ہی بارگاہ سے بس اس قدر کی ہے

زندہ رہیں تو حاضریٔ بارگاہ نصیب
مر جائیں تو حیات ابد عیش گھر کی ہے

کیوں تاجدارو خواب میں دیکھی کبھی یہ شے
جو آج جھولیوں میں گدایانِ در کی ہے

جادو کشوں میں چہرے لکھے ہیں ملوک کے
وہ بھی کہاں نصیب فقط نام بھرکی ہے

طیبہ میں مر کے ٹھنڈے چلے جاؤ آنکھیں بند
سیدھی سڑک یہ شہرِ شفاعت نگر کی ہے

عاصی بھی ہیں چہیتے یہ طیبہ ہے زاہدو
مکہ نہیں کہ جانچ جہاں خیر و شر کی ہے

محبوبِ ربِّ عرش ہے اس سبز قبہ میں
پہلو میں جلوہ گاہ عتیق و عمر کی ہے

سرکار ہم گنواروں میں طرزِ ادب کہاں
ہم کو تو بس تمیز یہی بھیک بھرکی ہے

مانگیں گے مانگے جائیں گے منہ مانگی پائیں گے
سرکار میں نہ لاہے نہ حاجت اگر کی ہے
تجھ سے چھپاؤں منہ تو کروں کس کے سامنے
کیا اور بھی کسی سے توقع نظر کی ہے
لب وا ہیں آنکھیں بند ہیں پھیلی ہیں جھولیاں
کتنے مزے کی بھیک ترے پاک در کی ہے
قسمت میں لاکھ پیچ ہوں سو بل ہزار کج
یہ ساری گتھی اک تری سیدھی نظر کی ہے
جنت نہ دیں، نہ دیں تری رویت ہو خیر سے
اس گل کے آگے کس کو ہوس برگ و بر کی ہے
منگتا کا ہاتھ اٹھتے ہی داتا کی دین تھی
دوری قبول و عرض میں بس ہاتھ بھر کی ہے
سنکی وہ دیکھ باد شفاعت کہ دے ہوا
یہ آبرو رضا تیرے دامانِ تر کی ہے

شاید ہی کوئی ایسا بدنصیب ہوگا جسے کا سرکار دو عالم ﷺ کے روضہ اطہر پر حاضری کا شوق نہ ہو۔ وہ جو سرکار دو عالم ﷺ کی غلامی کو اپنے لیے باعث فخر سمجھتے ہیں دن رات اسی شوق میں تڑپتے رہتے ہیں اور جن کی ایک بار حاضری ہو جاتی ہے ان کے شوق اور تڑپ میں کمی نہیں ہوتی بلکہ وہ بار بار حاضری کے شوق میں مزید تڑپتے رہتے ہیں اور جس قدر زیادہ ان کی حاضری ہوتی ہے اسی قدر ان کی محبت' شوق اور تڑپ میں اضافہ ہوتا رہتا ہے چاہے اس میں کتنی ہی صعوبتیں ہوں اور کتنا ہی سفر کیوں نہ کرنا پڑے جب بھی یاد آتی ہے روتے رہتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ ہمارے شوق اور تڑپ میں مزید اضافہ کرے تمام ائمہ کرام اس بات پر متفق ہیں کہ سرکار رسالت مآب ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضری مستحب ہے اور آپ کی شفاعت کے حصول کا اعلیٰ ترین ذریعہ ہے۔

قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اگر لوگ اپنی جانوں پر (گناہوں کی وجہ سے) سے ظلم کر لیں تو وہ آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر اللہ سے معافی مانگیں اور رسول اللہ ﷺ ان کی سفارش فرما دیں تو اللہ تعالیٰ ان کو معاف کرے گا۔ اللہ تعالیٰ نے معافی کو سرکار دو عالم ﷺ کی بخشش اور سفارش کے ساتھ مقید کر دیا ہے یہ بات واضح طور پر آپ کی خدمت میں حاضری کے کمال فضیلت کو ظاہر کرتی ہے اور اس میں حیات اور بعد از وصال دونوں حالت میں کوئی فرق نہیں کیونکہ جس شخص نے آپ کی بعد از وصال زیارت کی وہ ایسے ہی ہے جیسے ظاہری حیات میں زیارت کی۔

امام ابو عبداللہ محمد بن احمد الانصاری القرطبی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ آپ ﷺ کے وصال کے بعد ایک اعرابی آیا اور اس نے اپنے سر پر مٹی ڈالتے ہوئے رونا شروع کیا اور عرض کرنے لگا

میں نے اپنی جان پر ظلم کیا ہے اور آپ کے پاس اس لیے آیا ہوں کہ آپ میری بخشش کیلئے اللہ کے حضور سفارش فرما دیں اس پر قبر انور سے آواز آئی اے اعرابی اللہ تعالیٰ نے تجھے معاف فرما دیا۔

۱۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا جس نے میری قبر انور کی زیارت کی اس کے لئے میری شفاعت واجب ہوگئی۔

۲۔ دوسری جگہ فرمایا جو شخص میری زیارت کے لئے آیا اور اسے میری زیارت کے علاوہ کوئی حاجت نہ تھی تو مجھ پر لازم ہوگیا کہ قیامت کے دن اس کی شفاعت کروں۔

۳۔ جس شخص نے بعد از وصال میری قبر انور کی زیارت کی گویا اس نے ظاہری حیات میں میری زیارت کی۔

۴۔ جس نے حج کیا اور میری زیارت نہ کی اس نے مجھ سے جفا کی۔ زیارت نبوی ﷺ فی الحقیقت خالص توحید اور ایمان صادق ہے اس میں نہ شرک ہے اور نہ شرک کا شبہ اس لیے کہ زیارت کرنے والا ہر شخص اس بات کا اقرار کرتا ہے کہ حضور اکرم ﷺ عظیم فضل، کمال احسان، اتمام نعمت، شرف میں مقام آخر اور اللہ تعالیٰ کیلئے عبودیت خاصہ کے مقام پر فائز ہیں اور یہ عین توحید ہے۔

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے کہ حضور اکرم ﷺ کی زیارت کا قصد کرنا اور مسجد نبوی علی صاحبہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت کرنا حج مقبول کے برابر ہے اور جو حج کر کے آیا ہے اس کی بھی قبولیت کا ذریعہ اور سبب ہے۔

مدینہ منورہ عشق ومحبت کا سفر

مدینہ منورہ جانے لگے تو افضل ہے کہ خود آپ ﷺ کی زیارت کی نیت کرے بعض محققین نے روضہ اطہر اور مسجد نبوی ﷺ دونوں کی زیارت کی نیت کرنے کیلئے لکھا ہے اور بعض نے صرف روضہ اطہر کی زیارت کی نیت کرنے کو کہا ہے۔

مدینہ طیبہ کا سفر عشق ومحبت کا سفر ہے یہ شوق واشتیاق کی وادی ہے یہ سفر ایک بہت بڑی اور اہم عبادت ہے اس سفر میں ضروری ہے کہ تمام آداب ومستحبات کو ملحوظ رکھے۔ شوق وذوق میں ڈوب کر سفر کیا جائے جیسے جیسے قربت ہوتی جائے شوق میں اضافہ ہوتا جائے آنکھیں وفور شوق سے اشکبار رہیں شیخ ابوالفضل الجوہری رحمۃ اللہ علیہ جب شہر مدینہ کے قریب پہنچے تو روتے ہوئے پیدل چل پڑے۔

دوران سفر ہمیشہ شوق، محبت اور عشق اور سرکار دو عالم ﷺ کی زیارت کا بے انتہا اشتیاق اور اس دربار عالی میں پہنچنے کی تمنا ہو آنحضرت ﷺ کے دیدار اور دریائے عشق ومحبت میں ڈوبا رہے کاہلی اور سستی سے بچے ہر وقت خوش رہے اچھے اخلاق کا مظاہرہ کرے نیک کام کی کثرت کرے ادب ملحوظ رکھے اطاعت کرے روحانیت غالب رہے اور نورانیت ظاہر ہو۔

دوران سفر ہر وقت دل کو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی عظمت اور جلال سے معمور رکھے ہر وقت حضور ﷺ کی عظمت کا لحاظ رکھے اور اظہار محبت میں کمی نہ کرے۔

درود شریف سرکار دو عالم ﷺ سے قرب روحانی اور باطنی تعلق قائم کرنے کا بہترین وسیلہ ہے کثرت سے درود شریف پڑھنے والے پر اللہ اور اس کے حبیب ﷺ کے خصوصی انعامات ہوتے ہیں۔

حدیث شریف میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کی ایک جماعت پیدا کی ہے جو زیارت کے لیے آنے والوں کے درودوں کے تحفے دربار نبوی ﷺ میں پہنچاتے ہیں اور عرض کرتے ہیں سرکار سیدنا طاہر علاؤ الدین رحمۃ اللہ علیہ کا غلام زیارت کیلئے آرہا ہے اور درود کا تحفہ پہلے بھیجتا ہے۔

دوسری حدیث میں ہے کہ جب یہ غلام مدینہ طیبہ کے قریب پہنچتا ہے تو رحمت کے فرشتے تحفے لیکر اس کے استقبال کو آتے ہیں اور اس کو طرح طرح کی بشارتیں سناتے ہیں اور نورانی طبق اس کے اوپر نثار کرتے ہیں۔

شہر مدینہ کے آداب

او پاؤں رکھنے والے یہ جا چشم وسر کی ہے

امام مالک رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ میں قیام پذیر تھے اس لیے آپ کو امام دارالہجرہ کہا جاتا ہے۔ حضور اکرم ﷺ کے آثار، زیارات، شہر مدینہ مسجد نبوی ﷺ اور تمام مقامات حتیٰ کہ شہر مدینہ کی مٹی کا جو ادب واحترام اور اس کی تعظیم امام مالک رضی اللہ عنہ کرتے تھے اس کے متعلق تمام کتب ان تمام آداب کے بیان سے بھری ہوئی ہیں آپ شہر مدینہ میں سواری پر سوار نہیں ہوتے تھے آپ فرماتے تھے اللہ تعالیٰ سے حیا آتی ہے کہ اس شہر میں سواری استعمال کروں جس میں حضور ﷺ اکرم کا جسم اطہر ہے۔

آپ کی مجلس میں جب حضور اکرم ﷺ کا ذکر مبارک ہوتا تو آپ کا رنگ متغیر ہو جاتا، سر جھک

جاتا اور یہی وہ تعظیم وتوقیر تھی جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو دوسروں سے ممتاز فرما دیا تھا اور لوگوں کے دلوں میں آپ کی تعظیم پیدا کر دی تھی۔

مندرجہ بالا احادیث اور واقعات بیان کرنے کا مقصد زائرین مدینہ کو یہ احساس دلانا ہے کہ شہر مدینہ میں قیام کے دوران ادب اور تعظیم کو ملحوظ رکھا جائے جتنا عرصہ قیام کرے اس کو زندگی کے بہترین لمحات جانے اور ادھر ادھر کی باتوں اور بازاروں میں وقت ضائع نہ کرے بے جا شور و غل سے باز رہے۔

شہر میں داخل ہوتے وقت اس شہر پاک کی عزت وحرمت کا خاص خیال رکھے خشوع و خضوع کی حالت میں شہر میں داخل ہوتے وقت یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَ مِنْكَ السَّلَامُ وَ اِلَيْكَ يَرْجِعُ
السَّلَامُ ط فَحَيِّنَا رَبَّنَا بِالسَّلَامِ وَ اَدْخِلْنَا دَارَ السَّلَامِ ط
تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَ تَعَالَيْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ ○ رَبِّ
اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّ اَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّ
اجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطَانًا نَّصِيْرًا ○ وَ قُلْ جَآءَ الْحَقُّ

وَ زَهَقَ الْبَاطِلُ ط اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ۝ وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَ لَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۝

جب زائر حرم مدینہ میں پہنچے تو صلوۃ وسلام کے بعد کہے اے اللہ یہ وہ جگہ ہے جسے تو نے اپنے پیارے حبیب ﷺ کی زبان مقدس کے ذریعہ حرم بنا دیا اور آپ ﷺ نے تیری بارگاہ میں عرض کیا کہ اس حرم میں خیر و برکت کو دوگنا فرما جو تیرے گھر مسجد حرام میں ہے۔

اے اللہ مجھے آگ پر حرام فرما اور روز قیامت اپنے عذاب سے محفوظ فرما مجھے وہ عطا فرما جو تو نے اپنے اولیاء اور اہل اطاعت کو عطا فرمایا مجھے حسن ادب فعل خیرات اور ترک منکرات کی توفیق دے اے اللہ مجھے بہتر طور پر داخل فرما اور بہتر طریقے پر رخصت فرما۔ دل میں شہر مدینہ کے شرف کا بار بار تصور لائے اور کہے کہ یہ شہر پاک اور جگہ تمام مقامات سے بالاتفاق افضل ہے۔

تمام اعضاء کو گناہوں سے روکے اور حضور اکرم ﷺ پر درود کا کثرت سے ورد جاری رکھے اور یہ تصور کرے کہ آپ ﷺ کا دربار عالی وہ دربار ہے کہ ادنیٰ سی گستاخی اور بے ادبی (مثلاً شور وغل وغیرہ) بربادی اعمال کا سبب ہو جاتی ہے۔

شہر مدینہ میں قیام کے دوران اس کی جلالت وعزت کا ہمیشہ خیال رکھے یہ تصور کرے کہ یہاں جبرائیل امین بار بار اللہ کا پیغام وحی کی صورت میں لیکر آتے تھے جہاں تک ممکن ہو پیدل چلے کسی سواری پر سوار نہ ہو۔ امام مالک رضی اللہ عنہ کہتے تھے کہ میں اللہ تعالیٰ سے اس بارے میں

حیا کرتا ہوں کہ میری سواری کے پاؤں اس جگہ کو روندیں جس جگہ آپ ﷺ تشریف فرما ہیں دوسری روایت میں ہے مجھے اس بات سے ڈر لگتا ہے کہ کہیں چارپائے کا پاؤں آپ ﷺ کے نقش پا پر نہ آجائے۔

مدت قیام اپنے آپ کو خشیت و تعظیم کا پیکر بنائے تواضع اختیار کرے اور آواز کو پست رکھے آپ کی عزت و حرمت بعد وصال بھی وہی ہے جو قبل از وصال تھی۔

اہل مدینہ سے محبت کرے خصوصاً وہاں کے علماء صلحا اور خدام سے، اسی طرح عوام و خواص سے حتیٰ کہ اس کا بھی احترام کرے جس میں پڑوسی ہونے کے علاوہ کوئی صفت نہ ہو آپ ﷺ کا پڑوسی ہونا خود بڑی عزت ہے اس میں کوئی مخصوص پڑوسی مراد نہیں خواہ کوئی ہو جب کسی شخص کا پڑوسی ہونا ثابت ہو گیا تو اب اس کے دیگر اعمال نہیں بلکہ اس کا پڑوسی ہونا اسے ذی احترام بناتا ہے کوئی برائی اسے پڑوسی ہونے سے خارج نہیں کر دیتی۔

حرم شریف یا کسی مقام سے مٹی وغیرہ نہ لائے ہاں البتہ ہدیہ لے جائے اس کے لیے شہر مدینہ کے پھل، کھجور اور اس کے کنوؤں کا پانی سب سے بہتر ہدیہ ہے۔

مدینہ طیبہ کی یہ بھی فضیلت ہے کہ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ تمام شہر تلوار سے فتح ہوئے مگر شہر مدینہ قرآن سے فتح ہوا۔

روضہ اطہر پر حاضری اور آداب حاضری

مدینہ طیبہ پہنچ کر نہایت اطمینان اور سکون سے سامان وغیرہ اپنے ٹھکانے پر رکھے اگر تھکن

ہوتو آرام کرلے۔اس کے بعد اچھی طرح غسل کرے، مسواک کرے، عمدہ کپڑے پہنے بہتر ہے کہ سفید کپڑے پہنے اس لیے کہ آقا ﷺ کو سفید کپڑا سب سے زیادہ پسند تھا۔پھر خوشبو لگائے اور اس طرح پاک وصاف ہوکر سکون اور وقار اور ادب واحترام کے ساتھ نظریں جھکا کر سرکار دو عالم ﷺ کے مقام مرتبے، اہمیت اور جلال کو پیش نظر رکھ کر جیسا کہ ایک غلام شہنشاہ کے دربار میں حاضر ہوتا ہے، دربار اقدس کی جانب روانہ ہو۔خیال رہے کہ یہ وہ دربار عالی ہے جہاں شہنشاہ تو شہنشاہ حضرت جبرائیل اور فرشتے بھی باادب حاضر ہوتے ہیں مسجد میں داخل ہونے سے پہلے صدقہ کرے۔مسجد نبوی علی صاحبہ الصلوٰۃ والسلام میں داخل ہوتو باب جبرائیل سے داخل ہونا افضل ہے۔مسجد شریف میں داخل ہوتے وقت پہلے داہنا قدم رکھے اور یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ط
اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِىْ ذُنُوْبِىْ وَ افْتَحْ لِىْٓ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ ط
اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِى الْيَوْمَ مِنْ اَوْجَهِ مَنْ تَوَجَّهَ اِلَيْكَ وَ اَقْرَبِ
مَنْ تَقَرَّبَ اِلَيْكَ وَ اَنْجَحِ مَنْ دَعَاكَ وَ ابْتَغٰى مَرْضَاتَكَ

یہ دعا مسجد میں داخل ہوتے وقت اور نکلتے وقت ضرور پڑھے لیکن نکلتے وقت ابواب رحمتك کی جگہ اَبْوَابَ فَضْلِكَ وَ رَحْمَتِكَ کہے۔جب مسجد شریف میں داخل ہوتو نہایت

ہی خشوع وخضوع، سکون، وقار اور ادب وتعظیم کے ساتھ داخل ہو وہاں آواز بلند نہ کرے۔ خلیفہ منصور نے امام مالک رضی اللہ عنہ سے جب گفتگو کی تو آپ نے فرمایا مسجد نبوی علی صاحبہ الصلوٰۃ والسلام میں آواز بلند نہ کریں۔ اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو ادب سکھاتے ہوئے ان لوگوں کی تعریف کی جو آواز کو یہاں پست رکھتے ہیں۔ منصور نے اس بات کو تسلیم کرلیا۔ ذرا غور کریں امام مالک اور خلیفہ منصور نے اس بارگاہ اور مسجد شریف کا کتنا ادب کیا۔ اسی طرح حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے بارے میں ہے کہ آپ نے طائف سے آئے ہوئے دو آدمیوں کو فرمایا اگر تم مدینہ شہر کے ہوتے تو میں تمہیں سزا دیتا کہ رسول اللہ ﷺ کی مسجد میں بلند آواز سے بات کر رہے ہو۔ جب مسجد شریف میں آئے اعتکاف کی نیت کرے اگرچہ مسجد میں تھوڑی دیر ہی ٹھہرنا ہو۔ پھر ریاض الجنتہ میں بڑے خشوع وخضوع کے ساتھ نظریں جھکا کر درود کے نذرانے پیش کرتا ہوا جائے۔

مسجد شریف کی زینت وآرائش کی طرف متوجہ نہ ہو۔ مصلّٰی رسول ﷺ پر کہ اب اس جگہ پر محراب بنی ہے اگر جگہ خالی ہو تو وہاں یا اس کے قریب یا منبر کے قریب یا کسی جگہ دو رکعت نماز تحیتہ المسجد ادا کرلے ان میں سورۃ الکافرون اور سورۃ اخلاص کی تلاوت کرے۔ اگر فرض نماز کے لیے تکبیر ہو جائے یا نماز کا وقت جا رہا ہو تو ایسی صورت میں فرض نماز ادا کرے اس سے تحیتہ المسجد ادا ہو جائے گی۔ پھر اللہ کی حمد وثناء کرے اور سجدۂ شکر بجالائے اور اس سے رضا توفیق اور قبولیت کی دعا کرے اللہ کے حضور سخت آہ وزاری کے ساتھ عرض کرے کہ وہ زیارت نبوی ﷺ کی برکات عطا فرمائے۔ یقین رکھے کہ یہ ایسا دربار ہے کہ کوئی طالب صادق اور سائل اس دروازے سے محروم نہیں ہوتا۔

اس کے بعد اللہ سے توفیق مانگتے ہوئے ادب واحترام، خضوع وخشوع، وقار وانکساری سے

آنکھیں جھکائے ہوئے اعضاء ساکن وساکت نماز کی طرح دائیاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھے ہوئے مواجہ شریف میں حاضر ہوجائے آج کل وہاں سنہری جالی ہے۔آپ کی خدمت میں اس طرح حاضری دی جائے جس طرح آپ کی ظاہری حیات میں دی جاتی تھی۔زائر کو اپنی نظریں نیچی رکھنی چاہئیں مسجد کی زیب وزینت کی طرف متوجہ نہ ہو اور نہ ہی ادھر ادھر دیکھے کیونکہ آپ ﷺ زائر کی حاضری قیام اور زیارت سے آگاہ ہوتے ہیں۔زیارت قبر انور کی طرف چلیں تو اس طرح ادب کے ساتھ جیسے کوئی سر کے بل جاتا ہے۔قبر انور کے سامنے اس طرح کھڑے ہوں کہ ہمارے ظاہر و باطن میں خضوع اور تذلل ہو۔اس طرح آپ کی ہیبت ورعب طاری ہو کہ کھڑے ہونے والے پر کپکپی کا ایک سماں ہو' آنکھوں سے آنسوؤں کے چشمے پھوٹ پڑیں جو دیر تک خشک نہ ہونے پائیں پر خبردار چیخ یا بلند آواز نہ ہونے پائے۔زائر اپنے ذہن میں آپ ﷺ کی مبارک صورت پاک کو محسوس کرے اور اپنے دل میں آپ ﷺ کے عظیم مرتبے کو حاضر رکھے۔پھر بڑے خلوص پیار اور محبت سے سلام عرض کرے' نہ اس میں بلند آواز ہو اور نہ ہی زیادہ پست' شرم اور حیا سے متصف ہو کر سلام عرض کرے السلام علیك ایها النبی الکریم و رحمة الله و برکاته تین بار کہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ ط

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حَبِيْبَ اللّٰهِ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَيْرَ
خَلْقِ اللّٰهِ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُدَّثِّرُ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ
الرَّحْمَةِ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَفِيْعَ الْاُمَّةِ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا
اَبَا الْقَاسِمِ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بَشِيْرُ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا
نَذِيْرُ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَكْرَمَ وُلْدِ اٰدَمَ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا
سَيِّدَ الْاَنْبِيَآءِ وَ الْمُرْسَلِيْنَ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَاتَمَ
النَّبِيِّيْنَ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا قَآئِدَ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ ط اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ يَا قَآئِدَ الْخَيْرِ وَ فَاتِحَ الْبِرِّ وَ هَادِيَ الْاُمَّةِ ط اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ وَ عَلٰٓى اَهْلِ بَيْتِكَ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ الَّذِيْنَ
اَذْهَبَ اللّٰهُ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَ طَهَّرَهُمْ تَطْهِيْرًا ط اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ وَ عَلٰٓى اَصْحَابِكَ اَجْمَعِيْنَ وَ عَلٰى سَآئِرِ الْاَنْبِيَآءِ

وَ الْمُرْسَلِيْنَ وَ عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ ط جَزَاكَ اللّٰهُ يَا
رَسُوْلَ اللّٰهِ اَحْسَنَ وَاَفْضَلَ مَا جَزٰى نَبِيًّا عَنْ قَوْمِهٖ وَ
رَسُوْلًا عَنْ اُمَّتِهٖ ط اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا
شَرِيْكَ لَهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّكَ عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ وَ اَمِيْنُهٗ وَ صَفِيُّهٗ
وَ خِيَرَتُهٗ مِنْ خَلْقِهٖ ط اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ الرِّسَالَةَ وَ
اَدَّيْتَ الْاَمَانَةَ وَ نَصَحْتَ اُمَّتَكَ وَ اَوْضَحْتَ الْحُجَّةَ وَ
جَاهَدْتَّ فِى اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ وَ اَقَمْتَ الدِّيْنَ وَ
جَاهَدْتَّ عَدُوَّكَ وَ عَبَدْتَّ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ط يَا
خَيْرَ الرُّسُلِ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَ جَلَّ اَنْزَلَ عَلَيْكَ كِتَابًا
صَادِقًا قَالَ فِيْهِ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا
اللّٰهَ وَ اسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ۝

بعض بزرگان دین مثلاً ابن عمر رضی اللہ عنہما کے نزدیک اختصار پسندیدہ ہے لیکن یہ اختصار تو غالباً روزانہ زیارت کرنے والوں کو یا تنگی وقت مثلاً نماز وغیرہ کیلئے ہوسکتا ہے ورنہ وہ مشتاق کہ جس کا دل شوق سے اور سینہ عمر بھر جدائی سے پر ہے اور لمبی مسافتوں کو طے کر کے پیارے آقا ﷺ کے دربار میں پہنچا ہو کیسے اختصار کرسکتا ہے۔ اکثر علماء کے نزدیک صلوٰۃ وسلام میں دیر کرنا پسندیدہ ہے اس لیے کہ نبی کریم ﷺ کے دربار اقدس میں کھڑا ہونا اور آپ ﷺ کے حضور خطاب کرنا کتنی بڑی سعادت ہے اگر دوستوں نے نصیحت کی ہو تو ان کے نام لے کر ان کی طرف سے سلام عرض کریں کتاب کے آخر میں مختلف سلام لکھے ہیں پس حسب توفیق سلام عرض کریں اگر کوئی کھڑا نہیں ہوسکتا ہے یا کھڑے کھڑے تھک جائے تو بیٹھ کر سلام عرض کرے۔

زیارت حضرت سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

اب ذرا دائیں ہاتھ کو ہٹ کر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی زیارت کریں اور پڑھیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدَنَا اَبَا بَكْرِنِ الصِّدِّيْقَ ط اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ يَا خَلِيْفَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ عَلَى التَّحْقِيْقِ ط اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ يَا صَاحِبَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي
الْغَارِ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ اَنْفَقَ مَالَهٗ كُلَّهٗ فِيْ حُبِّ اللّٰهِ

وَ حُبِّ رَسُوْلِهٖ حَتّٰی تَخَلَّلَ بِالْعَبَا رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی
عَنْكَ وَ اَرْضَاكَ اَحْسَنَ الرِّضَا وَ جَعَلَ الْجَنَّةَ مَنْزِلَكَ وَ
مَسْكَنَكَ وَ مَحَلَّكَ وَ مَاْوٰكَ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَآ اَوَّلَ
الْخُلَفَآءِ وَ تَاجَ الْعُلَمَآءِ وَ صِهْرَ النَّبِيِّ الْمُصْطَفٰی وَ
رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ ط

حضرت سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی زیارت

اور ذرا ہٹ کر سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں سلام عرض کرے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا
نَاطِقًا بِالْعَدْلِ وَ الصَّوَابِ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حَنَفِيَّ
الْمِحْرَابِ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُكَسِّرَ الْاَصْنَامِ ط اَلسَّلَامُ

عَلَيْكَ يَآ اَبَا الْفُقَرَآءِ وَ الضُّعَفَآءِ وَ الْاَرَامِلِ وَ الْاَيْتَامِ ط
اَنْتَ الَّذِىْ قَالَ فِىْ حَقِّكَ سَيِّدُ الْبَشَرِ لَوْ كَانَ نَبِيٌّ مِّنْ
بَعْدِىْ لَكَانَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ ط رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْكَ
وَ اَرْضَاكَ اَحْسَنَ الرِّضَا وَ جَعَلَ الْجَنَّةَ مَنْزِلَكَ وَ
مَسْكَنَكَ وَ مَحَلَّكَ وَ مَاْوٰكَ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ثَانِىَ
الْخُلَفَآءِ وَ تَاجَ الْعُلَمَآءِ وَ صِهْرَ النَّبِيِّ الْمُصْطَفٰى وَ
رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ ط

علماء امت نے بیان کیا ہے کہ جو شخص زیارت نبوی کے لئے حاضری دے اس کے لئے مستحب ہے کہ وہ دعا کے لئے قبر انور کی طرف منہ کر کے کھڑا ہو اور اللہ تعالیٰ سے خیر و فضل کی دعا کرے۔ ابو جعفر منصور نے امام مالک رضی اللہ عنہ سے پوچھا یا عبداللہ! میں قبلہ کی طرف منہ کر کے دعا کروں یا پھر رسول اللہ ﷺ کی طرف منہ کروں؟ امام مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا تو اپنا منہ سرکار دو عالم ﷺ سے کیوں پھیرتا ہے جو تیرا اور تیرے جد امجد آدم علیہ السلام کا اللہ کی بارگاہ میں قیامت کے دن وسیلہ ہیں آپ کی طرف رخ کر کے آپ ﷺ سے شفاعت کا سوال کر اللہ تعالیٰ آپ کی شفاعت قبول فرماتا ہے۔

شارح الشفاء امام خفاجی رحمۃ اللہ علیہ امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے یوں بیان کرتے ہیں ہمارے علماء نے تصریح کی ہے کہ مستحب یہ ہے کہ حاضری دیتے وقت قبر انور کی طرف منہ کیا جائے اور قبلہ کی طرف پشت پھر سلام عرض کیا جائے پھر شیخین سیدنا ابوبکر صدیق اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کی خدمت میں سلام عرض کیا جائے اور پھر پہلی جگہ لوٹ کر دعا کی جائے۔

امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضرت ایوب الختیانی رحمۃ اللہ علیہ حاضری کیلئے آئے تو میں مدینہ منورہ میں تھا میں نے چاہا کہ دیکھوں یہ حاضری کے وقت کیا کرتے ہیں پس انہوں نے پشت قبلہ کی طرف اور چہرہ آپ کی طرف کیا اور خوب آنسوؤں سے روئے۔

بزرگانِ دین سے منقول ہے کہ جو شخص آنحضرت ﷺ کی قبر انور کے نزدیک یہ آیت پڑھے۔

اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ○ اس کے بعد ستر مرتبہ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَسَلَّمَ يَا مُحَمَّدُ ؕ

پڑھے تو ایک فرشتہ آسمان سے آواز دیتا ہے:

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا فُلَانُ

اے فلاں آج کے دن تیری کوئی ایسی حاجت باقی نہیں رہے گی جو پوری نہ ہو۔ بہتر یہ ہے پڑھے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

اس کے بعد قبر انور اور استوانہ کے درمیان کھڑا ہو کر حمد وثناء دعا اور سرکار دو عالم ﷺ پر صلوۃ وسلام پڑھے۔ پھر منبر کے پاس آئے جو آپ کی جائے نشست پر تعمیر کیا گیا ہے وہاں دعا کرے کیونکہ اس مقام پر دعا قبول ہوتی ہے۔ اصحاب رسول ﷺ منبر کے اس حصے کو جسے آپ کے دست اقدس نے چھوا تھا، پکڑتے مس کرتے اور منہ پر ہاتھ مل لیتے پھر قبلہ کی طرف رخ کر کے نماز پڑھتے اور دعا کرتے۔

روضہ اقدس کی دیوار اور جالیوں سے دور رہے نہ اسے بوسہ دے نہ اس کا طواف کرے نہ اپنے بدن کے کسی حصہ کو مس کرے ادب یہی ہے کہ جس طرح ظاہری حیات میں انسان حاضری دیتا ہے اسی طرح بعد از وصال دے۔ روضہ انور کی طرف پشت نہ کی جائے۔

جب بھی روضہ اطہر کے پاس سے گزرے خواہ مسجد نبوی علی صاحبہ الصلوٰۃ والسلام کے اندر یا باہر ضرور کھڑے ہو کر سلام عرض کرے۔ امام سبکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ زیارت وحاضری کو نہایت اعلیٰ وافضل عمل قرار دیتے ہیں مگر احتیاط کے پیش نظر کثرت کو مکروہ جانتے ہیں تاکہ بے ادبی نہ ہو جائے باقی تینوں ائمہ امام ابوحنیفہ امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہم زیارت اور اس میں کثرت کو مستحب قرار دیتے ہیں کیونکہ خیر میں کثرت خیر ہی کہلاتی ہے۔

کثرت کے ساتھ درود وسلام پڑھنا' روزہ رکھنا' پانچوں وقت نماز آپ ﷺ کی مسجد میں

باجماعت ادا کرنا نوافل کی کثرت کرنا درود شریف کی کثرت زیادہ بہتر ہے خصوصاً مسجد شریف کے اس حصے میں کوشش کر کے بیٹھے جو قدیم مسجد ہے اور ان مقامات پر جو بابرکت ہیں خصوصاً قدمین شریفین، ریاض الجنۃ، مقام اصحاب صفہ اور مقام تہجد وغیرہ۔

شہر نبی ﷺ میں ایک دفعہ پورے قرآن کریم کی تلاوت کرے۔ حضور ﷺ نے فرمایا جس نے مسجد نبوی میں چالیس نمازیں متواتر ادا کیں اس کیلئے عذاب جہنم اور نفاق سے نجات لکھ دی جاتی ہے۔

مسجد شریف میں جانے میں تاخیر نہ کرے اگر بعد میں گیا تو جہاں جگہ ملی ہے وہاں نماز ادا کرے بعد میں آنے والا اگر کسی خاص مقام مثلاً قدمین شریفین ریاض الجنۃ وغیرہ میں جانے کی کوشش کرے گا تو خرابیاں لازم آئیں گی۔ نمازیوں کو تکلیف دینا، گردنوں کو پھلانگنا، صفوں کو منقطع کرنا اور ذکر الٰہی میں مشغول لوگوں کو پریشان کرنا بعض اوقات اسی سبب سے جھگڑے کا خطرہ ہوتا ہے۔ الغرض ایسا کرنے سے انسان وصولی سنت کیلئے حرام کا مرتکب اور خیر کے حصول کی خاطر شر میں ملوث ہو جاتا ہے۔

آپ ﷺ کی خدمت اقدس میں سلام کے بعد ہر روز جنت البقیع جانا مستحب ہے خصوصاً جمعہ کے دن مسجد قبا اور احد کے شہدا کی خدمت میں جانا نہ بھولے۔

سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے تھے حضور اکرم ﷺ کی ظاہری حیات اور بعد از وصال دونوں حالتوں میں آواز کا بلند کرنا منع ہے سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا یہ معمول تھا کہ جب کوئی مسجد نبوی علی صاحبہ الصلوٰۃ والسلام کی دیواروں میں کیل لگاتا اور اس سے آواز پیدا ہوتی تو آپ پیغام بھجواتیں محبوب خدا ﷺ کو تکلیف مت دو۔

شیخ مجد الدین فیروز آبادی فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ کے حجرہ انور کو ہمیشہ دیکھتے رہنا عبادت ہے جس طرح کعبہ کو دیکھنا۔

جب زائر مسجد نبوی شریف سے باہر ہو تو آپ ﷺ کے گنبد خضرا کو تکتا رہے ہاں ادب کا خیال رکھے

جنت البقیع میں یہ دعا پڑھیں۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَآ اَهْلَ الْبَقِيْعِ يَآ اَهْلَ الْجَنَابِ الرَّفِيْعِ ط
اَنْتُمُ السَّابِقُوْنَ وَ نَحْنُ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ ط
اَبْشِرُوْا بِاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَ اَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ
مَنْ فِى الْقُبُوْرِ ط اَنْسَكُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى وَ شَرَّفَكُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى
بِقَوْلِ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ
اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ ط
اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا سَيِّدَتَنَا فَاطِمَةُ الزَّهْرَاءِ يَا بِنْتَ رَسُوْلِ
اللّٰهِ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ نَبِيِّ اللّٰهِ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا

بِنْتَ حَبِيْبِ اللّٰهِ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ الْمُصْطَفٰى ط
اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا خَامِسَةَ اَهْلِ الْكِسَآءِ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا
زَوْجَةَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ سَيِّدِنَا عَلِيِّ نِ الْمُرْتَضٰى كَرَّمَ
اللّٰهُ تَعَالٰى وَجْهَهٗ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَآ اُمَّ الْحَسَنِ وَ
الْحُسَيْنِ السَّيِّدَيْنِ الشَّهِيْدَيْنِ الْكَوْكَبَيْنِ الْقَمَرَيْنِ
النَّيِّرَيْنِ سَيِّدَيْ شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فِى الْجَنَّةِ اَبِىْ مُحَمَّدٍ نِ
الْحَسَنِ وَ اَبِىْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنِ رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى
عَنْهُمَا وَ عَنْكِ وَ اَرْضَاكِ اَحْسَنَ الرِّضَا وَ جَعَلَ الْجَنَّةَ
مَنْزِلَكِ وَ مَسْكَنَكِ وَ مَحَلَّكِ وَ مَاْوَاكِ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ
وَ عَلٰٓى اَبِيْكِ الْمُصْطَفٰى وَ بَعْلِكِ عَلِيِّ نِ الْمُرْتَضٰى وَ
ابْنَيْكِ الْحَسَنَيْنِ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ

محل القیام

مَرْحَبَا یَا مَرْحَبَا یَا مَرْحَبَا

مَرْحَبَا جَدَّ الْحُسَیْنِ مَرْحَبَا

یَانَبِیُّ سَلَامٌ عَلَیْکَ

یَا رَسُوْلُ سَلَامٌ عَلَیْکَ

یَاحَبِیْبُ سَلَامٌ عَلَیْکَ

صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْکَ

اَنْتَ شَمْسٌ اَنْتَ بَدْرٌ

اَنْتَ نُوْرٌ فَوْقَ نُوْرٌ

یَاحَبِیْبِیْ یَا مُحَمَّدُ

یَاعَرُوْسَ الْخَافِقَیْنِ

یَا مُؤَیَّدُ یَا مُمَجَّدُ

یَا اِمَامَ الْقِبْلَتَیْنَ

سلام

از حضرت عشقی رحمۃ اللہ علیہ

یَا شَفِیْعَ الْوَرٰی سَلَامٌ عَلَیْکَ
یَا نَبِیَّ الْھُدٰی سَلَامٌ عَلَیْکَ
خَاتَمَ الْاَنْبِیَآءِ سَلَامٌ عَلَیْکَ
سَیِّدَ الْاَصْفِیَآءِ سَلَامٌ عَلَیْکَ
اَحْمَدُ لَیْسَ مِثْلُکَ اَحْمَدُ
مُجْتَبٰی مُصْطَفٰی سَلَامٌ عَلَیْکَ
اَعْظَمَ الْخَلْقِ اَشْرَفَ الشُّرَفَآءِ
اَفْضَلَ الْاَزْکِیَآءِ سَلَامٌ عَلَیْکَ
وَاجِبٌ حُبُّکَ عَلَی الْمَخْلُوْقِ
یَاحَبِیْبَ الْعُلٰی سَلَامٌ عَلَیْکَ

مصطفےٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

(امام احمد رضا خان بریلوی علیہ الرحمۃ)

مصطفےٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمع بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام

مہرِ چرخِ نبوت پہ روشن دُرود
گلِ باغِ رسالت پہ لاکھوں سلام

شہریارِ ارم تاجدارِ حرم
نوبہارِ شفاعت پہ لاکھوں سلام

شبِ اسرٰی کے دولہا پہ دائم درود
نوشۂ بزمِ جنت پہ لاکھوں سلام

عرش کی زیب و زینت پہ عرشی دُرود
فرش کی طیب و نزہت پہ لاکھوں سلام

صاحبِ رجعتِ شمس و شق القمر
نائبِ دستِ قدرت پہ لاکھوں سلام

فتحِ بابِ نبوت پہ بے حد دُرود
ختمِ دورِ رسالت پہ لاکھوں سلام

مجھ سے بے بس کی قوت پہ لاکھوں سلام
ہم غریبوں کے آقا پہ بے حد دُرود

جس کے آگے سرِ سروراں خم رہیں
اس سرِ تاج رفعت پہ لاکھوں سلام

دُور و نزدیک سے سننے والے وہ کان
کانِ لعل کرامت پہ لاکھوں سلام

لیلۃ القدر میں مطلع الفجر حق
مانگ کی استقامت پہ لاکھوں سلام

جس کے ماتھے شفاعت کا سہرا رہا
اس جبین سعادت پہ لاکھوں سلام

جن کے سجدے کو محراب کعبہ جھکی
ان بھوؤں کی لطافت پہ لاکھوں سلام

جس طرف اٹھ گئی دم میں دم آگیا
اس نگاہ عنایت پہ لاکھوں سلام

وہ زباں جس کو سب کن کی کنجی کہیں
اس کی نافذ حکومت پہ لاکھوں سلام

جن کے گچھے سے لچھے جھڑیں نور کے
ان ستاروں کی نزہت پہ لاکھوں سلام

جس کی تسکین سے روتے ہوئے ہنس پڑیں
اس تبسم کی عادت پہ لاکھوں سلام

کل جہاں مِلک اور جَو کی روٹی غذا
اس شکم کی قناعت پہ لاکھوں سلام

جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند
اس دل افروز ساعت پہ لاکھوں سلام

اللہ اللہ وہ بچپنے کی پھبن
اس خدا بھاتی صورت پہ لاکھوں سلام

جس کے آگے کھنچی گردنیں جھک گئیں
اس خداداد شوکت پہ لاکھوں سلام

کس کو دیکھا یہ موسیٰ سے پوچھے کوئی
آنکھ والوں کی ہمت پہ لاکھوں سلام

ان کے مولیٰ کی ان پر کروڑوں درود
ان کے اصحاب و عترت پہ لاکھوں سلام

غوث اعظم امام التقی والنقی
جلوۂ شان قدرت پہ لاکھوں سلام

بے عذاب و عتاب وحساب وکتاب
تاابد اہل سنت پہ لاکھوں سلام

ایک میرا ہی رحمت پہ دعویٰ نہیں
شاہ کی ساری امت پہ لاکھوں سلام

کاش محشر میں جب اُن کی آمد ہو اور
بھیجیں سب ان کی شوکت پہ لاکھوں سلام

مجھ سے خدمت کے قدسی کہیں ہاں رضاؔ
مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

اے صبا مصطفیٰ سے کہہ دینا ﷺ

اے صبا مصطفیٰ سے کہہ دینا غم کے مارے سلام کہتے ہیں
یاد کرتے ہیں تم کو شام و سحر دل ہمارے سلام کہتے ہیں
اللہ اللہ حضور کی باتیں مرحبا رنگ و نور کی باتیں
چاند جن کی بلائیں لیتا ہے اور تارے سلام کہتے ہیں
اللہ اللہ حضور کے گیسو بھینی بھینی مہکتی وہ خوشبو
جس سے معمور ہے فضا ہر سو وہ نظارے سلام کہتے ہیں
جب محمد کا نام آتا ہے رحمتوں کا پیام آتا ہے
لب ہمارے درود پڑھتے ہیں دل ہمارے سلام کہتے ہیں
زائر طیبہ تو مدینے میں پیارے آقا سے اتنا کہہ دینا
آپ کی گردِ راہ کو آقا بے سہارے سلام کہتے ہیں
عاشقوں کا سلام لے جاؤ غم زدوں کا سلام لے جاؤ
یہ تڑپتے بلکتے دیوانے ان کا بھی کچھ پیام لے جاؤ
ذکر ہے آخری مہینے کا تذکرہ چھڑ گیا مدینے کا
حاجیو مصطفیٰ سے کہہ دینا غم کے مارے سلام کہتے ہیں
اذن مل جائے گر مدینے کا کام بن جائے گا کمینے کا
حاجیو مصطفیٰ سے کہہ دینا غم کے مارے سلام کہتے ہیں

یارسول اللہ تیرے در کی فضاؤں کو سلام ﷺ

یارسول اللہ تیرے در کی فضاؤں کو سلام
گنبد خضرا کی ٹھنڈی ٹھنڈی چھاؤں کو سلام

والہانہ جو طوافِ روضۂ اقدس کریں
مست و بے خود و وجد میں آتی ہواؤں کو سلام

جو مدینے کی گلی کوچوں میں دیتے ہیں صدا
تاقیامت ان فقیروں اور گداؤں کو سلام

مانگتے ہیں جو وہاں شاہ و گدا بے امتیاز
دل کی ہر دھڑکن میں شامل ان دعاؤں کو سلام

اے ظہوری خوش نصیبی لے گئی جن کو حجاز
ان کے اشکوں اور ان کی التجاؤں کو سلام

در پہ رہنے والے خاصوں اور عاموں کو سلام
یا نبی تیرے غلاموں کے غلاموں کو سلام

کعبۂ کعبہ کے خوش منظر نظاروں پر درود
مسجدِ نبوی کی صبحوں اور شاموں کو سلام

جو پڑھا کرتے ہیں روز و شب تیرے دربار میں
پیش کرتا ہے ظہوری ان سلاموں کو سلام

یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک

(محمد اکبر وارثی)

یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک صلوات اللہ علیک
جان کر کافی سہارا لے لیا ہے در تمہارا
خلق کے وارث خدارا لو سلام اب تو ہمارا
یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
آپ شاہ انس و جاں ہو وارث کون و مکاں ہو
رہنمائے دو جہاں ہو پیشوائے مرسلاں ہو
یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
نور رب العالمین ہو جلوۂ حق الیقین ہو
سرور دنیا و دیں ہو دل میں آنکھوں میں مکیں ہو
یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
عاشق مائل کی سن لو بانی محفل کی سن لو
سامعین کے دل کی سن لو اکبر بسمل کی سن لو
یا نبی سلام علیک یارسول سلام علیک
میرے مولا میرے سرور ہے یہی ارمان اکبر
پہلے قدموں پر رکھے سر پھر کہے یہ سر اٹھا کر
یا نبی سلام علیک یارسول سلام علیک

ہدیہ سلام دربارگاہ خیر الانام ﷺ

وبزرگانِ عظام رحمۃ اللہ علیہم معہ شجرہ پیشوائی

اے کریم و اے رحیم و اے حمید و اے مجید
صاحب لولاک احمد مجتبیٰ پر ہو سلام

آل پر ، اصحاب پر ، ازواج پر ، خدام پر
داعیان شرع و دین مصطفیٰ پر ہو سلام

مرتضیٰ ، مشکل کشا ، خضر طریق اتقاء
صدر بزم اذکیاء و اولیاء پر ہو سلام

مشعل راہ علی ، خواجہ حسن بصری ولی
ساتھ ہی ان کے حبیب عجمی پر ہو سلام

حضرت داؤد طائی و سری سقطی ولی
حاملان پرچم صدق و صفا پر ہو سلام

واقفان سرِ حق معروف کرخی و جنید
وارثان تخت و تاج اصفیا پر ہو سلام

شیخ شبلی و ابو الفضل حقیقت آشنا
باوفا و باصفا و باخدا پر ہو سلام

بوالفرح و بوالحسن ، ذی شان پیران زمن
راہبران منزل زہد و ہدٰی پر ہو سلام

آفتاب برج عرفان و شریعت بو سعید
مرشد کامل ، حبیب کبریا پر ہو سلام

پیر پیراں ، شاہ جیلاں ، نور یزداں دستگیر
شیخ عبدالقادر و غوث الورٰی پر ہو سلام

شیخ دین عبدالعزیز است و محمد التہاک
مشعلان محفل علم و ذکا پر ہو سلام

شاہ شمس الدین و شرف الدین شمس شرف دین
کاملان و مرشدان و راہنما پر ہو سلام

پیر زین الدین ، ولی الدین ، نقیبان شیوخ
پیکران جود و فخر و اتخیا پر ہو سلام

شیخ نور الدین ، و یحیٰی برگزیدہ پیشوا
بزم فقر و عشق کے نور و ضیا پر ہوسلام

واجب العزت ابی بکر و حسام الدین شاہ
جاوداں اے کبریا ان اتقیا پر ہو سلام

واقعی درویش محمد پر مدام
نیز نور الدین صفیر ذو العطا پر ہو سلام

النجیب و الشریف و سید عبدالوہاب
شیخ اسماعیل مرد باحیا پر ہو سلام
شیخ ابوبکر صغیر و عبد قادر نامور
زاہدان و مرشدان بے ریا پر ہو سلام

دستگیر بے کساں سید علی بدر النقیب
عبدالرحمٰن النقیب باوفا پر ہو سلام

شاہ محمود حسام الدین ناز خاندان
پیکر صدق و صفا و اتقا پر ہو سلام

طاہر و طیب علاؤ الدین زندہ پیشوا
اے خدا مخدوم و فخر الاتقیاء پر ہو سلام

التجا ہے ساتھ سب کے اے الٰہ العالمین
اس عزیز دل حزین و بے نوا پر ہو سلام

دُعا

یاالٰہی ہر جگہ تیری عطا کا ساتھ ہو
جب پڑے مشکل شہِ مشکل کشا کا ساتھ ہو
یاالٰہی بھول جاؤں نزع کی تکلیف کو
شادیٔ دیدار حسنِ مصطفیٰ کا ساتھ ہو
یاالٰہی گور تیرہ کی جب آئے سخت رات
اُن کے پیارے منہ کی صبحِ جانفزا کا ساتھ ہو
یاالٰہی جب پڑے محشر میں شور دارو گیر
امن دینے والے پیارے پیشوا کا ساتھ ہو
یاالٰہی جب زبانیں باہر آئیں پیاس سے
صاحبِ کوثر شہِ جود و عطا کا ساتھ ہو
یاالٰہی سرد مہری پر ہو جب خورشیدِ حشر
سید بے سایہ کے ظلِ لوا کا ساتھ ہو
یاالٰہی گرمیٔ محشر سے جب بھڑکیں بدن
دامنِ محبوب کی ٹھنڈی ہوا کا ساتھ ہو
یاالٰہی نامۂ اعمال جب کھلنے لگیں
عیب پوش خلق ستار خطا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب بہیں آنکھیں حساب جرم میں
ان تبسم ریز ہونٹوں کی دعا کا ساتھ ہو
یاالٰہی جب حساب خندۂ بیجا رُلائے
چشمِ گریانِ شفیع مُرتجیٰ کی حیا کا ساتھ ہو
یاالٰہی رنگ لائیں جب میری بے باکیاں
اُن کی نیچی نیچی نظروں کی حیا کا ساتھ ہو
یاالٰہی جب چلوں تاریک راہ پل صراط
آفتاب ہاشمی نور الہدیٰ کا ساتھ ہو
یاالٰہی جب سرِ شمشیر پر چلنا پڑے
ربِّ سَلِّم کہنے والے غمزدہ کا ساتھ ہو
یاالٰہی جو دُعائے نیک میں تجھ سے کروں
قدسیوں کے لب سے آمیں ربّنا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب رضاؔ خواب گراں سے سر اٹھائے
دولتِ بیدار عشقِ مصطفیٰ کا ساتھ ہو

دُعَائے کَنْزُ الْعَرْش

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْمَلِکِ الْقُدُّوْسِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْعَزِیْزِ الْجَبَّارِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الرَّءُوْفِ الرَّحِیْمِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْغَفُوْرِ الْحَلِیْمِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْکَرِیْمِ الْحَکِیْمِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْقَوِیِّ الْوَفِیِّ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ اللَّطِیْفِ الْخَبِیْرِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الصَّمَدِ الْمَعْبُوْدِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْغَفُوْرِ الْوَدُوْدِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْوَکِیْلِ الْکَفِیْلِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الرَّقِیْبِ الْحَفِیْظِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الدَّآئِمِ الْقَآئِمِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْمُحْیِ الْمُمِیْتِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْخَالِقِ الْبَارِئِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْحَیِّ الْعَظِیْمِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْمُؤْمِنِ الْمُهَیْمِنِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْحَسِیْبِ الشَّهِیْدِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْحَلِیْمِ الْکَرِیْمِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْاَوَّلِ الْقَدِیْمِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْاَوَّلِ الْاٰخِرِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الظَّاهِرِ الْبَاطِنِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْکَبِیْرِ الْمُتَعَالِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْقَاضِی الْحَاجَاتِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْبُرْهَانِ السُّلْطَانِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ السَّمِیْعِ الْبَصِیْرِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْعَلِیْمِ الْحَکِیْمِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ السَّتَّارِ الْغَفَّارِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الرَّحْمٰنِ الدَّیَّانِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْکَبِیْرِ الْاَکْبَرِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْعَلِیْمِ الْعَلَّامِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الشَّافِی الْکَافِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْعَظِیْمِ الْبَاقِیْ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الصَّمَدِ الْاَحَدِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ رَبِّ الْاَرْضِ وَ السَّمٰوٰتِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ خَالِقِ الْمَخْلُوْقَاتِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ مَنْ خَلَقَ الَّيْلَ وَ النَّهَارَ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْخَالِقِ الرَّزَّاقِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْفَتَّاحِ الْعَلِيْمِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَزِيْزِ الْغَفُوْرِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْغَفُوْرِ الشَّكُوْرِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَظِيْمِ الْعَلِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِى الْمُلْكِ وَ الْمَلَكُوْتِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِى الْعِزَّةِ وَ الْعَظَمَةِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِى الْهَيْبَةِ وَ الْقُدْرَةِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِى الْكِبْرِيَاءِ وَ الْجَبَرُوْتِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ السَّتَّارِ الْعَظِيْمِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَالِمِ الْغَيْبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَمِيْدِ الْمَجِيْدِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَكِيْمِ الْقَدِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْقَادِرِ السَّتَّارِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْغَنِيِّ الْعَظِيْمِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَلَّامِ السَّلَامِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْعَلَّامِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْمَلِكِ النَّصِيْرِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْغَنِيِّ الرَّحْمٰنِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْقَرِيْبِ الْمُجِيْبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْوَلِيِّ الْحَمِيْدِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الصَّبُوْرِ السَّتَّارِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْخَالِقِ النُّوْرِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْغَنِيِّ الْمُعْجِزِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْفَاضِلِ الشَّكُوْرِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْغَنِيِّ الْقَدِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِى الْجَلَالِ الْمُبِيْنِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْخَالِصِ الْمُخْلِصِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الصَّادِقِ الْوَعْدِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِى الْقُوَّةِ الْمَتِيْنِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْقَوِيِّ الْعَزِيْزِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَيِّ الَّذِىْ لَا يَمُوْتُ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَلَّامِ الْغُيُوْبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ السَّتَّارِ الْعُيُوْبِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْغُفْرَانِ الْمُسْتَعَانِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الرَّحْمٰنِ السَّتَّارِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الرَّحِيْمِ الْغَفَّارِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَزِيْزِ الْوَهَّابِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْقَادِرِ الْمُقْتَدِرِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِی الْغُفْرَانِ الْحَلِیْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْمُلْكِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْبَارِئِ الْمُصَوِّرِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْعَزِیْزِ الْجَبَّارِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا یَصِفُوْنَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْقُدُّوْسِ السُّبُّوْحِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ رَبِّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ ذِی الْآلَاءِ وَ النَّعْمَاءِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْمَعْبُوْدِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْحَنَّانِ الْمَنَّانِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اٰدَمُ صَفِیُّ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ نُوْحٌ نَّجِیُّ اللّٰهِ


لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِبْرٰهِیْمُ خَلِیْلُ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِسْمٰعِیْلُ ذَبِیْحُ اللّٰهِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُوْسٰی كَلِیْمُ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَاوٗدُ خَلِیْفَةُ اللّٰهِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عِیْسٰی رُوْحُ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ وَنُوْرِ عَرْشِهٖ اَلْعَلِیِّ الْاَنْبِیَاءِ
وَالْمُرْسَلِیْنَ حَبِیْبِنَا وَسَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا وَشَفِیْعِنَا وَمَوْلٰنَا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

☆☆☆.....☆☆☆.....☆☆☆



حسب فرمان

صدر المشائخ سادات قادریہ السید الشریف
محمد طاہر علاؤالدین القادری الگیلانی
الحضرت گیلانیہ مقدس باب الشیخ بغداد (عراق)

• دربار غوثیہ گیلانی روضہ شاہ جیلانی بغداد (ایران شب کابل) • دربار غوثیہ گیلانی ہوس گیلانی ریاض کویت
• گیلانی ہاؤس 4۔ فی 11۔ سٹریٹ عین سیٹ بلیورارڈ۔ ویسٹ ہاؤسنگ اتھارٹی۔ کراچی
DARBAR-E-GHOUSIA
LONDON I-A BEACONLANE NW4 4AY LONDON U.K
Web: www.algillani.com E-mail: algillani@hotmail.com

دُعائے جمیلہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یَا جَمِیۡلُ یَا اَللّٰہُ یَا قَرِیۡبُ یَا اَللّٰہُ یَا عَجِیۡبُ یَا اَللّٰہُ
یَا مُجِیۡبُ یَا اَللّٰہُ یَا رَءُوۡفُ یَا اَللّٰہُ یَا مَعۡرُوۡفُ
یَا اَللّٰہُ یَا مَنَّانُ یَا اَللّٰہُ یَا دَیَّانُ یَا اَللّٰہُ یَا بُرۡھَانُ
یَا اَللّٰہُ یَا سُلۡطَانُ یَا اَللّٰہُ یَا مُسۡتَعَانُ یَا اَللّٰہُ
یَا مُحۡسِنُ یَا اَللّٰہُ یَا مُتَعَالِیۡ یَا اَللّٰہُ یَا رَحۡمٰنُ یَا اَللّٰہُ
یَا رَحِیۡمُ یَا اَللّٰہُ یَا حَلِیۡمُ یَا اَللّٰہُ یَا عَلِیۡمُ یَا اَللّٰہُ
یَا کَرِیۡمُ یَا اَللّٰہُ یَا جَلِیۡلُ یَا اَللّٰہُ یَا مَجِیۡدُ یَا اَللّٰہُ
یَا حَکِیۡمُ یَا اَللّٰہُ یَا مُقۡتَدِرُ یَا اَللّٰہُ یَا غَفُوۡرُ یَا اَللّٰہُ
یَا غَفَّارُ یَا اَللّٰہُ یَا مُبۡدِئُ یَا اَللّٰہُ یَا رَافِعُ یَا اَللّٰہُ
یَا شَکُوۡرُ یَا اَللّٰہُ یَا خَبِیۡرُ یَا اَللّٰہُ یَا بَصِیۡرُ یَا اَللّٰہُ
یَا سَمِیۡعُ یَا اَللّٰہُ یَا اَوَّلُ یَا اَللّٰہُ یَا اٰخِرُ یَا اَللّٰہُ یَا ظَاھِرُ
یَا اَللّٰہُ یَا بَاطِنُ یَا اَللّٰہُ یَا قُدُّوۡسُ یَا اَللّٰہُ یَا سَلَامُ

يَآ اَللّٰهُ يَا مُهَيْمِنُ يَآ اَللّٰهُ يَا عَزِيْزُ يَآ اَللّٰهُ يَا مُتَكَبِّرُ
يَآ اَللّٰهُ يَا خَالِقُ يَآ اَللّٰهُ يَا وَلِيُّ يَآ اَللّٰهُ يَا مُصَوِّرُ
يَآ اَللّٰهُ يَا جَبَّارُ يَآ اَللّٰهُ يَاحَيُّ يَآ اَللّٰهُ يَا قَيُّوْمُ
يَآ اَللّٰهُ يَا قَابِضُ يَآ اَللّٰهُ يَا بَاسِطُ يَآ اَللّٰهُ يَا مُذِلُّ
يَآ اَللّٰهُ يَا قَوِيُّ يَآ اَللّٰهُ يَا شَهِيْدُ يَآ اَللّٰهُ يَا مُعْطِيُ
يَآ اَللّٰهُ يَامَانِعُ يَآ اَللّٰهُ يَا خَافِضُ يَآ اَللّٰهُ يَآ رَافِعُ
يَآ اَللّٰهُ يَا وَكِيْلُ يَآ اَللّٰهُ يَا كَفِيْلُ يَآ اَللّٰهُ يَآ ذَا
الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ يَآ اَللّٰهُ يَا رَشِيْدُ يَآ اَللّٰهُ
يَا صَبُوْرُ يَآ اَللّٰهُ يَا فَتَّاحُ يَآ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ
سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ط وَ صَلَّى اللّٰهُ
تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ وَ
اَصْحَابِهٖ وَ اَزْوَاجِهٖ وَ ذُرِّيّٰتِهٖ وَ عَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ
الصّٰلِحِيْنَ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ
الرّٰحِمِيْنَ ط


بسم اللہ الرحمن الرحیم

اسماء و القابات

سلطان الاولیاء شیخ الکل فی الکل غوث الاعظم قطب ربانی محبوب سبحانی

سیدنا ابو محمد محی الدین الشیخ عبد القادر الجیلانی الحسنی الحسینی

هُوَ الْقُطْبُ الَّذِیْ لَا قُطْبَ اِلَّا هُوَ عَبْدُ الْقَادِرِ الْجِیْلَانِیْ هُوَ الْغَوْثُ الَّذِیْ لَا غَوْثَ اِلَّا هُوَ



وَلَدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

بسم الله الرحمن الرحيم





أشهد أن لا إله إلا الله وحده لا شريك له وأشهد أن سيدنا ومولانا محمداً عبده ورسوله خاتم النبيين وإمام المرسلين

ثم الرضا عن أبي بكر وعن عمر
وعن علي وعن عثمان ذي الكرم

صلوا على حبيب رب العالمين
طوبى لمن صلى عليه يا أخي























أنا في الأرض بقدم الغوث الأعظم شأني
الأولياء تحت قدمي من سيد إلى تهامي

عبد القادر الجيلاني الحسني الحسيني

السيد الشريف
محمود ذي الذب القادري
الكيلاني البغدادي